हिन्दुस्तानी एकेडेमी, पुस्तकालय
इलाहाबाद

वर्ग संख्या.....

पुस्तक संख्या.....

क्रम संख्या.....

Date of Receipt 24. 9.

Hindustani Academy
Acc. No. .....
Date .....

مضامینِ شرر

یعنی

مولانا مولوی محمد عبد الحلیم صاحب شرر لکھنوی،

مدظلہ العالی

کے تمام شاعرانہ و عاشقانہ، محققانہ و فلسفیانہ، تاریخی و جغرافی، علمی و ادبی مضامین، دنیا کے مشہور اکابر اور نامور خاتونوں کے سوانح عمری اور کل متفرق تحریریں جن کی فاضل و محقق موصوف نے از سرِ نو نظرِ ثانی فرمائی ہے

جنھیں

سید مبارک علی شاہ گیلانی مولوی فاضل مزنگ لاہور نے چھپوایا

۷۸۶

اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا

نامور خاتونوں کے

سوانح عمری

جن کی فاضل و محقق مصنف نے از سرِ نو نظر ثانی فرمائی ہے

جنہیں

سید مبارک علی شاہ گیلانی مولوی فاضل فرنگ لاہور

نے

مرکنٹائل پریس لاہور میں چھپوایا

ملنے کا پتہ ایس عبدالرشید اینڈ برادر تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور

بار اول ۱۰۰۰ قیمت

مرکنٹائل پریس لاہور میں باہتمام لالہ دیوان چند پروپرائٹر چھپے

فہرست مضامین شرر

جلد سوم

سیر نسواں - حصہ اول

نام مضمون	صفحہ
لیلائے اخیلیہ	۱
ریاء ملکۂ عرب	۹
حسن کی کرشمہ سازیاں	۲۰
زینیا (ملک مصر میں)	۲۰
قلوبطرہ - کلوپیٹرا	۲۶
استیر - اسرائیلیہ	۳۶
بلقیس ملکہ سبا	۴۸
سمی رامیس (ملکہ بابل)	۵۸
جون آف آرک (فرانس کی مظلوم حامیہ وطن)	۶۶
اُمِّ سلمہ زوجۂ سفاح	۸۴
کیتھرائن ملکہ روس (اوّل)	۸۹
نور زوجہ فرزدق	۱۰۰
ہند بنت نعمان	۱۱۱
سجاح	۱۲۰
ہیلینا (قسطنطین اعظم کی ماں)	۱۲۷
اولغا (ملکۂ روس)	۱۳۲
میڈم ڈی اسٹائیل	۱۴۲
دہیائے کاہنہ	۱۴۶
ستّ الملک (ملکہ مصر)	۱۵۲
قدیم الایام کی ایک فلک زدہ شاہزادی	۱۶۱
اُمِّ جعفر	۱۶۳
قیصرۂ تھیوڈورا	۱۶۷
بوادیقیا اور قارطس ماندوا	۱۸۴
حسن کی کرشمہ سازیاں	۱۸۷
ثبینہ محبوبۂ جمیل (۱)	۱۹۳
〃 〃 〃 (۲)	۲۰۰
لطیفہ حدّانیہ	۲۱۷
عمارہ (عہد اولین اسلام کی ایک پاک دامن حسینہ)	۲۲۱
بنی عباس کی ایک کنیز عتبیہ	۲۲۶
حسن کی کرشمہ سازیاں	۲۳۳
شعانین (دمشق کے گرجے کی ایک پریجال)	۲۳۳
سلامۃ القس	۲۳۶
اسباسیا یونانیہ	۲۳۸
حمیدہ بنت نعمان بن بشیر	۲۴۵

دیگر مصنفین کی کتابیں ملنے کا پتہ

ایس عبدالرشید اینڈ برادرز تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور

فہرست مطبوعات ایس عبدالرشید اینڈ برادرز

تاجران کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

تصنیفات خان احمد حسین خان صاحب چیف ایڈیٹر شباب اردو لاہور

سیرۃ احمدی } حضور سرور عالم کے حالات میں یہ کتاب علامہ شبلی کی سیرت کے بعد مانی گئی ہے۔ قیمت قسم اعلےٰ (۳ روپے) قیمت قسم دوم دو روپے ... ... (عہ)

حسرت قیمت ...	عہ	گیتی آرا قیمت	۱۲ر
شمع سحر ...	۱۲ر	گلبدن	۱۲ر
سرخ حرف ...	۱۲ر	مکافات عمل ...	۱۲ر
اسرار امرت سر ...	۹ر	ابلیس و جمیلہ ...	۱۲ر
پری بانو	۱۲ر	واہ قیمت ...	عہ
وہ عورت جس نے کہہ کے دکھایا قیمت			۱۲ر
نظیر بیگم قیمت ...	عہ	سوز قیمت ...	عہ
آپ بیتی	۱۲ر	آہ	عہ
نازنین مہ جبین ...	۹ر	آئینہ روزگار ...	عہ
پارۂ دل	۱۲ر	درد	عہ
کوہ مشملہ ...	۸ر	سادھو کی کرتوت	۸ر

تصنیفات مولانا محمد عبدالحلیم صاحب شرر لکھنوی

وہ مضامین جو دلچسپ دلکش اور بے نظیر ہیں

مضامین شرر یعنی عاشقانہ و شاعرانہ حصہ اول (عہ) حصہ دوم قیمت (عہ) حصہ سوم قیمت ... (عہ) تاریخی و جغرافی مضامین حصہ اول قیمت ... (عہ) حصہ دوم قیمت (عہ) حصہ سوم قیمت ... (عہ) سیر رجال مشہور اکابر کے حالات قیمت (۱۲ر) نامور خاتونوں کے سوانح عمری قیمت حصہ اول ایک روپیہ دس آنے (عہ) حصہ دوم قیمت (عہ) جلد دلگداز ۱۸۸۷ء قیمت صرف ... (عہ) جلد دلگداز ۱۸۸۹ء قیمت صرف ... (عہ)

تصنیفات مولانا شہ سدرشن صاحب

صبح وطن قیمت	عہ	بنگال پتیسی حصہ اول	عہ
بے گناہ مجرم ...	عہ	" " حصہ دوم	۱۲ر
عورت کی محبت	عہ	من کی موج ...	۱۲ر
وہ جے سنگھ ...	عہ	سدا بہار کے پھول	۱۲ر

نہایت عجیب و غریب متفرق لاثانی قابل دید نادر کتابیں

مختصر تاریخ اسلامی } مسلمان لڑکوں خاصکر لڑکیوں کے لئے اپنے آباؤ اجداد کی اسلامی تاریخ کا بنیادی پتھر قیمت حصہ اول ۸ر حصہ دوم ۹ر حصہ سوم ۱۰ر حصہ چہارم (عہ)

سیرۃ النعمان } مصنفہ علامہ شبلی نعمانی رح مرحوم جیسی یہ کتاب علامہ مرحوم نے اعلےٰ درجہ کی تصنیف فرمائی ہے اور کروڑوں حنفی مذہب مسلمانوں کو امام اعظم اور ان کے نامور اور ممتاز شاگردوں کے حالات اور مسائل سے آگاہ کیا ہے۔ ویسی نہ رہی تھی کیونکہ مختلف مطابع نے چھاپ کر ایسی ردی کر دی تھی کہ دیکھ کر دماغ پریشان ہوتا تھا۔ ہم نے اس کی نہایت عرقریزی سے صحت کی اور اس پر حاشیہ بھی تحریر کئے۔ اور دو قسم کے کاغذ پر چھپوائی۔ قسم اول دو روپے (عہ) قسم دوم ... ... (عہ)

بیاض آزاد } مشاہیر شعرائے ہند کے کلام کا انتخاب لاجواب (مسلم آزاد مرحوم کا کیا ہوا) نہایت خوشخط شعر تر چھپے لکھے ہوئے جلی قلم معلوم ہوتا ہے کہ شنگرف سے لکھی ہوئی۔ کتاب سامنے رکھی ہے۔ مولانا کا فوٹو بھی شامل ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ ... ... (عہ)

مستقبل اسلام ..	عہ ۵ر	تصویر عبرت ...	۱۲ر
اسپغولیا مہدی ...	۶ر	ذکر فتح اندلس ...	۱۲ر
حسینیہ	۶ر	یوسف پاشا ...	عہ

سمرنا کا چاند } مصنفہ مصور غم مولانا راشد الخیری دہلوی۔ اس کتاب کی مقبولیت اس سے ظاہر ہو سکتی ہے کہ پہلی بار چھپتے ہی اتنی جلد ختم ہوئی۔ کہ چھ ماہ کے اندر اندر دوسری مرتبہ طبع کرانے کی دقت اٹھانی پڑی۔ اب پھر تھوڑی سی جلدیں ہیں جلد طلب فرمایئے قیمت ... (عہ)

ملنے کا پتہ:- ایس عبدالرشید اینڈ برادرز تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور

مضامینِ شعر۔ جلد سوم

سیرِ نسوان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لیلاے اُخیلیہ

ایک نامی گرامی شہسوار عرب عبداللہ بن الرحال کی بیٹی اور دورِ اوّلینِ اسلام کی ایک نہایت ہی پُر اثر اور نازک خیال شاعرہ گذری ہے۔ جو مشہور و مستند شاعر عرب توبۃ بن حمیر کی پاکدامن و حور خصال معشوقہ تھی۔ مذکورہ لیلیٰ کے اجداد مین معویہ نام ایک شخص گذرے تھے جو گھوڑون کے ایسے شوقین اور اس پایے کے سوار تھے کہ "اخیل" (بڑے گھوڑے باز) مشہور ہو گئے۔ اُن کا یہ لقب اُن کی نسل مین چلا۔ اور آخر لیلیٰ اُس کی وارث ہوئی۔ اور "لیلاے اُخیلیہ" کہلانے لگی۔

ابتدائی حالات مین سوا اس کے کہ جناب معاویہ کے زمانے مین اُس کا نشو و نما ہوا ہمین اور کچھ نہین معلوم ہے۔ توبۃ بن حمیر جس وقت اُس کے رُخِ زیبا پر عاشق ہوا ہے اُس وقت تک اس نازنین عرب کے اشعار کو کوئی شہرت نہین حاصل ہوئی تھی۔ بلکہ شک ہے کہ اُس زمانے مین وہ شعر کہتی بھی تھی یا نہین۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ توبۂ مذکور کے عشق ہی نے لیلیٰ کو شاعرہ بنایا۔ افسوس یہ بھی نہین معلوم کہ اس عشق کی ابتدا کیونکر ہوئی۔ مگر ہان اُس کے

حالات کے راوی اتنا کہتے ہین کہ توبہ نے اُس کے جمال جہان آرا پر فریفتہ ہونے کے بعد اُس کے باپ کو پیام شادی دیا - عرب لوگون مین رواج تھا کہ لڑکی پر جو کوئی عشق ظاہر کرے اُس کے ساتھ اُس کی شادی ہرگز نہ کرتے تھے - اس رسم نے بہت سے عشاق کو اپنی معشوقۂ نازنین کے فراق مین زندگی بھر تڑپایا ہے - چنانچہ مجنون عامری بھی اسی کی بدولت اپنی معشوقہ لیلاے عامریہ کے وصال سے محروم رہا تھا - توبہ نے جیسے ہی شادی کی خواہش ظاہر کی لیلاے اخیلیہ کے باپ نے قبیلۂ اعدا کے ایک نوجوان کے ساتھ اُس کا عقد کر دیا - اور اب توبہ بن حمیر کا سوا اس کے کہ شب و روز معشوقۂ نازآفرین کے فراق مین تڑپے اور کچھ زور نہ چل سکتا تھا - مگر تاہم اپنے دل کے ہاتھون مجبور و بیتاب ہوکے لیلا کے دیکھنے کو جاتا - اور لیلا کے دل مین اُس کے سچے عشق نے کچھ ایسا لگاؤ پیدا کر دیا تھا کہ وہ بھی اُس سے آکے ضرور مل جاتی - جب یہ حال کھلا تو قبیلے والے بہت ہی بگڑے - دل ازدست دادہ لڑکی کو ڈانٹا ڈپٹا - اور جب اس پر بھی اُن دونون عاشق و معشوق کا ملنا نہ موقوف ہوا تو سلطنت سے فریادی ہوے - اور جناب معاویہ کے سامنے آکے شکایت کی - یہان سے حکم دیا گیا کہ "توبہ اب کبھی لیلیٰ سے نہ ملے - اور اگر اس حکم کے بعد بھی اپنی حرکتون سے باز نہ آئے تو لیلیٰ کے قبیلے والون کو اختیار ہے کہ جب موقع ہاتھ آئے اور اُسے جہان پائین قتل کر ڈالین"

اس حکم سے قبیلے والے جب خوش خوش گھر مین آئے تو لیلیٰ کو فکر ہوئی - اور خاصۃً اس وجہ سے کہ توبہ بن حمیر کو ابھی تک یہ حکم خلافت نہین معلوم تھا - اب یہ لوگ اُس کی تاک مین تھے - اور لیلیٰ نے یہ کیا کہ جس روز اُسے معلوم تھا کہ توبہ آج مجھ سے ملنے کو آئے گا کوئی بہانہ کرکے اپنے قبیلے کی فرودگاہ سے باہر گئی - اور سرِراہ اس وضع سے کھڑی ہوگئی کہ بخلاف پیشتر کے چہرے پر نقاب نہ تھی - توبہ آیا اور لیلیٰ کو دُور ہی سے اس وضع مین دیکھ کے کہ اپنی عادت کے خلاف آج مُنہ کھولے ہوے ہے اُلٹے پانوٗن واپس چلا گیا - پھر جب امن و امان کے مقام مین پہونچ لیا تو لیلیٰ کے عشق مین ایک قصیدہ کہا جس کا

ایک شعر یہ تھا۔

وکنت اذا ما جئت لیلیٰ تبرقعت فقد رابنی منہا الغداۃ سفورہا ؎

اس طرح خود لیلیٰ نے اُس کی جان بچادی۔ ورنہ اگر وہ اس حد سے ذرا بھی آگے بڑھتا تو معشوقۂ نازنین کے اعزا و اقارب بلا تامل پکڑ کے قتل کر ڈالتے۔

اب لیلاے اخیلیہ اور توبۃ بن حمیر کا ملنا اور ایک دوسرے کی صحبت سے لطف اُٹھانا موقوف ہوگیا۔ توبۃ تو اپنے جوش جنون کو شاعری اور شاعرانہ جوش عشق کے ذریعے سے بہلایا کرتا۔ مگر لیلیٰ یہاں سخت آفت اور مصیبت مین مبتلا تھی۔ اول تو توبہ کے تعلقات کی وجہ سے اُس پر بدگمانی تھی ہی اُس پر یہ قیامت ہوئی کہ بنی اوبع مین سے جو شوہر ملا وہ فطرۃً نہایت ہی بدگمان تھا۔ اور بات بات پر اُسے بے عصمتی اور آوارگی کا الزام دیتا۔

عرب کا معمول ہے کہ قبائل عرب کھلے میدانون اور وادیون مین اپنے خیمے ڈال کے رہا کرتے ہین۔ اور مسافر اور سیاح دن دن بھر کی بلکہ بعض اوقات چار چار پانچ پانچ دن کی دشت نوردی کے بعد کسی بدوی کا خیمہ دیکھ پاتے ہین تو رات بسر کرنے کے لیے اُس کے قریب آکے ٹھہر جاتے ہین۔ ایسے موقعون پر صاحب خیمہ کا فرض ہوتا ہے کہ اُن کی مہمانداری کرے اور جہان تک امکان مین ہو اُنھین آرام پہونچائے۔ اکثر اوقات مرد شکار یا طلب معیشت کے لیے باہر چلے جاتے ہین۔ اور عورتین اور لڑکیان ہی سیاحون اور مسافرون کی خبرگیری کرتی ہین۔ اور یہی وہ فیاضی ہے جو سرزمین عرب مین قدیم الایام سے شرافت کا جوہر سمجھی جاتی ہے۔ چنانچہ اسی معمول کے مطابق ہر ہفتے مین عادت مستمرہ کے موافق کوئی نہ کوئی مسافر لیلیٰ کے خیمے کے پاس بھی آکے فروکش ہوجاتا۔ اور لیلیٰ کا شوہر بدگمان ہوکے بی بی کو مارتا پیٹتا اور سخت سزا دیتا۔ مگر وہ ہمیشہ اطاعت کرتی اور روپیٹ کے بیٹھ رہتی۔

چنانچہ ایک معزز سیاح عرب کا بیان ہے کہ مجھے صحرا مین شام ہوگئی تھی دُور پر ایک خیمہ نظر آیا۔ اُسی کے قریب جاکے ٹھہر گیا۔ مگر حیرت تھی کہ اُس

؎ ترجمہ۔ مین جب کبھی آتا تھا لیلیٰ اپنا منہ چھپالیا کرتی تھی۔ مگر کل جو مین نے منہ کھولتے دیکھا تو دل مین کھٹکا پیدا ہوگیا۔

خیمے میں اگرچہ بچے بھی تھے اور عورتیں بھی تھیں مگر کوئی بھی میری خبرگیری کو نہ آیا۔ اتنے میں رات ہو گئی۔ اور ایک شخص اونٹ پر سوار قریب آیا۔ اور خیمے میں جاتے ہی نہایت برہمی کے ساتھ بی بی کو بلا کے ڈانٹنے لگا کہ "یہ کون شخص ہے؟" عورت نے عاجزی کے لہجے میں جواب دیا "کوئی مسافر آفتاب غروب ہوتے وقت یہاں آ کے ٹھہر گیا ہے" مرد نے کہا "نہیں۔ تو جھوٹی ہے۔ تیرے ملنے والوں میں سے کوئی ہے" اور اتنا کہتے ہی غریب عورت کو نہایت بیرحمی سے مارنے پیٹنے لگا۔ عورت عجیب درد کے ساتھ چلاتی تھی اور اُسے ترس نہ آتا تھا۔ آخر اُس عورت سے کہنے لگا "یہ شخص جو ٹھہرا ہوا ہے جب تک خود آ کے سفارش نہ کرے گا میں تجھے نہ چھوڑوں گا" اُس کی زبان سے یہ سُن کے عورت نے چلانا شروع کیا "اے میاں مسافر! اے شتر سوار! خدا کے لیے مجھے آ کے بچاؤ" اب یہ چیخیں سُن کے مجھ میں ضبط کی تاب نہ تھی۔ جھنجھلا کے اپنا ایک حربہ اُٹھا لیا اور خیمے میں گھستے ہی ظالم مرد پر تین چار وار اس زور سے کیے کہ عورت بیچ میں آ گئی۔ اور کہنے لگی "میاں تم جاؤ۔ ہمارے جھگڑوں میں دخل دینے سے تمہیں کیا مطلب!" عورت کی یہ نیک نفسی دیکھ کے میں واپس چلا آیا۔ اور کہا "اب اس ظالم شخص کے خیمے کے پاس نہ ٹھہروں گا" اُسی وقت اونٹ پر سوار ہو کے آگے چل کھڑا ہوا۔ صبح کو ایک ایسے مقام پر پہونچا جہاں ابنائے بادیہ کے چند خیمے پڑے ہوئے تھے۔ میں وہاں ٹھہرا۔ اور ایک لونڈی کو پاس سے گزرتے دیکھ کے اپنے پاس بلایا۔ رات کی سرگذشت بیان کی اور پوچھا "تم جانتی ہو وہ کون شخص ہے؟" میرے اس سوال پر وہ بہت ہنسی اور کہنے لگی "کیا تم نہیں جانتے جو مجھ سے پوچھتے ہو؟" میں نے کہا "میں بالکل نہیں جانتا" تب اُس لونڈی نے بتایا کہ "وہ لیلائے اخیلیہ کا خیمہ ہے۔ یہ قبیلہ سے وہ نہایت ہی حسین و صاحب جمال واقع ہوئی ہے۔ اور شوہر ایسا ملا ہے جو بات بات پر مارنے پیٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ بلکہ اسی وجہ سے لوگوں نے اُس کے خیمے کے پاس ٹھہرنا چھوڑ دیا۔ آپ ناواقف تھے اِسی سبب سے وہاں ٹھہر گئے"

اس واقعے سے صاف ظاہر ہے کہ باوجودیکہ شوہر نہایت جابر و ظالم

تھا مگر لیلیٰ اُس سے پوری طرح ہمدردی کرنے کو تیار تھی۔ ممکن تھا کہ شرعی آزادیوں سے نفع اُٹھا کے قاضی کے سامنے خلع کی درخواست پیش کر دیتی۔ مگر اُس نے کبھی اس کا خیال بھی نہ کیا۔

اُس کا عاشق زار توبہ بن حمیر عرب کے عام شرفا کی طرح گران پایہ شاعر ہونے کے ساتھ ایک بڑا زبردست بہادر اور سپہگر بھی تھا۔ اُسکی شہسواری اور شجاعت کی ہر طرف دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ اور بڑے بڑے سُورما اور کثیر التعداد قبائل اُس کے نام سے لرزتے تھے۔

ایک دفعہ اتفاقاً بنی عذرہ مین اُس کا گذر ہوا۔ جس قبیلے کے لوگ اپنی خوبصورتی و زیبائی اور اپنے حسن و عشق کے اعتبار سے سارے عرب مین مشہور تھے۔ اس قبیلے کی مشہور معشوقہ عرب ثُبینہ سامنے کھڑی تھی۔ اور حسن اتفاق سے اُسے کسی قدر غور و توجہ سے دیکھنے لگی۔ ثبینہ کا عاشق زار جمیل شاعر بھی پاس کھڑا تھا۔ اپنی معشوقہ کی توجہ ایک دوسرے شخص کی طرف دیکھ کے دل مین کچھ ایسی آتش حسد بھڑکی کہ غیرت کے جوش مین آگے بڑھا۔ اور توبہ سے کہنے لگا "آپ کو شہسواری کا بڑا دعوے ہے۔ آئیے کشتی ہوتی ہے؟" توبہ نے کہا "بسم اللہ آئیے!" جمیل جب مقابلے کو آنے لگا تو اُس کی مُربّیہ ثبینہ نے خود اپنے ہاتھ سے باندھی۔ اور وہ توبہ کے سامنے آکھڑا ہوا۔ تھوڑی ہی دیر مین جمیل نے توبہ بن حمیر کو دے مارا۔ اب جمیل نے کہا "کشتی مین تو آپ ہار گئے۔ اب آئیے تیراندازی مین مقابلہ ہو۔ توبہ راضی ہو گیا۔ اور اس فن مین بھی جمیل سے ہارا۔ توبہ نادم کھڑا تھا کہ جمیل نے کہا "تو آئیے دوڑ مین بھی مقابلہ ہو جائے۔ شاید آپ کے دل مین کچھ ہوس باقی ہو"۔ توبہ نے اس مین بھی مقابلہ کیا۔ اور اس مین بھی ہارا۔ اس طرح ایک گھڑی بھر مین اپنی شجاعت و شہرت کو خاک مین مل جاتے دیکھ کے دل مین سوچا۔ اور یکایک چونک کے بولا "اخاہ! مین اب سمجھا۔ یہ ساری کارسازی ان بی صاحبہ (ثبینہ) کی ہے۔ سنو صاحب۔ اس مقابلے کا اعتبار نہین۔ تم محض اس وجہ سے جیتے ہو کہ یہ نیک بخت سامنے کھڑی تھین۔ جب جانون کہ انکی نظر سے دُور ہو کے اور اُدھر

اُس وادی مین چل کے مقابلہ کرو۔" جمیل کے دل مین جیتنے سے دعویٰ تو پیدا ہو ہی گیا تھا۔ توبہ کو ساتھ لے کے اُس وادی مین گیا۔ اور جس نے سُنا اُسے حیرت ہو گئی کہ یہان آتے ہی تینون باتون مین توبہ بن حمیر نے اُسے مار لیا۔

لیکن حضرت معاویہ ہی کے زمانے مین اُس کی شجاعت و بسالت کا یہ خوفناک نتیجہ ظاہر ہوا کہ ایک نازک موقع پر بہت سے قوی اور بہادر دشمنون کے نرغے مین گھر کے عجب جوش و خروش اور بے نفسی و بے خوفی سے لڑتا ہوا مارا گیا۔ اور دشمنون نے اُسی وادی مین جہان مارا گیا تھا ایک ٹیلے پر دفن کر کے اُس کی قبر بنا دی۔

جب یہ خبر لیلاے اخیلیہ کو پہونچی تو دنیا اُس کی آنکھون مین تنگ ہو گئی۔ اور بے تکلف اور بغیر اس کے کہ کسی کا پاس و لحاظ کرے توبہ بن حمیر کے مرثیے کہنے لگی۔ جن مین اُس معزز شہسوار عرب کی حد سے زیادہ تعریف کرتی تھی اور دکھاتی تھی کہ اُس سے بڑا اور زبردست اور قابل قدر کوئی شخص نہین گذرا۔ اُس کے شوہر نے جب دیکھا کہ توبہ مارا جا چکا تو وہ بھی خاموش ہو رہا۔ اور اب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بی بی کی اس مرثیہ گوئی کو پسند کر کے وہ گوارا کر لیا کرتا تھا مگر جس طرح پہلے توبہ کے اشعار سارے جزیرہ نماے عرب بلکہ اسلامی قلمرو مین مقبولیت کے ساتھ رواج پا رہے تھے اُسی طرح اب لیلیٰ کے ان مرثیون کا چرچا ہوا۔ اور عرب لوگون کی ہر صحبت مین حیرت و استعجاب اور پسندیدگی کی نگاہون سے دیکھے جانے لگے۔ چنانچہ وہ مرثیے جناب معاویہ کے کان تک پہونچے۔ اور اُنھون نے جب دیکھا کہ یہ شاعرۂ عرب اپنے پُرسوز مرثیون کے ذریعے سے اپنے شہید عشق کو انتہا درجے کا نیک نفس اور پاکباز بتا رہی ہے تو ایک مرتبہ اُسے بُلوا کے پوچھا "تم تو اُس کی ایسی تعریفین کرتی ہو۔ مگر جو لوگ یہ باتین مشہور کر رہے ہین کیا سچ نہین ہین؟" اصل یہ ہے کہ توبہ کے اشعار جس کسی کے گوش گذار ہوتے تھے اُسے یقین آ گیا تھا کہ اُس سے لیلیٰ سے ناجائز تعلق ہے۔ لیلیٰ نے حضرت معاویہ کا یہ سوال سُن کے جواب دیا "حضور۔ ہر وہ بات جو لوگون مین مشہور ہو سچ نہین ہوا کرتی۔" یہ کہہ کے توبہ کی ہزارہا خوبیان اور اُسکے

عفاف و اتقا کے حالات بیان کرنے لگی۔ معاویہ نے کہا "مگر لوگ تو اُسے زانی بتاتے ہین"۔ لیلیٰ نے اب اپنا ایک قصیدہ پڑھنا شروع کیا جس مین توبہ کی خوبیان اور نیکیان بہت زور دے کے بیان کی تھین۔

اب معلوم ہوتا ہے کہ توبہ کے متعلق اکثر لوگ اعتراض کیا کرتے تھے۔ اور وہ سب کو آزادی سے جواب دیا کرتی تھی۔ توبہ کی حمایت مین اُس کی پاکدامنی کی جرأت یہان تک بڑھ گئی تھی کہ خلیفہ عبد الملک بن مروان نے جس زمانے مین کہ وہ بالکل بوڑھی اور بدصورت تھی اُس سے تعریضاً کہا "تم مین وہ کون سی ادا تھی جسے دیکھ کے توبہ عاشق ہو گیا؟" لیلیٰ نے نہایت ہی جرأت سے اُس کو یہ الزامی جواب دیا کہ "اور آپ مین وہ کون سی خوبی ہے جسے دیکھ کے لوگون نے آپ کو خلیفہ بنا لیا؟" اس جملے پر عبد الملک کو اس قدر ہنسی آئی کہ لوٹ گیا۔

اسی زمانے مین والی عراق حجاج بن یوسف ثقفی نے ایک دفعہ اُس سے کہا "لیلیٰ۔ اب تو تمھاری جوانی گذر گئی۔ سچ سچ بتاؤ تم سے اور توبہ سے کسی قسم کا تعلق تو نہ تھا؟" اُس نے قسم کھا کے کہا کہ "وہ اپنے عشق مین ہمیشہ پاکباز تھا" پوچھا "اچھا کبھی اُس نے تم سے کوئی ناجائز خواہش تو نہین کی؟" بولی "کبھی نہین۔ صرف ایک مرتبہ اتنا ضرور ہوا کہ اُس نے نفس کے غلبے سے مجبور ہو کر کچھ ارادہ کیا تھا۔ مگر مین نے یہ دو شعر پڑھے اور وہ نادم ہو کے خاموش ہو گیا۔

وذی حاجۃ قلنا لہ لا تبح بہا فلیس الیہا ما جیت سبیل
لنا صاحبٌ لا ینبغی ان نخونہ وانت لاُخرٰے فارغ و خلیل

بس اس کے بعد پھر کبھی اُس نے ایسا قصد نہین کیا۔

ان باتون سے حجاج کا دل نہین بھرا تھا۔ پوچھا "پھر کیا ہوا؟" اُس نے کہا "توبہ نے ایک مرتبہ اپنے ایک دوست کو بھیجا اور کہدیا کہ ہمارے قبیلے یعنی

ع ترجمہ (۱) اور حاجت والے نے اپنی حاجت پیش کی تو ہم نے کہا یہ تمھارے لیے نہین جائز ہے اور زندگی بھر اس کی کوئی راہ نہ ہوگی (۲) ہمارا ایک صاحب ہے جس کی ہمین خیانت نہ کرنی چاہیے اور تم بھی دوسری عورت سے وابستہ اور اُس کے شوہر ہو۔

بنی عبادہ کے فرودگاہ کے پاس کسی ٹیلے پر چڑھ کے یہ شعر پڑھنا۔

عفا اللہ عنہا ہل اتیحن لیلۃ من الدہر لا یسری الی خیالہا

اُس شخص نے اس ہدایت کے موافق ہمارے خیمے کے سامنے ایک بلندی پر کھڑے ہو کے یہ شعر پڑھا تو مین سمجھ گئی کہ یہ توبہ کا قاصد ہے۔ فوراً اسکے جواب مین مین نے بھی اُسے یہ شعر سُنا دیا۔

وعفا عفا ربی واحسن حفظہ عزیز علینا حاجۃ لا ینالہا

اس پاکدامنی کا اعتراف صرف لیلیٰ ہی نے اپنے اشعار مین نہین کیا بلکہ خود توبہ بھی اپنے ایک شعر مین صاف طور پر اپنی معشوقہ کے دعوے عصمت کی تصدیق کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے۔

علیّ دماء البدن ان کان بعلہا یری لی ذنباً غیر انی ازورہا

لیلاے اخیلیہ جب حجاج سے ملی ہے تو اُس نے اُسے دس ہزار درہم انعام مین دیے اور پوچھا "اگر کوئی اور آرزو ہو تو وہ بھی بیان کرو"۔ اُس نے کہا "میرے چچا زاد بھائی قتیبہ بن مسلم جو ان دنون ترکستان مین ہین اُن کے دیکھنے کی تمنا ہے۔ اگر وہان تک پہونچوا دیجیے تو نہایت ممنون ہون گی"۔ قتیبہ بن مسلم کا نام غالباً ہمارے ناظرین نے اکثر سُنا ہوگا۔ اس لیے کہ یہ عرب کا بہت مشہور اور بڑا بہادر سپہ سالار تھا۔ جو خراسان سے ترکستان اور وہان سے بڑھ کے کاشغر مین جا پہونچا تھا اور اس ارادے مین تھا کہ فتح و نصرت کے پھریرے اُڑاتا ہوا مملکت چین مین پہونچ جائے۔ حجاج نے لیلیٰ کی خواہش کے مطابق اُسے ترکستان مین بھیج دیا۔ جہان بھائی سے مل کے وہ واپس آئی۔ اور بعض لوگ کہتے ہین کہ اسی سفر سے واپس آتے وقت شہر رے مین پہونچ کے پیوند زمین ہو گئی۔

لیکن یہ غلط ہے۔ اُس کی موت کا اصلی واقعہ یہ ہے کہ ترکستان سے واپس

ع خدا اُس نازنین کے گناہ معاف کرے۔ بھلا کبھی مجھے وہ رات نصیب ہوگی جو خیال مین بھی نہین آتی؟

ع اور خدا اُسکے گناہ معاف کرے اور اُسے اپنی امان مین رکھے اُسکی وہ حاجت جو کبھی نہ بر آئے گی ہمین بہت عزیز ہے۔

ع مجھے لقاے مین اونٹون کی قربانیان دینی پڑین اگر اُس کا شوہر بجز اس کے کہ مین اُس سے مل لیتا ہون میری اور کوئی خطا پا سکے۔

آنے کے بعد ایک مرتبہ اپنے شوہر کے ساتھ صحرائے عرب مین سفر کر رہی تھی کہ اتفاقاً اُس وادی مین گذر ہوا جہان اُس کے عاشق توبہ بن حمیر کی قبر تھی۔ شوہر سے کہنے لگی "مین توبہ کی قبر پر جاؤن گی"۔ اُس نے روکا۔ مگر لیلیٰ نے نہ مانا اور ایسی ضد کی کہ شوہر کو اجازت دینی ہی پڑی۔ اب اُس نے اُس ٹیلے پر جس پر عاشق مرحوم کی قبر تھی اونٹ کو چڑھایا۔ اور قبر کا سامنا ہوتے ہی چلّا کے کہا "السّلام علیک یا توبہ" اس وقت اور لوگ بھی لیلیٰ کے ساتھ تھے۔ سلام کے بعد اُن ہمراہیون کی طرف دیکھ کے نہایت حسرت سے کہنے لگی "لوگو! اس سے پہلے مجھ پر توبہ کا کوئی جھوٹ ظاہر نہین ہوا تھا؟" کسی نے پوچھا "جھوٹ کیا؟" بولی "کیا تم نے توبہ کے یہ اشعار نہین سُنے؟

وَلَوْ اَنَّ لَیْلَی الاخیلیۃ سَلَّمَتْ عَلَیَّ وَدُوْنِی تُرْبَۃٌ وَصَفَائِحُ
لَسَلَّمْتُ تَسْلِیْمَ الْبَشَاشَۃِ اَوْ زَقَی اِلَیْہَا صَدٰی مِنْ جَانِبِ الْقَبْرِ صَائِحُ

اگر یہ اُس نے سچ کہا تھا تو پھر جواب کیون نہین دیتا؟"

وہ حسرت کے ساتھ یہ سوال کر رہی تھی کہ ایک بڑا اُلّو جو قبر کے کسی کونے مین چھپا بیٹھا تھا ایک دفعہ گھبرا کے اور پھڑپھڑا کے اُڑا۔ اور اپنے آشیانے سے نکلتے ہی لیلیٰ کے اونٹ کے مُنہ سے اس زور کے ساتھ ٹکرایا کہ اونٹ بھڑکا۔ اور اس طرح کودنے پھاندنے لگا کہ لیلیٰ محمل سے نکل کے دُور جا گری۔ اور گرتے ہی روح پرواز کر گئی۔ اُسکے شوہر اور تمام ہمراہیون نے اس واقعے کو حیرت سے دیکھا۔ اور اُسے قیامت کا انتظار کرنے کے لیے اُسی کے عاشق صادق کے پہلو مین سُلا کے گھر کو روانہ ہوے۔

زبّاء ملکۂ عرب

جن لوگون کو تاریخ مین بصیرت ہے جانتے ہین کہ جب اسکندر اعظم نے ہجرت نبوی سے ۹۵۳ سال پیشتر شہر اربل کے قریب دارائے ایران کو شکست دی۔ اور تخت

۱۵ اگر لیلائے اخیلیہ مجھے سلام کرے اور میری یہ حالت ہو کہ مجھ پر خاک کا ڈھیر ہو اور پتھر کی سلین ہون تو بھی مین اُسے ایسی خندہ جبینی سے سلام کا جواب دونگا یا قبر کے پہلو سے پہاڑ کی گونج کی آواز بلند ہو کے اُسکے سلام کا جواب دا کریگی

عجم کو تاجدار فارس سے خالی کر دیا تو مملکت عجم اور اُسکے تمام علاقون مین طوائف الملوکی ہو گئی۔ کوئی ایک صاحب تاج و تخت باقی نہ رہا۔ اور ہر علاقے اور صوبے مین جس کو موقع مل گیا وہ بادشاہ و حکمران بن بیٹھا۔ ان مختلف بادشاہون کو جو اپنے اپنے علاقون پر حکمران تھے مورخین ملوک طوائف کہتے ہین۔ جو اکثر آپس مین لڑتے بھڑتے رہا کرتے تھے اور جن کی وجہ سے سارے ملک مین ایک مدت تک مسلسل بدنظمی کا دور دورہ تھا۔ یہان تک کہ فتح اسکندر کے ۵۵۷ برس بعد اور ہجرت نبوی سے ۳۹۶ برس پہلے اردشیر بابکان نے ایک غیر معمولی قوت سے اُٹھ کے تمام ملوک طوائف کو مغلوب کیا اور کل چھوٹی چھوٹی سلطنتون کا خاتمہ کر کے ایک نئی ایرانی شاہنشاہی قائم کی۔ اور اُس مشہور و معروف دولتِ ساسانی کا بانی بن گیا جس کا خاتمہ سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے حضرت فاروق اعظم کے عہد سعادت مہد مین ہوا۔

مذکورۂ بالا ملوک طوائف مین زبا نام ایک بڑی مشہور و معروف اور لائق و ہوشیار ملکہ گذری ہے۔ جس کے حالاتِ زندگی مین گو ملکۂ کلیوپیٹرا کی ایسی ناز آفرینیون کی چاشنی نہین مگر پھر بھی وہ بہت کچھ دلچسپ ہین۔ زبا کو اگرچہ اُردو لٹریچر مین جگہ نہین ملی۔ مگر عربی لٹریچر مین اُس کا نام بہت مشہور ہے۔ اُس کو شہرت ہی نہین ہوئی بلکہ اُس کی زبان کے بہت سے جملے اس وقت تک عرب امثال بنے ہوئے ہین۔

جو علاقہ عرب کے شمال مین عراق سے ملا ہوا اور دریائے فرات و دجلہ کے درمیان مین واقع ہے اسے لوگ الجزیرہ کہتے ہین۔ اسی علاقۂ الجزیرہ پر یہ ملکۂ زبا حکمران تھی۔ اس کا زمانہ مصر کی ملکۂ کلیوپیٹرا کے ساٹھ برس بعد اور حضرت مسیحؑ کی ولادت کے ۳۰ سال بعد تھا۔ اور چونکہ حضرت مسیحؑ نے ۳۰ ہی برس کی عمر مین اظہار نبوت کیا تھا۔ لہذا یون کہنا چاہیے کہ جن دنون حضرت مسیحؑ اور یہود کے جھگڑے بیت المقدس مین پھیلے ہوئے تھے اُنھین دنون یہ ملکہ ارض الجزیرہ مین حکومت کر رہی تھی۔

ملکۂ زبا کے زمانے مین شہر حیرہ پر خاندان بنی ایاد کا ایک بادشاہ حکمران تھا

جس کا نام جذیمہ تھا - جذیمہ کا شمار بھی ملوک طوائف مین تھا - چونکہ یہ تاجدار عرب کے قدیم قبائل کی یادگار تھا لہذا عربون مین اسکی بڑی وقعت تھی - اور عرب لوگ اُسے اپنے بادشاہون مین سے شمار کرتے تھے - اُس کی قلمرو نہر فرات کے دونون کنارون پر علاقۂ عراق تک پھیلی ہوئی تھی - جذیمہ اگرچہ شرفاے عرب مین تھا مگر شاہی کی حیثیت سے دیکھا جائے تو نو دولت تھا - اس لیے کہ حیرہ کی حکومت پہلے پہل اُس کے باپ ہی نے حاصل کی تھی - اور وہی پہلا شخص تھا جو اس خاندان مین سے پہلے پہل شہر حیرہ پر قابض و متصرف ہوا - حیرہ عرب کا ایک پُرانا شہر تھا اور اُس مقام پر تھا جس کے قریب ہی عہد اسلام مین شہر کوفہ آباد ہوا - مدتون یہ شہر عرب کے ملوک بنی لخم کا مرکز سلطنت رہا - اور اسی وجہ سے اس کو عربون مین زیادہ شہرت حاصل ہوئی - ظہور اسلام کے وقت بھی اس کی سلطنت قائم تھی - گو دولتِ ساسانی کی اطاعت کا دم بھرتی تھی -

بہر تقدیر جذیمہ نے تخت سلطنت پر بیٹھنے کے بعد اپنی قوت کو ترقی دی - اور چونکہ منتظم اور شجاع تھا لہذا بہت سے ملوک طوائف پر غالب آکے اُنکے علاقون پر قابض و متصرف ہو گیا - اُس کے فتوحات اور اُس کی کامیابیان یقین دلاتی ہین کہ اگر اُسے ملکۂ زبا سے سابقہ نہ پڑا ہوتا تو شاید وہی ساسان اول اردشیر بابکان کی جگہ لے لیتا - اور ساسانی خاندان سے پہلے ہی ایادی خاندان فارس کا شاہنشاہی گھرانا بن جاتا - لیکن اس کی نوبت نہین آنے پائی -

عرب لوگ زمانۂ جاہلیت مین اپنے اِس وطنی تاجدار کی بہت تعریفین کرتے تھے - اور بہت سی چیزون کی ابتداء کو اُس کی جانب منسوب کرتے تھے - کہتے تھے کہ سب کے پہلے اسی بادشاہ نے تیل بتی کے چراغون کو چھوڑ کے نفیس اور صاف ستھری شمعین اپنے محلون مین روشن کین - اور لڑائی مین منجنیقون سے بھی پہلے پہل اسی نے کام لیا - شاید یہ مشکل ہوگا کہ ان چیزون کی ایجاد ہی جذیمہ کی طرف منسوب کی جائے - مگر اس مین شک نہین کہ عربون کو دنیاوی ترقیون کے یہ کرشمے سب کے پہلے اِسی تاجدار نے دکھائے - اور اُنھون نے اُسی کے قصر اور لشکرگاہ مین پہلے پہل حیرت کی نگاہون سے یہ چیزین دیکھین -

جذیمہ نے جہان اور بہت سے ملوک طوائف کو شکستین دین اور بہتون کو قتل کیا وہان زبّاء کے باپ فرمان روائے الجزیرہ کو بھی شکست دی - عین میدان جنگ مین اُسے قتل کر ڈالا اور اُس کے بہت سے ملک پر قابض ہو گیا - زبّا نہایت پریشانی و بدحواسی سے بھاگ کے الجزیرہ کے اُس کنارے پر چلی گئی - اور ایک مضبوط قلعے مین پناہ گزین ہو کے بیٹھ رہی - چونکہ اُس مین مردانہ شجاعت تھی لہذا اطمینان سے بیٹھتے ہی آمادہ ہوئی کہ جس طرح بنے اپنے باپ کے خون کا بدلا لے - انتقام کا مادہ عرب مین قدیم الایام سے چلا آتا تھا - اور وہ لوگ اپنے ہر مقتول کا بدلہ لینا زندگی کا سب سے مقدم فرض خیال کرتے تھے - لیکن اس موقع پر زبّاء جانتی تھی کہ میدان جنگ مین جذیمہ سے پیش پانا غیر ممکن ہے وہ خوب سمجھی ہوئی تھی کہ نہ مجھ مین جذیمہ کی سی بہادری و سپہگری آسکتی ہے - اور نہ مین اُس کی سی زبردست اور تجربہ کار فوجین پا سکتی ہون - نہ میرے پاس جذیمہ کے سے آلاتِ حرب ہین اور نہ ایسی قلعہ شکن منجنیقین ہین -

سوچتے سوچتے آخر وہ اُسی حربے سے کام لینے پر آمادہ ہو گئی جو عورتون کا قدیمی اور اصلی حربہ ہے - یعنی حسن و جمال اور مکر و فریب - یہی خیال کر کے اُس نے جذیمہ کے پاس پیام بھیجا کہ "آپ مجھ سے شادی کر لیجیے تو میرا قیامندہ ملک بھی آپ کا ہو جائے - اور مین بھی آپ کے ساتھ مل کے ایک بڑے ملک اور ایک باجبروت سلطنت کی ملکہ بن جاؤن گی" زبّاء کے حسن و جمال کا شہرہ ہو ہی رہا تھا - جذیمہ اس پیام کے پہونچتے ہی دل و جان سے عاشق زار ہو گیا - اور ملک گیری کی طمع ایسی غالب ہوئی کہ باوجود پیر فانی ہونے کے نکاح کرنے کی ٹھان لی - عرب کہتے ہین کہ وہ پورے سو برس تک حکمران رہا تھا جس سے پتہ لگ سکتا ہے کہ اِن دونون اُس کی عمر کیا ہو گی - مگر عشق اور طمع دونون چیزین عقل کی دشمن ہین - فوراً اس پیام کے منظور کر لینے پر آمادہ ہو گیا -

تاہم بڑھاپے نے اتنی احتیاط سوجھائی کہ وزرائے دولت کو جمع کر کے مشورہ کیا - اور سب وزیرون نے تو خوشامد سے اس تجویز کو بہت ہی پسند کیا لیکن نُصَیر بن سعد نام ایک شخص نے جو اُس کا خالص دوست اور بڑا ہی صاحب

عقل و فراست تھا دیر تک سوچ کے اور غور کر کے کہا "اس پیام کو تو آپ نہ قبول کیجیے۔ اس لیے کہ اس مین مکاری و کیا دی کی بُو آتی ہے" مگر جذیمہ کے دل پر تو عشق اور طمع کے دو زبردست دیو مسلط تھے وہ بھلا ایسی عاقبت اندیشی کی نصیحت کو کیونکر سُن سکتا تھا؟ خیر اندیش وزیر کی بات ماننے سے قطعاً انکار کیا۔ اور زبا کے پاس کہلا بھیجا کہ "مین تو مدت سے تمھارے رُخِ زیبا کا دیوانہ ہون۔ ممکن ہے کہ شادی سے انکار کرون؟" یہ پیام بھیجتے ہی معشوقۂ نازآفرین سے ملنے اور دولتِ وصل حاصل کرنے کے شوق مین چل کھڑا ہوا۔

قصیر نے جب دیکھا کہ بادشاہ میری سنتا ہی نہین تو ادب سے عرض کیا "اچھا حضور میری رائے نہین مانتے ہین تو ایک کام کرین۔ حضور جب وہان پہونچین اور زبا کا لشکر استقبال کو آئے تو اس بات کو غور کر کے دیکھین کہ وہ فوج کس طرح پیش آتی ہے۔ اگر سامنے آتے ہی وہ لوگ پاپیادہ ہو جائین اور ادب سے کھڑے ہو کے آداب شاہی بجا لائین تو سمجھیے کہ میری رائے غلط تھی اور مین محض بدگمانی مین مبتلا تھا۔ اور اگر وہ لوگ آداب بجا لاتے ہی آپ کو گھیر کے کھڑے ہو جائین تو جانیے کہ وہ دغا دینے اور آپ کو ضرر پہونچانے پر آمادہ ہین۔ مین حضور کے قریب ہی رہون گا۔ اگر یہ آخری صورت پیش آئی تو فوراً حضور کے اصطبل کا بے مثل و بے نظیر اور ہوا سے باتین کرنے والا گھوڑا جس کا نام عصا ہے آگے بڑھ کے پیش کر دون گا۔ حضور بلا تامل اُس پر سوار ہو کے بھاگ کھڑے ہون۔ اور اپنی جان بچا کے واپس چلے آئین۔ اگر اُسکی فوج نے گھیرنے کا رُخ بھی کیا تو یقین جان لیجیے کہ زبا آپ کے ساتھ دشمنی کرنے اور باپ کا بدلہ لینے پر تُلی ہوئی ہے"

یہ تجویز ٹھہر جانے کے بعد جذیمہ مع قصیر کے روانہ ہوا۔ اور شوق کے پَرون سے اُڑتا ہوا چند ہی روز مین خاص اُس قلعے کے نیچے جا کھڑا ہوا جس مین ملکۂ زبا تھی۔ زبا کا لشکر اور اُس کے سردار و معززین استقبال کے لیے باہر آئے۔ سامنے آ کے آداب شاہی بجا لائے۔ اور ساتھ ہی چارون طرف سے ہجوم کر کے

جذیمہ کو اپنے بستر سے اٹھا لے گیا۔ قصیر یہ رنگ دیکھتے ہی گھسٹتا لپٹا اپنے تاجدار کے پاس پہونچا اور عصا نام گھوڑے کو پیش کر دیا۔ لیکن عشق نے جذیمہ کو اسقدر اندھا کر رکھا تھا کہ اُس نے گھوڑے کی طرف رُخ بھی نہ کیا۔ اور زبّاء کا جمالِ جہان آرا دیکھنے کے شوق مین قلعے کے اندر چلا گیا۔ یہ حالت دیکھ کے قصیر مایوس ہو گیا اور اُس شاہی گھوڑے پر خود سوار ہو کے بھاگ کھڑا ہوا۔ اُسے جاتے دیکھ کے بے اختیار ایک حسرت کے ساتھ جذیمہ کی زبان سے نکل گیا "ما ذلّ من جرت بہ العصا" (جسے عصا لیے جاتا ہو اُسے کبھی ذلت نہ نصیب ہو گی)۔

جذیمہ جب قلعے مین داخل ہوا تو لوگ اُسے اوپر قصر شاہی مین لے گئے۔ اور امیدوار کیا کہ اب آپ کو اپنی معشوقہ جادو نگاہ کا دیدار نصیب ہی ہوا چاہتا ہے۔ تھوڑی دیر مین لوگ اُسے یہ کہکے "اب خلوت کدۂ عروسی مین چلیے" ایک دوسرے کمرے مین لے گئے۔ جہان ملکۂ زبّاء کا اُس کا سامنا ہوا۔ بادشاہ تو شاید بیتابی کی رونمائی مین اپنی جان شیرین قربان کرنے کو تیار ہی ہو گا۔ مگر افسوس ملکۂ زبّاء بھی اسی قربانی کی طالب تھی۔ وہ سادے اور معمولی لباس مین تھی۔ اُس عہد کی وضع کے موافق بال کھلے ہوئے تھے۔ زلفین شانون پر لہرا رہی تھین۔ تاج سر پر تھا۔ ریشمی کُرتا گلے مین تھا۔ اور شمشیر برہنہ ہاتھ مین تھی۔ جذیمہ کی صورت دیکھتے ہی مُسکرا کے بولی "میرے پاس دُلھن بننے کا کوئی سامان نہین ہے۔ اور نہ اس قابل ہون کہ مجھ سے کوئی لطف اُٹھا سکے"۔ شاید اس جملے کا یہ مطلب ہو گا کہ مین باپ کے غم مین ایسی غمزدہ ہون کہ میری صحبت مین کسی کو مسرت نہین حاصل ہو سکتی۔ افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را۔

بادشاہ کی طرف مخاطب ہو کے نہایت ہی بانکپن سے یہ دو جملے کہکر اُس نے حکم دیا کہ ایک نطع (چرمین فرش) بچھایا جائے۔ اور بادشاہ کو اُس پر بٹھا دو۔ فوراً اس حکم کی تعمیل ہوئی۔ جذیمہ ایک چمڑے کے بچھونے پر بٹھا دیا گیا۔ اور اُس کے دونون ہاتھون کی نبضین زبّاء کا اشارہ ہوتے ہی کھول دی گئین۔

ع نطع ایک قسم کا چمڑے کا دسترخوان ہوتا تھا۔ اُس پر یا تو کھانا کھایا کرتے تھے اور یا اس پر بٹھا کے لوگون کی گردن ماری جاتی تھی تاکہ خون کے دھبے اُجلے فرش مین نہ لگنے پائین۔

زبا کے دربار کے نجومیون نے اُس سے کہا تھا کہ اس بات کا پوری طرح لحاظ رکھا جائے کہ جذیمہ کے خون کا کوئی قطرہ زمین پر نہ گرے۔ زمین پر اُس کا خون گرا اور یقین جان لیجیے کہ کوئی نہ کوئی اُس کے خون کا انتقام لینے کو اُٹھ کھڑا ہوگا اور وہ انتقام لے لے گا۔ اسی غرض سے یہ چمڑے کا فرش بچھوایا گیا تھا۔

جذیمہ عشق کے پھندے مین پھنس کے اور زلف گرہ گیر کا قیدی ہو کے اپنی خوبصورت و دلربا قاتلہ کے ہاتھ مین گرفتار تو ہوگیا تھا۔ مگر بالذات بڑا ہی بہادر اور دل کا مضبوط تھا۔ جس استقلال و مردانگی سے اُس نے جان دی اُس پر سب دیکھنے والے عش عش کر رہے تھے۔ دونون کلائیون سے خون کے فوارے چل رہے تھے اور وہ متانت و استقلال سے بے خوف و ہراس بیٹھا ہوا تھا۔ بہتے بہتے خون کا ایک قطرہ چمڑے کے فرش کے باہر گرا تو ملکہ زبا چونک کے اور گھبرا کے بولی "دیکھو! یہ بادشاہون کا خون ہے۔ کوئی قطرہ ضائع نہ جانے پائے"۔ جذیمہ نے یہ سنتے ہی نہایت ہی متانت مگر حسرت آمیز استقلال سے جواب دیا "جس خون کو خود اُس کے لوگون نے ضائع کر دیا اُسے جانے ہی دو"۔ اس سے یا تو اُس نے خود اپنی ذات سے مراد لی تھی کہ مین ہی نے اپنے خون کی قدر نہ کی تو اور کوئی کیا قدر کرے گا۔ اور یا شاید اپنی قوم کے لوگ مراد ہون کہ افسوس یہ خون ضائع جا رہا ہے اور کوئی انتقام لینے والا نہین۔ بہر حال یون ہی خون بہتے بہتے جذیمہ ناتوان ہو کے گرا۔ اور تھوڑی دیر مین مر گیا۔

قصیر بادشاہ جذیمہ کا ساتھ چھوڑ کے بھاگ تو گیا تھا۔ مگر ادھر اُدھر لگا رہا تاکہ بخوبی تحقیق کرے کہ بادشاہ کا کیا حشر ہوا۔ جب اُسے یہ ساری سرگذشت معلوم ہوگئی تو حسرت و اندوہ کے ساتھ روتا ہوا حیرہ مین واپس گیا۔ اور لوگون کو بتایا کہ بادشاہ جذیمہ کے عشق کا کیا انجام ہوا۔ سارا شہر ماتم کدہ بن گیا۔ اور ناگہان درد دیوار پر ایک حسرت سی برس گئی۔ چونکہ جذیمہ کی کوئی اولاد نہ تھی لہذا اُس کی جگہ اُس کا بھانجا عمرو تاج شاہی پہن کے تخت حیرہ پہ بیٹھا۔ اور عیش و عشرت مین مشغول ہوگیا۔

لیکن قصیر کے دل مین بادشاہ کی موت ایک کانٹے کی طرح کھٹک رہی تھی۔ وہ اسی دُھن مین تھا کہ جس طرح بنے زبا سے بدلہ لیا جائے۔ ایک دن عمرو کے

پاس بیٹھ کے کچھ ایسے مؤثر الفاظ مین جذیمہ کی بیٹی کی موت کی تصویر دکھائی کہ عمرو اپنے بہادرانہ ارادون کا انتقام لینے پر آمادہ ہوگیا۔ اُس نے فوج کشی کا ارادہ کیا تو قصیر نے روکا اور کہا "یون آپ اُس ہوشیار شاہزادی سے پیش نہ پائین گے۔ اول تو اس کے قلعے پر قبضہ کرنا نہایت ہی دشوار ہے۔ اور بفرض محال قبضہ بھی ہو جائے تو وہ اس چالاکی اور پھرتی سے نکل جائے گی کہ آپ ہاتھ مل کے رہ جائین گے۔ عمرو نے پوچھا "پھر کیا کیا جائے؟" جواب دیا "اس کا بندوبست مین کرلون گا۔ آپ فقط میری تدبیرون کے موافق مدد دینے کا اور جس وقت مین کہون اُٹھ کھڑے ہونے کا وعدہ کرین تو مین اپنی تدبیرین شروع کردون۔ جس حربے سے زبّاء لڑی ہے اُسی حربے سے اُس کے مقابل لڑنا چاہیے۔ اور جس مکاری سے اُس نے اپنا مطلب نکالا ہے اُسی مکاری سے مین اپنا مطلب نکالون گا۔" عمرو نے کہا "بہتر۔ مین وعدہ کرتا ہون کہ تمھاری پوری پوری مدد کرون گا۔ اور جب کہوگے اُٹھ کھڑا ہون گا۔"

عمرو سے مدد کا وعدہ لینے کے بعد قصیر نے زبّاء کے قلعے کی راہ لی۔ راستے مین اپنی ناک اور کان کٹوا ڈالے۔ اور اس حیثیت سے اپنی مصیبت پر روتا اور آہین کرتا ہوا زبّاء کے علاقے مین داخل ہوا۔ اور اُسکے قصر کے نیچے پہونچا۔ ملکہ زبّاء نے ترس کھا کے اوپر بلوایا اور پوچھا "تم پر یہ مصیبت کیونکر اور کس کے ہاتھون سے نازل ہوئی؟" کہا "ظالم فرمان روا ے حیرہ عمرو کے ہاتھ سے۔ اور بغیر اس کے کہ مین نے کوئی خطا کی ہو یا کوئی جرم مجھ سے سرزد ہوا ہو۔" زبّاء کو اُس کے حال پر ترس آگیا۔ اور کہا "خیر اب اس غم کو دل سے دُور کرو۔ اور میرے پاس راحت آرام سے رہا کرو۔" یہ تو قصیر چاہتا ہی تھا۔ فوراً راضی ہوگیا۔ اب وہ شب و روز قلعے مین رہتا اور ملکہ کے مزاج مین درخور پیدا کرتا تھا۔ چونکہ نہایت ہی لائق و زبان آور شخص تھا۔ اور مدت تک ایک بڑے دربار کی وزارت کرچکا تھا۔ چند ہی روز مین شاہزادی پر اس قدر حاوی ہوگیا کہ اُس کی نظر مین نہ کوئی اس نکھٹو اور پوچ آدمی سے اچھا شخص تھا اور نہ کوئی اتنا معتبر و معتمد علیہ تھا۔

چونکہ قصیر ایک سیاح و جہان دیدہ آدمی تھا لہذا شاہزادی نے پہلے اُس سے

یہ کام لینا شروع کیا کہ اُسے دیگر بلاد مین سوداگر بنا کے بھیجتی - اور اُس کی معرفت اپنی ضرورت اور اپنے شوق کی چیزین منگواتی - اُس کی فرمایشین پوری کرنے کے بہانے قصیر بار بار حیرہ مین آتا - عمرو سے کہتا "اب انتقام لینے کا وقت قریب آگیا ہے - تیار رہیے گا - جس وقت مین کہون بس اُسی وقت چل کھڑے ہوجیے" اور اسکے جواب مین وعدے لے کے زبّاء کی فرمایشین خریدتا اور اُس کے قلعے مین حاضر ہو جاتا -

اب قصیر کا اعتبار و اعتماد اس قدر بڑھ گیا کہ شاہزادی زبّاء نے اپنے خزانون کی تمام کنجیان اُس کے ہاتھ مین دے دین - اور کہا "اس مین سے جس قدر تمھارا جی چاہے خرچ کرو" اپنے تمام راز کھول دیے - اور اُس کے تمام رموز سے اُسے واقفیت ہوگئی - خزانے کی کنجیان ہاتھ مین لے کے قصیر نے شاہزادی سے کہا "اس دولت و حشمت کا شکر یہ ہے کہ اسی روپے سے مین حضور کے لیے نہایت اعلیٰ درجے کا سامان اور مال و اسباب لے آؤن - اور عراق کی ساری نفیس چیزین ہماری شاہزادی کے قلعے مین جمع ہو جائین" ملکہ زبّاء نے اجازت دی - اور وہ بہت کچھ مال و دولت لے کے قلعے سے چل کھڑا ہوا وہان سے نکلتے ہی سیدھا حیرہ مین آیا - اور عمرو سے مل کے کہا "چلیے" عمرو نے فوج لے کے شاہی شان و شوکت سے سفر کرنے کا ارادہ کیا تو قصیر نے کہا "یون نہین" عمرو نے کہا "پھر کس طرح؟" کہا "تھوڑے سے اچھے تُلے اور بہادر و آزمودہ کار سپاہی چن لیجیے - اُن کو خود و زرہ اور تمام اسلحۂ جنگ سے آراستہ کیجیے - پھر کوئی دو سو چمڑے کے مشک صندوق بنوائیے جو اندر ہی سے بند کر لیے جائین - اور اندر ہی سے کھول لیے جا سکین - اُن سب سپاہیون کو کہیے کہ مع اپنے اسلحہ کے اُن کے اندر بیٹھ کے اندر سے بند کر لین - پھر اُن سب صندوقون کو اچھے تیز رَو اونٹون پر لاد دیے - اور بہت سے سپاہیون کو ساربان بنائیے جو زرہ کے اوپر ساربانون کے کپڑے پہنے ہون - اسی طرح ہم آپ ایک تاجرانہ قافلے کی شان سے چلین - تاکہ کسی کو بدگمانی نہ ہو -

عمرو نے یہ سب سامان درست کر دیا - اور چند ہی روز بعد یہ پُر مکر و فریب

قافلہ تاجروں کی وضع قطع سے روانہ ہوا۔ ہر ہر اونٹ پر دو دو صندوق تھے اور ایک ایک ساربان۔ جو دن بھر کوچ کرتے اور رات کو سڑک سے علیحدہ ہو کے کسی جنگل میں ٹھہر جاتے۔ جہاں وہ سب لوگ آزادی سے باہر نکل کے کھاتے پیتے اور آرام کرتے۔

آخر قطع منازل کے بعد یہ قافلہ ملکۂ زباء کے قلعے کے سامنے پہونچا۔ قصیر ہمراہیوں کو فاصلے پر چھوڑ کے ملکہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور نہایت ہی ادب و عاجزی سے آداب شاہی بجا لایا۔ ملکہ نے کمال شفقت سے خیریت دریافت کی اور پوچھا ہمارے لیے کیا کیا لائے؟" عرض کیا "میرا قافلہ شہر کے باہر ٹھہرا ہوا ہے۔ اب کی حضور کے اقبال سے مجھے بڑی کامیابی حاصل ہوئی۔ اور ایسا سامان لایا ہوں جیسا کبھی حضور کی نظر سے نہ گزرا ہوگا۔" زباء نے خوش ہو کے کہا "تو قافلے کو اندر لاؤ۔ میں بھی اپنے قصر کے برج میں بیٹھ کے اس کے آنے کی سیر دیکھوں گی۔" قصیر نے زمین بوس ہو کے عرض کیا "ضرور ملاحظہ ہو۔ یہی بات عرض کرنے کے لیے میں قافلے سے پہلے چلا آیا۔"

الغرض ملکۂ زباء شاہانہ ٹھاٹھ سے قلعے کے برج میں جا کے بیٹھی۔ جہاں سے گرد کا منظر دور دور تک نظر آتا تھا۔ اور وہ خوشنما سڑک جو شرق و مغرب کے قافلوں اور مسافروں اور سیاحوں سے اکثر بھری رہا کرتی تھی۔ کسی خوش جمال کی مانگ کی طرح نشیب و فراز عالم کا تماشا دکھاتی ہوئی فرسخوں تک دوڑتی چلی گئی تھی۔ وہ اپنے برج میں آ کے بیٹھی ہی تھی کہ سامنے سے وہ عظیم الشان قافلہ نمودار ہوا۔ اونٹ گردنوں کو ہلاتے اور جھومتے ہوئے چلے آتے تھے۔ اُنکے گلے میں گھنگرو بج رہے تھے۔ جلاجل و بوق جنھیں قافلے والے بجاتے تھے انکی بلند آوازیں گرد کے دشت و کوہسار میں گونجتی اور قلعے کی دیواروں سے آ کے ٹکراتی تھیں۔ حُدی خوانوں کا نغمہ گرد کی فضا میں ایک محویت و بیخودی کا سماں پیدا کر رہا تھا۔

آخر قافلہ آتے آتے خاص قلعے کے نیچے پہونچا۔ جس کا دروازہ چشم انتظار کی طرح کھلا ہوا تھا۔ اور پٹ اِن دوست نما دشمنوں کے استقبال کے لیے گویا اپنا

آغوش شوق کھولے ہوئے تھے۔ اب اس قافلے کا بہت سا حصہ قلعے میں داخل ہوگیا۔ اور کچھ باہر تھا کہ ملکہ ان نو وارد دون کی بنی ہوئی رفتار میں کوئی غیر معمولی بات دیکھ کے کھٹکی۔ اور دو شعر پڑھے جن کا ماحصل یہ تھا کہ "یہ اونٹ کیوں جست کرتے ہوئے چلتے ہیں؟ کیا ان پر لشکر ہے؟ یا لوہے کی زرہیں اور اسلحہ ہیں؟"۔

قلعے میں داخل ہوتے ہی تمام سپاہی جو پہلے سے مسلح اور جنگی لباس سے آراستہ تھے صندوق کھول کھول کے باہر نکل پڑے۔ زور و شور سے قلعہ والوں پر حملہ کردیا۔ اور آناً فاناً قتل و خون کا بازار گرم ہوگیا۔ مرد تہ تیغ ہونے لگے۔ عورتیں اور بچے گرفتار کیے جانے لگے۔ اور فریاد و واویلا کا شور بلند ہوا۔

ملکہ زباوتے یہ حالت دیکھی تو سمجھی کہ اُسے فریب دیا گیا۔ اور قیصر دوست نہیں بلکہ اُس کا دغاباز دشمن تھا۔ اس وقت اور کوئی تدبیر نہ پڑ سکتی تھی ارادہ کیا کہ اُس مخفی سُرنگ کی راہ سے جو قلعے سے باہر تک گئی ہے نکل جائے اور بھاگ کے کسی اور جگہ ہو رہے۔ مگر قیصر کو جہاں قلعہ کے اور سب راز معلوم ہوگئے تھے وہاں اس سرنگ کا حال بھی معلوم ہوگیا تھا۔ اور اسی خیال سے کہ ملکہ اِس راہ سے نکل نہ جائے اُس نے خود عمرو کو لیجا کے پہلے ہی سے اُس سُرنگ کے دہانے پر کھڑا کردیا تھا۔ شاہزادی جیسے ہی یہ خود اسی اور گھبراہٹ کے ساتھ وہاں پہونچی عمرو تلوار لے کے دوڑا اور بولا "کہاں جاتی ہو؟ جذیمہ کا خون بے انتقام نہیں رہ سکتا"۔ یہ دیکھتے ہی وہ ٹھٹک کے کھڑی ہوگئی۔ عمرو کی صورت دیکھی۔ جو سراسر ہیبت و خوف کی تصویر بنا کھڑا تھا۔ پھر ہوش سنبھال کے بولی "یہ نہ ہوگا۔ وقت ہی آکے برابر ہوگیا ہے تو اور بہانے بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ مروں گی۔ مگر عمرو کے ہاتھ سے نہیں۔ بلکہ خود اپنے ہاتھ سے"۔ یہ کہتے ہی ایک بجلی کی پھرتی سے اپنا ہاتھ منہ کے پاس لے گئی۔ ہیرے کی انگوٹھی کے نگ کو دانتوں سے کتر کے کھا گئی۔ اور قبل اس کے کہ عمرو حرکت کرنے کی جرأت کرے۔ زمین پر بیتاب ہوکے گری۔ اور تڑپ کے مرگئی۔

یوں اس لائق۔ ہوشیار۔ اور خوبصورت ملکہ کی زندگی کا خاتمہ ہوا۔ اور گو

خودکشی نامردی و بزدلی سمجھی جاتی ہے۔ مگر وہ اپنی اس بہادرانہ خودکشی سے ایک اعلیٰ درجے کی شجاعت کا نمونہ دُنیا کو دکھا گئی۔ اُس کے بعد اس قلعہ اور اُس کے تمام توابع پر عمرو کا قبضہ ہوگیا۔ اور قعقیر جس نے پرائے شگون کے لیے اپنی ناک کٹوائی تھی مدتوں تک حیرہ کے دربار کا وزیر و معتمد علیہ رہا۔

حُسن کی کرشمہ سازیاں

غالباً دُنیا کا کوئی حصہ اور کوئی ملک نہ ہوگا جہاں عورت اور مرد کے تعلقات نے نئے نئے کرشمے نہ دکھائے ہوں۔ بیشک دنیا کی تاریخ اس سے بھری ہوئی ہے کہ زبردست تاجداروں اور نامور پہلوانوں نے اپنے زور بازو اور اپنی شمشیر خارا شگاف سے بڑی بڑی سرکش قوموں کو مغلوب و مقہور کردیا مگر انھیں کے سلسلے میں بہت سے ایسے واقعات بھی نظر آتے ہیں جن میں عورتوں نے اپنے حسن عالمگیر کی قوت اور اپنے دلربائی کے اسلحہ۔ اپنی نظر کے تیروں اور گیسوؤں کی کمندوں سے اُن مشہور و معروف نامورون کو بھی مغلوب و مقہور کردیا جو بڑی سخت اور سرکش قوموں کو اپنا غلام اور تابع فرمان بنا چکے تھے۔ دلگداز میں ہم اس قسم کی حسین عورتوں کے حالات کا ایک سلسلہ شروع کرتے ہیں۔ جس سے ناظرین پر روشن ہوگا کہ دنیا میں حُسن زاہد فریب نے کیسے کیسے کرشمے دکھائے ہیں۔ اور کیسی کیسی فتحیں حاصل کی ہیں۔

زلیخا

(مُلک مصر میں)

یوں تو ناز آفرینی و ناز برداری اور دل رُبائی و دل فروشی کی گرم بازاری عشق و محبت کے چراغ کو ہمیشہ اور ہر جگہ اُکساتی اور تیز کرتی رہتی ہے۔ مگر مصر کو اس بارۂ خاص میں ساری دنیا پر ایک نمایاں فوقیت حاصل ہے۔ شعرائے عجم ترکوں کے حسن و جمال کی تعریف میں ہمیشہ رطب اللسان اور ایک ترک شیرازی کے خالِ ہندو پر سمرقند و بخارا کو قربان کرتے رہے۔ گرجستان کے

حسن و جمال کا ایک زمانہ گزر دیدہ ہو رہا ہے - اور وہ کوہ قاف کی پریان ہی ہین جو صدیون اور مدت ہاے دراز سے ایران و روم کے شاہی محلون کی زیب و زینت بنی ہوئی ہین - متھرا جی کی گوپیون نے سری کرشن جی کی دیوتائی کی شان مین زندہ دلی کی جان ڈالی ہے - مگر سرزمین مصر نے اپنی نازنین مہوشون کی دلربائی و دلفریبی کے جیسے جیسے کارنامے صفحات تاریخ پر درج کرادیے ہین اور کسی ملک کو نہین نصیب - کیونکہ زلیخا اور قلوپطرہ (کلوپیٹرا) کی سی نازنین دلبرون کو کسی ملک کی تاریخ نہین پیش کر سکی - جنھون نے دلبری و دلستانی کو ایک فن بنا کے اُس مین انتہا درجے کا کمال دکھا دیا -

زلیخا کے حالات کو یہان تک شہرت و نمود حاصل ہے کہ توریت اور قرآن کے روحانی لٹریچر مین بھی انھین جگہ مل گئی - اور قلوپطرہ کے واقعات مورخین روم کے ذریعے سے اس قدر مشہور ہوے کہ آج ہر زبان کے مورخین کی زبان پر ہین - اور متین سے متین اہل تاریخ کے بیان مین بھی اُن کا تذکرہ آتے ہی ایک شاعرانہ رس اور مزہ پیدا ہو جاتا ہے - اپنے حسن و جمال کے اثر اور اپنی سحر آفرین آنکھون کے جادو بھرے تیرون سے کسی کے دل کو زخمی کر دینا ایک ایسا فن ہے جس مین ہر ملک کے حسین کمال رکھتے ہین - اور ہر جگہ کے عشاق خستہ جگر اپنے دلرباؤن کی بے رحمی کی شکایت کر رہے ہین - رومی شاعر اوویڈ کی مثنوی "آرٹ آف لو" (فن عشق بازی) کے مطالعے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ روم کی ناز آفرین مہ جبینین کس خوبصورتی سے دل چھین لیا کرتی تھین - اور اُنکے ہاتھون سے عشاق کیسے دل برشتہ ہو رہے تھے - مگر مصر کی یہ دونون عالم حسن کی ہیروئنین جنھون نے دلستانی کی معرکہ آرائیون مین قیامت تک یاد رہنے والی فتحین حاصل کی تھین سب سے بڑا یہ امتیاز رکھتی ہین کہ اپنے حسن کو موثر بنانے اور اپنے تیر نظر مین جہانگیری کی قوت پیدا کرنے مین اُنھون نے جو کمال دکھا دیا اور کہین کی نازک ادا دلربائین نہین دکھا سکین -

زلیخا کا مختصر واقعہ یہ ہے کہ جب حضرت یوسف کو اُنکے نامہربان بھائیون نے صحراے عرب کے ایک اسماعیلی قافلے والون کے ہاتھ بیچ ڈالا تو وہ لوگ آپ کو لیکے

مصر کے بازار حسن مین پہونچے - اور قطفیر نام ایک معزز عہدہ دار مصر کے ہاتھ فروخت کر ڈالا - جو دربار فراعنہ مین وزیر خزانہ کی خدمت پر مامور تھا - اور عزیز مصر کہلاتا تھا عزیز نے حضرت یوسفؑ کو لا کے اپنی بی بی کے سپرد کیا - جس کا نام مورخین سلف کے نزدیک تو راعیلؔ تھا مگر خدا جانے کیونکر ایران و ہند کے متاخر شعرا و مورخین مین "زلیخا" مشہور ہو گیا - اور چونکہ اس معزز خاتون کا یہی نام ایران و ہندوستان کے بچے بچے کی زبان پر ہے - لہذا ہم بھی اُسے اِسی مشہور نام سے یاد کرتے ہین عزیز نے حضرت یوسفؑ کو اپنی بی بی کے حوالے کرتے وقت یہ ارادہ ظاہر کیا تھا کہ چونکہ ہم لاولد ہین اس لیے اس خوبصورت کنعانی لڑکے کو بیٹا بنا لین گے -

جب آپ بڑے اور جوان ہوے - اور آپ کے حسن و جمال مین جوانی کی دلربائی نے جلوہ دکھایا تو زلیخا آپ کی صورت پر فریفتہ ہو گئی - اور اپنے دام مین گرفتار کرنے کے لیے طرح طرح کی تدبیرین کرنے لگی - مگر ایک معصوم پیمبر زادے کے قدم کو لغزش ہونا غیر ممکن تھا - کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی - تب اُس نے مولانا جامی کی روایت کے مطابق ایک مکان کو ایسے طریقے سے سجا اور آراستہ کیا کہ انسان کیسا ہی بے حس ہو اُس مین قدم رکھتے ہی اُس کے دل مین ایک شورش عشق پیدا ہو جائے ہر طرف در و دیوار مین ایسی تصویرین لگی ہوئی تھین جنھین دیکھ کے دل ہاتھون سے جاتا رہتا - اور ممکن نہ تھا کہ انسان اپنے دل پر قابو رکھ سکے - اُس مکان کے اندر زلیخا یوسفؑ کو تنہا لے گئی - سب دروازے بند کر لیے - اور کمال بیتابی عشق کے ساتھ یوسف سے لپٹ گئی - یہان کے عالم کو دیکھ کے یوسف بھی از خود رفتہ ہو گئے قریب تھا کہ اُس کے دام زلف مین گرفتار ہو جائین - مگر ساتھ ہی تنبہ ہوا - اور بے اختیار بھاگے - زلیخا نہایت ہی بیتابی سے پیچھے دوڑی اور دامن پکڑ لیا - مگر یوسف نے ایسا بے اختیاری سے جھٹکا دیا کہ دامن پھٹ کے اُسکے ہاتھ مین رہ گیا اور یہ دروازہ کھول کے باہر نکل پڑے -

---

عہ توراۃ اور قرآن مجید مین اس خاتون کا کوئی نام نہین بتایا گیا ہے اور وہ "عزیز کی جورو" یا "امرأۃ العزیز" کے الفاظ سے یاد کی گئی ہے - عرب کے قدیم مورخ ابن اثیر وغیرہ اس محترم و مشہور خاتون کا نام "راعیل" بتاتے ہین - مگر اب مسلمانون مین اُس کا نام زلیخا مشہور ہے -

باہر نکلتے ہی عزیز مصر کا سامنا ہو گیا۔ جس نے دونوں کو اس حالت میں دیکھا کہ آگے آگے تو نہایت بدحواسی کے عالم میں یوسف ہیں۔ پیچھے اُس کی جورو۔ دور یوسف کا پھٹا ہوا دامن اُس کے ہاتھ میں ہے۔ یہ دیکھ کے اُدھر تو وہ بھونچکا رہ گیا۔ ادھر ان دونوں کا یہ عالم ہوا کہ ع "کاٹو تو لہو نہ تھا بدن میں"۔ مگر زلیخا کی پُرفتن طبیعت اور پُرفن فطرت نے اُسے سنبھالا۔ شوہر کی طرف دیکھ کے بے تحاشا چلّائی "تمہاری بی بی کے ساتھ جو کوئی بُرا ارادہ کرے اُس کی سزا قید کے سوا بھلا کیا ہو سکتی ہے؟" یہ سُن کے یوسف میں تاب نہ رہی۔ بولے "خود ہی تو میرے پیچھے پڑی ہوئی ہیں۔ اور اُلٹے مجھی کو الزام دیتی ہیں۔ میں جان بچا کے بھاگا تو میرے پیچھے دوڑیں اور میرا دامن پھاڑ لیا"۔ اب عزیز مصر متردد تھا کہ کیا فیصلہ کرے اور کسے الزام دے کہ اُس کا چچازاد بھائی جو اتفاقاً اُسکے ساتھ تھا بولا "کُرتے ہی کے دیکھنے سے دونوں کا جھوٹ سچ کھل جائے گا۔ اگر یوسف کے کُرتے کا اگلا دامن پھٹا ہو تو جانیے کہ زلیخا سچی ہیں اور یوسف جھوٹے ہیں۔ اور اگر پچھلا دامن پھٹا ہو تو سمجھ لینا چاہیے کہ یوسف سچے ہیں اور یہ جھوٹی ہیں"۔ اس تجویز کے مطابق کُرتے کا جو معائنہ کیا گیا تو نظر آیا کہ پچھلا دامن پھٹا ہوا ہے۔ اس ثبوت کے بہم پہونچتے ہی زلیخا کا سر ندامت سے جھک گیا۔ اور عزیز نے بی بی کی طرف دیکھ کے کہا "یہ تمہارا ہی فریب ہے۔ سچ یہ ہے کہ تم لوگ بڑے ہی مکار ہوتے ہو"۔ بی بی کو سزا کیا دیتا؟ اور پھر عزیز سا ناکارہ آدمی جس کی نسبت مشہور تھا کہ عورتوں کے کام ہی کا نہیں ہے۔ اس واقعہ کو اتنے ہی پر ٹال دیا کہ زلیخا سے کہا "بی بی۔ سارا قصور تمہارا تھا۔ لے اب گناہ سے توبہ کرو۔ اور پھر ایسا نہ ہو"۔

یہ تو پہلا موقع تھا جبکہ زلیخا نے اپنے حسن و جمال کے اثر۔ اپنے ناز و انداز اور اپنے کمال دلبری سے ایک پیمبرزادے کے دل پر فتح پانے کی کوشش کی تھی۔ مگر چونکہ پیمبری کے دامن عفت میں دھبّہ لگانا کوئی آسان کام نہ تھا۔ بالکل کامیاب نہ ہو سکی تھی۔ لیکن ایک دوسرے موقع پر جب اُس نے حُسن کی کرشمہ سازیاں دکھانے کے ہنر میں کمال چابکدستی دکھا کے اس بات کو

کوشش کی کہ حسن یوسف کا اثر تمام پریوش خاتون مصر کے دلون پر ڈال دے
اور اپنے آپ کو معذور ثابت کرے پوری طرح فتحیاب ہوئی۔
یہ سین بھی نہایت ہی دلفریب تھا۔ اور سوا مصر کی سرزمین کے اور کہین
شاید نظر آیا ہوگا۔
اس کی بنا یہ تھی کہ زلیخا کے دل ہاتھ سے دے بیٹھنے کا حال جب اُمرائے
مصر کے گھرون مین مشہور ہوا اور تمام معزز خاتونین انگلیون کو دانتون سے
کاٹ کاٹ کے زلیخا کو الزام دینے لگین کہ "دلی شوق پورا کرنے کے لیے ایک
غلام ہی تھا۔ زلیخا کو کوئی شریف زادہ نہ ملتا تھا؟" تو اپنے سر سے یہ الزام اُٹھانے
کے لیے زلیخا نے ایک دن تمام خاتونان مصر کی دعوت کی۔ جس مین بڑا ہی
تکلف کا سامان کیا۔ دو کمرے نہایت دولتمندی سے آراستہ کیے۔ جدھر نظر
جاتی سونے کی جھالرین جھلک رہی تھین۔ زرد مخمل کا فرش بچھا ہوا تھا۔ ہر طرف
دیبا و حریر کے پردے لٹکائے گئے تھے۔ اور اُنکی آراشگی مین کوئی دقیقہ نہین
اُٹھا رکھا گیا تھا۔ پھر ایک کمرے مین اُس نے چابکدست شاطاؤن کو حکم دیا
کہ یوسف کو بنا چُنا کے دولھا بنا دین۔ آپ کے بالون مین کنگھی کرکے موتی پروئے
گئے۔ حریر زرد کے کپڑے پہنائے گئے جس مین سنہرے روپہلے اور سرخ گل
بوٹون پر سبز رنگ کی چڑیان بٹھائی گئی تھین۔ اطلس سرخ کا پائجامہ اور سر پر
موتیون اور جواہرات کا مرصع تاج پہنایا۔ اُس تاج کے نیچے سے آپ کی خم در خم
زلفین نکلی ہوئی تھین جو پیشانی پر مار پیچان کی طرح بل کھانے کے بعد چہرے کے
گرداگرد چکر کھاتی ہوئی سینے پر لٹکا دی گئی تھین۔ ادھر اُدھر دونون رخسارون
پر دو زلفین بچھوون کے ڈنک کی طرح مناسب خم کے ساتھ نکال دی گئی تھین
اور باقی زلفین پیٹھ پر بکھری ہوئی تھین جن مین موتی گوندھ کے اور طلائی موباف
ڈال کے عجب پُر لطف جال شانون اور پیٹھ پر پھیلا دیا گیا تھا۔ دونون کانون
مین دو اعلیٰ درجے کے موتیون کے گوشوارے پڑے تھے۔ گلے مین طلائی مرصع
طوق تھا۔ کمر مین سونے کا پٹکا تھا جس مین یاقوت کی گھنڈیان اور موتیون کی
جھالرین لگی تھین۔

جب حضرت یوسف اس طرح بنائے چنائے اور سنوارے جا چکے تو دوسرے اُس سے زیادہ پُر تکلف کمرے مین دسترخوان بچھایا گیا - جس پر تمام حسین و نازآفرین مہمانون نے بیٹھ کے ہر قسم کے الوان نعمت کا لطف اُٹھایا - اسکے بعد جام شراب کا دَور چلا - اور شراب کے بعد جب میوہ خوری کا وقت آیا تو ہر خاتون مصر کے سامنے ایک ترنج اور ایک چھری لا کے رکھ دی گئی تاکہ اُنھین کاٹ کے کھائین - ابھی وہ پھلون کو کاٹنے نہین پائی تھین کہ زلیخا نے اُن سب خاتونون کی طرف متوجہ ہو کے کہا "بی بیو - مین نے سنا ہے کہ ایک غلام کے متعلق تم سب مجھے الزام دیتی ہو - کیا یہ سچ ہے؟" سب نے کہا "ہان سچ ہے - ہمارے خیال مین آپ کا حُسن و جمال اس مرتبے کا ہے کہ اُس پر بادشاہون اور شاہزادون کی نظرین پڑنی چاہیین تھین - نہ یہ کہ ایک غلام پر فریفتہ ہو کے آپ اپنی بے قدری کر دین!" زلیخا نے کہا "مگر تم اس امر کا صحیح اندازہ نہین کر سکتی ہو" پھر حکم دیا کہ مغرب کی طرف کے زربفت کے پردے اُٹھا کے حضرت یوسف لائے جائین - مشاطائین اُسی شانِ غنائی سے یوسف کو اندر لائین - صبح کا وقت تھا اور اس کا پہلے سے انتظام رکھا گیا تھا کہ یوسف جیسے ہی اس کمرے مین داخل ہون اُنکے چہرے پر آفتاب کی شعاعین پڑین - چنانچہ آپ لائے گئے - سورج کی نرم شعاعون نے چہرے پر سنہرا پانی پھیر کے آپ کے حُسن کو اور چمکا دیا - یہ معلوم ہوا کہ آسمان سے کوئی فرشتہ اُتر آیا ہے یا آسمانی حُسن دنیا مین جلوہ افروز ہو گیا - ساری خاتونین مبہوت اور بُت بن کے رہ گئین - زلیخا نے کہا "کیون کیا ہوا؟ یہ تم باتین کرتے کرتے رُک کیون گئین؟" سب نے جواب دیا "یہ انسان نہین فرشتہ ہے" اس کے بعد سب نے ترنج کاٹنے کا قصد کیا تو بے اختیاری و بیخودی مین ترنجون کے عوض اپنی اُنگلیان کاٹ لین - اُنکی یہ حالت دیکھ کے زلیخا بولی "یہی وہ غلام ہے جس کے بارے مین مجھے الزام دیا جاتا ہے - اور یہی ہے جس پر تم سب مجھے لعنت ملامت کرتی تھین - مگر تمھین انصاف کرو کہ ایسے جوان رعنا کو انسان چاہے نہ تو کیا کرے" اب سب نے زلیخا

کی معذوری تسلیم کرلی تو زلیخا نے اُن سے التجا کرکے کہا "جب تمھارا یہ خیال ہے تو خدا کے لیے اسے سمجھا بجھا کے راضی کردو" اب سب عورتوں نے اُٹھ اُٹھ کے حضرت یوسف کو فریب دینا شروع کیا - اور بعض بجائے اس کے کہ وہ زلیخا کی وکالت کرتیں - آپ کو خود اپنی طرف مائل کرنے لگیں - مگر بظاہر زلیخا ہی کی سفارش کر رہی تھیں -

درحقیقت یہ بھی نہایت ہی موثر سین تھا کہ حضرت یوسف سجے سجائے دولھا بنے ہوے خاموش کھڑے ہین اور مصر کی ساری حسین و پری جمال عورتین لباس فاخرہ اور زیور پہنے اور ہر قسم کا بناؤ چناؤ کیے ہوے آپ کو یا تو زلیخا کی طرف متوجہ کرتی ہین اور یا اپنے دام مین پھانسنا چاہتی ہین - بے شک یہ زلیخا کا پہلے سے بھی بڑھا ہوا فریب تھا - مگر پیمبرانہ عصمت اس پر بھی غالب آئی - اور کسی کا زور نہ چلا - یہان تک کہ زلیخا جب بالکل عاجز و مایوس ہوئی اور کوئی زور نہ چلا تو آپ کو قید خانے مین بھیجدیا -

قلوبطرہ - کلوپیٹرا

زلیخا کے بعد مصر مین قلوبطرہ کے حسن کی کرشمہ سازیان ہین - جس کا پایہ تاریخی حیثیت سے بہت بڑھا ہوا ہے - وہ اُس سرزمین کے کسی معزز گھرانے کی بہو بیٹی نہین بلکہ خود ملکہ تھی - اور چونکہ وہ اپنے حسن کی کمند کسی پیمبرزادے پر نہین ڈالتی تھی - اس لیے اپنے اغراض مین کامیاب بھی خوب ہوئی - اور شہوت پرستی و حسن فروشی کے نشیب و فراز مین پڑکے آخر خود اپنے ہی کرشمہ سازیون اور ناز آفرینیون پر قربان ہوگئی -

سکندر کے ہاتھ سے جب مصر کا پرانا خاندان فراعنہ پامال ہوا - اور وطنی سلطنت کا خاتمہ ہوچکا تو اسکے بعد بطلیموس لاغوس کے فرمانروائے مصر ہونے سے وہان بطلیموسیون کا ایک نیا یونانی خاندان شاہی شروع ہوا - جس کے تاجدار بڑے بڑے حامیان علم و فن گذرے ہین - اور انھین مین وہ بڑا نامی گرامی ریاضی دان بطلیموس یا بطلیموس گذرا ہے جسے اکثر لوگ بجائے بادشاہ کے ایک عالی مرتبہ حکیم

و ہندس جانتے ہین اور جو پرانے نظام فلکی کا پہلا بانی تصور کیا جاتا ہے۔
اسی خاندان کے پچھلے تاجدار بطلیموس اولی ملس کی دو اولادین تھین۔
ایک لڑکا بطلیموس اور ایک چھوٹی لڑکی قلوبطرہ۔ قلوبطرہ کے حسن وجمال اور اُس کی ذہانت وقابلیت کے باعث باپ کو اُس سے ایسی محبت تھی کہ مرتے وقت وصیت کر گیا کہ میرے بعد قلوبطرہ اور بطلیموس دونون مل کے سلطنت کرین۔ مگر افسوس دولت وسلطنت وہ چیز ہے جو محبت و قرابت کے تمام رشتون کو قطع کر دیا کرتی ہے۔ نوعمر بطلیموس سریر شہریاری پر قدم رکھتے ہی بہن کے حق مین ایک نامہربان بھائی بن گیا۔ اور اُسے اُسکے حقوق وراثت سے محروم کر کے گھر سے نکال دیا۔ مگر قلوبطرہ بھی کوئی دبنے والی شہزادی نہ تھی۔ مقابلے کو اُٹھ کھڑی ہوئی اور اپنے جھنڈے کے نیچے ایک بڑا لشکر جرار جمع کر لیا۔
یہ سنہ ۶۱۷ قبل محمدؐ یعنی ولادت مسیح سے اڑتالیس سال پیشتر کا زمانہ تھا۔ دولت روم اپنے شباب پر تھی۔ اور وہ دور شروع ہو گیا تھا جبکہ جمہوریت کا زور توڑ کے یولیوس قیصر (جولیس سیزر) سلطنت روم کے سیاہ وسفید کا مالک ہو گیا تھا۔ یولیوس اپنے حریف فامفئی (پامپی) کے تعاقب مین وارد مصر ہوا۔ اور ساحل اسکندریہ پر قدم رکھتے ہی فامفئی کا سر اُسکے سامنے لاکے پیش کر دیا گیا۔ اب وہ واپس چلا جاتا مگر دولت روم کا چونکہ یہ اصول تھا کہ قرب وجوار ملکہ ممالک دور ودراز مین بھی جہان تک بنے سلطنتون کے معاملات مین دخل ہی کر کرکے اپنی قوت بڑھائی جائے۔ لہذا یولیوس قیصر مصر کے خاندان شاہی کا جھگڑا چکانے کے لیے اسکندریہ مین ٹھہر گیا۔ اُس کی آمد کی خبر سنتے ہی قلوبطرہ بھی اسکندریہ پہونچی اور کوشش کرنے لگی کہ کسی صورت سے قیصر کے دربار مین پہونچے۔ اُسے اپنے حسن وجمال پر ناز اور دعوے تھا۔ اور سمجھتی تھی کہ ممکن نہین کوئی شخص میری دلفریب صورت دیکھے اور میرا طرفدار نہ بن جائے۔ اس لیے وہ تو اس فکر مین تھی کہ کسی طرح قیصر سے چار آنکھین ہو جائین۔ اور قیصر کی یہ حالت تھی کہ اُس کی صحبت مین بار پانا قریب قریب غیر ممکن تھا۔ اور غالبًا یہ بھی قلوبطرہ کے بھائی بطلیموس کی سازش کا نتیجہ تھا جو قلوبطرہ کی کسی صورت سے قیصر تک رسائی نہین ہو سکتی تھی۔

آخر قلوبطرہ نے قیمتی کپڑوں کے ایک گٹھر میں اپنے آپ کو بندھوایا۔ اور وہ گٹھا تاجرانہ حیثیت سے قیصر کے سامنے پہونچایا گیا۔ جب اُس کی نگاہ کے روبرو وہ گٹھر کھلا تو اُس میں سے قلوبطرہ نکلی۔ جس کی صورت دیکھتے ہی یولیوس دنگ رہ گیا۔ اب مصر کی حسین شاہزادی نے اپنی مظلومی اور اپنی حالت و کیفیت ایسے ناز و انداز سے بیان کی۔ اور اُس کے عالم آشوب حسن۔ اُسکی سُریلی آواز۔ اور اُس کے دلفریب لہجے نے یولیوس پر ایسا جادو کر دیا کہ۔ ع۔ وہ نظر ہی وداع طاقت تھی۔ اُس کا دم بھرنے لگا۔ اور جو جھگڑا پیش نظر تھا اُس میں یہی مشہور فیصلہ کر دیا کہ "حق لیلیٰ بود"

اب قیصر یہاں تمام دنیا و مافیہا کو بھول گیا۔ نہ روم کی سلطنت یاد تھی اور نہ چند وہ باقی ماندہ حریف جو ادھر اُدھر مارے مارے پھرتے تھے۔ دو سال تک اسکندریہ ہی میں پڑا رہا۔ دن عید اور رات شب برات۔ قلوبطرہ ہر وقت پہلو میں تھی۔ اور اُس کے تمام ارادوں اور حوصلوں پر حکومت کر رہی تھی۔ غریب بطلیموس کی قسمت کا یہ فیصلہ ہوا کہ وہ بیچارہ دریائے نیل میں ڈبو کے مار ڈالا گیا۔ اور حشمت فراعنہ کی مالک اکیلی قلوبطرہ تھی جو شب و روز یولیوس قیصر سے ہم آغوش رہا کرتی۔

دو سال کی عیش پرستی کے بعد قیصر کو اپنے مقاصد سلطنت یاد آئے۔ ایشیا اور افریقہ کے دیگر صوبجات کی راہ لی۔ اور قلوبطرہ امن و امان اور آزادی و خود مختاری سے مصر میں حکومت کرنے لگی۔ یولیوس بڑے فتوحات حاصل کر کے نہایت ہی دھوم دھام سے رومۃ الکبریٰ میں داخل ہوا۔ اور اسکے بعد چند ہی روز وہاں ٹھہرا تھا کہ طرفداران جمہوریت کے ایک سازشی گروہ نے اُسے سر دربار قتل کر ڈالا۔ اور اُس کے بعد روم میں سخت جھگڑے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ ققرو (سسرو) جمہوریت کے طرفداروں کے ساتھ الگ خوشیاں منا رہا تھا۔ یولیوس کی بہن کا پوتا اُقطاویانوس جس نے یولیوس کے گھر اور اُسی کے آغوش میں نشو و نما پایا تھا۔ جو چند روز بعد اغسطس کا لقب اختیار کر کے دوسرا شہنشاہ روم بنا۔ اور جس کے ہاتھوں وہاں کی جمہوریت ہمیشہ کے لیے پامال ہو گئی۔ اُسنے

ایک حقدار وراثت کی حیثیت سے سلطنت کا دعوے کیا۔ اور تیسری طرف یولیوس کے نامی گرامی افسر انطونی نے عوام الناس کے ایک بڑے بھاری گروہ کو جمع کرکے یولیوس کے خون کا انتقام لینا چاہا۔ چند روز مین اقطاویانوس اور انطونی باہم مل گئے۔ اور اتفاق کی برکت سے اپنے سب حریفون اور یولیوس کے دشمنون اور قاتلون پر کامیاب ہوے۔

اس کامیابی کے بعد اُقطاویانوس تو رومتہ الکبری مین چلا گیا۔ اور انطونی نے ممالک مشرق کی راہ لی کہ وہان کی سلطنت کو سنبھالے۔ چونکہ مصر پر یہ الزام عائد کیا گیا تھا کہ اُس نے روم کے غالب گروہ کی کوئی مدد نہین کی۔ لہذا ایشیاے کوچک مین پہونچتے ہی انطونی نے نہایت درشتی کے الفاظ مین قلوپطرہ کو لکھا کہ فوراً شہر طرسوس مین حاضر ہوکے جوابدہی کرے۔ جن سخت الفاظ مین یہ فرمان بھیجا گیا تھا اُس سے دولت مصر کی بے شک توہین ہوتی تھی۔ مگر قلوپطرہ عورت تھی اور بہت ہی رُکی تھی۔ ہوشیار اور پُرفن عورت۔ اُس نے دل مین کہا۔ ع۔ گڑے جو مرے تو زہر کیون دو یہ جانتی تھی کہ مین کس خوبی اور کیسے دعوے کے ساتھ انطونی کو شیشے مین اُتار سکتی ہون۔ ان الفاظ کا ذرا بھی بُرا نہ مانا۔ اور فوراً جوابدہی کے لیے اُٹھ کھڑی ہوئی۔

اسکندریہ سے تو وہ اپنے معمولی جہازون پر بیٹھ کے گئی۔ مگر طرسوس مین داخل ہونے کی شان ایسی عجیب و غریب تھی کہ ہر طرف ہل چل پڑ گئی۔ اور جس کسی نے دیکھا مبہوت و بدحواس رہ گیا کہ یہ کوئی شاہزادی ہے یا آسمان کی پریان اور دیویان زمین پر اُتر آئی ہین؟ شہر طرسوس سمندر سے تھوڑے فاصلے پر ہے۔ اور اُس کے نیچے دریاے قدموس بہا ہے۔ قدموس کے دہانے سے وہ اس طرح چلی کہ اُس کی کشتی نہایت ہی پُرتکلف۔ خوبصورت۔ خوشنما اور نگار تھی۔ کیونکہ اُس پر جابجا سونے چاندی کا پانی بھرا ہوا تھا۔ اور نظر فریب نقش و نگار اور گل بوٹے بنے ہوے تھے۔ پتوار اور کھینے کی بلیان چاندی کی تھین۔ اور ایک ارغوانی رنگ کا نہایت ہی خوشرنگ پال چڑھا ہوا تھا۔ جو ہوا کے بھرنے سے عجب بہار دکھاتا تھا۔ کشتی کے اوپر ایک زربفت کا شامیانہ بڑی نفاست سے

کھنچا ہوا تھا۔ جس کی مقیش کی جھالر شعاع آفتاب پر چشمک زنی کرتی تھی۔ اسکے نیچے وہ خود سونے کا مرصع تاج سر پر رکھے۔ سر سے پانوں تک مرصع زیور اور مغرق کپڑے پہنے اور جواہرات سے لدی ہوئی دیویون کی شان سے بیٹھی تھی۔

اُن دنون چونکہ سارے ملک کا مذہب یونانی اور رومی بت پرستی تھی۔ اور اہل روم ویونان کے عقیدے مین حسن وجمال کی دیوی وینس (زہرہ) تھی۔ جس کی خوبصورتی ورعنائی کی شہرت تھی۔ جس کی نہایت ہی حسین مورتین ایک خاص وضع اور ادا مین بنا کے مندرون مین رکھی اور پوجی جاتی تھین۔ اور اُنھین مندرون مین عشق کا دیوتا کیوپڈ ایک معصوم صفت پردار بچے کی وضع مین بنایا جاتا تھا۔ جس کے ہاتھون مین تیر کمان ہوتے۔ یعنی وہ دلون پر عشق کے تیر برسایا کرتا ہے۔

اسی عام خیال کے مطابق فلوطیرہ وینس کا بہروپ بھر کے اور اُسی کی ناز آفرینی کی نشست مین عجیب آن بان اور تمکنت ووقار سے اُس شامیانے کے نیچے طلا کار اور مرصع گاؤتکیے سے پیٹھ لگا کے بیٹھی۔ خوبصورت خوبصورت لڑکے جو عشق کے دیوتا کیوپڈ کے روپ مین تھے اور تیر وکمان لگائے ہوے تھے آس پاس کھڑے پنکھا جھلتے اور مگس رانی کر رہے تھے۔ صدہا حسین وپرکمال دوشیزہ لڑکیان جو آسمانی پریون کے بھیس مین تھین خدمت کو حاضر تھین۔ کچھ تو دست بستہ مؤدب سامنے کھڑی تھین کچھ اُسکے اشارون پر کام کاج کے لیے دوڑ رہی تھین۔ اور بہت سی حوروش اور مہ پارہ لڑکیان جل پریون کے بھیس مین تھین جو پانی مین اُتری ہوئی کشتی کو چڑھاؤ پر ڈھکیل ڈھکیل کے بڑھاتی اور کھینچتی لیے جاتی تھین۔ بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ اصلی وینس آسمان سے اُتر آئی ہے۔ اور اُسکے تخت کو پریان اُڑائے لیے جاتی ہین

ایسا دلفریب اور ہوش رُبا منظر آج تک کبھی کسی کی نظر سے کاہے کو گذرا تھا۔ جو دیکھتا ساتھ ہو لیتا۔ اور دریا کے کنارے ہی کنارے بدحواس کشتی کے ساتھ دوڑنے لگتا۔ اور دین ودنیا بھول جاتا۔ اس شان سے جب یہ کشتی طبر مین داخل ہوئی تو دونون طرف دریا کے کنارے خلقت کا ہجوم تھا۔ اور سارے

[illegible]

[illegible] پر یان اُتر آئین - انطونی اُسوقت دربار عام کر رہا
[illegible] ہی تمام لوگون نے اُسے چھوڑ دیا - تماشا دیکھنے کے لیے
دریا کے کنارے چلے گئے - اور وہ اپنی کرسی پر اکیلا بیٹھا رہ گیا - اتنے مین اُسے
خبر پہونچی کہ ملکۂ مصر قلوبطرہ آپ سے ملنے کو آئی ہے - انطونی نے اپنی شاہانہ شان
کے قائم رکھنے کے لیے ضبط سے کام لیا اور کہلا بھیجا کہ "وہ یہین چلی آئین - اور
اُن کی دعوت ہے" قلوبطرہ نے یہ پیام سُن کے دل مین کہا "اگر انطونی نے میری
آنے کی یہ شان نہ دیکھی تو کچھ نہ ہوا" جواب مین کہا "اُن سے جا کے عرض کرو کہ
پہلے آپ میری دعوت قبول کر لین - پھر مین بھی حاضر ہو جاؤن گی" انطونی
کو خود ہی اُس شان رعنائی کے دیکھنے کا شوق تھا جس پر ایک زمانہ عش عش کر رہا
تھا - بے تکلف دریا کنارے چلا گیا -

وہان جا کے ایک ایسا عالم نظر آیا کہ ہوش و حواس جاتے رہے - اور ایک
جان چھوڑ ہزار جان سے ملکۂ قلوبطرہ کا شیدا ہو گیا - اس آراستگی و نمائش - حسن و
عشق کے اس کامل بہروپ - اور پھر اس کے ساتھ ملکۂ مصر کی دل لبھانے والی
باتون نے ایسا فریفتہ کیا کہ نہ روم کی سلطنت ہی یاد رہی اور نہ اپنی محبت والی
بی بی فلویا - جو روم مین بیٹھی اُس کے نام پر جی رہی تھی - اب انطونی کی چوٹی
قلوبطرہ کے ہاتھ مین تھی - چنانچہ اُسے لے کے اُس نے اسکندریہ کی راہ لی - جہان
بیٹھ کے انطونی عیش و عشرت مین پڑ گیا اور رات دن جشن منانے لگا -

ان دونون نے اپنے اس عیش نشاط کے زمانے مین جیسے جیسے لطف اُٹھائے
ہین اور اپنی عشرت پرستی کے جوش مین جیسی جیسی فضول خرچیان کی ہین دائرۂ
اعتدال سے باہر ہین - اور ایسی ہین کہ لوگون کو مشکل سے اُن کا یقین آسکتا ہے
ایک بار ایک دوسرے کو جلسہ دینے مین باہم مقابلہ ہوا کہ کون زیادہ فیاضی و
بے جگری سے روپیہ لُٹاتا اور سامان عیش فراہم کرتا ہے - انطونی نے کہا "اس
مین تم مجھ پر فوقیت نہین لے جا سکتین" قلوبطرہ بولی "مین تو ایک گھونٹ پر
دس لاکھ روپیہ اُڑا دون گی - تم کیا کر سکتے ہو؟" اور یہ کہہ کے اپنے کان کی
ایک اَنتی سے ایک بڑا بھاری موتی جس کی قیمت لاکھون کی تھی سرکے کے جام

مین ڈال دیا۔ اور جب وہ گھل گیا تو اُٹھا کے پی گئی [illegible] اور اُسی قیمت کے موتی کے اُس نے دو ٹکڑے کیے اور [illegible] مین صرف کر دیا۔ اُس کی یہ بے جگری دیکھ کے انطونی عش عش کر گیا۔ اور مان گیا کہ میری محبت مین جو کچھ قلوبطرہ کر سکتی ہے مین نہین کر سکتا۔

چند روز بعد انطونی کو روم جانا پڑا۔ کیونکہ اُس کی بی بی فلویا بیمار تھی۔ فلویا اُسکے پہونچنے کے بعد دنیا سے رخصت ہوئی تو اُس نے قیصر کی بہن اُقطاویہ سے شادی کر لی۔

یہ شاہزادی حسین و صاحب جمال ہونے کے ساتھ بڑی باعصمت خاتون تھی۔ اور سچ یہ ہے کہ انطونی اس قابل نہ تھا کہ ایک ایسی پاکدامن شاہزادی کی قسمت اُس کے ہاتھ مین دے کے چھوڑی جائے۔ انطونی کے دل و دماغ مین قلوبطرہ اس قدر بسی ہوئی تھی کہ اُسے اقطاویہ سے کسی طرح اُنس نہ ہوا۔ اور شادی کی رسوم سے فارغ ہوتے ہی اُس نے ارض مشرق کی راہ لی تاکہ قلوبطرہ کے آغوش شوق کے مزے لوٹے۔

دوبارہ مصر مین آکے انطونی پھر عیش و عشرت مین پڑ گیا۔ اور قلوبطرہ کی صحبت مین روز بروز انہماک ہوتا جاتا تھا۔ نہ اپنے فرائض سے تعلق تھا اور نہ اپنے انجام کی پروا تھی۔ قلوبطرہ کی محبت کے جوش مین ناعاقبت اندیشی کی دلیری اس حد تک بڑھی کہ شاہزادی اقطاویہ کے پاس طلاق نامہ لکھ کے بھیجدیا۔ اور کہلا بھیجا کہ "تم سے پہلے میری شادی ملکۂ مصر کے ساتھ ہو چکی تھی"۔ اس واقعے سے شاہزادی کے بھائی قیصر اُقطاویانوس کی نہایت ہی دلشکنی ہوئی۔

اُقطاویانوس کو پہلے ہی سے اس بات کا خیال تھا کہ کسی طرح انطونی کو گرا کے دولتِ روم کے کُل سیاہ و سفید کا مالک ہو جائے۔ اور اپنے چچا یولیوس قیصر کا سچا اور پورا جانشین بنے۔ بہانہ ہی ڈھونڈھ رہا تھا۔ بہن کی دل آزاری کی تاب نہ لایا۔ سارے رومیون کو اس بات پر برہم کر دیا کہ ظالم دغاباز اور لوگون کو پھانسنے اور لُبھانے والی ملکۂ مشرق کے مقابلے مین اقطاویہ کی ایسی باعصمت اور پاکدامن شاہزادی کی توہین کی گئی۔ رومیون کے دلون مین

مین جوش انتقام پیدا کر کے قیصر نے حملے کے لیے جہازون کا ایک زبردست بیڑا تیار کیا۔ اُدھر سے اپنے جہازون کا بیڑا لے کے انطونی اور قلوبطرہ پہونچے۔ اور علاقۂ آپارُس کی ایک راس کے پاس دونون بیڑون کا مقابلہ ہوا۔

زور و شور سے لڑائی ہو رہی تھی اور فتح و شکست کے آثار کسی طرف نمودار نہین ہونے پائے تھے کہ ناگہان قلوبطرہ لڑائی سے مرعوب اور دہشت زدہ ہو کے بھاگی۔ اور اُس کے ساتھ ہی سارے مصری جہازون نے بھی لڑائی سے رُخ پھیر کے مصر کی راہ لی۔ انطونی اگرچہ بڑی بہادری سے لڑ رہا تھا مگر اپنی معشوقہ کو واپس جاتے دیکھ کے اُس نے بھی لڑائی کو ناتمام چھوڑا۔ اور اُس کے پیچھے چلا۔ دونون بھاگ کے اسکندریہ مین پہونچے۔ اور عیش و طرب کے جشنون مین اس خیال کو بھی بھلا دیا کہ دشمن قیصر تعاقب کرتا ہوا چلا آتا ہے اور عنقریب یہان پہونچا چاہتا ہے۔

اقطاویانوس قیصر بھی نہایت ہی چالاک تھا۔ اُس نے بھی دل مین ٹھان لی کہ قلوبطرہ کو اُسی کمند مین پھانسنا چاہیے جس مین وہ اورون کو پھانسا کرتی ہے۔ اسکندریہ کی بندرگاہ کے قریب پہونچتے ہی اُس نے مراسلت کر کے قلوبطرہ پر اپنا اشتیاق اور عشق ظاہر کیا۔ قلوبطرہ نے دل مین کہا "یہ جاتا کہان ہے؟ جس طرح مین نے انطونی کو اپنی زلف گرہگیر مین پھانسا ہے اِسے بھی پھانسون گی۔ اور ایسا گرفتار کرون گی کہ ہمسنے نہ دون گی"۔ یہ تو وہ سمجھ ہی گئی تھی کہ اب انطونی مین دم نہین رہا ہے۔ اس لیے اپنے تمام فوجی افسرون اور جہازون کے کپتانون کو حکم دے دیا کہ کسی قسم کی مزاحمت نہ کی جائے۔ قیصر آتا ہے تو اُسے بے تکلف آنے دو۔ مگر جب قیصر نے اسکندریہ پر قابض ہو کے اُس کی گرفتاری کا حکم دیا تو ہاتھون کے طوطے اُڑ گئے۔ آخر جب اُس کا کچھ زور نہ چل سکا تو اپنی دو وفادار سہیلیون کو ساتھ لیا۔ اور ایک بُرج مین جسے سلاطین مصر نے عام طریقے کے موافق تعمیر کرا کے اپنا مدفن قرار دیا تھا جا کے چھپ رہی۔ اور شہر مین مشہور ہو گیا کہ قلوبطرہ مر گئی۔ اُس کے مرنے کی خبر سنتے ہی انطونی ایسا بیقرار ہوا کہ فراق معشوقہ کی تاب نہ لا سکنے کے باعث خودکشی پر آمادہ ہو گیا۔ اور اپنی ہی

تلوار سے اپنے آپ کو ایسا زخمی کر لیا کہ زندگی کی کوئی اُمید نہیں باقی رہی۔ وہ بستر مرگ پر تڑپ رہا تھا کہ خبر آئی "قلوبطرہ مری نہیں زندہ ہے۔ اور آپ کو اپنے برج میں بلاتی ہے" اُس میں چلنے کی طاقت نہ تھی۔ لوگ پلنگ کو کندھوں پر اُٹھا کے اُس برج کے پاس لے گئے۔ قلوبطرہ کو دشمنوں کے خوف سے برج کا دروازہ کھولنے کی تو جرأت نہ ہوئی مگر پلنگ کو رسیوں میں باندھ کے ایک کھڑکی کی طرف سے اوپر کھینچ لیا۔ اوپر پہونچتے ہی انطونی قلوبطرہ کے سینے سے لپٹ گیا۔ اور اُسی طرح لپٹے ہی لپٹے دم توڑ دیا۔

مگر اب بھی قلوبطرہ اپنی کوششوں سے باز نہیں آئی۔ اور قیصر کے پھانسنے اور اُس کے مسخر کرنے میں اُس نے کوئی دقیقہ نہیں اُٹھا رکھا لیکن اقطاویانوس بھی اس بلا کا مضبوط آدمی تھا کہ اُس سے کسی طرح پیش نہ گئی۔ وہ برابر اسی کوشش میں لگا رہا کہ قلوبطرہ کو زندہ گرفتار کر لے اور اُس سے اپنی بہن کا انتقام لے۔ نہ اُس نے قلوبطرہ کی کسی شرط کو منظور کیا اور نہ اُسے کسی عہد و پیمان پر امان دی۔ آخر قلوبطرہ کو مایوسی ہوئی۔ اور ساتھ ہی اُس کی آنکھوں کے سامنے اُس وقت کی تصویر پھر گئی جب وہ گرفتار کر کے رومۃ الکبریٰ میں لے جائی جائیگی اور وہاں قیصر کے جلوس میں اس شان سے نکالی جائے گی کہ ہاتھ پانوں میں سونے کی زنجیریں ہوں گی اور اپنی سواری کی مطلا و مرصع رتھ کے آگے آگے پا پیادہ جا رہی ہوگی۔ اس بے عزتی و ذلت پر اُس نے موت کو ترجیح دی۔

دوسری طرف اُقطاویانوس کو بیحد شوق تھا کہ اس حسین و شہرۂ آفاق ملکہ کو اہل روم کے سامنے اپنے قیدی کی حیثیت سے پیش کرے۔ لہذا اُس نے اس بات کا پورا بندوبست کیا کہ قلوبطرہ خودکشی نہ کرنے پائے۔ جس برج میں قلوبطرہ تھی اُس کا چاروں طرف سے محاصرہ کرا لیا۔ اور قطعی ممانعت کر دی کہ کوئی شخص کسی قسم کا ہتھیار۔ کوئی دوا۔ یا کوئی چیز اندر نہ لے جانے پائے۔ تاہم محاصرہ کرنے والوں نے ایک دن انجیر کا ٹوکرا اندر پہونچا دیا۔ جس میں اُن کے نزدیک کسی بات کا اندیشہ نہ تھا۔

اس ٹوکرے کے اندر پہونچنے کے تھوڑی دیر بعد قیصر کو قلوبطرہ کا ایک خط ملا - جس مین لکھا تھا کہ "میرے بچون کو امان دی جائے" - اور اس کی اجازت دی جائے کہ مین اور انطونی دونون اسی مقبرے مین دفن ہون جس مین ہم دونون ہین" قیصر یہ تحریر پاتے ہی لپک کے اُس بُرج کے پاس پہونچا تو دروازہ کھلا ہوا تھا - اندر جا کے قلوبطرہ کے کمرے کو دیکھا تو ہر طرف خاموشی تھی - ملکہ اپنے شاہی لباس اور زیور سے آراستہ اپنی شاہی مسہری پر آرام کر رہی تھی دونون سہیلیون مین سے ایک اُس کے پاؤن کے پاس پڑی ہوئی تھی اور دوسری سرہانے کھڑی اپنے دونون ہاتھون سے اُس کے سر پر تاج کو سنبھالے ہوئے تھی کہ گرنے نہ پائے -

قیصر کو یہان کے سناٹے مین موت کا سناٹا نظر آیا - پوچھا " یہ کارروائی پوری طرح ہو گئی ؟" خادمہ بولی " جی ہان ہو گئی - اور یہی بات ایسی عالی مرتبہ ملکہ کے شایان تھی " اتنا جواب دیتے ہی وہ بھی اپنی جگہ پر گر کے مر گئی -

اب اس کی جستجو شروع ہوئی کہ قلوبطرہ نے کیونکر جان دی ؟ غور کرنے سے ایک چھوٹا نہایت ہی زہریلا سانپ جس کے کاٹتے ہی انسان مر جائے قلوبطرہ کے بازو مین لپٹا ہوا ملا - جس سے اپنے آپ کو کٹوا کے ملکہ اور اُس کی دونون خادماؤن نے جان دی تھی -

قیصر کو افسوس ہوا کہ قلوبطرہ میرے ہاتھ سے اپنی جان کو بچا لے گئی - مگر کبر و نخوت کے جوش مین اُسے اب بھی ترس نہ آیا - کیونکہ جب رومتہ الکبریٰ مین گیا ہے تو اُس کے داخلے کے باشان و شوکت جلوس مین ملکہ قلوبطرہ کی ایک مورت اُس کی اُسی شاہی مسہری پر سوتی ہوئی نکالی گئی - جس کے پیچھے قلوبطرہ کی دونون اولادین (یعنی اُس کا بیٹا اسکندر اور اُس کی بیٹی قلوبطرہ) تھین - یہ دونون بچے تھے جن کو قلوبطرہ نے اپنے غرور حسن اور عیش پرستی کے مذاق سے "اپالو" (دیوتا) اور "ڈیانا" (دیوی) کے خطاب دیے تھے -

اب ملک مصر دولت روم کا ایک صوبہ تھا - اور ان دونون بچون کا کوئی والی وارث نہ تھا - قیصر کو تو اپنے جلوس مین اُن کی تشہیر کرانے کے بعد اپنے

اپنے تبختر کی داد مل گئی - مگر اُس کی بہن اُقطاویا کو جو واقعی بڑی شریف شاہزادی تھی یہ خیال کرکے اُن بچون پر ترس آگیا کہ میرے مرحوم شوہر انطونی کی یادگار ہین - اُنھین لے کے اپنی ہی اولاد کی طرح پالا - تربیت کی - اور جب چھوٹی قلوبطرہ بڑی ہوئی تو اُس کی شادی مراکو کے ایک فرمان روا سے کردی -

مصر مین قلوبطرہ کی لاش دہان کے دستور کے مطابق ممی بناکے اور ایک سُنہرے تابوت مین بند کرکے اُسی مقبرے مین رکھی گئی جو اُس نے اپنے لیے بنوایا تھا - اور اب دو ہزار برس بعد قبر سے نکل کے لندن کے برٹش میوزیم مین پہونچی - جہان آج ہر شخص جاکے اُس کے پُر تکلف تابوت اور اُس کے ابدی خواب ناز کی کیفیت دیکھ سکتا ہے -

استیر - اسرائیلیہ

بُخت نصر شاہ بابل جب پوری قوم بنی اسرائیل کو گرفتار کرکے ارض بابل مین لے گیا - اور فراعنۂ مصر کے جور و ستم سے نجات پانے کے بعد خدا کی اُس منتخب قوم کو دوبارہ اسیری و غلامی کی مصیبت مین مبتلا ہونا پڑا ہے تو وہان اُنھین انقلابات سلطنت اور مختلف تاجدارون کے اختلاف مذاق سے عجیب عجیب واقعات پیش آئے اہل بابل کے مغلوب اور ایرانیوں کے ہاتھ سے تباہ ہونے کے بعد بھی اگرچہ ایک مدت تک یہود کو آزادی نہین نصیب ہوئی - مگر اُن دنون اُس اسیری ہی مین کبھی کبھی اُن کا ستارۂ اقبال چمک بھی جایا کرتا تھا -

اُنھین خوش اقبالی کے واقعات مین سے ایک حسین و پریوش اسرائیلیہ لڑکی استیر کا واقعہ ہے جو سچ یہ ہے کہ اپنے حسن و جمال اور اپنی دلفریب پیاری صورت کی بدولت خود ہی اپنی قوم کا ستارۂ اقبال بن گئی تھی - مگر معلوم ہوتا ہے کہ اُسکے دلفریب چہرے مین جیسی نزاکت و نازنینی تھی ویسی اُسکے دل مین نہ تھی - کیونکہ اُس نے اپنے حُسن کی کرشمہ سازیون سے فقط اپنی قوم کے بچانے ہی پر اکتفا نہین کی بلکہ ہزارہا خلقت کو قومی تعصب کے جوش مین قتل کرادیا -

اُس کی داستان جو کتاب مقدس توراۃ (عہدنامۂ قدیم) مین درج ہے یہ ہے کہ جب

شہنشاہ اخشویرش (جو تاجداران فارس مین سے تھا) سریر آرائے سلطنت ہوا اور اُس کا حکم حدود ہند سے لے کے بحیرۂ روم تک جاری ہوگیا تو اپنی تخت نشینی کے تیسرے سال اُس نے ایک بڑا بھاری جشن منایا اور تمام امراء معززین کو دُور دُور سے بُلا کے خاص اپنے دار السلطنت شوشن مین ٹھہرایا۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ کی دعوت کی۔ اس جشن کے لیے بڑے بڑے سامان کیے گئے۔ جابجا باغون اور چمنون مین پُر تکلف فرش اور نقرئی و طلائی تخت بچھائے گئے۔ حریر و اطلس کے پردے لٹکائے گئے۔ اور سونے چاندی کے برتنون مین تمام شاہی مہمانون کو کھانا کھلایا گیا۔ شراب پلائی گئی۔ شراب کی یہ کثرت تھی کہ گویا ارغوانی کی سبیلین لگا دی گئین۔ باہر شہنشاہ نے مرد مہمانون کی اور محل مین اُس کی مشہور آفاق دشتے ملکہ نے عورتون کی مہمان نوازی کی۔ اور اُنھین انعام و اکرام سے سرفراز کیا۔

جشن شروع ہونے کے ساتوین دن اخشویرش نے جبکہ شراب کے نشے سے مخمور تھا اور جوش سرور زوروں پر تھا خواجہ سراؤن کو بُلا کے حکم دیا کہ ملکہ وشتی سے کہو کہ پُر تکلف لباس پہن کے اور تاج شاہی سر پر رکھ کے یہان مردانے دربار مین آئے اور میرے برابر جلوہ افروز ہو کے میری رعایا کو اپنا جمال جہان آرا دکھائے خواجہ سراؤن نے بادشاہ کا یہ حکم ملکہ کو پہونچایا تو اُس نے اس مجمع عام مین آنے سے انکار کیا۔ جس پر شہنشاہ اخشویرش نہایت برافروختہ ہوا اور اپنے مشیرون اور ساتون معزز وزیرون سے جو فارس کے رئیس تھے مشورہ طلب کیا کہ اس نافرمان ملکہ کے بارے مین کیا کیا جائے؟ وزیر اعظم ممو کان نے زمین بوس ہو کے عرض کیا کہ "ملکہ نے فقط حضور کی نافرمانی نہین کی بلکہ ایک بڑا بھاری قومی گناہ کیا ہے۔ اُس کی نافرمانی کی خبر گھر گھر مشہور ہوگی۔ اور تمام عورتین یہ دیکھ کے کہ بادشاہ کی ملکہ اُن کا کہنا نہین مانتی اپنے شوہرون کی نافرمانی کرنے لگین گی۔ اور سارے شوہر اپنی جورؤن کی نظر مین حقیر ہو جائین گے۔ اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ملکہ اس رتبے سے کہ بادشاہ کی محبوبۂ خاص ہین محروم کر دی جائین۔ اور یہ مرتبہ کسی اور ایسی خاتون کو دیا جائے جو حضور کی فرمان برداری کرے۔ اور پھر اُسے دیکھ کے ساری مملکت کی عورتین اپنے شوہرون کی اطاعت گزار بنین" یہ رائے بادشاہ نے

پسند کی - اسی پر عمل ہوا - اور وشتے ملکہ بادشاہ کی محبوبۂ خاص ہونے کے درجے سے محروم کردی گئی -

اب بادشاہ کے لیے کسی نئی حسینہ کی تلاش شروع ہوئی - بادشاہی غلامون کی تحریک پر ساری قلمرو مین حکم جاری ہوگیا کہ ہر جگہ حسین اور کنواری لڑکیان جمع کی جائین - اور اُن مین سے جو جادو نگاہ عورتین منتخب ہون وہ لاکے ایوانِ شہریاری مین شاہی خواجہ سراؤن کے زیرِ نگرانی رکھی جائین - تاکہ وہ اُنھین بادشاہ کے ملاحظے مین پیش کرنے کے قابل بنائے - بادشاہ کی خلوت مین پیش ہونے کے لیے ضرور تھا کہ ہر حسینہ ایک سال تک خواجہ سراؤن کے زیرِ اہتمام رہے جسے چھ مہینے تک مُر اور لوبان اور عود وغیرہ کی دھونی دی جاتی اور چھ مہینے تک اُس کے پنڈے مین عود - اگر - اور دوسری خوشبودار چیزون کے تیل اور بُٹنے اور عطر ملے جاتے -

الغرض سارے ملک سے آٹھ جادو نگاہ اور سرو قامت دلربائین چُن کے بادشاہ کے لیے رکھی گئین - انھین مین ایک اَستیر بھی تھی - جس کی اصلیت یہ تھی کہ ارضِ مقدس سے جو یہودی گرفتار ہوکے بابل مین آئے تھے اُن مین "مردخاے" نام ایک اسرائیلی تھا جو بنیامین کی نسل سے تھا - اَستیر اُس کے چچا کی بیٹی تھی - جو اپنے باپ کے مرجانے سے مردخاے کی تولیت مین تھی - اور مردخاے نے بیٹی بناکے اُسے ناز و نعم سے پالا تھا - حسن و جمال مین دُور دُور تک اُس کا جواب نہ تھا - اور یہ حالت تھی کہ جس کی طرف نظر اُٹھاکے دیکھ لیتی اُس کا شیدا اور گرویدہ ہو جاتا - مردخاے نے خود ہی اَستیر کو خواجہ سراؤن کے پاس بھیجدیا مگر تاکید کردی کہ خبردار کسی کو یہ نہ بتانا کہ مین اسرائیلیہ ہون - یہ کیونکر ممکن تھا کہ وہ منتخب کرکے رکھ نہ لی جاتی ؟ خواجہ سراؤن نے اُسے پسند کرکے رکھ لیا اور اُس کی تزئین و تدہین ہونے لگی -

برس گذرنے کے بعد اُن آٹھ لڑکیون مین سے ہر ایک بادشاہ کی خلوت سرا مین بھیجی گئی - اور صبح کو ناپسند ہوکے نکل گئی - اَستیر کی باری آئی تو بادشاہ اخشویرس دیکھتے ہی فریفتہ ہوگیا - اور اُسی کو بادشاہ کی محبوبۂ خاص اور ملکۂ آفاق بننے کی

عزت دی گئی - اس طریقے سے اخشویرش کی تخت نشینی کے ساتوین برس استیر اُسکی ملکہ بنی - اسیی پریچہرہ اور حور وش نازنین کے ملنے پر بادشاہ نے بڑی خوشیان کین - جشن منائے - لوگون کو انعام واکرام سے سرفراز کیا - استیر نے اب تک کسی کو اپنا اسرائیلیہ ہونا نہین بتایا تھا - مگر ہر امر مین اپنے مربی مردخائے کی مطیع و منقاد تھی - اور مردخائے کو بھی اُس سے اس قدر محبت تھی کہ اب اُس نے بھی بادشاہ کی ڈیوڑھی پر رہنا شروع کر دیا -

اتفاقاً مردخائے کو شاہی ڈیوڑھی پر پڑے پڑے یہ حال معلوم ہوا کہ بادشاہ کے دو غلام اُس کی جان پر حملہ کرنے کی تاک مین ہین - اس کا حال اُس نے استیر کو بتا دیا - اور استیر نے جاکے بادشاہ سے عرض کر دیا - تحقیقات کی گئی تو ثابت ہو گیا کہ وہ دونون غلام واقعی اسیی نگرانی کی تجویز مین تھے - اس جرم کی سزا مین اُن دونون کو سولی دی گئی - اور بادشاہ نے حکم دیا کہ یہ واقعہ پورا پورا اُس کے روزنامچے مین درج کر دیا جائے -

اس اثنا مین بادشاہ اپنے وزرا مین سے ایک وزیر پر جس کا نام ہامان تھا بہت مہربان ہوا - اس کا تقرب روز بروز بڑھتا گیا - اور ساتھ ہی ساتھ اُسکی عزت و وقعت بھی بڑھائی گئی - یہان تک کہ عام حکم دے دیا گیا کہ "جب وہ قصر شاہی مین آیا کرے تو تمام غلامان شاہی سامنا ہوتے ہی اُس کے سامنے سجدے مین گر پڑا کرین" سب غلامون نے اس حکم کی تعمیل کی - مگر مردخائے جو ہمیشہ آتے جاتے وقت ہامان کو بادشاہ کی ڈیوڑھی پر بیٹھا نظر آیا کرتا تھا کبھی سجدہ نہ کیا - بعض غلامون نے کہا بھی کہ "تم سجدہ کیون نہین کرتے ؟" اُس نے جواب دیا کہ "یہ تو مجھ سے نہ ہوگا کہ ایک مخلوق کے آگے سجدہ کرون" غلامون کا جب مردخائے پر کوئی زور نہ چلا تو ہامان سے جاکے لگا دی کہ یہ شخص آپ کے آگے سجدہ کرنے سے انکار کرتا ہے - اور ساتھ ہی یہ بتا دیا کہ یہ یہودی ہے - ہامان یہ سُن کے نہایت برافروختہ ہوا اور ارادہ کیا کہ اس سے انتقام لے - مگر دل مین کہا کہ اکیلے اس ایک متنفس سے بدلہ لیا بھی تو کیا مین اسکی ساری قوم سے بدلہ لون گا - اور اس فکر مین لگا کہ اخشویرش کی سلطنت مین جتنے اسرائیلی ہین

اُن سب کو قتل کر ڈالے۔

اخشویرش کی تخت نشینی کے بارھوین سال ہامان نے پوری طرح پتہ لگالیا کہ ساری قلمرو مین کتنے یہودی ہین اور کہان کہان آباد ہین۔ پھر بادشاہ کی خدمت مین آکے عرض کیا کہ "حضور کے ملک مین ایک سرکش گروہ ہے جو لوگ متفرق و منتشر طور پر جا بجا آباد ہین۔ اور سب کی یہ حالت ہے کہ احکام شاہی کی بجا آوری مین تامل کرتے ہین۔ اُن کا کیش و آئین۔ اُن کا طور طریق۔ اور اُن کے رسم و رواج سب جدا ہین۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ زندہ نہ چھوڑے جائین۔ اس لیے اگر حضور کی مرضی ہو تو اُن سب لوگون کے قتل و غارت کا حکم جاری کردیا جائے تاکہ وہ مطلقاً فنا کردیے جائین۔ اور اس کے معاوضے مین دس ہزار وزن (جو اُس زمانے مین مروج ہو) چاندی اُن لوگون کے ہاتھون سے جو قتل و غارت کی کارروائی کرین گے خزانۂ شاہی مین داخل کرادون گا۔" بادشاہ نے وزیر کی یہ درخواست قبول کرلی۔ اپنی انگوٹھی اُتار کے اُس کے ہاتھ مین دی اور کہا "یہ میری مُہر ہے۔ جو حکم تم کو مناسب معلوم ہو میری جانب سے جاری کردو"

بادشاہ سے منظوری حاصل کرکے ہامان بے انتہا خوش ہوا۔ اور اُسی وقت تمام ممالک محروسہ اور کُل اضلاع و اقطاع مین عہدہ دارون۔ والیون۔ امیرون مرزبانون (تعلقدارون) کے نام فرمان جاری ہوگیا کہ "فلان تاریخ ہر جگہ جتنے اسرائیلی ہون بلا استثنا و امتیاز مع زن و فرزند قتل کرڈالے جائین۔ اور اُنکا گھر بار لوٹ لیا جائے۔ خبردار کوئی یہودی زندہ نہ بچنے پائے۔" اس حکم کے جاری ہوتے ہی ہر جگہ تہلکہ پڑگیا۔ یہود کے دشمن اپنی تلوارین تیز کرنے لگے۔ اور یہودیون مین ایک عام ماتم بپا ہوگیا۔ ہر طرف گھبراہٹ اور اضطراب کا عالم طاری تھا۔ ہان ایک ہامان البتہ بادشاہ کی صحبتِ خاص مین بیٹھا شراب کے جام لُنڈھا رہا تھا۔

مُردخائے کو ان باتون کی خبر ہوئی تو اُس نے سارے صدمے کے کپڑے پھاڑ ڈالے۔ سارے پنڈے مین خاک ملی۔ اور ایک کھال اوڑھ لی۔ اور وسط شہر مین کھڑے ہوکے چیخین مار مار کے رویا۔ اور اِسی وضع سے شاہی ڈیوڑھی پر آیا

جہان عام حکم تھا کہ جو کوئی کھال اوڑھے ہوئے ہو چاہے کوئی ہو اندر نہ آنے پائے - مردخاے کی اس حالت کی خبر خواجہ سراؤن نے استیر کو پہونچائی تو وہ نہایت ہی ملول ہوئی اور کپڑے بھیجے کہ اُن کی کھال کی پوشاک بدلوا دے جس سے مردخاے نے قطعاً انکار کیا - تب استیر نے اپنے رازدار خواجہ سرا ہتاخ کو بھیجا کہ "پوچھو آخر واقعہ کیا ہے؟" ہتاخ سے مردخاے نے ساری کیفیت بیان کردی - وہ قسم بتائی جس پر اسرائیلیون کی جانین مول لی گئی تھین - اور شاہی فرمان کی ایک نقل بھیجدی کہ استیر خود ہی پڑھ کے معلوم کرلے کہ اسرائیلیون کا کیا حشر ہونے والا ہے - اس کے ساتھ کہلا بھیجا کہ "تم بادشاہ کے سامنے جاکے روؤ اور اپنی قوم کو اس عام ہلاکت سے بچاؤ" یہ پیام سُن کے استیر نے کہلا بھیجا "بڑی خرابی تو یہ ہے کہ مین بالکل مجبور ہون - مین ابھی مہینہ بھر تک بادشاہ کے یہان نہ بُلائی جاؤن گی - اور وہان عام قاعدہ یہ ہے کہ چاہے کوئی ہو مرد یا عورت - عزیز ہو یا دوست - اگر بے بُلائے بادشاہ کی خلوتِ خاص مین چلا جائے تو بلا تامل قتل کرڈالا جاتا ہے - سوا اُس شخص کے جسے خود بادشاہ اپنے سونے کے عصاے شاہی سے اشارہ کرکے اس عام قاعدے سے مستثنیٰ کردے - مین بے بُلائے جاؤن گی تو جب تک وہ متوجہ ہون ہون قتل ہو جاؤن گی" اس جواب پر مردخاے بہت آشفتہ و برہم ہوا - اور کہلا بھیجا "یہ نہ سمجھ کہ اپنی ساری قوم کے قتل ہو جانے کے بعد تو بادشاہ کے محل مین ہونے کے باعث چین سے بیٹھ سکے گی - اگر تو نے اس موقع پر قوم کی سفارش کو ٹال دیا تو بنی اسرائیل تو اُس عالم مین پہونچ کے آرام پالین گے اور سرور و نجات کا مرتبہ پائین گے مگر تو اور تیرا گھرانہ ہلاکت مین پڑ جائے گا - اور تیرے دل پر ہمیشہ ایک کوفت رہے گی - خدا کی مصلحتون کو کون جان سکتا ہے؟ ممکن ہے کہ اسی دن اور اسی گھڑی کے لیے اُس نے تجھے بادشاہ کے محل مین پہونچایا ہو"

یہ سُن کے استیر کے دل مین قومی ہمدردی کا جوش پیدا ہوا - اور کہلا بھیجا "اچھا مین قوم کے لیے جان دینے کو تیار ہون - آپ شہر شوشن کے سارے

اسرائیلیون کو جمع کرکے حکم دیجیے کہ میری طرف سے سب روزہ رکھین - مین
اُن کی سفارش کے لیے بے بلائے بادشاہ کے پاس جاؤن گی - اگر مار ڈالی گئی
تو مضائقہ نہین - قوم کی خدمت گذاری مین مرون گی - اور جیتی بچی تو شاید
خدا میری سُن لے" یہ جواب پاکے مرد خاے واپس گیا - اور کُل یہودیون کو
روزہ اور دعا و استغفار کی ہدایت کردی -

جب استیر اور اُس کے ساتھ تمام قوم نے تین دن تک روزے رکھ لیے تو
تیسرے دن استیر نے شاہی لباس اور زیور سے آراستہ ہوکے اور اپنے آپ کو
خوب بنا چناکے بادشاہ کے اندرونی محل مین قدم رکھا - اور اُس کے کمرے کے
سامنے جا کھڑی ہوئی - جس مین بادشاہ اپنے تخت سلطنت پر جلوہ افروز تھا -
اور جہان سے بادشاہ کا سامنا ہوتا تھا - لوگ اُس کے قتل کے لیے جھپٹنے ہی کو
تھے کہ بادشاہ کی نظر پڑ گئی - اور جوش محبت سے بیتاب ہوکے فوراً اپنی سونے
کی چھڑی اُس کی طرف اُٹھادی - استیر نے دوڑکے اُس چھڑی کی نوک کو
ادب سے چوم لیا - اور مؤدب کھڑی ہوگئی - بادشاہ نے نہایت ہی محبت کے
لہجے مین کہا " ملکہ استیر - کیا چاہتی ہو؟ بتاؤ - مانگوگی تو آدھی سلطنت تک
دینے کو تیار ہون" استیر نے عرض کیا کہ " اور نہین بس اتنا چاہتی ہون کہ
بادشاہ اور وزیر ہامان آج میری دعوت قبول فرمائین" بادشاہ نے فوراً
دعوت قبول کی - اور اُسی وقت ہامان کو بُلوا کے ملکہ کی دعوت مین چلا آیا
یہان جب شراب کے دو ایک جام پیے اور سرور ہوا تو جام شراب کو مُنہ سے لگا
کے کہا " ملکہ استیر - تمھارا کیا سوال ہے؟ بتاؤ کہ پورا کرون - آدھی سلطنت
تک مانگوگی تو دے دون گا" استیر نے عرض کیا " میری تمنا بس یہ ہے کہ کل
یونہین حضور اور وزیر ہامان میری دعوت مین شریک ہون" بادشاہ نے یہ درخواست
بھی قبول کی - اور استیر دوسرے دن کی دعوت کے لیے بڑے بڑے سامان
کرنے لگی -

ہامان خوش خوش یہان سے نکل کے چلا تھا کہ ڈیوڑھی پر مرد خاے کی صورت
نظر آئی - جس نے نہ اُسے سلام کیا نہ اُس کے سامنے سجدہ کیا - یہ دیکھ کے اُس

دل مین ایک کانٹا سا لگا جو گھر تک کھٹکتا گیا۔ گھر پہونچتے ہی اُس نے اپنی جورو زرش اور اپنے یاران صحبت سے کہا "خدا نے مجھے بہت دولت و عزت دی ہے اولاد کی طرف سے بھی خوش نصیب ہون۔ قدر و منزلت کی یہ حالت ہے کہ بادشاہ نے مجھے ملک کے تمام امراسے زیادہ معزز بنا دیا۔ یہان تک کہ دیکھو عالی مرتبہ ملکۂ استیر کی دعوت مین بادشاہ کے ساتھ شریک ہونے کی عزت ساری سلطنت مین میرے سوا اور کسی کو نہین نصیب ہوئی۔ اور کل پھر ملکہ نے کمال الطاف و کرم سے مجھے اور بادشاہ کو اپنے یہان مدعو کیا ہے۔ مگر یہ سب باتین اور ساری عزتین خاک مین مل جاتی ہین جب دیکھتا ہون کہ شاہی ڈیوڑھی پہ مردخاے یہودی غرور و نخوت سے بیٹھا ہوا ہے۔ جو نہ میرے سامنے سجدہ کرتا ہے اور نہ مجھے سلام کرتا ہے"

میان کی زبان سے یہ باتین سُن کے زرش بولی "تو تم ایک کام کرو۔ آج ہی ایک پچاس ہاتھ کی لمبی دھنی بنوا رکھو۔ اور کل جاتے ہی بادشاہ کی خدمت مین عرض کرنا کہ یہ یہودی ایسا گستاخ و بے ادب ہے۔ اور حضور سے منظوری لے کے اُسے کل ہی اُس دھنی پر سولی دلوانا۔ اور جب اُسے سولی دے چکنا تو خوش خوش جا کے ملکۂ آفاق کی دعوت مین شریک ہونا" ہامان نے یہ تجویز پسند کی اور اُس دھنی کو تیار کرا کے لوگون کو ہدایت کر دی کہ "میرے جانے کے تھوڑی دیر بعد تم اسے لے کے ایوان شاہی مین آ جانا"

ادھر آج ہی رات کو بادشاہ اخشویرش کے دہان یہ واقعہ پیش آیا کہ بادشاہ کی نیند اُچاٹ ہو گئی۔ اور جب کسی بات مین جی نہ لگا تو اپنے کاتب کو بلا کے حکم دیا کہ میرا روزنامچہ تو پڑھ کے سُناؤ۔ روزنامچہ سنتے سنتے جب اس واقعہ پر پہونچا کہ "دو نمکحرام غلامون نے بادشاہ کے قتل کی سازش کی تھی مگر مردخاے کے حسن کارگذاری سے اُن کا فریب کھل گیا" تو چونک کے بولا "اس شخص مردخاے کے ساتھ اس کارگزاری کے صلے مین کیا سلوک کیا گیا؟" لوگون نے عرض کیا "کچھ نہین" یہ بات رات بھر بادشاہ کے خیال مین رہی اور صبح کو بھی اسی فکر مین تھا کہ سامنے سے ہامان نمودار ہوا۔ اُس کی صورت دیکھتے ہی

اخشویرش بولا" ہان تم خوب آئے۔ بتاؤ کہ جس شخص سے بادشاہ خوش ہو اور اُس کے ساتھ احسان کرنا چاہتا ہو اُس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟" ہامان نے دل مین کہا کہ میرے سوا بادشاہ اور کس سے خوش ہین۔ اور وزیر ہامان کے سوا اور کون ہو سکتا ہے جس پر وہ احسان کرنا چاہتے ہون؟۔ لہذا جوشِ مسرت سے از خود رفتہ ہو کے بولا" خداوند اُسے اپنا ملبوس خاص پہنائین۔ اپنا تاج اُس کے سر پر رکھین۔ اپنے خاص گھوڑے پر اُسے سوار کرائین۔ پھر اس شان سے اُسے شہر مین نکالین۔ اور کسی اپنے مخصوص امیر کو حکم دین کہ اُس کے ہمراہ رکاب رہے اور یہ منادی کرتا جائے کہ جسے حضور بادشاہ سرفراز کرنا چاہین یون سرفراز کرتے ہین"۔ ہامان کی زبان سے یہ الفاظ سُن کے بادشاہ اخشویرش نے کہا" بہتر۔ میرا لباس۔ تاج۔ اور گھوڑا لے کے ڈیوڑھی پر جاؤ۔ وہان مردخائے نام ایک یہودی بیٹھا ہے اُس کو لباس اور تاج پہنا کے اور اُس گھوڑے پر سوار کر کے شہر مین پھراؤ۔ اور تم خود اُس کے ہمراہ رہ کے منادی کرو کہ جس کو بادشاہ سرفراز کرتا ہے یون کرتا ہے"۔ یہ حکم سُنتے ہی ہامان کے دل مین ایک آگ سی لگ گئی۔ مگر کیا کر سکتا تھا؟ حکم حاکم مرگِ مفاجات! فوراً شاہی حکم کی تعمیل کی۔

اس کارروائی کے بعد مردخائے تو پھر جا کے بادشاہ کی ڈیوڑھی پر ٹھہر گیا۔ مگر ہامان خون کے آنسو بہاتا اور اپنے حسد کی آگ مین جلتا بھنتا اپنی بی بی زرش کے پاس پہونچا اور ساری کیفیت بیان کی۔ اُس نے میان کو دلشکستہ دیکھ کے کہا" تم کُڑھتے کیون ہو؟ ایسا ہی ہے تو اب قتل یہود کے دن تم بنی اسرائیل کی خون ریزی کی ابتدا شہر شوشن مین اسی مردخائے سے کرنا۔ اور اسی دھنی پر اُسے مصلوب کرنا"۔ میان بیبیون مین یہ باتین ہو ہی رہی تھین کہ شاہی ہرکارون نے آ کے کہا" آپ کی یاد ہوئی ہے۔ ملکۂ آفاق حسین و مہ جبین ملکۂ استیر کی دعوت مین چلیے"۔

اس پیام سے ہامان کی گونہ اشک شوئی ہوئی۔ فوراً درباری کپڑے پہن کے گیا۔ اور بادشاہ و وزیر دونون استیر کی محلسرا اور باغ مین جا کے کھانے پینے

مین مصروف ہوے - بادشاہ آج بہت ہی خوش اور شادان تھا - اور ملکہ اسٹیر کے حسن نے اُس کو از خود رفتہ بنا رکھا تھا - جام شراب کو منہ سے لگاتے ہی بولا "نازنین و مہ جبین ملکہ! بتا تیرا کیا سوال ہے؟ کہ چکا کہ مانگے گی تو آدھی سلطنت تک دے ڈالون گا" اسٹیر نے ایک ناز آفرینی کی ہوش ربا ادا سے زمین ادب چوم کے کہا "اگر مجھ پر حضور کی نظر عنایت ہے تو بس اتنی التجا اور یہی تمنا و آرزو ہے کہ میری جان بخشی ہو اور میرے ساتھ میری قوم کی بھی جان بخشی کی جائے - کیونکہ ہم سب قتل و غارت کے لیے بیچ ڈالے گئے ہین - اور دو تین روز مین ہم سب قتل ہو جائین گے - کاش اتنا ہی ہوتا کہ ہم لوگ بیچ کے لونڈی غلام بنائے جاتے تو مین صبر کرتی - مگر یہان تو ہماری بدنصیبی سے لوگ ہماری جان کے درپے ہین" بادشاہ نے متحیر ہو کے پوچھا "کس نے مول لیا؟ اور وہ کون ہے جس کا ایسا ارادہ ہے؟" اب اسٹیر مین غصہ ضبط کرنے کی تاب نہ تھی - بولی "یہی کمبخت ظالم ہامان - جو پاس بیٹھا ہوا ہے - اور ہم سب کے خون کا پیاسا ہے" ملکہ کی زبان سے یہ الفاظ سن کے ہامان تو مارے خوف کے کانپنے لگا - اور بادشاہ اخشویرش شراب پیتے پیتے جام و صراحی کو ہاتھ سے رکھ کے مارے غصے کے اُٹھا اور سامنے باغ مین جا کے ٹہلنے لگا - مگر چہرے سے غیظ و غضب کے آثار نمایان تھے -

بادشاہ کے ہٹتے ہی ہامان ملکہ اسٹیر کے قدمون پر گر پڑا - اور عفو تقصیر کے لیے گڑگڑا رہا تھا کہ بادشاہ طیش کے ساتھ واپس آیا - اور ہامان کی طرف جو ملکہ اسٹیر کے تخت کے آگے سربسجود پڑا ہوا تھا مخاطب ہو کے بولا "اور ہان جی - میری ملکہ بھی میرے پہلو سے اُٹھا کے اور پا بزنجیر کر کے کھینچی جائے گی یا نہین؟" ادھر بادشاہ کی زبان سے یہ آتش بار الفاظ نکلے اور اُدھر شاہی غلامون نے مجرمون کی طرح ہامان کا سر کپڑے مین لپیٹ دیا - یہ کارروائی ہو ہی رہی تھی کہ وہ شخص جسے ہامان حکم دے آیا تھا وہ پچاس ہاتھ کی لمبی دھنّی لیے ہوے شاہی محل مین پہونچا - اور لوگون نے بڑھ کے بادشاہ کی خدمت مین عرض کیا کہ "ہامان نے یہ دھنّی اس لیے تیار کرائی تھی کہ اس پر

مردخاے کو سولی دلواے گا۔" بادشاہ غصے مین بھرا ہوا تھا ہی حکم دیا کہ "اسی دھنی پر ابھی لیجا کے اس ظالم ہامان کو سولی دو۔" جس کی فوراً تعمیل ہو گئی۔ ہامان کے قتل ہو چکنے کے بعد اخشویرش کا غصہ تھا۔ اور وہ پھر اپنی اسرائیلیہ ملکہ کے گھر مین عیش و عشرت مین مشغول ہوا۔

بادشاہ نے ہامان کا گھر اور اُس کی ساری جائداد ملکہ استیر کو دیدی۔ استیر نے اب موقع پا کے اپنے اور مردخاے کے تعلقاتِ قرابت بادشاہ پر ظاہر کر دیے جن کو معلوم کر کے بادشاہ خوش ہوا۔ اور اُسی وقت اُس کے حسب الطلب مردخاے حاضر دربار ہو کے زمین بوس ہوا۔ بادشاہ نے اپنی انگوٹھی جو ہامان سے چھین لی گئی تھی اپنی اُنگلی سے اُتار کے مردخاے کو عطا کی۔ گویا اس کے ساتھ ہی اُسے خلعتِ وزارت عطا ہوا۔ اور ان سب واقعات کے بعد مردخاے نے جا کے ہامان کے مکان اور جائداد پر قبضہ کیا۔

لیکن ابھی تک استیر کو اطمینان نہین ہوا تھا۔ موقع پا کے وہ پھر ایک بار بادشاہ کے قدمون پر گری اور رو رو کے عرض کیا کہ "حضور مجھے اور میری قوم کو ہامان کے شر سے بچائین۔ کیونکہ قتل و غارت یہود کا حکم ابھی تک منسوخ نہین ہوا ہے۔" بادشاہ نے اپنی طلائی جریب اُس کی طرف اُٹھا دی۔ جو کہ امان دینے کا اشارہ تھا۔ اور استیر نے ہاتھ جوڑ کے اور مؤدب کھڑے ہو کے کہنا شروع کیا کہ "اگر مین حضور کی نظر مین بھلی اور حضور کی مورد عنایت ہون تو فرمان جاری ہو کہ ہامان کے جاری کیے ہوے حکم منسوخ ہون۔ ورنہ سارے اسرائیلی قتل ہو جائینگے اور مین اپنی قوم کے قتل عام کو کیونکر دیکھ سکون گی؟" اخشویرش نے اس کے جواب مین اُس کی اور مردخاے کی طرف متوجہ ہو کے کہا "مین نے ہامان کا گھر بار تم کو دیا۔ اُس کو مصلوب کرایا۔ اور اپنی انگوٹھی بھی تم کو دے دی۔ لہذا تم کو اختیار ہے کہ جس مضمون کا فرمان چاہو میری طرف سے اور میرے نام سے جاری کر دو۔" مردخاے نے اجازت پاتے ہی تمام والیون۔ مرزبانون۔ رئیسون۔ اور فوجی افسرون کے نام فرمان جاری کر دیا۔ جس کی نقلین تمام علاقون اور ممالک محروسہ مین سانڈنی سوارون۔ ہرکارون اور رسالے کے سوارون کے ذریعے سے بڑی عجلت

کے ساتھ روانہ کی گئین - اس فرمان کی رُو سے پہلا قتل یہود کا حکم منسوخ کیا گیا تھا اور یہود کو حکم تھا کہ اُسی تاریخ جو اُن کے قتل کے لیے مقرر کی گئی تھی ہر ہر شہر مین جمع ہون - اور اپنے تمام دشمنون اور اُن سب لوگون کو جو اُنکے خلاف ہون مع زن و فرزند قتل و ہلاک کر دین - اور یہ کارروائی ہر جگہ اور ہر گانون مین ایک ہی دن اور ایک ہی وقت ہو - یہی حکم خاص دار السلطنت شوشن مین بھی جاری ہو گیا - جس کے بازارون مین مردخاے آسمانی رنگ کا لباس شاہی اور اُسپر ریشمی عباے ارغوانی پہنے سونے کا مرصع تاج سر پر رکھے کروفر سے برآمد ہوا - اور اُس کی صورت دیکھ دیکھ کے یہودی ہر جانب سے نعرہاے مسرت بلند کر رہے تھے -

آخر وہ قتل کی تاریخ آئی - اور یہود نے بلا تامل اپنے دشمنون اور اپنے ستانے والون کو قتل کرنا شروع کیا - اس یورش مین شہر شوشن کے اندر ہامان کے دس بیٹے بھی قتل ہوے - لیکن یہود نے سوا قتل کرنے کے لوٹنے اور تاخت و تاراج کرنے سے بالکل ہاتھ روکا - شام کے وقت بادشاہ اخشویرش کو اس واقعہ کی رپورٹ ہوئی - اور اُس نے استیر سے مل کے کہا "ناز آفرین ملکہ - خاص دار السلطنت مین پانسو آدمی اسرائیلیون کے ہاتھ سے قتل ہوے - اور اضلاع مین جو کچھ ہوا ہوگا وہ اسکے علاوہ ہے - اس لیے اے میری پیاری ملکہ - بتا کہ اب تیرا کیا سوال ہے ؟ جو کہے گی کرون گا اور جو مانگے گی دون گا" استیر بولی "مین چاہتی ہون کہ ایسے ہی قتل عام کی اجازت شہر شوشن مین یہودیون کو کل پھر دی جاے - اور ہامان کے لڑکون کی لاشین مصلوب کی جائین" بادشاہ نے کہا "منظور - اجازت ہے کہ اسرائیلی پھر اپنے دشمنون کو قتل کرین" چنانچہ دوسرے دن بھی قتل عام ہوا اور شوشن مین اُس دن یہود نے ۳۰۰ آدمی قتل کیے - مگر دیگر مقامات اور اضلاع مین فقط پہلے ہی دن خون ریزی ہوئی تھی جس مین ۷۵ ہزار آدمیون کو یہودیون نے قتل کیا -

الغرض اضلاع مین دوسرے دن اسرائیلیون نے اپنے دشمنون کو قتل کر کے خوشیان کین اور عید منائی - اور شہر شوشن مین دو دن قتل کرنے کے بعد تیسرے دن

اور اسی کی یادگار مین مرد خاے کے اشارے سے یہودیون مین رواج پا گیا کہ ہر سال ان دو دنون مین بڑی بھاری عید منائی جاتی - ساری قوم کے زن و مرد اور بوڑھے بچے اچھے اور نئے کپڑے پہنتے - قربانیان کرتے - باہم دعوتین کرتے - اور اپنی اس قومی کامرانی کی یاد ہمیشہ تازہ رکھتے -

یہ تھی ایک یہودیہ حسینہ کے حسن کی ہولناک کرشمہ سازی - جو ظاہر کرتی ہے کہ مدتون کی اسیری و مظلومی نے یہود کی ہوسین اور آرزوئین اور اُن کی خوشیان کس درجہ ذلیل کر دی تھین - اور جوش انتقام نے اُنھین کیسا ناخدا ترس بنا دیا تھا -

بلقیس ملکۂ سبا

ہر قوم کی تاریخ مین ایک ابتدائی عہد ایسا گذرا ہے جس کے حالات اِس عہد کے قیاسات عقلی سے باہر اور عجیب و غریب واقعات سے لبریز ہین - یونانیون رومیون - ہندوؤن - اور چینیون ہی مین یہ نہ تھا کہ اُن دنون آسمان و زمین کے رہنے والے اور عالم بالا و عالم زیرین والے باہم ملتے جلتے تھے - اور سرد شت اور آتشیستان کی آمد و رفت کے راستے کھلے ہوے تھے - بلکہ بنی اسرائیل و عرب مین بھی اپنی پرانی تاریخ کے متعلق ایسے ہی حالات مشہور تھے - عرب کی ملکہ سبا بلقیس - بابل کی ملکہ سمیرامیس اور یونان کی ہلین بھی اُسی قدیم عہد کی خاتونین ہین - جو قریب العہد تھین - اور ولادت سرور کائنات سے دو ہزار سال پہلے تقریباً تین سو برس کے اندر ایک دوسرے کے بعد گذرین - ان سب کے حالات خلاف فطرت واقعات سے لبریز نظر آتے ہین - مگر اسلام و بت پرستی کا یہ فرق اُس زمانے مین بھی نمایان تھا کہ بابل کی سمیرامیس اور یونان کی ہلین تو دیویاں بن گئین اور بلقیس صرف ایک حق پرست ملکہ اور پیغمبر کی بی بی بننے سے زیادہ تجاوز نہ کر سکی - سمیرامیس اور ہلین مین بے عصمتی - آوارگی - اور شہوت پرستی تھی - اور بلقیس دُنیا کو فتح کرنے والے حسن و جمال کے ساتھ عصمت و عفت کے زیور سے آراستہ تھی -

بلقیس کا واقعہ کتب آسمانی مین بھی مذکور ہے مگر بہت مختصر۔ اور ماسبقے حالات کا تکملہ قومی روایتون اور کہانیون سے کیا گیا ہے۔ اسی وجہ سے اُس کے متعلق اختلافات بھی بہت ہین۔ اور اُن کا اعتبار بھی نہین کیا جا سکتا۔

بعض اہل روایت کہتے ہین کہ اُس کا اصلی نام بلقمہ تھا۔ اور یشرع بن حارث بن قیس بن صیفی بن سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان کی بیٹی تھی بعض اُس کے باپ کا نام یشرح بن تبع ذی الاغار بن تبع ذی المنار بن تبع رایش بتاتے ہین۔ مگر یہ دراصل کوئی اختلاف نہین۔ اس لیے کہ وہ قدیم شاہانِ یمن کی نسل سے تھی جو تبع کہلاتے تھے۔ اور ان بادشاہون کے نام کے ساتھ ایک لقب بھی ہوا کرتا تھا۔ جس کے اول مین اکثر لفظ "ذو" رہا کرتا۔ لہذا پہلی روایت مین اُن کے اصلی نام بتائے گئے ہین اور دوسری مین اُن کے شاہانہ القاب۔

ان ملوک تبع کا جو تبابعۂ یمن کہلاتے تھے بڑا زمانہ گذرا ہے۔ اپنے دور مین وہ کسی سلطنت کو اپنے مقابل نہین سمجھتے تھے۔ اور ساری دنیا کا بادشاہ اپنے آپ ہی کو خیال کرتے تھے۔ قدیم فراعنۂ مصر کا مذاق۔ اُن کا سامان عیش اُن کا زیور۔ اُن کے ظروف۔ اور اُن کے قصر و ایوان تبابعۂ یمن سے اس قدر ملتے جلتے تھے کہ اہل بصیرت کو خیال ہو چلا ہے کہ مصر والے تہذیب و تمدن مین ان ملوک عرب ہی کے شاگرد تھے۔ اور اگر کبھی یمن کے کھنڈرون کو کھود کے وہان کی تاریخ کا پتہ لگایا جا سکا تو کیا عجب کہ یہ قیاس یقین کی صورت اختیار کر لے۔ الغرض انھین تبابعۂ یمن کی ایک وارثِ تاج و دیہیم ملکۂ بلقیس بھی تھی۔

اُس کے متعلق جو خارج از عقل واقعات بیان کیے گئے ہین اُن مین ایک یہ بھی ہے کہ اُس کی مان بادشاہ جن کی شاہزادی تھی جس کا نام رواحہ یا ریحانہ تھا۔ اور اُس غیر معمولی عقد شادی کے متعلق یہ روایت بیان کیجاتی ہے کہ بلقیس کا باپ یشرح اپنے خاندان کا چالیسوان فرمان روا تھا۔ ساری دنیا پر متصرف تھا۔ اور سارے جہان مین کسی شاہی خاندان کو اپنا کفو

اور ہرتبہ نہ سمجھتا تھا کہ اُس کی لڑکی کو اپنی ملکہ بنائے - اور آخر کار کہنے لگا کہ مین انسانون مین شادی ہی نہ کرون گا -

وہ جنگل مین جاکے شکار کیا کرتا - اور ہرنون کی طرح شریر جنون کا بھی شکار کرتا تھا - بہت سے شریر جن اُس کے ہاتھ سے مارے گئے تو خود بادشاہ جن نے نمودار ہوکے اُس کا شکریہ ادا کیا - اور اس نے اُس کے عوض اُسے اُس کی بیٹی کا پیام دیا - بعض کہتے ہین کہ یون نہین - بلکہ ایک دفعہ اُس نے دیکھا کہ ایک کالا اور ایک سفید سانپ باہم لڑ رہے ہین - آخر لڑتے لڑتے کالا سانپ سفید سانپ پر غالب آیا - یہ بات اُسے پسند نہ آئی - ملازمون کو حکم دیا کہ اُس کالے سانپ کو مار ڈالو - اور سفید جو نہایت مضمحل و ناتوان ہو رہا تھا اُسے پانی چھڑک چھڑک کے ہوش مین لایا - یہان تک کہ وہ رینگ کے چلا گیا - رات کو یشرح اپنے خلوت خانے مین تھا کہ ناگہان ایک خوشرو نوجوان نمودار ہوا جس کی صورت دیکھ کے یشرح ڈرا تو اُس نے کہا آپ خوف نہ کھائیے مین وہی سفید سانپ ہون جس کی دن کو آپ نے جان بچائی تھی اُس احسان کا جو معاوضہ کہیے کرنے کو تیار ہون کہیے تو روپیہ پیسہ لاکے نذر کرون - یا کہیے تو آپ کو فن طب بتا دون - یشرح نے کہا روپیہ پیسہ خدا نے مجھے بہت کچھ دیا ہے - طب کی ضرورت بادشاہون کو نہین - حکمرانی کے ساتھ وہ طبابت بھی کرنے لگین تو لوگ نام رکھین گے - لیکن ہان میری یہ آرزو البتہ ہے کہ اگر آپ کی کوئی بیٹی ہو تو اُسے میرے عقد نکاح مین دیجے اُس جوان جن نے کہا "ہان میری ایک بیٹی ہے - اور اُس کے لیے آپ کا پیام قبول بھی کرتا ہون - لیکن اُسکی شرط یہ ہے کہ وہ جو چاہے کرے آپ اُس کے کامون مین دخل نہ دین اگر ذرا بھی دخل دیا تو وہ آپ کو چھوڑ کے چلی آئے گی" - یشرح نے یہ شرط منظور کی - اور شادی ہوگئی -

شادی کے بعد ایک لڑکا پیدا ہوا جسے پیدا ہوتے ہی ماں نے دہکتی ہوئی آگ مین پھینک دیا - باپ کو صدمہ تو بڑا ہوا مگر اپنے عہد کی پابندی مین خاموش ہو رہا - پھر ایک لڑکی پیدا ہوئی جسے ماں نے ایک کُتیا کے سامنے ڈال د

اور وہ اُسے جھپٹ کے اُٹھا لے گئی۔ اب کی بھی دل شکستہ باپ نے کلیجے پر صبر کی سل رکھ لی۔ اس کے بعد کسی باغی نے سر اُٹھایا اور بادشاہ نے اُس کی سرکوبی کے لیے فوج کشی کی۔ پُراسرار بی بی بھی اُس سفر میں ساتھ تھی۔ ایک منزل پر پہونچ کے جہاں رسد اور پانی ملنے کی کوئی اُمید نہ تھی کیا دیکھتا ہے کہ سارے غلہ اور کھانے کی چیزیں مٹی میں مل گئیں۔ مشکوں کے دہانے آپ ہی آپ کھل گئے اور سارا پانی بہ گیا۔ یہ دیکھتے ہی بادشاہ کو اپنی اور اپنے لشکر کی ہلاکت کا یقین آ گیا۔ اور یہ بھی سمجھ گیا کہ یہ کارستانی خون نے میری بی بی کے کہنے سے کی ہے۔ ابھی تک تو ضبط کیا تھا۔ مگر اب نہ ہو سکا۔ بی بی کے سامنے جا کے بیٹھا۔ اور بدعہدی کے الزام سے بچنے کے لیے زمین کی طرف اشارہ کر کے کہا "تو نے میرے بیٹے کو جلا دیا میں نے دم نہ مارا۔ بیٹی کتیا کو دے دی اور میں نے آہ نہ کی۔ لیکن اب اس آفت سے تو تو بھی فوراً جواب دیا" بہتر تھا کہ تم اب بھی صبر کرتے۔ تمھارے کھانے پانی میں دشمنوں نے زہر ملا دیا تھا۔ اگر وہ تلف نہ کر دیا جاتا تو ایک بھی زندہ نہ بچتا" یہ کہہ کے اُس نے ایک ایسے مقام پر پہونچا دیا جہاں کھانا پانی سب چیزیں کثرت سے مل گئیں۔ اس کے بعد وہ بولی "تمھیں اپنے بیٹے کا صدمہ ہے۔ اُسے میں نے ایک دائی کے سپرد کر دیا تھا مگر خدا کو زندگی نہیں منظور تھی مر گیا۔ رہی تمھاری بیٹی وہ جیتی جاگتی موجود ہے"۔ اور اُس کے یہ کہتے ہی ایک حسین و خوبرو لڑکی زمین سے نکل کے باپ کے سینے سے لپٹ گئی۔ یہی بلقیس تھی۔ جس سے مل کے باپ بیحد خوش ہوا۔ خلاصہ یہ کہ بلقیس عرب کی شکنتلا تھی جو انسان اور پری کی آمیزش سے پیدا ہوئی۔

اس کے بعد بادشاہ نے اُس غنیم کو مغلوب کیا۔ اور انتظام سلطنت اپنی زندگی ہی میں بلقیس کے ہاتھ میں دے دیا۔ اور جب مرا تو وہی وارث تاج و تخت ہوئی۔ مگر اس میں بھی بعض اہل روایت کو اختلاف ہے۔ جو کہتے ہیں کہ بلقیس کا باپ بغیر کوئی وصیت کیے مر گیا۔ اور اس کے بعد رعایا

مین جھگڑا پڑا - ایک گروہ نے بلقیس کی اطاعت قبول کی - اور ایک نے اُسکے چچا زاد بھائی کی - اُس کے اس ابن عم نے حکومت پاتے ہی طرح طرح کے ظلم کرنا شروع کر دیے - خصوصاً اُس کی شہوت پرستی اس درجے کو پہونچ گئی کہ ملک بھر مین جس کی بیٹی کو حسین و خوبرو سنتا بلوا کے بے آبرو کر ڈالتا - آخر لوگ عاجز آکے اس فکر مین ہوے کہ اُسے تخت سے اُتار دین - یہ باتین بلقیس کو ناگوار گذر رہی تھین کہ اُس نے بلقیس کو بھی بے عزت کرنے کے لیے بلوایا - بلقیس نے کہلا بھیجا "مین نہین بلکہ آپ خود مجھ سے ملنے کو یہان آئیے" وہ فوراً چلا آیا - اور یہان دو شخص چھپا کے لگا دیے گئے تھے - اِدھر اُس نے مکان کے اندر قدم رکھا اور اُدھر اُنھون نے اپنی تلوارون سے کام تمام کر دیا - اس کے بعد ہی بلقیس نے وزرا کو غیرت دلائی کہ تم مین سے ایک بھی نہ تھا جسے اپنی بیٹی کی بے عزتی پر غیرت آتی ؟" پھر اُس کی لاش دکھائی اور کہا "اب جس کسی کو مناسب سمجھو اپنا بادشاہ بناؤ" سب نے کہا "آپ سے بہتر حکمران ہمین نہین نصیب ہو سکتا - لہذا آپ ہی اپنے آبائی تخت کو اپنے جلوس سے زینت دیجیے"

بلقیس کی تخت نشینی کے متعلق اور ایک روایت بھی بیان کی جاتی ہے کہ جب اُس کا ابن عم بادشاہ ہو لیا - تو بلقیس نے خود ہی اُس سے شادی کی درخواست کی - اُس نے کہا "مجھے تو اس کی پہلے ہی سے آرزو تھی مگر اُمید نہ تھی کہ تم قبول کرو گی - اور اسی وجہ سے پیام دینے کی جرأت نہ ہو سکی - بلقیس نے کہا "مجھے انکار کی کیا وجہ تھی ؟ نسب اور خاندان مین تم میرے ہم رتبہ ہو - اچھا تو اب تمام اعزا و اقارب کو جمع کر کے نکاح پڑھوا لو" اس قرار داد کے مطابق نکاح ہو گیا - رات کو جب وہ حجلۂ عروسی مین آیا تو بلقیس نے اتنی شراب اُسے پلائی کہ مدہوش ہو گیا - تب بلقیس نے اُس کا سر کاٹ لیا - اور اپنے گھر چلی آئی - اور اُس سر کو اپنے دروازے پر لٹکوا دیا لوگون کو جب اس کی خبر ہوئی تو بلقیس کے سامنے آکے آستان بوس ہوے اور اُسے تخت پر بٹھایا -

بلقیس نے سریر شہریاری پر قدم رکھتے ہی ایسی خوبی اور شان و شوکت سے حکومت کی کہ اُس کے کوکب اقبال کے سامنے تمام تابعۂ یمن کا ستارہ گہنا گیا۔ اُن سب کے واقعات مشکوک و مشتبہ کہانیاں رہ گئے۔ اور بلقیس کی تاریخ اور اُس کے کارناموں کی یہاں تک شہرت ہوئی کہ قرآنِ پاک کے مقدس اوراق میں بھی درج ہیں۔

اُس کی عظمت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ کہتے ہیں کہ اُس کے ۳۰۰ وزیر تھے جو دربار میں مؤدب و دست بستہ کھڑے رہتے۔ بارہ سپہ سالار تھے جو اطراف و جوانب میں فوج کشی اور سرکشوں کی سرکوبی کرتے رہتے۔ اور چالیس ہزار لشکر ہمیشہ آستانِ سلطنت میں کمربستہ رہتا کہ اشارہ ہوتے ہی شمشیر زنی کے لیے روانہ ہو جائے۔ اسکے علاوہ ۴۰۰ تا جدار اُس کے باج گذار اور مطیع فرمان بتائے جاتے ہیں۔

سب سے زیادہ شہرت اُس کے تخت کی ہے جسے اُس نے ایسے اہتمام اور تکلف سے آراستہ کیا تھا کہ آج تک دنیا میں کوئی تخت اسکے تخت کا ہم پایہ نہیں خیال کیا جاتا۔ حتیٰ کہ قرآن مجید میں بھی وہ ایک حیرت انگیز چیز بتایا گیا ہے۔ اس پر نہایت خوش سلیقگی سے سونے چاندی کے پتر چڑھائے گئے تھے۔ اور اُن پر قیمتی جواہرات جڑے ہوئے تھے۔ ایوانِ شہریاری سات عالیشان قصروں سے آراستہ تھا جو ایک دوسرے کے اندر واقع تھے۔ اور ساتویں قصر میں تخت تھا۔ لہٰذا ہر طرف سے انسان سات قصروں اور دہلیزوں سے گذرنے کے بعد تخت تک پہونچ سکتا تھا۔ ان سب محلوں کے در و دیوار اور چھت پر بھی چاندی سونے کا ملمع تھا اور جواہرات سے مرصع کرکے اُن میں نقش و نگار بنائے گئے تھے۔

مشرق جانب ایک روشن دان تھا اور آفتاب کے طلوع ہوتے ہی اُسکی شعاعیں آکے تخت کے پایوں پر پڑتی تھیں۔ اور سمجھا جاتا تھا کہ ہر صبح سب سے پہلے آفتاب آکے سجدہ کیا کرتا ہے۔ اس روشن دان کی آرائش و زینت میں بلقیس نے تین لاکھ اوقیہ سونا خرچ کیا تھا (ایک اوقیہ

۲ تولہ ۹ ماشہ اور ۶ رتی کا ہوتا ہے)

یہ ولادت سرور کائنات صلعم سے ۱۶۱۲ سال پہلے کا زمانہ تھا جبکہ ارض یہودا و فلسطین مین حضرت سلیمانؑ کی حکومت تھی - اور شیاطین و اجنہ کے علاوہ وحوش و طیور تک آپ کے مطیع و منقاد تھے - اتفاقاً آپ کا لشکر کسی طرف سے گذرا جہان پانی میسر نہ آتا تھا - ہُدہُد کو بھیجا گیا کہ پانی کا پتہ لگائے - وہ جو اس تلاش مین گیا تو ایوان بلقیس مین گذرا جہان کی زینت و شادابی دیکھ کے اُتر پڑا - اور یہان کی دلچسپیون کا ایسا گرویدہ ہوا کہ واپسی مین دیر ہو گئی - حضرت سلیمانؑ برہم بیٹھے ہوے تھے کہ ہُدہُد آیا اور بلقیس کی حکومت اور اُس کے قصر و ایوان کی خبر دی - آپ نے اُسی کے ذریعہ سے بلقیس کو ایک خط بھیجا جس مین ملت حنیفیہ بیضاء کی طرف مدعو کیا تھا - یہ خط پڑھ کے بلقیس نے وزراء و امراء سے مشورہ کیا - لوگون نے کہا "ہماری سطوت و عظمت ایسی نہین کہ کسی سے دب جائین - ہم فوج کشی و جانبازی کو تیار ہین - مگر حضور کو اختیار ہے جو مناسب سمجھین حکم دین" بلقیس نے کہا "مین اس بادشاہ کے پاس جو پیمبری کا دعوی کرتا ہے ایک ہدیہ بھیجتی اور اسکے ذریعے سے اُسے آزماتی ہون - اگر سچا پیغمبر ثابت ہوا تو اُس کی اطاعت کرون گی ورنہ اُسے اس گستاخی کی سزا دون گی" اس قرارداد کے مطابق بلقیس کے دربار سے ہدیے بھیجے گئے جن مین ۵۰۰ خوبصورت غلام اور ۵۰۰ پری جمال لونڈیان تھین - لیکن غلام عورتون کا زیور اور لباس پہنا کے آراستہ و پیراستہ کیے گئے اور لونڈیان مردانے کپڑے پہنا کے خوبصورت اور بانکے ترچھے جوان رعنا بنا دی گئین - دوسرے تحفے یہ تھے ایک ہزار سونے چاندی کی اینٹین - ایک مرصع و مکلل تاج - مشک اور عنبر - اور ایک ڈبہ تھا جس مین ایک بیش بہا موتی اور ایک مہرہ تھا - مگر بیدھنے مین دونون کے سوراخ ٹیڑھے کر دیے گئے تھے - ان ہدیون کو لے کے دربار بلقیس کا معزز و محترم شخص منذر بن عمرو اپنے چند معزز رفقا کے روانہ ہوا بلقیس نے چلتے وقت منذر سے کہا "اگر سلیمان نبی ہین تو لونڈی غلامون کو پہچان جائین گے - موتی

کا سوراخ سیدھا کر دین گے اور نہرے کے سوراخ مین ڈورا ڈال دین گے"
اور یہ بھی خیال رکھنا کہ اگر ان ہدیون کو دیکھ کے سلیمان تمھاری طرف
برہمی اور غصے کی نظر سے دیکھین تو سمجھ جانا کہ وہ معمولی بادشاہ ہین۔ اور اگر
اُن کی خندہ جبینی و بشاشت مین فرق نہ آئے تو جان لینا کہ پیغمبر ہین۔ اللہ
جل شانہٗ نے حضرت سلیمان کو بذریعۂ وحی ان تمام باتون کی پہلے ہی سے
اطلاع دے دی۔

آپ نے اُن لوگون کے دکھانے کے لیے ایسا سامان کیا جو انسان
کی قوت و فہم سے بالکل باہر تھا۔ اجنہ کی مدد سے سات فرسخ تک زمین
سونے اور چاندی کی بنادی گئی اور اسکے گرد ایک سونے کی دیوار تعمیر کی
گئی۔ اور اُس میدان مین دو طرفہ تمام عجیب و غریب جانور لاکے جمع کر دیے
گئے۔ پھر آپ اپنے تخت پر جلوہ افروز ہوے۔ اور تخت کے دونون
جانب تمام اہل دربار جن مین حیوانات جن و انس شریک تھے اپنے اپنے مرتبے
سے کرسیون پر بیٹھے۔ یمن کے سفیر جب اس میدان مین داخل ہوے تو یہان
کا منظر دیکھ کے اُن کے ہوش اُڑ گئے۔ سونے کی یہ بے قدری دیکھی کہ اُس کی
زمین پر چوپائے لید کر رہے ہین۔ لہذا سونے چاندی کی جو اینٹین لائے تھے
اُنھین یہان حقیر دیکھ کے راستے مین ڈال دیا۔ اور لونڈی غلام اور اُس
ڈبے کو لیے ہوے دربار مین حاضر ہوے۔ حضرت سلیمان اُن سے شگفتہ روئی
سے ملے اور خود ہی کہا "وہ ڈبہ جو تم لائے ہو کہان ہے؟" اور اُنھون نے
جیسے ہی پیش کیا آپ نے ایک چونٹی کو اشارہ کیا جس نے سوراخ سیدھا کر دیا
پھر ایک سفید کیڑے کو اشارہ کیا اُس نے نہرے مین ڈورا ڈال دیا۔ اسکے
بعد آپ نے لونڈی غلامون کو حکم دیا کہ اپنے ہاتھ منہ دھوئین۔ اور اُن کے
منہ دھونے کی وضع سے خود ہی کھل گیا کہ جو غلام نظر آرہے ہین دراصل لونڈیان
ہین اور جو لونڈیان دُلھن بنی ہوئی کھڑی ہین نوخیز و امرد غلام ہین۔ ان
سب رموز کا انکشاف کرنے کے بعد حضرت سلیمان نے وہ ہدیے واپس کر دیے۔
ان سفیرون نے واپس آکے جب ساری سرگذشت بلقیس سے بیان

کی تو اُسے یقین آگیا کہ حضرت سلیمان صرف بادشاہ نہین پیغمبر آلہی ہین - فوراً خود جانے پر تیار ہو گئی - اور بارہ ہزار ہاتھیون کا پُرجلال جلوس ساتھ لے کے چل کھڑی ہوئی جب بیت المقدس کے قریب پہونچی تو حضرت سلیمان نے جنون کے ذریعے سے اُس کا تخت اُٹھوا منگایا اور محض اس غرض سے کہ بلقیس کو پہچاننے مین شبہہ پڑے اُس کے جواہرات جا بجا سے بدل دیے -

بلقیس کی آمد آمد کی خبر سے جنون مین کھلبلی پڑ گئی کہ اگر سلیمان نے بلقیس سے عقد کر لیا اور اُس سے اولاد ہوئی تو پھر ہم پر سے خاندان سلیمان کی حکومت کبھی نہ مٹے گی - کیونکہ بلقیس کی اولاد مین جنون کے خصائص بھی موجود ہون گے جو انسانون مین نہین ہوتے - لہذا اُنھون نے حضرت سلیمان کی سامنے بلقیس کے عیوب بیان کرنا شروع کیے - اور کہا "بلقیس ایک بد تمیز و بے عقل عورت ہے اور اُس کے پاؤن مین چوپاؤن کی طرح بال ہین" - حضرت سلیمان نے اس کا پتہ لگانے کے لیے ایک عالیشان شیشے کا محل بنوایا - جس کی زمین بھی شیشے کی تھی - مگر شیشے کے نیچے پانی دوڑایا گیا تھا اور اُس مین ہر قسم اور ہر درجے کے دریائی جانور لا کے چھوڑ دیے گئے - بعض لوگ کہتے ہین کہ پانی نہ تھا بلکہ شیشے کا رنگ پانی کا سا تھا اور اُس کے نیچے دریائی جانورون کی تصویرین بنا دی گئی تھین - الغرض جو کچھ ہو - اوپر سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ زمین نہین بلکہ سمندر ہے اور اُس مین جانور چل پھر رہے ہین - اس محل مین حضرت سلیمان تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے - بلقیس جیسے ہی یہان پہونچی سمجھی یہان زمین نہین سمندر ہے - اور اپنے لباس کے دامن یا پائینچے ہاتھ سے پکڑ کے اُٹھائے تاکہ پانی مین بھیگ نہ جائین - اور ساتھ ہی حضرت سلیمان کی نظر آگیا کہ اُس کی پنڈلیون پر بال ہین - اس کے بعد آزمانے کے لیے اُس سے سوال کیا گیا کہ "آپ کا تخت ایسا ہی ہے؟" جس کے جواب مین وہ سوچ کے اور متامل ہو کے بولی "ہو بہو وہی معلوم ہوتا ہے" - الغرض ملنے کے بعد حضرت سلیمان کو یقین آگیا کہ جنون کے بیان کے خلاف بلقیس ایک نہایت ہی عاقل اور سمجھ دار ملکہ ہے - مگر ہان اُس کے پاؤن مین بال البتہ ہین - چنانچہ

بلقیس کا واقعہ کتب آسمانی مین بھی مذکور ہے مگر بہت مختصر۔ اور سابقے حالات کا تکملہ قومی روایتون اور کہانیون سے کیا گیا ہے۔ اسی وجہ سے اُس کے متعلق اختلافات بھی بہت ہین۔ اور اُن کا اعتبار بھی نہین کیا جا سکتا۔

بعض اہل روایت کہتے ہین کہ اُس کا اصلی نام بلقمہ تھا۔ اور یشرع بن حارث بن قیس بن صیفی بن سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان کی بیٹی تھی۔ بعض اُس کے باپ کا نام یشرح بن تبع ذی الاغار بن تبع ذی المنار بن تبع رایش بتاتے ہین۔ مگر یہ در اصل کوئی اختلاف نہین۔ اس لیے کہ وہ قدیم شاہانِ یمن کی نسل سے تھی جو تبع کہلاتے تھے۔ اور ان بادشاہون کے نام کے ساتھ ایک لقب بھی ہوا کرتا تھا۔ جس کے اول مین اکثر لفظ "ذو" رہا کرتا۔ لہذا پہلی روایت مین اُن کے اصلی نام بتائے گئے ہین اور دوسری مین اُن کے شاہانہ القاب۔

ان ملوک تبع کا جو تبابعۂ یمن کہلاتے تھے بڑا زمانہ گذرا ہے۔ اپنے دور مین وہ کسی سلطنت کو اپنے مقابل نہین سمجھتے تھے۔ اور ساری دنیا کا بادشاہ اپنے آپ ہی کو خیال کرتے تھے۔ قدیم فراعنۂ مصر کا مذاق۔ اُن کا سامان عیش اُن کا زیور۔ اُن کے ظروف۔ اور اُن کے قصر و ایوان تبابعۂ یمن سے اس قدر ملتے جلتے تھے کہ اہل بصیرت کو خیال ہو چلا ہے کہ مصر والے تہذیب و تمدن مین ان ملوک عرب ہی کے شاگرد تھے۔ اور اگر کبھی یمن کے کھنڈرون کو کھود کے وہان کی تاریخ کا پتہ لگایا جا سکا تو کیا عجب کہ یہ قیاس یقین کی صورت اختیار کر لے۔ الغرض انھین تبابعۂ یمن کی ایک وارثِ تاج و دیہیم ملکۂ بلقیس بھی تھی۔

اُس کے متعلق جو خارج از عقل واقعات بیان کیے گئے ہین اُن مین ایک یہ بھی ہے کہ اُس کی ماں بادشاہ جن کی شاہزادی تھی جس کا نام رواحہ یا ریحانہ تھا۔ اور اُس غیر معمولی عقد شادی کے متعلق یہ روایت بیان کیجاتی ہے کہ بلقیس کا باپ یشرح اپنے خاندان کا چالیسوان فرمان روا تھا۔ ساری دنیا پر متصرف تھا۔ اور سارے جہان مین کسی شاہی خاندان کو اپنا کفو اور

اور ہرتبہ نہ سمجھتا تھا کہ اُس کی لڑکی کو اپنی ملکہ بنائے - اور آخر کار
لگا کہ مین انسانون مین شادی ہی نہ کرون گا -

وہ جنگل مین جاکے شکار کیا کرتا - اور ہرنون کی طرح شریر جنون
بھی شکار کرتا تھا - بہت سے شریر جن اُس کے ہاتھ سے مارے گئے تو خود بادشاہ
جن نمودار ہو کے اُس کا شکریہ ادا کیا - اور اس نے اُس کے عوض
اُس کی بیٹی کا پیام دیا - بعض کہتے ہین کہ یون نہین - بلکہ ایک دفعہ اُس نے
دیکھا کہ ایک کالا اور ایک سفید سانپ باہم لڑ رہے ہین - آخر لڑتے لڑتے
کالا سانپ سفید سانپ پر غالب آیا - یہ بات اُسے پسند نہ آئی - ملازمون کو
حکم دیا کہ اُس کالے سانپ کو مار ڈالو - اور سفید جو نہایت مضمحل و ناتوان
ہو رہا تھا اُسے پانی چھڑک چھڑک کے ہوش مین لایا - یہان تک کہ وہ رینگ
کے چلا گیا - رات کو یشرح اپنے خلوت خانے مین تھا کہ ناگہان ایک خوشرو
نوجوان نمودار ہوا جس کی صورت دیکھ کے یشرح ڈرا تو اُس نے کہا آپ خوف
نہ کھائیے مین وہی سفید سانپ ہون جس کی دن کو آپ نے جان بچائی تھی -
اس احسان کا جو معاوضہ کہیے کرنے کو تیار ہون کہیے تو روپیہ پیسہ لاکے
نذر کرون - یا کہیے تو آپ کو فن طب بتا دون - یشرح نے کہا روپیہ پیسہ
خدا نے مجھے بہت کچھ دیا ہے - طب کی ضرورت بادشاہون کو نہین - حکمرانی
کے ساتھ وہ طبابت بھی کرنے لگین تو لوگ نام رکھین گے - لیکن ہان میری
یہ آرزو البتہ ہے کہ اگر آپ کی کوئی بیٹی ہو تو اُسے میرے عقد نکاح مین دیجیے
اُس جوان جن نے کہا "ہان میری ایک بیٹی ہے - اور اُس کے لیے آپ کا
پیام قبول بھی کرتا ہون - لیکن اُسکی شرط یہ ہے کہ وہ جو چاہے کرے آپ
اُس کے کامون مین دخل نہ دین اگر ذرا بھی دخل دیا تو وہ آپ کو چھوڑ
کے چلی آئے گی" - یشرح نے یہ شرط منظور کی - اور شادی ہو گئی -

شادی کے بعد ایک لڑکا پیدا ہوا جسے پیدا ہوتے ہی ماں نے دہکتی ہوئی
آگ مین پھینک دیا - باپ کو صدمہ تو بڑا ہوا مگر اپنے عہد کی پابندی مین خاموش
ہو رہا - پھر ایک لڑکی پیدا ہوئی جسے ماں نے ایک کُتیا کے سامنے ڈال دیا

اور وہ اُسے جھپٹ کے اُٹھا لے گئی۔ اب کی بھی دل شکستہ باپ نے کلیجے پر صبر کی سل رکھ لی۔ اس کے بعد کسی باغی نے سر اُٹھایا اور بادشاہ نے اُس کی سرکوبی کے لیے فوج کشی کی۔ پُراسرار بی بی بھی اُس سفر میں ساتھ تھی۔ ایک منزل پر پہونچ کے جہاں رسد اور پانی ملنے کی کوئی اُمید نہ تھی کیا دیکھتا ہے کہ سارے غلہ اور کھانے کی چیزیں مٹی میں مل گئیں۔ مشکوں کے دہانے آپ ہی آپ کھل گئے اور سارا پانی بہ گیا۔ یہ دیکھتے ہی بادشاہ کو اپنی اور اپنے لشکر کی ہلاکت کا یقین آگیا۔ اور یہ بھی سمجھ گیا کہ یہ کارستانی جنون نے میری بی بی کے کہنے سے کی ہے۔ ابھی تک تو ضبط کیا تھا۔ مگر اب نہ ہوسکا۔ بی بی کے سامنے جا کے بیٹھا۔ اور بدعہدی کے الزام سے بچنے کے لیے زمین کی طرف اشارہ کرکے کہا "تو نے میرے بیٹے کو جلا دیا میں نے دم نہ مارا میری بیٹی کتیا کو دے دی اور میں نے آہ نہ کی۔ لیکن اب اس آفت سے تو کوئی بھی فوراً جواب دیا" بہتر تھا کہ تم اب بھی صبر کرتے۔ تمھارے کھانے پانی میں دشمنوں نے زہر ملا دیا تھا۔ اگر وہ تلف نہ کر دیا جاتا تو ایک بھی زندہ نہ بچتا" یہ کہہ کے اُس نے ایک ایسے مقام پر پہونچا دیا جہاں کھانا پانی سب چیزیں کثرت سے مل گئیں۔ اس کے بعد وہ بولی "تمھیں اپنے بیٹے کا صدمہ ہے۔ اُسے میں نے ایک دائی کے سپرد کر دیا تھا مگر خدا کو زندگی نہیں منظور تھی مرگیا۔ رہی تمھاری بیٹی وہ جیتی جاگتی موجود ہے"۔ اور اُس کے یہ کہتے ہی ایک حسین و خوبرو لڑکی زمین سے نکل کے باپ کے سینے سے لپٹ گئی۔ یہی بلقیس تھی۔ جس سے مل کے باپ بیحد خوش ہوا۔ خلاصہ یہ کہ بلقیس عرب کی شکنتلا تھی جو انسان اور پری کی آمیزش سے پیدا ہوئی۔

اس کے بعد بادشاہ نے اُس غنیم کو مغلوب کیا۔ اور انتظام سلطنت اپنی زندگی ہی میں بلقیس کے ہاتھ میں دے دیا۔ اور جب مرا تو وہی وارث تاج و تخت ہوئی۔ مگر اس میں بھی بعض اہل روایت کو اختلاف ہے۔ جو کہتے ہیں کہ بلقیس کا باپ بغیر کوئی وصیت کیے مرگیا۔ اور اس کے بعد رعایا

[illegible] بلقیس [illegible] ایک [illegible]
چچا زاد بھائی کی۔ اُس کے اس ابن عم نے حکومت پاتے ہی طرح طرح کے ظلم کرنا شروع کر دیے۔ خصوصاً اُس کی شہوت پرستی اس درجے کو پہونچ گئی کہ ملک بھر میں جس کی بیٹی کو حسین و خوبرو سنتا بلوا کے بے آبرو کر ڈالتا۔ آخر لوگ عاجز آکے اس فکر میں ہوے کہ اُسے تخت سے اُتار دیں۔ یہ باتیں بلقیس کو ناگوار گذر رہی تھیں کہ اُس نے بلقیس کو بھی بے عزت کرنے کے لیے بُلوایا۔ بلقیس نے کہلا بھیجا "میں نہیں بلکہ آپ خود مجھ سے ملنے کو یہاں آئیے"۔ وہ فوراً چلا آیا۔ اور یہاں دو شخص چھپا کے لگا دیے گئے تھے۔ اِدھر اُس نے مکان کے اندر قدم رکھا اور اُدھر اُنھوں نے اپنی تلواروں سے کام تمام کر دیا۔ اس کے بعد ہی بلقیس نے وزرا کو غیرت دلائی کہ "تم میں سے ایک بھی نہ تھا جسے اپنی بیٹی کی بے عزتی پر غیرت آتی؟" پھر اُس کی لاش دکھائی اور کہا "اب جس کسی کو مناسب سمجھو اپنا بادشاہ بناؤ"۔ سب نے کہا "آپ سے بہتر حکمران ہمیں نہیں نصیب ہو سکتا"۔ لہٰذا آپ ہی اپنے آبائی تخت کو اپنے جلوس سے زینت دیجیے"۔

بلقیس کی تخت نشینی کے متعلق اور ایک روایت بھی بیان کی جاتی ہے کہ جب اُس کا ابن عم بادشاہ ہو لیا۔ تو بلقیس نے خود ہی اُس سے شادی کی درخواست کی۔ اُس نے کہا "مجھے تو اس کی پہلے ہی سے آرزو تھی مگر اُمید نہ تھی کہ تم قبول کرو گی۔ اور اسی وجہ سے پیام دینے کی جرأت نہ ہو سکی۔ بلقیس نے کہا "مجھے انکار کی کیا وجہ تھی؟ نسب اور خاندان میں تم میرے ہم رتبہ ہو۔ اچھا تو اب تمام اعزا و اقارب کو جمع کر کے نکاح پڑھوا لو"۔ اس قرارداد کے مطابق نکاح ہو گیا۔ رات کو جب وہ حجلۂ عروسی میں آیا تو بلقیس نے اتنی شراب اُسے پلائی کہ مدہوش ہو گیا۔ تب بلقیس نے اُس کا سر کاٹ لیا۔ اور اپنے گھر چلی آئی۔ اور اُس سر کو اپنے دروازے پر لٹکوا دیا۔ لوگوں کو جب اس کی خبر ہوئی تو بلقیس کے سامنے آکے آستان بوس ہوے اور اُسے تخت پر بٹھایا۔

بلقیس نے سریر شہریاری پر قدم رکھتے ہی ایسی خوبی اور شان و شوکت سے حکومت کی کہ اُس کے کوکب اقبال کے سامنے تمام تابعۂ یمن کا ستارہ گہنا گیا۔ اُن سب کے واقعات مشکوک و مشتبہ کہانیاں رہ گئے۔ اور بلقیس کی تاریخ اور اُس کے کارنامون کی یہان تک شہرت ہوئی کہ قرآنِ پاک کے مقدس اوراق مین بھی درج ہین۔

اُس کی عظمت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ کہتے ہین کہ اُس کے ۳۰۰ وزیر تھے جو دربار مین مؤدب و دست بستہ کھڑے رہتے۔ بارہ سپہ سالار تھے جو اطراف و جوانب مین فوج کشی اور سرکشون کی سرکوبی کرتے رہتے۔ اور چالیس ہزار لشکر ہمیشہ آستان سلطنت مین کمربستہ رہتا کہ اشارہ ہوتے ہی شمشیر زنی کے لیے روانہ ہو جائے۔ اسکے علاوہ ۴۰۰ تاجدار اُس کے باج گذار اور مطیع فرمان بتائے جاتے ہین۔

سب سے زیادہ شہرت اُس کے تخت کی ہے جسے اُس نے ایسے اہتمام اور تکلف سے آراستہ کیا تھا کہ آج تک دنیا مین کوئی تخت اسکے تخت کا ہم پایہ نہین خیال کیا جاتا۔ حتی کہ قرآن مجید مین بھی وہ ایک حیرت انگیز چیز بتایا گیا ہے۔ اس پر نہایت خوش سلیقگی سے سونے چاندی کے پتر چڑھائے گئے تھے۔ اور اُن پر قیمتی جواہرات جڑے ہوئے تھے۔ ایوان شہریاری سات عالیشان قصرون سے آراستہ تھا جو ایک دوسرے کے اندر واقع تھے۔ اور ساتوین قصر مین تخت تھا۔ لہذا ہر طرف سے انسان سات قصرون اور دہلیزون سے گذرنے کے بعد تخت تک پہونچ سکتا تھا۔ ان سب محلون کے در و دیوار اور چھت پر بھی چاندی سونے کا ملمع تھا اور جواہرات سے مرصع کرکے اُن مین نقش و نگار بنائے گئے تھے۔

مشرق جانب ایک روشن دان تھا اور آفتاب کے طلوع ہوتے ہی اُسکی شعاعین آکے تخت کے پایون پر پڑتی تھین۔ اور سمجھا جاتا تھا کہ ہر صبح سب سے پہلے آفتاب آکے سجدہ کیا کرتا ہے۔ اس روشن دان کی آرائش و زینت مین بلقیس نے تین لاکھ اوقیہ سونا خرچ کیا تھا (ایک اوقیہ

۲ تولہ ۹ ماشہ اور ۶ رتی کا ہوتا ہے)

یہ ولادت سرور کائنات صلعم سے ۱۶۱۲ سال پہلے کا زمانہ تھا جبکہ ارض یہودا و فلسطین مین حضرت سلیمانؑ کی حکومت تھی - اور شیاطین و جنہ کے علاوہ وحوش و طیور تک آپ کے مطیع و منقاد تھے - اتفاقاً آپ کا لشکر کسی طرف سے گذرا جہان پانی میسر نہ آتا تھا - ہُدہُد کو بھیجا گیا کہ پانی کا پتہ لگائے - وہ جو اس تلاش مین گیا تو ایوان بلقیس مین گذرا جہان کی زینت و شادابی دیکھ کے اُتر پڑا - اور یہان کی دلچسپیون کا ایسا گرویدہ ہوا کہ واپسی مین دیر ہو گئی - حضرت سلیمانؑ برہم بیٹھے ہوے تھے کہ ہُدہُد آیا اور بلقیس کی حکومت اور اُس کے قصر و ایوان کی خبر دی - آپ نے اُسی کے ذریعہ سے بلقیس کو ایک خط بھیجا جس مین ملت حنیفیہ بیضاء کی طرف مدعو کیا تھا - یہ خط پڑھ کے بلقیس نے وزراء و امرا سے مشورہ کیا - لوگون نے کہا "ہماری سطوت و عظمت ایسی نہین کہ کسی سے دب جائین - ہم فوج کشی و جانبازی کو تیار ہین - مگر حضور کو اختیار ہے جو مناسب سمجھین حکم دین" بلقیس نے کہا "مین اس بادشاہ کے پاس جو پیمبری کا دعوی کرتا ہے ایک ہدیہ بھیجتی اور اسکے ذریعے سے اُسے آزماتی ہون - اگر سچا پیغمبر ثابت ہوا تو اُس کی اطاعت کرون گی ورنہ اُسے اس گستاخی کی سزا دون گی" اس قرارداد کے مطابق بلقیس کے دربار سے ہدیے بھیجے گئے جن مین ۵۰۰ خوبصورت غلام اور ۵۰۰ پری جمال لونڈیان تھین - لیکن غلام عورتون کا زیور اور لباس پہنا کے آراستہ و پیراستہ کیے گئے اور لونڈیان مردانے کپڑے پہنا کے خوبصورت اور بانکے ترچھے جوان رعنا بنا دی گئین - دوسرے تحفے یہ تھے ایک ہزار سونے چاندی کی اینٹین - ایک مرصع و مکلل تاج - مشک اور عنبر - اور ایک ڈبہ تھا جس مین ایک بیش بہا موتی اور ایک مہرہ تھا - مگر بیدھنے مین دونون کے سوراخ ٹیڑھے کر دیے گئے تھے - ان ہدیون کو لے کے دربار بلقیس کا معزز و محترم شخص منذر بن عمرو اپنے چند معزز رفقا کے روانہ ہوا بلقیس نے چلتے وقت منذر سے کہا "اگر سلیمان نبی ہین تو لونڈی غلامون کو پہچان جائین گے - مو

کا سوراخ سیدھا کر دین گے اور مُہرے کے سوراخ مین ڈورا ڈال دین گے"
اور یہ بھی خیال رکھنا کہ اگر ان ہدیون کو دیکھ کے سلیمان تمھاری طرف
برہمی اور غصے کی نظر سے دیکھین تو سمجھ جانا کہ وہ معمولی بادشاہ ہین۔ اور اگر
اُن کی خندہ جبینی و بشاشت مین فرق نہ آئے تو جان لینا کہ پیغمبر ہین۔ اللہ
جل شانہٗ نے حضرت سلیمان کو بذریعۂ وحی ان تمام باتون کی پہلے ہی سے
اطلاع دے دی۔

آپ نے اُن لوگون کے دکھانے کے لیے ایسا سامان کیا جو انسان
کی قوت و فہم سے بالکل باہر تھا۔ اجنہ کی مدد سے سات فرسخ تک زمین
سونے اور چاندی کی بنا دی گئی اور اسکے گرد ایک سونے کی دیوار تعمیر کی
گئی۔ اور اُس میدان مین دو طرفہ تمام عجیب و غریب جانور لاکے جمع کر دیے
گئے۔ پھر آپ اپنے تخت پر جلوہ افروز ہوے۔ اور تخت کے دونون
جانب تمام اہل دربار جن مین حیوانات جن و انس شریک تھے اپنے اپنے مرتبے
سے کرسیون پر بیٹھے۔ یمن کے سفیر جب اس میدان مین داخل ہوے تو یہان
کا منظر دیکھ کے اُن کے ہوش اُڑ گئے۔ سونے کی یہ بے قدری دیکھی کہ اُس کی
زمین پر چوپائے لید کر رہے ہین۔ لہذا سونے چاندی کی جو اینٹین لائے تھے
اُنھین یہان حقیر دیکھ کے راستے مین ڈال دیا۔ اور لونڈی غلام اور اُس
ڈبے کو لیے ہوے دربار مین حاضر ہوے۔ حضرت سلیمان اُن سے شگفتہ روئی
سے ملے اور خود ہی کہا "وہ ڈبہ جو تم لائے ہو کہان ہے؟" اور اُنھون نے
جیسے ہی پیش کیا آپ نے ایک چونٹی کو اشارہ کیا جس نے سوراخ سیدھا کر دیا
پھر ایک سفید کیڑے کو اشارہ کیا اُس نے مہرے مین ڈورا ڈال دیا۔ اسکے
بعد آپ نے لونڈی غلامون کو حکم دیا کہ اپنے ہاتھ مُنہ دھوئین۔ اور اُن کے
منہ دھونے کی وضع سے خود ہی کھُل گیا کہ جو غلام نظر آ رہے ہین دراصل لونڈیان
ہین اور جو لونڈیان دُلھن بنی ہوئی کھڑی ہین نوخیز و امرد غلام ہین۔ ان
سب رموز کا انکشاف کرنے کے بعد حضرت سلیمان نے وہ ہدیے واپس کر دیے۔
ان سفیرون نے واپس آ کے جب ساری سرگذشت بلقیس سے بیان

کی تو اُسے یقین آگیا کہ حضرت سلیمان صرف بادشاہ نہین پیغمبر الٰہی ہین - فوراً خود جانے پر تیار ہو گئی - اور بارہ ہزار ہاتھیون کا پُرجلال جلوس ساتھ لے کے چل کھڑی ہوئی جب بیت المقدس کے قریب پہونچی تو حضرت سلیمان نے جنون کے ذریعے سے اُس کا تخت اُٹھوا منگایا اور محض اس غرض سے کہ بلقیس کو پہچاننے مین شبہہ پڑے اُس کے جواہرات جا بجا سے بدل دیے -

بلقیس کی آمد آمد کی خبر سے جنون مین کھلبلی پڑ گئی کہ اگر سلیمان نے بلقیس سے عقد کر لیا اور اُس سے اولاد ہوئی تو پھر ہم پر سے خاندان سلیمان کی حکومت کبھی نہ مٹے گی - کیونکہ بلقیس کی اولاد مین جنون کے خصائص بھی موجود ہون گے جو انسانون مین نہین ہوتے - لہذا اُنھون نے حضرت سلیمان کی سامنے بلقیس کے عیوب بیان کرنا شروع کیے - اور کہا "بلقیس ایک بدتمیز و بے عقل عورت ہے اور اُس کے پانوؤن مین چوپاؤن کی طرح بال ہین" - حضرت سلیمان نے اس کا پتہ لگانے کے لیے ایک عالیشان شیشے کا محل بنوایا - جس کی زمین بھی شیشے کی تھی - مگر شیشے کے نیچے پانی دوڑایا گیا تھا اور اُس مین ہر قسم اور ہر رنگ کے دریائی جانور لاکے چھوڑ دیے گئے - بعض لوگ کہتے ہین کہ پانی نہ تھا بلکہ شیشے کا رنگ پانی کا سا تھا اور اُس کے نیچے دریائی جانورون کی تصویرین بنا دی گئی تھین - الغرض جو کچھ ہو - اوپر سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ زمین نہین بلکہ سمندر ہے اور اُس مین جانور چل پھر رہے ہین - اس محل مین حضرت سلیمان تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے - بلقیس جیسے ہی یہان پہونچی سمجھی کہ یہان زمین نہین سمندر ہے - اور اپنے لباس کے دامن یا پائینچے ہاتھ سے پکڑ کے اُٹھائے تاکہ پانی مین بھیگ نہ جائین - اور ساتھ ہی حضرت سلیمان کو نظر آگیا کہ اُس کی پنڈلیون پر بال ہین - اس کے بعد آزمانے کے لیے اُس سے سوال کیا گیا کہ "آپ کا تخت ایسا ہی ہے؟" جس کے جواب مین وہ سوچ کے اور متامل ہو کے بولی "ہو بہو وہی معلوم ہوتا ہے" - الغرض ملنے کے بعد حضرت سلیمان کو یقین آگیا کہ جنون کے بیان کے خلاف بلقیس ایک نہایت ہی عاقل اور سمجھ دار ملکہ ہے - مگر ہان اُس کے پانوؤن مین بال البتہ ہین - چنانچہ

کہتے ہین کہ اسی عیب کے دُور کرنے کے لیے اُس زمانے مین فُورے کا نسخہ ایجاد کیا گیا۔

اب حضرت سلیمان نے بلقیس کو دین الٰہی کی طرف بُلایا۔ اور وہ کلمۂ توحید پڑھ کے مسلمان ہوئی۔ پھر حضرت سلیمان نے اُس سے نکاح کر لیا اور آپ کی محبوب ترین ملکہ وہی تھی۔ عقد کے بعد آپ نے اُسے ملک یمن ہی حکومت پر برقرار رکھا۔ اور معمول تھا کہ ہر مہینے مین ایک بار جا کے آپ تین دن تک اُس کے وہان رہا کرتے۔ اُس کے بطن سے آپ کا ایک صاحبزادہ بھی پیدا ہوا جس کا نام داؤد رکھا گیا تھا مگر وہ باپ کی زندگی مین دنیا سے رخصت ہو گیا۔

بعض لوگون کا اس کے خلاف یہ بیان ہے کہ حضرت سلیمان نے بلقیس سے خود نکاح نہین کیا بلکہ اُسے حکم دیا کہ اپنی قوم کے کسی مرد سے عقد کر لے مگر اُس نے انکار کیا۔ حضرت سلیمان نے فرمایا اسلام مین یہ غیر ممکن ہے۔ اگر مسلمان ہوئی ہو تو تمھین کسی سے نکاح بھی کرنا پڑے گا۔ یہ حکم سن کے وہ بولی "اگر اس سے مفر نہین تو پھر بادشاہ ہمدان ذو تبع کے ساتھ میرا نکاح کرا دیجیے" آپ نے اُس کی یہ خواہش پوری کر دی۔ اور یمن کے جنون کو حکم دیا کہ اُسکی اطاعت و فرمان برداری کرین۔ چنانچہ اُس نے اور اُس کے شوہر نے جنون کی مدد سے متعدد قصر و ایوان تعمیر کرائے۔ منجملہ اُنھین قصرون کے یمن کے عالیشان ایوان صلحین۔ مرداح۔ ظلیون۔ ہنیدہ۔ نیون۔ اور غمدان تھے۔

حضرت سلیمان کی وفات کے بعد جنون نے ذو تبع کی اطاعت چھوڑ دی۔ اور آپ کے انتقال کے ساتھ ہی اُن کی سلطنت کا بھی خاتمہ ہو گیا۔

مگر بعض اہل روایت کہتے ہین کہ بلقیس نے جناب سلیمان کی زندگی ہی مین وفات پائی۔ اور آپ نے اُسے شہر تدمر (یعنی ملکۂ زنوبیہ کے شہر) کی خاک مین دفن کر کے قبر کا نشان مٹا دیا تاکہ لوگون کی نظر سے مخفی رہے۔

سمی رامیس (ملکۂ بابل)

بابل کی نسبت تسلیم کیا جاتا ہے کہ اگلی دنیا کا کوئی شہر اُس کی عظمت وشان کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا۔ جب ساری دنیا پر وحشت برس رہی تھی اور تمدن وتہذیب کا کہین پتہ نہ تھا اُس وقت دریاے فرات کے کنارے اس شہر کی رونق اور چہل پہل اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ توراۃ مین وہ سارے شہرون کی ملکہ بتایا گیا ہے۔ اور سچ یہ ہے کہ صدہا عجیب وغریب اور بارونق عمارتون نے زیور کا کام دے کے اسے واقعی دُلھن بنا دیا تھا۔ اس کا پہلا آباد کرنے والا اگرچہ نمرود بتایا گیا ہے جس کی بدولت حضرت ابراہیمؑ نے ترکِ وطن کیا اور جس نے پہلے پہل شاہی اور سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ مگر اس شہر کو اصلی عروج جس کی کوششون سے حاصل ہوا اور جس کی خوش سلیقگی کی طفیل مین اُسے "ملکہ" اور "دُلھن" کے لقب دیے جاتے ہین یہی ملکۂ سمی رامیس تھی جس کا نام آج ہمارے پرچے کا زیب عنوان ہے۔ اور جس کے حالات ہم تفصیل سے بیان کرنا چاہتے ہین۔ سمی رامیس نے بابل کو ایسا سنوارا اور سجایا تھا کہ تمام عالم کے شہرون نے اُس کے عظمت وجلال اور اُس کی خوشنمائی وزینت کے آگے ادب سے سر جھکا دیے۔ اور بابل کے جس کنوئین مین ہاروت و ماروت کے سے فرشتے پھنس کے رہ گئے کوئی تعجب نہین کہ وہ اسی پر یجمال ملکہ کا چاہ غبب ہو۔ بابل کی خوشنمائی اور رونق کی داستانین اس بات کا ثبوت دے رہی ہین کہ کسی چیز کے بنانے سنوارنے اور آراستہ کرنے مین عورت کا سلیقہ مردون سے کس قدر بڑھا ہوا ہے۔

سمی رامیس ولادت سرور کائنات صلعم سے ۱۸۷۱ سال پیشتر اور حضرت موسیٰ جب بنی اسرائیل کو آزاد کرا کے مصر سے نکلے ہین اُس کے ۱۹۱ سال بعد تھی۔ اور حضرت سلیمان کی شان وشوکت اور بیت المقدس کی تعمیر سے ۸۴ سال پہلے دنیا سمی رامیس کے اوج وعروج اور جاہ وجلال کا تماشا دیکھ چکی تھی۔ بابل جس مملکت کا پایۂ تخت تھا وہ اشوریا یا انگریزون کے تلفظ

کے مطابق اسیریا کہلاتا ہے۔ اور جو قوم اس ملک مین آباد تھی اور جس نے دنیا مین سب سے پہلے تہذیب و تمدن کے کرشمے دکھائے بنی سام مین سے تھی۔ یعنی وہ لوگ سارے عربون اور اسرائیلیون کے اور ہمارے بنی اعمام تھے اور ہم کہہ سکتے ہین کہ اُن کا عروج بھی ہمارے ہی گذشتہ عروج کی ایک پُر لطف داستان ہے۔ ملک اشوریا کا قائم مقام فی الحال الجزیرہ کہلاتا ہے۔ جو دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہے اور دولت عثمانیہ کی قلمرو مین شامل ہے۔ اس ملک مین اسی قوم کی ایک اور ملکہ بھی گذری ہے جو تی طو قریس کے نام سے مشہور تھی۔ اُس نے بھی بابل کی رونق بہت بڑھائی۔ مگر سمی رامیس اُس سے پانچ پشت پہلے سریر آرائے سلطنت تھی اور اُس کی سطوت و جبروت سے دنیا کانپ رہی تھی۔

سمی رامیس کے حالات قدامت کے دُھندلکے مین پڑکے ایسے مشتبہ ہوگئے ہین کہ اُس کے واقعات مین سے بہت سی باتون کی نسبت موجودہ مورخین کو شبہات پیدا ہوگئے ہین مگر یونانی مورخ ہیرودوطوس اور قطی سیاس نے اُس کے کارنامے بڑی تفصیل سے اور شرح و بسط کے ساتھ بیان کیے ہین۔ گو دونون کے بیان مین اتنا اختلاف ہے کہ معلوم ہوتا ہے ہیرودوطوس کی سمی رامیس اور ہے اور قطی سیاس کی سمی رامیس اور۔ سمی رامیس سے پہلے اُس کا شوہر نی نوس اشوریا والون کا تاجدار تھا۔ جب وہ مرا تو اگرچہ اُس کا بیٹا نی نیاس موجود تھا۔ جو خود سمی رامیس کے بطن سے تھا۔ مگر اُسے نابالغ اور ناتجربہ کار دیکھ کے سمی رامیس نے تاج شہنشاہی خود اپنے سر پر رکھ لیا۔ اور یہ نہین کیا کہ بیٹے کو تخت نشین کرکے خود اُس کی جانب سے انتظام کرتی بلکہ بیٹے کو محروم کرکے اور تاج شہریاری کو اپنے سر سے زینت دے کے عنان حکمرانی اپنے ہاتھ مین لے لی۔

وہ نہایت ہی حسین و صاحب جمال بتائی جاتی ہے مگر مورخین یونان کا بیان اگر صحیح ہے تو اُس کا حُسن عصمت و عفت کے زیور سے آراستہ نہ تھا۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اُس کے شباب کے جوش اور جوانی کی عشرت پرستیون نے

عشقبازی و ناز آفرینی کے عجیب عجیب کرشمے دکھائے۔ مگر اس اخلاقی عیب کے ساتھ وہ بڑی عقلمند۔ زبردست۔ مدبر۔ نہایت ہی خوش سلیقہ۔ بہت بڑی دلیر و شجاع اور حد درجے کی اُلوالعزم و بلند حوصلہ تھی۔ اگر نظام مملکت مین وہ اپنے حسن تدبیر کا ثبوت دیتی تھی تو عرصۂ نبرد مین بڑے بڑے زبردست حملہ آورون سے زیادہ بہادر اور شجاع ثابت ہوتی تھی۔ جشن طرب و بزم عیش مین وہ اپنی نفاست مزاجی اور خوش سلیقگی کے کمالات ظاہر کرتی تھی تو شہر کی ترقی اور عالی شان عمارتون کی تعمیر مین اپنی خوش مذاقی و بلند حوصلگی کے ثبوت دیتی تھی۔ اُس کے شوہر نے اور خود اُس نے معلوم ہوتا ہے کہ بڑے زور و شور اور جوش و خروش سے فوجکشی کرکے اشوریا کے پُرانے دارالسلطنت شہر نینوا کو تباہ و برباد اور مغلوب و مقہور کر دیا۔ اور شوہر کے مرنے کے بعد فتحمندی و حملہ آوری کا سلسلہ جاری رکھنے کے ساتھ ہی اُس نے شہر بابل کی آراستگی شروع کی۔ جس مین اُس کے حسن کی کرشمہ سازیون کا اثر تھا کہ دنیا بھر مین بابل کے جادو کی شہرت تھی۔ اور سحر بابل آج تک مشہور ہے اور کوئی تعجب کی بات نہین اگر سحر بابل کی ابتدا اسی رہیس کی نرگس فتان اور اُس کی ساحرانہ نگاہِ ناز ہی سے پڑی ہو۔

اور سچ یہ ہے کہ بابل مین سمی رہیس نے جو عمارتین بنوائین ایسی حیرت انگیز تھین کہ اُن کا خیال کرنے سے بھی ایک پُراسرار جادو کا کارخانہ خیال کی آنکھون کے سامنے پھر جاتا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا یہ چیزین انسانی قوت سے باہر ہین۔ مثلاً اُس نے بابل کے گرد جو شہر پناہ بنوائی اتنی بڑی اتنی بلند اور ایسی مضبوط تھی کہ زمانہ اُس پر قیامت تک حیرت کرتا رہے گا۔ دریاے فرات بابل کے بیچ سے ہوکے بہتا تھا جس کی وجہ سے آدھا شہر اُسکے مشرقی کنارون پر تھا اور آدھا مغربی کنارون پر۔ یہ شہر پناہ دونون حصون کو اپنے حصار مین لیے ہوے تھی۔ یہ شہر پناہ مربع تھی۔ اور اس کا پورا دور ۶۰ میل کا تھا۔ جس کا ہر ضلع یا رُخ ۱۵ میل کا تھا۔ اور ۲۲۵ مربع میل زمین اُس کے رقبے مین آگئی تھی۔ اس رقبے ہی سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہر ہی نہین

بلکہ گویا پورے ایک ضلع کے گرد ایک زبردست حصار کھینچ دیا گیا تھا اور چاروں طرف سے قلعہ بندی کر دی گئی تھی جس کے اندر عالیشان قصر و ایوان اور بڑے بڑے لیگانہ روزگار مندروں کے علاوہ پھل لانے والے باغ۔ نزہت بخش چمن۔ سرسبز مرغزار۔ اور لہلہاتے ہوئے کھیت بھی جا بجا موجود تھے۔ فصیل کی دیوار بھی کوئی معمولی دیوار نہ تھی۔ اُس کا آثار ۹۰ فٹ کا تھا۔ اور ۳۵۰ فٹ بلند بتائی جاتی ہے۔ اُس کی بلندی پر برابر برابر تین رتھیں سہولت کے ساتھ دوڑ سکتی تھیں۔ یکساں فاصلہ پر ناپ ناپ کے سو پھاٹک قائم کیے گئے تھے۔ جس پر ٹھوس برنجی پٹ چڑھے ہوئے تھے۔ شہر کے ہر ہر پہلو پر پچیس پچیس پھاٹک تھے جن سے سڑکیں نکل کے بہ خط مستقیم اُن کے مقابل و محاذی پھاٹکوں تک چلی گئی تھیں۔ اور چونکہ ان سڑکوں کے تقاطع سے شہر کے اندر برابر کے مربع قطعات پیدا ہو گئے تھے لہذا یوں سمجھنا چاہیے کہ شہر کے اندر ۴۳۱ جدا جدا کوارٹر اور حلقے بن گئے تھے۔ شہر پناہ کے اوپر برابر کی مسافت سے نہایت ہی خوشنمائی و تناسب کے ساتھ ۲۵۰ عالیشان برج بنائے گئے تھے جن میں رات بھر پہرے والے پہرہ دیتے اور شہر پناہ پر فوج گشت لگاتی تھی۔

دونوں ناکے جہاں سے دریائے فرات شہر میں داخل ہوا اور نکلا تھا وہ بھی بڑے زبردست بھاری پھاٹکوں سے محفوظ کیے گئے تھے۔ یہ پھاٹک جو دریا کی سطح پر پھیلتے ٹوٹ کے تھے۔ یعنی جب کھولے جاتے تو ٹوٹ کے اوپر ہو کے کناروں پر سمٹ آتے۔ اور جب راستہ روکنے کے لیے پھیلائے جاتے تو سارے دریا کے پاٹ کو باہر کی آمد و رفت سے روک دیتے۔ دریا کے کنارے کنارے ایک سرے سے دوسرے سرے تک عمدہ اور مضبوط پشتے بنائے گئے تھے۔ اور جہاں دریا سڑکوں کو قطع کرتا وہاں سڑکوں کا سلسلہ قائم رکھنے کے لیے پُل بنا دیے گئے تھے۔ اور کہتے ہیں کہ ایک راستہ دریا کے نیچے سے بھی کھود کے اُس پار نکال دیا گیا تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ اتنی بڑی اور ایسی حیرت انگیز شہر پناہ اور ان پلوں کا بنانا کوئی معمولی کام نہ تھا۔

اور باوجود اتنی ترقی علم و فن کے آج بھی دنیا کوئی ایسا شہر نہین تعمیر کر سکی ہے
اگرچہ لندن والے اپنے شہر کو اس عہد کا بابل کہتے ہین مگر بابل کے جو حالات
تاریخ کے صفحات پر نظر آتے ہین اُن سے لندن کو بھی کوئی نسبت نہین۔
شہر کے عین وسط مین بعل کا مندر تھا۔ جس کا مربع رقبہ ۳۲ ایکڑ زمین
پر حاوی تھا۔ اُس کے ہر کونے پر ایک برج تھا۔ اور چونکہ ستارہ پرستی
ان لوگون کا اصلی مذہب تھا۔ لہذا ہر برج مین سات اوپر سات طبقے تھے جو
سات تون سیارون کے سات حرم یا سات دربار تصور کیے جاتے۔ اور ہر سیارے
کا رنگ بھی الگ الگ معین کر دیا گیا تھا۔ سنہرا رنگ سورج کا تھا۔ روپہلا
چاند کا۔ نیلگون مشتری کا۔ سیاہ زحل تھا۔ نارنجی عطارد کا۔ زرد زہرہ کا اور
سرخ مریخ کا۔ سب سے پہلا طبقہ جو زمین سے قریب تر تھا زحل کا دربار
قرار دیا گیا تھا جس مین ہر در و دیوار پر کالا رنگ پھرا تھا۔ اور زحل کے تمام علامات
و شعائر یہان لا کے جمع کر دیے گئے تھے۔ اُس کے اوپر والے طبقے مین عطارد کا
دربار تھا جہان ہر طرف نارنجی رنگ تھا۔ اُس کے اوپر مریخ کا دربار تھا جس
مین ہر چیز سرخ تھی۔ اُس کے اوپر سورج کا دربار تھا جہان در و دیوار پر
سونا پھرا تھا۔ اُس کے اوپر زہرہ کا دربار تھا جہان ہر چیز زرد اور بسنتی
تھی۔ اُس کے اوپر مشتری کا دربار تھا جہان در و دیوار اور ہر چیز نیلگون
تھی اور سب کے اوپر چاند کا دربار تھا جہان کے در و دیوار نقرئی تھے۔ اور
چونکہ یہ مختلف رنگ اُن برجون پر باہر کی طرف بھی پھرے ہوے تھے۔ لہذا
ان پُر لطف رنگ آمیزیون سے اُن برجون مین قوس و قزح کی سی رعنائی
پیدا کر دی گئی تھی۔
اسی طرح کا ایک بڑا عظیم الشان مندر بیچون بیچ مین تھا جو سب سے بڑا
اور سب سے زیادہ لمبا چوڑا تھا۔ اس عالیشان مندر کی نسبت سمجھا جاتا ہے
کہ دنیا مین آج تک اُس سے اونچی کوئی عمارت نہین تعمیر ہو سکی۔ مصر کے
اہرام مین سے جو ہرم سب سے زیادہ بلند ہے یہ برج اُس سے بھی اونچا
تھا۔ یہی وہ برج ہے جو "برج بابل" یا "تل نمرود" کے نام سے مشہور ہے

اس مین ویسے ہی طبقے ویسے ہی ستارون کے نام کے دربار اور ویسے ہی رنگ تھے - جیسے کہ چارون کونون کے چارون معبدون مین تھے - البتہ فرق اتنا تھا کہ یہان کی ہر چیز بہت بڑے پیمانے پر تھی

یونانی مورخ ہیرودوطوس نے اس برج کا نقشہ دکھانے کی کوشش کی ہے - وہ کہتا ہے کہ یہ عمارت تقریباً ۶۰۰ فٹ بلند تھی جس مین ایک دوسرے سے ملحق اور اُسی کے اوپر لگاتار سات برج بنتے چلے گئے تھے - ہر برج کی بلندی ۷۰ فٹ تھی - دوسرا برج جو اُس کے اوپر تھا وہ اُس سے ۷۰ فٹ بلند تھا - اسی طرح ساتون برج ایک دوسرے سے ۷۰ فٹ بلند ہوتے ہوتے ۵۲۵ فٹ کی بلندی پر پہونچ گئے تھے - پھر اُس کی چوٹی پر بعل کا مندر تھا - جہان ایک ۴۰ فٹ کی لمبی خالص سونے کی ٹھوس مورت قائم تھی - اُسکے پاس سونے کی ایک میز اور کشتی اتنی بڑی تھی کہ اُس کی قیمت کا اندازہ ساڑھے بائیس کروڑ پونڈ کیا جاتا ہے - اس بالائی معبد مین دو قربان گاہین تھین جن مین سے ایک سونے کی تھی - اور اُس مین خاص پرستش کے دنون اور عیدون کے موقع پر منون لوبان اور عود سلگایا جاتا تھا -

اس کے علاوہ سمی رامیس نے اور بہت سے قصر و ایوان تعمیر کرائے اور سب سے زیادہ کمال یہ کیا کہ شہر کے متصل ایسے عمدہ اور پختہ تالاب ہوائے اور دریا سے کاٹ کے ایسی نہرین نکالین جن سے ایک طرف تو ملک کی زراعت کو بے انتہا ترقی ہوئی - اور دوسری طرف شہر والون کو دریا کی طغیانی سے بالکل اطمینان ہو گیا - ادھر فرات مین سیلاب آتا اور اُدھر اُن تالابون اور نہرون مین پانی کے بٹ جانے کی وجہ سے طغیانی کا سارا زور ٹوٹ جاتا - خاص دار السلطنت کے علاوہ اپنی قلمرو مین بھی اُس نے بہت سے بڑے بڑے کام کیے جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر دشواری اُس کی ہمت اور حوصلے کے آگے آسان تھی - کہین پہاڑون کو کاٹ کے میدان کر دیا - کہین نہرین جاری کین - اور کہین بڑے بڑے محل تعمیر کرائے -

لیکن ان عمارتون اور بڑے بڑے کامون کو دیکھ کے حیرت معلوم ہوتی ہے

سمی رامیس کو کیونکر فرصت مل گئی کہ اُس نے میڈیا والون - فارسیون - لیبیا والون - اہل حبشہ اور ملک مصر پر چڑھائیان کین - جن مین وہ لاکھون خلقت کو اپنے ہمراہ رکاب لے کے گئی اور کامیاب و بامراد غانم و سالم واپس آئی - آخر مین اُس نے ہندوستان کی عظمت و قوت اور یہان کی دولت و حشمت کا شہرہ سُنا - اور فوج لے کے آمادہ ہوگئی کہ اس ملک کو بھی فتح کرکے اپنے قلمرو مین شامل کرلے - اور یہی مہم اُس کے زوال کا باعث ہوئی -

ع - قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند -

جب زبردست لشکر لے کے وہ ہندوستان کی مہم پر روانہ ہوچکی تو ہمراہی سرداران فوج نے عرض کیا کہ "ہندوستان کے راجاؤن کے پاس بڑے بڑے ہاتھی ہین - جو دم بھر مین ہزارون آدمیون کو پامال کر ڈالتے ہین - اور جو لوگ اُن کی پیٹھ پر سے تیر اندازی کرتے ہین اُن تک کسی کی رسائی نہین ہوسکتی حضور وہان چلتی تو ہین مگر ان ہاتھیون سے بچنے کی کون تدبیر سوچی ہے؟" سمی رامیس نے اس آفت سے بچنے کے لیے یہ تدبیر کی کہ تین ہزار کالے بیلون کو ذبح کرکے اُن کی کھالین کھنچوائین - اور اُن کھالون کو جوڑ جوڑ کے بہت سے ہاتھیون کی صورت کے خول بنوائے جو اونٹون کو پہنا دیے گئے - اس طریقے سے وہ اونٹون کو ہاتھی بنا کے میدان مین لائی - اور خوش تھی کہ دشمن ان مصنوعی ہاتھیون کو دیکھ کے ڈر جائین گے اور سمجھین گے کہ اُن کے زبردست حریف کے لشکر مین بھی بڑے بڑے ہاتھی موجود ہین -

لڑائی شروع ہوتے ہی ہندوستان کے راجہ نے اپنے اصلی ہاتھیون کے دل بادل کو لے کے حملہ کیا - اور ادھر سے سمی رامیس اپنے مصنوعی ہاتھیون اور بہادر سوارون کو لے کے بڑھی - جب دونون لشکر مل گئے اور جنگ مغلوبہ ہو رہی تھی سمی رامیس کی فوج کے کسی ہاتھی کے نیچے کچل جانے اور اونٹ کے بلبلا کے بھاگنے سے ہندو راجہ کو اشوریا والون کے ہاتھیون کی حقیقت معلوم ہوگئی - اور سمی رامیس کا سارا فریب کھل گیا - اس راز کے فاش ہوتے ہی راجہ نے اپنے ہاتھی ریل دیے - جنھون نے اشوریا والون

کے مصنوعی ہاتھیون کو دم بھر مین کچل کے رکھ دیا - اور سارے اونٹ جو ہاتھیون کے غلاف مین تھے بلبلاتے ہوے بھاگے - اُن کا بھاگنا تھا کہ اہل بابل کو شکست ہو گئی - ہاتھیون سے ڈر ڈر کے بدحواس بھاگے - یہ دیکھ کے ملکہ سمی رامیس نبرد آزمائی کے لیے بڑھی اور میدان جنگ مین آ کے بڑی بہادری سے لڑی - مگر اسکو کیا کرتی کہ تقدیر برسر خلاف تھی - آخر اُسے بھی سر سے پاؤن تک بہت سے زخمون سے چور ہو کے اور کئی کاری زخم کھا کے میدان چھوڑنا پڑا - بابلی لشکر کا زیادہ حصہ قتل ہوا - بہت سے بھاگنے مین مارے گئے - اور سارا لشکر تباہ و برباد ہو گیا - سمی رامیس کا گھوڑا چونکہ بہت ہی تیز دم تھا لہذا راہوار تیز پا کی بدولت جان بچا کے اُس بازار مرگ سے نکل آئی - اور بازی ہار کے ناکام و نامراد اپنے دار السلطنت بابل مین پہونچی - مگر دل شکستہ اور ملول و حزین - کیونکہ شکست و نامرادی سے اُسے اپنی زندگی مین یہی پہلا سابقہ پڑا تھا - دوسری طرف زخمون نے بھی نیمجان کر رکھا تھا - ان سب باتون کا ایسا اثر ہوا کہ گھر پہونچتے ہی دنیا ترک کر کے گوشہ نشین ہو گئی -

بابل کی اکثر باتین مشتبہ تھین - منجملہ اُن کے ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ ان لوگون کے مذہب مین ریاضت اور جسم کو آزار پہونچانے کا بہت رواج تھا - بتخانے کے متعلق ایک بڑا بھاری خفیہ تہ خانہ تھا - جس کی حالت ویسی ہی تھی جیسی کہ قرون وسطیٰ مین نئون کی خانقاہون کی تھی - یعنی اُس کے راز نہ کھلنے پاتے - اور جہان بہت سی عورتین تارک الدنیا ہو کے اُس مین سکونت اختیار کرتین وہان بہت سی ایسی عورتین زبردستی بھی بھیجدی جاتین جن کو آزار پہونچانا منظور ہوتا - بتخانے کے پوجاری اور کاہن وہان ساری دنیا کی نظر سے چھپا کے اُن پر طرح طرح کے مظالم کرتے - سمی رامیس بھی معلوم ہوتا ہے کہ اسی تہ خانے مین چلی گئی جس مین جا کے بہت ہی کم لوگ واپس آیا کرتے تھے - اس تہ خانے کی بانی بھی سمی رامیس ہی تھی - جس نے بہتون کو سزا دہی کے طریقے سے اس تہ خانے مین بھیج کے دنیا سے ناپید کر دیا تھا - اور آخر خود بھی آپ ہی اُس مین چلی گئی - اُس کے بعد عنان حکومت اُس کے بیٹے نی نیاس کے ہاتھ مین آئی جس کے

دل مین مان کی طرف سے بغض بھرا ہوا تھا - چنانچہ تخت پر قدم رکھتے ہی اُس نے کاہنون اور مقتداؤن سے سازش کرکے سمی رامیس کو قتل کرا ڈالا - لیکن اُس پر اُس مخفی مقام مین چاہے جتنا بڑا ظلم ہوا ہو اور جس طرح قتل کی گئی ہو مگر اشوریا والون کے دلون پر اُسکی عظمت کا جو سکہ جما ہوا تھا اُس نے اُس کی غیبت کے ساتھ ہی اُسے اپنی قوم مین دیوی اور مظہر عظمت الٰہی تسلیم کرا دیا - معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ بھی تناسخ کے قائل تھے - چنانچہ مقتدایان دین صابئی نے لوگون کو باور کرا دیا کہ سمی رامیس نے انسانی جسم چھوڑنے کے بعد اپنے حسن و جمال کی رعایت سے ایک کبوتری کی صورت اختیار کر لی ہے - اسی بنا پر اُس کے نام سے خوبصورت کبوتری کی مورت بنا کے بتخانون مین رکھی گئی - در و دیوار پر بھی اُسی کبوتری کی تصویرین بنائی گئین اور دھڑلے سے اُس کی پرستش کی جانے لگی -

کہا جاتا ہے کہ جوپیٹر آمون نے جس کا بڑا مندر لبندی مصر مین تھا ایک فال کے ذریعے سے یہ پیشین گوئی کر دی تھی کہ سمی رامیس کو جب ناکامی ہوگی اُس وقت وہ دنیا سے غائب ہو جائے گی - اور وہی ہوا -

مورخین کا بیان ہے کہ وہ ۶۲ سال کی ہو کے مری - اور ۴۲ سال تک تخت شہنشاہی پر جلوہ افروز ہو کے حکمرانی کرتی رہی - یعنی جب تاج شاہی سر پر رکھا ہے اُس وقت اُس کی عمر بیس برس کی تھی - جو نشۂ جوانی کا وقت تھا - اور اس نوعمری کی بیوگی نے اگر اُس مین بعض قسم کی بے اعتدالیان پیدا کر دی ہون تو کیا عجب ہے ؟

ارمن کا شہر وان ارمنون مین سمی رامیس کا شہر کہلاتا ہے - جہان بعض پتھرون مین ایسے کتبے برآمد ہوے ہین جن مین سمی رامیس کے حالات لکھے ہوے ہین -

جون آف آرک

(فرانس کی مظلوم حامیۂ وطن)

یون تو ہر ملک اور ہر قوم مین صدہا نامور عورتین گذری ہین جنھون نے اپنے

اپنے حسن و جمال کی قوت سے زمانے کو مسخر کر لیا۔ اور بڑے بڑے کارہائے نمایان دکھا دیے مگر جون آف آرک کی شان و وضع کی عورت چراغ لے کے ڈھونڈھیے تو بھی ساری دنیا مین نظر نہ آئے گی۔ اس کی سرگذشت جیسی دلچسپ اور حیرت خیز ہے ویسی ہی جگر خراش اور خون رُلانے والی بھی ہے۔

پندرہوین صدی عیسوی کے آغاز مین مملکت فرانس کی حالت نہایت ہی نازک ہو رہی تھی۔ شاہ چارلس ششم بالکل فاتر العقل اور مجنون تھا۔ نہ اُس کے سنبھالے نظام مملکت سنبھلتا تھا اور نہ بیرونی حملہ آورون کی روک تھام ہو سکتی تھی۔ اُس کا اکلوتا بیٹا ڈوفین نالایق خوشامدیون مین گھرا ہوا تھا۔ اور اُسپر طرہ یہ کہ لوگون کو اُس کی نسبت باپ کے حلالی بیٹے ہونے مین بھی شبہہ تھا۔ کیونکہ ایک معاہدے کی رُو سے سارے حقوق شاہی انگلستان کے بادشاہ ہنری پنجم کو دے دیے گئے اور وہ جائز وراثت سے محروم کر دیا گیا۔ ادھر ڈوفین یعنی چارلس ہفتم کے بنی اعمام اور بھائیون نے اپنے جتھے باندھ کے ارادہ کیا کہ خود ملک کے مالک بن جائین۔ خصوصاً ڈیوک آف برگنڈی جو انگریزون سے ملا ہوا تھا سلطنت کی ہوس کے ساتھ بعض خاندانی نزاعون کا انتقام بھی لینا چاہتا تھا مگر امرا کے سوا عام رعایا چارلس ششم کے بیٹے ڈوفین ہی کی طرفدار تھی اور اُسی کو حقیقی وارث سلطنت تصور کرتی تھی۔ ان سب امور کا نتیجہ یہ تھا کہ فرانس کے امرا اور شاہزادون مین جھگڑے چھڑے ہوے تھے۔ دوسری طرف سے انگریزون کے لشکر نے فرانس کی فوجون کو شکستین دین۔ اور یکے بعد دیگرے شہرون پر قبضہ کرتے چلے جاتے تھے۔ آخر کار انگریزون نے شہر اورلیان کا محاصرہ کر لیا۔ محصورین کی حالت نازک ہو رہی تھی اور سلطنت کے بنائے کچھ نہ بنتا تھا۔

ایسے نازک وقت مین ان تمام دشواریون کے دور کرنے اور فرانس کو تباہی سے بچانے کے لیے خدا نے یہ عجیب و غریب لڑکی جون آف آرک پیدا کی جو ساری دنیا مین آپ ہی اپنی نظیر ہے۔

یہ فرانس کی ایک نوعمر و نوخیز حسین و نازنین گلفام و سیمتن دوشیزہ

لڑکی تھی - زلفین مشرقی حسینون کی طرح سیاہ تاب اور مشکین تھین - اور آنکھین بھی بجائے نیلگون اور نیلوفری ہونے کے جادو نگاہ مہوشان مشرق کی طرح خوب کالی اور نہایت چمکدار تھین - اُس کے بے مثل حسن و جمال سے دلبری کا پورا کمال نمایان تھا - اور اُس کی دلدوز آنکھین اپنی دلربائی کی قوت سے سارے عالم کو مسخر کرنے کا دعوے رکھتی تھین -

ملک فرانس مین دریاے لورین کے کنارے ڈومری نام ایک چھوٹا سا گانوں ہے اُس مین جیک آف آرک نام ایک کسان رہتا تھا - جو اپنی بی بی اِزابو کے ساتھ بستی کے دوسرے لوگون کے دیکھتے کسی قدر معزز و ممتاز خیال کیا جاتا - کیونکہ اُس کے پاس تھوڑا سا غریبانہ سرمایہ تھا - مویشیون کے دو ایک گلے تھے - اور اس کے ساتھ خدا نے تین بیٹے دیے تھے اور دو بیٹیان - انھین دو بیٹیون مین سے ایک جون آف آرک تھی - جسے بعض لوگ چھوٹی بہن بتاتے ہین اور بعض بڑی -

جون آف آرک ۱۵ - جنوری ۱۴۱۲ء کو پیدا ہوئی تھی - جب ننھی بچی تھی اکثر باپ کی بکریان چرانے کو گانوں کے اطراف و جوانب مین چلی جاتی - اُسکی مان اِزابو نے کسی خانقاہ مین تعلیم پائی تھی جس کی وجہ سے اُس پر مذہبی رنگ غالب تھا - اور وہی تعلیم اُس نے اپنی بیٹیون کو بھی دی - سینا پرونا کاڑھنا - چرخہ کاتنا سکھانے کے ساتھ ساتھ اُس نے اُنھین دعا و عبادت - زہد و تقوے - اور پاکدامنی و عفت شعاری کی اعلیٰ تعلیم دی - خصوصاً ابتداے شب کو بیٹیان اُس کے پاس اپنا سینا پرونا لے کے بیٹھتین تو وہ اُنھین مسیحی ولیون اور شہیدون اور بزرگان دین کی داستانین سنایا کرتی -

یہ باتین دوسری بہن پر تو معمولی اثر کرتی رہین مگر جون کے دل پر فطری استعداد کے باعث عجیب قسم کا اثر ہوا - پانچ ہی برس کی تھی کہ ان واقعات کی فکر مین اُس پر ایک استغراق اور مراقبے کا سا عالم طاری ہو جاتا اور کبھی کبھی اُن بزرگون کی صورتین متشکل ہو کے اُس کے خیال کی آنکھون کے سامنے آ کے کھڑی ہو جاتین - اور چند ہی روز مین اُسے بار بار نظر آنے لگا کہ عالم خیال

مین فرشتے اور روحین آ آ کے اُس سے ملتی اور باتین کرتی ہین۔ مگر ان کیفیتون کو اُس نے اپنے پُر اسرار سینے مین مخفی رکھا۔ اور مان باپ یا کسی پر بھی کوئی بات نہ ظاہر ہونے دی۔

اب وہ تیرہ برس کی نوخیز و سرو قامت دوشیزہ تھی۔ ایک دن گانؤن کے گرجے کے قریب اپنے گلّے کی نگہبانی کرتی اور ہاتھ مین کوئی کپڑا لیے کاڑھ رہی تھی کہ ناگہان آنکھون کے سامنے ایک نور چمکا۔ پھر ایک نورانی پیکر آسمان سے اُترتا نظر آیا جس نے قریب آ کے کہا "جون! اچھی لڑکی بن!" اس واقعہ سے وہ سہم گئی۔ اور نہایت حیران و پریشان اور بدحواس و ہیبت زدہ تھی۔ مگر ان روحانی سیرون کا سلسلہ بڑھتا ہی جاتا تھا۔ بار بار ایسی ہی چیزین نظر آتین جن کے ذریعے سے اُسے ہدایت کی جانے لگی کہ "اُٹھ! خدا نے جس کام کے لیے تجھے پیدا کیا ہے اُسے پورا کر! جا۔ اور بادشاہ فرانس کی مدد کر! کیونکہ تو ہی ملک کی پشت پناہی کرے گی" یہ باتین سُن کے وہ اور زیادہ سہم گئی۔ بعض اوقات کانپتی۔ تھرتھراتی۔ اور اپنی بے بسی پر رونے لگتی۔ اور چشم فغان سے آنسو پونچھ کے کہتی "مجھ سی غریب ناتوان و ناکارہ لڑکی کیا کر سکتی ہے؟ مین نہ گھوڑے پر سوار ہونا جانتی ہون۔ نہ تلوار چلانا جانتی ہون۔ پھر فرانس کی کیا خاک مدد کرون گی؟"

اب اُس مین ضبط کا یارا نہ تھا۔ دلی جذبات ظاہر کرنے کے لیے بیتاب تھی۔ مگر کسی سے کچھ کہتے بھی نہ بنتی تھی۔ آخر نہ رہا گیا۔ اور اپنے ایک عزیز ہمسن لڑکے سے جس کا نام جرارڈ تھا اور ایک ایسے گانؤن کا رہنے والا تھا جہان کے لوگ شاہ فرانس کے خلاف اور ڈیوک آف برگنڈی کے طرفدار تھے۔ اُس نے دبی زبان مین کہا "اگر تم برگنڈی کے طرفدار نہ ہوتے تو مین تم سے ایک بات کہتی!" جرارڈ دل ہی دل مین جون کے رُخِ زیبا کا فریفتہ ہو رہا تھا یہ کلمات سُن کے خوش ہوا اور سمجھا کہ "غالباً میری طرح یہ بھی میری طرف مائل ہے شادی کا تذکرہ چھیڑے گی۔ مگر وہ ہزار پوچھتا رہا جون نے کچھ نہ بتایا۔ اور لب تک آئی ہوئی بات کو پھر دبا دیا۔

وہ نورانی صورتین جو اُس کے پاس آیا کرتین اُنھون نے اُسے یہ بھی بتایا تھا کہ مقام دوکو کے کپتان کے ذریعے سے تو بادشاہ فرانس چارلس ہفتم سے مل - اسی فکر مین تھی کہ اس کپتان سے کیونکر ملون کہ اتفاقاً ڈیورنڈ لکزارٹ نام اُس کا ایک رشتہ دار اُس کے والدین سے ملنے کو آیا جو مقام دوکولر کے قریب ہی رہتا تھا - جون نے تنہائی مین موقع پاکے اُس سے التجا کی کہ چند روز کے لیے آپ مجھے اپنے ساتھ لیتے چلیے - اور ابا جان سے یہ بہانہ کر دیجیے کہ چچی امان (آپ کی بی بی) نے مجھے بُلایا ہے - ڈیورنڈ نے جون کی یہ خواہش پوری کر دی - اور اُسے اپنے ہمراہ اپنے گھر لے گیا - وہان پہونچ کے ایک دن جون نے جی کڑا کرکے ڈیورنڈ سے کہا "آپ دوکولر کے کپتان کے پاس میرا اتنا پیغام پہونچا دیتے کہ مجھے بادشاہ چارلس ہفتم کے پاس پہونچا دین - اس لیے کہ مین اُن کی مدد کرنے اور انگریزون کو فرانس سے مار کے نکال دینے کی اہم اور عظیم الشان خدمت پر خدا کی طرف سے مامور ہوئی ہون" ڈیورنڈ یہ باتین سُن کے حیرت زدہ ہوگیا - پھر اُس کی حالت اور کیفیت دریافت کی - اور گو یہ باتین اُسے نہایت لغو نظر آتی تھین مگر اُس کا پیغام لے کے کپتان کے پاس چلا گیا - کپتان نے سنتے ہی ایک قہقہہ لگایا اور کہا "تمھاری عقل جاتی رہی ہے - اُس چھوکری کے دو دھولین لگا دو اور اُس کے گھر بھیجدو - انگریزون کا مقابلہ اور ایک کنواری لڑکی! خدا کوئی سمجھ مین آنے کی بات ہے؟" ڈیورنڈ نادم ہو کے واپس آیا - اور کپتان کا جواب صاف صاف جون سے بیان کر دیا -

اب جون بظاہر تو خاموش ہو رہی مگر دل کو کسی طرح قرار نہ آتا تھا - ناکام و نامراد باپ کے گھر مین واپس آئی - اب اس کا راز فاش ہو چکا تھا - باپ کو بھی خبر ہوگئی - اور اُس کے دل مین خیال گذرا کہ معلوم ہوتا ہے جون کے دل مین آوارگی کے خیالات پیدا ہوے ہین - اور بدکار و بداخلاق فوجی سپاہیون مین رہنا چاہتی ہے - یہ خیال آتے ہی مارے غیرت کے پسینے پسینے ہوگیا - اور یہ حالت تھی کہ کبھی خودکشی پر آمادہ ہو جاتا اور کبھی بیٹی کی جان

لینے پر۔ مگر جون نے ان باتون کی ذرا بھی پروا نہ کی۔ کیونکہ اُسے حمایت وطن کی دھن بندھی ہوئی تھی۔ اور روحانی قوت نے اُس مین ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ شجاعت۔ سپہگری۔ شہسواری۔ ملک گیری۔ اور علم وفضل کے تمام کمالات پیدا کر دیے تھے۔ آخر دو ایسے نوعمر ساتھی بھی مل گئے جو اُس کے طرفدار اور حامی ومددگار بنے۔ اور اُنھین ساتھ لے کے ۲۳ فروری ۱۴۲۹ء کو جبکہ اُس کی عمر ہنوز ۱۶ یا ۱۷ برس کی تھی وہ گھر سے نکل کھڑی ہوئی۔ اہل وطن نے روکا کہ راستہ دشوار اور آج کل ملک مین انگریزی لشکرون کے پھیلے ہونے کے باعث خطرناک ہو رہا ہے۔ مگر اُس نے ہر ایک کو یہی جواب دیا کہ "مین ایسے خطرون کے برداشت کرنے ہی کے لیے پیدا ہوئی ہون"۔ سفر پر قدم رکھتے وقت مردانے کپڑے پہن لیے۔ ہتھیار لگائے۔ گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہوئی۔ اور وطن کو خیرباد کہدی۔

چارلس ہفتم اِن دنون شہر شیون مین تھا۔ جہان اُس کے گرد فضول مصاحبون۔ صدہا عورتون اور بہت سے تباہ کرنے والے ناعاقبت اندیش افسرون کا ہجوم تھا۔ راستے مین طرح طرح کے خطرے دیکھ کے جون راتون کو سفر کرتی اور دن کو کسی پناہ کی جگہ ٹھہر جاتی۔ گیارہ دن کی دشت نوردی کے بعد یہ سفر ختم ہوا۔ اور وہ شیون کے قریب فیربوا نام ایک گانون مین ٹھہر گئی۔ یہان سے اُس نے بادشاہ چارلس کو اپنے آنے کی خبر کی اور کہلا بھیجا کہ مین آپ کے تخت کو بچاؤن گی۔ شہر اورلیان پر سے انگریزون کا محاصرہ اُٹھاؤن گی۔ اور مقام رائن مین آپ کو تاج شاہی پہناؤن گی"۔ جس سے وہ محروم کر دیا گیا تھا۔

جون کے قاصد نے بادشاہ کی باریابی حاصل کر کے جیسے ہی یہ پیغام پہونچایا بادشاہ کو غصہ سا آ گیا کہ ایک کمسن چھوکری اور میری امداد کا دعویٰ۔ پھر ایک زہرخند کے ساتھ بولا "اچھا مین اس بارے مین وزیرون سے مشورہ کر لون تو جواب دون"۔ وزیرون اور مشیرون کے سامنے یہ معاملہ پیش کیا گیا تو ایک گروہ نے اس درخواست کا مضحکہ اُڑایا۔ اور ایک گروہ

کی رائے قرار پائی کہ اُسے اپنی تدبیرین عمل مین لانے کا موقع دیا جائے۔ کیونکہ اس مین کوئی مضائقہ نہین نظر آتا۔ تین دن تک ان لوگون مین کمیٹیان ہوتی رہین اور کوئی فیصلہ نہ ہو سکا۔ غنیمت یہ ہوا کہ خود بادشاہ موافق و مخالف گروہون کے بین بین تھا۔ آخر اُس کے دل مین آئی کہ اچھا کوئی امر طے کرنے سے پہلے مین اُس سے مل کے اُسے آزما تو لون۔ فوراً قاصد واپس گئے کہ جون کو لے آئین۔ اور اُن کے جانے کے بعد اُس عجیب و غریب حسینہ لڑکی سے ملنے کے لیے اُس نے دربار مرتب کیا تو اپنی جگہ اپنے افسر کو اپنے کپڑے پہنا کے صدر مین بٹھا دیا۔ اور خود نہایت ہی عام وضع کے کپڑے پہن کے درباریون مین مل گیا۔ جون آئی۔ حاضرین دربار کی صفین چیرتی ہوئی صدر مین آئی۔ صدر نشین کو دیکھا۔ پھر تمام حاضرین کے چہرون پر ایک اجمالی نظر ڈالی۔ اور لپک کے خود چارلس مقیم کے سامنے پہونچی۔ ادب سے سر جھکا دیا۔ اور بولی "بُردبار بادشاہ کی عمر دراز"۔ چارلس نے کہا "مین بادشاہ نہین۔ بادشاہ وہ صدر مین بیٹھے ہین"۔ جون نے ادب سے عرض کیا "بادشاہ تو آپ ہی ہین۔ اور مین ایک غریب لڑکی ہون جو روح القدس کی جانب سے اس خدمت پر مامور ہوئی ہون کہ آپ کی سلطنت کی بنیاد مضبوط کرون"۔

جون کی سادگی۔ خوبصورتی اور اُس کی باتون نے چارلس کے دل پر بڑا اثر کیا۔ امرائے دربار سے الگ تخلیے مین جا کے اُس سے ملا۔ اس تنہائی کے موقع پر جون نے ایسی باتین بتا دین جو چارلس کے خیال مین اُسکے سوا دنیا بھر مین کسی کو نہین معلوم تھین۔ اس ملاقات کے بعد بادشاہ دربار مین برآمد ہوا۔ اور تمام وزرا و امرا سے کہا "مجھے تو اس پاکدل لڑکی کی سچائی کا پورا یقین ہو گیا تاہم تم سب لوگون کے اطمینان کے لیے مین اس کا اور امتحان کرتا ہون"۔ یہ کہکے اُسنے شہر کے بڑے بڑے مقتدایان دین، اسقفون، عالمون اور مختلف علوم کے ماہرون کو جمع کر کے جون کو اُنکے سامنے پیش کیا کہ جس مسئلے کو چاہین اُس سے پوچھین۔ عالمون نے مشکل سے مشکل مسئلے چھیڑے اور سب کے ایسے صحیح و برجستہ جواب جون نے ایسے فصیح و بلیغ الفاظ مین دیے کہ سب اُسکے علم و فضل کے سامنے عاجز آ گئے۔ اور سارا دربار عش عش کر گیا۔

اب کسی کو اعتراض کی گنجایش نہین باقی تھی - اور چارلس تو اُس کا عقیدت کیش مُرید ہی بن گیا تھا - فوراً اپنا شاہی گارد اُس کے حوالے کر دیا - اور کہا " آپ کا جب جی چاہے فوج کشی کے لیے روانہ ہو جائیے " اور جون اُسکی افسرین کے فوراً روانہ ہو گئی - اب جون کی عجب شان تھی - ایک ہاتھ مین نیزہ تھا اور دوسرے ہاتھ مین شاہی علم - زرہ بکتر سے آراستہ - آبدار خود پہنے اور زلف مشکین کو پیٹھ اور شانون پر بکھرائے گھوڑے پر سوار فوج کے آگے آگے جا رہی تھی - سپاہیون کے دلون مین شاید یہ خیال گذرا ہو کہ یہ گھوڑے پر کبھی سوار نہین ہوئی دشمنون سے کیا مقابلہ کرے گی - مگر اُس نے تھوڑی ہی دیر مین چابک سواری کے ایسے کمالات دکھا دیے کہ کُل ہمراہی سوار مبہوت و حیرت زدہ رہ گئے -

شہر اورلیان کی حالت نہایت نازک ہو رہی تھی - انگریز بہت ہی سختی سے محاصرہ کیے ہوے تھے - شہر والون مین ذرا بھی دم نہین باقی رہا تھا - اور جو فرانسیسی لشکر انگریزون سے مقابلہ کر رہا تھا اُس کے حوصلے پست تھے اور کچھ بنائے نہ بنتی تھی - اور سلطنت مین اتنی قوت نہین باقی رہی تھی کہ محصورین کی کمک کر سکے - ایسی حالت مین جون آف آرک شاہی گارد کو لیے ہوے جوش و خروش سے پہونچی - یہان پہونچ کے لڑائی کا آغاز اُس نے اس کاروائی سے کیا کہ اپنی فوج سے تمام زانیہ عورتون کو نکلوا دیا - سپاہیون کو زناکاری سے توبہ کرا کے اُن کے دل پاک و صاف کیے - پھر اُنکے دلون مین اُمید و رجا کی شمعین روشن کین - اور سب سے کہا " بس خدا ہی پر بھروسا رکھنا " اس کے بعد اُس نے ایسی سختی سے حملہ کیا کہ پہلے ہی دن کی لڑائی مین اہل شہر کی امیدین مضبوط ہو گئین - انگریزون مین گھبراہٹ پیدا ہوئی - اور لڑائی کا رنگ بدل گیا -

لیکن سچ یہ ہے کہ اُن دنون فرانس والے نہایت نالائق ہو رہے تھے اور اس قابل نہ تھے کہ خدا اُن کی دستگیری کے لیے جون آف آرک کے ایسے فرشتۂ رحمت کو بھیجتا - انگریزون مین تو یہ خیال مشہور ہوا کہ یہ عورت

کوئی جادوگرنی ہے جس سے وہ ہیبت کھانے لگے۔ مگر فرانسیسی افسرون نے ناشکری کا پہلا اظہار یہ کیا کہ ایک عورت کی ماتحتی اور اُس کے مشورون پر عمل کرنے کو اپنی حقارت و ذلت سمجھے۔ اور خود بادشاہ کے شاکی ہوے کہ ایک گنوار چھوکری کو ہم پر سردار مقرر کیا ہے۔ اور ابتدا ہی سے اُن کی یہ وضع رہی کہ جون کی مخالفت کرتے۔ اُس کے احکام کی خلاف کارروائیان کرتے اُس کی تذلیل و تحقیر کے لیے سازشین کرتے۔ اور محض اُس کی عداوت کے خیال سے لڑائی کا رنگ بدلنے اور قومی سلطنت کے ذلیل کرانے مین کوئی دقیقہ نہ اُٹھا رکھتے۔ جون ان سب باتون کو دیکھتی اور سمجھتی تھی۔ مگر حمایتِ وطن مین اُس کے قدم کو ذرا لغزش نہ ہوتی۔

بہر حال جون نے انگریزون سے مقابلہ شروع کیا تو اُن کے حواس جاتے رہے۔ اور آغاز جنگ ہی مین اُنھین اپنی کامیابی مشتبہ نظر آنے لگی سب کو یقین ہو گیا کہ یہ اگر جادوگرنی نہین تو کوئی فرشتہ ہے جو دشمنون کی مدد کے لیے آسمان سے اُتر آیا ہے۔ اب جون نے خود حملے کا قصد کیا۔ سفید براق کپڑے زیب بدن کیے۔ کالی کالی زلفین پیٹھ پر پھیلائین۔ نقرئی گھوڑے پر سوار ہوئی ایک ہاتھ مین نیزہ اور ایک مین علم لیا۔ اور شاہی گارد کولے کے بزن بول دیا یہ ایسا زبردست حملہ تھا کہ انگریزون کے قدم اُکھڑ گئے۔ اور پریشان و بدحواس بھاگے۔ اس کے بعد اور لیمان مین اُس نے انگریزون کو تابڑ توڑ شکستین دین۔ یہان تک کہ انگریزون نے بہت نقصان اُٹھا کے محاصرہ چھوڑ دیا اور واپس گئے۔

اُس کی اس کامیابی پر فرانسیسی افسران فوج کے دلون مین آتش حسد اور بھڑکی۔ خصوص اس لیے کہ اُن کی مخالفت نے بھی جون کی فتحمندی مین فرق نہ آنے دیا۔ جون فتح حاصل کرکے شہر "بلوا" مین گئی کہ بادشاہ کو مژدۂ فتح سنائے۔ اب اُس کی اس قدر شہرت ہو گئی تھی کہ عام اہل فرانس اُس کے نام پر فریفتہ اور اُس کی زیارت کے مشتاق تھے۔ جدھر سے اُس کا گذر ہوتا ہزارہا خلقت کا انبوہ اُس کی صورت زیبا دیکھنے کے لیے جمع ہو جاتا جوجوش

و خروش سے اُس کی تعظیم کے لیے جھکتے۔ اُس کے قدم چومتے۔ جو خاک اُسکے پاؤں سے چھو جاتی اُسے چومتے اور متبرک خیال کرتے۔ شہر لوا والوں نے بڑی ہی گرم جوشی سے اُس کا استقبال کیا۔ اور بادشاہ نے مژدہ فتح سننے کے بعد اظہار شکر گذاری کے لیے اُسے اپنے ساتھ کھانے پر بلایا۔ مگر جوآن نے قطعاً انکار کیا اور کہا "یہ وقت کوشش اور جان کھپانے کا ہے نہ مزے اُڑانے اور دعوتیں کھانے کا۔ روح القدس نے مجھے یقین دلا دیا ہے کہ میرے سفر آخرت کرنے کا وقت قریب آگیا ہے۔ اور دو سال سے زیادہ زندگی نہیں باقی ہے۔ اس لئے فوراً شہر رائین میں چلئے تاکہ میں آپ کو اپنے ہاتھ سے تاج شاہی پہنا دوں۔ اُس کے بعد خدا جو چاہے کرے"۔ اس طریقے سے اُس نے چارلس ہفتم کو مجبور کر دیا کہ بہت جلد اُس کے ساتھ شہر رائین کی طرف کوچ کرے۔

آخر چارلس ہفتم کو ساتھ لے کے وہ بڑے کروفر اور عجیب شان و شوکت کے ساتھ روانہ ہوئی۔ بادشاہ کے آگے آگے سفید کپڑے پہنے۔ زلفیں بکھرائے۔ سفید گھوڑے پر سوار۔ اور فرانس کا علم ہاتھ میں لیے ہوئے وہ تھی اور معلوم ہوتا تھا کہ انسان نہیں فرشتہ ہے جو مملکت فرانس کی حمایت اور شاہ چارلس کی پشت پناہی کے لیے آسمان سے اُتر آیا ہے۔ یہ شاہی لشکر ایک قسم کی روحانی عظمت کی شان دکھاتا ہوا شہر جارجو کے قریب پہونچا جس پر انگلستان والوں کا قبضہ تھا۔ انگریز تو پہلے اس قدر غالب آچکے تھے کہ اپنے آپ کو سارے ملک فرانس کا مالک تصور کرتے تھے اور اُنھیں اپنی فتح میں ذرا بھی شک و شبہہ نہ تھا مگر اب جوآن کی کارروائیوں نے اُنکی کامیابی کی رفتار میں ایک نوعی انقلاب پیدا کر کے اُنھیں پسپا کرنا شروع کر دیا تھا۔ اور اُن کے دلوں پر جوآن کی ہیبت بیٹھ گئی تھی۔ تاہم انگریزوں کی حمیت نے اس بات کو گوارا نہ کیا کہ شہر کو بے لڑے فرانسیسیوں کے حوالے کر دیں۔ وہ مزاحمت کے لیے تیار ہوئے اور جوآن نے اُن پر بلا تامل جوش و خروش سے دھاوا کیا۔ اُس کی جانبازی نے فرانسیسی سپاہیوں کے مردہ دلوں میں نئی زندگی پیدا کی۔ خصوصاً جب اُنھوں نے دیکھا کہ جوآن آف

آرک بغیر اس کے کہ ذرا بھی ہچکچائے اور اُس کے قدم کو ذرا بھی لغزش ہو جھنڈے کو ہلاتی ہوئی سیڑھی لگا کے شہر پناہ پر چڑھ گئی تو سب نے جان پر کھیل کے چاروں طرف سے یورش کر دی۔

لیکن خود جون جب سیڑھی کے اوپر کے زینے تک پہونچی اور شہر پناہ پر قدم جمانے کو تھی کہ ناگہاں سیڑھی لڑھک کے نیچے آ رہی اور اُس کے ساتھ ہی جون آف آرک بھی کھائی کے اندر تھی۔ گرنے میں کچھ ایسی چوٹ کھائی کہ جون کو گرتے غش آ گیا۔ مگر ہوش آتے ہی اپنے آپ کو سنبھالا۔ اُٹھ کھڑی ہوئی۔ گرد جھاڑ کے اوپر آئی اور فوج کو للکارا کہ "بہادرو! اسی حملے پر لڑائی ختم ہے۔ اور فتح تمہارے ہاتھ!" ان سحر آگیں الفاظ نے سب میں کچھ ایسا بلا کا جوش پیدا کر دیا کہ سر ہتھیلیوں پر لے کے بڑھے۔ اور آناً فاناً میں انگریزوں کو مغلوب کر دیا۔ اور تھوڑی دیر کے بعد شہر فرانسیسیوں کے قبضے میں تھا۔

اس معرکے کے بعد انگریزوں کے حوصلے پست ہو گئے۔ اور اُنھیں کلیتہً مایوسی ہو گئی۔ چنانچہ اُن کے سپہ سالار اعظم ٹالبوٹ نے خود ہی مصلحت دیکھ کے فرانس کے تمام شہروں پر سے اپنا قبضہ اُٹھا لیا۔ اور سارے انگریزی لشکروں کو جو مختلف اطراف اور شہروں میں پھیلے ہوئے تھے یکجا کر کے دار السلطنت پیرس کا ارادہ کیا۔

دوسری طرف جون آف آرک برابر فتحیں دیتی اور فتحوں پر فتحیں حاصل کرتی بڑھتی چلی جاتی تھی۔ اور اُس کے مقابل کسی جگہ انگریزوں کا قدم نہ ٹکتا تھا۔ آخر وہ شہر رائن میں پہونچی۔ جہاں ۱۷۔ جولائی ۱۴۲۹ء کو اُس نے بڑے ہی اہتمام اور نہایت تزک و احتشام سے شاہ چارلس کو تاج شاہی پہنایا۔ تاجپوشی کے وقت حسب معمول سفید لباس پہنے اور علم ہاتھ میں لیے وہی تخت کے آگے کھڑی تھی۔ بادشاہ کو تاج مقدسہ دین نے پہنایا۔ اور اُس کی کمر میں تلوار جون نے اپنے ہاتھ سے باندھی۔

ان سب باتوں کو وہ ایک عجیب خلوص اور جوش مسرت سے اپنے ایک دینی اور روحانی فرض کی طرح بجا لائی اور جب تمام رسوم تاجپوشی ادا ہو چکے تو اُس پر ایک رقت کا عالم طاری ہوا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ ذرا جھکتے

چارلس کے قدمون سے لپٹ گئی - اپنے گرم آنسوؤن سے اُس کے قدم دھوئے اور نہایت جوش کے ساتھ بولی" اب حضور کی فتح پوری ہو گئی - اور مین نے جو کہا تھا کر دکھایا - بس اب مجھے اجازت دیجیے کہ خوش خوش اپنے گھر جاؤن - اپنے اُسی سنسان گانؤن اور گوشۂ تنہائی مین ٹھہر کے چرخا کاتون اور باپ کی بھیڑین چراؤن جس مشغلے مین کہ مین اس سے پہلے مصروف تھی" چارلس نے یہ کلمات سُن کے کہا" بھلا اب مین اپنے اُس حامی اور اُس پشت پناہ قوم کو چھوڑ سکتا ہون جس نے قوم کو ہلاکت سے بچایا ہے ؛ اب مُلک کی ترقی اور قوم کی بہبود تمھارے ہی دم قدم سے وابستہ ہے - اور مجھ سے یہ نہ ہوگا کہ کامیابی کے بعد تمھارا دامن ہاتھ سے چھوڑ دون "

بادشاہ کا یہ جملہ ساری قوم کی آرزوؤن کا ترجمان تھا - اس لیے کہ اب فرانس کی ساری خلقت کو جون سے بیحد عقیدت تھی - اور سوا چند اُمرا اور فوجی افسرون کے جن لوگون کو جون کے ساتھ بغض و عناد تھا سارے اہل فرانس جون ہی کی رفاقت میں اپنی فلاح سمجھتے تھے - اُس کے جھنڈے کے گرد اُنھین تمام بزرگان سلف اور ولیون کی روحین نظر آتی تھین - بادشاہ کے روکنے سے وہ رُک تو گئی مگر اُسی گھڑی سے ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے مسرت و شادمانی ہمیشہ کے لیے اُس سے رخصت ہو گئی اور گویا وہ بالکل بدل گئی - اب اُس میں نہ وہ قومی حمیت نظر آتی تھی اور نہ وہ اگلی جوانمردی و شجاعت - نہ وہ رویائے صادقہ تھے اور نہ وہ الہام اور روحانی مکاشفات - اُسکی سیرت و طبیعت - اُس کے اوضاع و اطوار - اور اُس کے افعال و اقوال مین ایسا حیرت انگیز انقلاب ہو گیا کہ اُسکی باتین سُن کے اور اُسکی حالت دیکھ کے لوگون کو تعجب ہوتا تھا - اب بجائے اُس جوش اور اُلوالعزمی کے وہ طرح طرح کے اوہام اور رکیک خیالات مین مبتلا اور اپنی حالت پر آپ ہی متحیر نظر آتی - ہر وقت رویا کرتی - اور جیسے وہ ساری باطنی قوت اُس سے سلب ہو گئی تھی -

مگر یہ مزاجی انقلاب دیکھنے پر بھی بادشاہ نے اُسے اپنے پاس سے نہ جانے دیا - اور آخر اس نے زائن کے گرجے سے اپنے اسلحہ پھر لے کے جسم پر

آمادہ کیے - شہسواروں کی وضع بنائی - اور معرکہ آرائی کے لیے روانہ ہوئی لیکن خرابی یہ تھی کہ ادھر تو خود جوان اس طرح بدل گئی تھی اور اُدھر اُمرائے فرانس کے دلوں میں اُس کا بغض اور بڑھ گیا تھا - اس لیے کہ بادشاہ کو جوان پر مہربان اور ہر بات میں اُس کا مطیع فرمان دیکھ کے وہ آتش حسد سے جلے مرتے تھے - وہ اُس پر طعن و تشنیع کرتے - روز اُس پر جھوٹے اتہام لگاتے - اُس کے کارنامون کو بُرائی کے لباس میں دکھاتے - اُسے بدنام کرتے - اور لشکریون کو اُس کی طرف سے بدظن کرکر کے نافرمانی اور سرکشی پر آمادہ کرتے - یہاں تک کہ اُسکے دامن پر بدکاری کے دھبے لگانے میں بھی محسن کُش اُمرائے فرانس نے دریغ نہ کیا - جوان کا معمول تھا کہ اب سوا شریف و پاکدامن خاتونوں اور پاکدامن مردوں کے اور کسی کی صحبت میں نہ بیٹھتی - کسی مرد سے خلا ملا نہ رکھتی - معزز اور آبرودار عورتوں میں اپنی راتیں بسر کیا کرتی - اور کسی کو اُس پر الزام لگانے کا کوئی موقع نہ مل سکتا - مگر اس پر بھی بطینت و ناسپاس امرائے فرانس نے اُسکے بدنام کرنے میں کوئی دقیقہ نہیں اُٹھا رکھا - وہ نہایت سختی کے ساتھ اُن کے الزاموں کی تردید کرتی - مگر سچ یہ ہے کہ فرانس والوں نے اپنی افترا بندیوں اور ناحق شناسیوں سے اُس کے بے لوث اور پاک و صاف دل کو بڑے بڑے چرکے دیے - اور جوان کی نیک نفسی اس مزاجی انقلاب کے بعد بھی اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ اُس نے اپنے ہاتھ سے کسی کو آزار پہونچانا نہیں گوارا کیا - بادشاہ اور لشکری سب اُس کے ساتھ تھے - اور اُس کے اختیار میں تھا کہ جس افسر کو چاہتی قتل کی سزا دلواتی - یا ایک معمولی اشارے سے مروا ڈالتی - مگر اُس سے یہ نہ ہو سکا کہ چاہے کیسا ہی دشمن اور اتہام لگانے والا ہو اُس کے خون سے اپنا ہاتھ رنگے - اس بارے میں سخت سے سخت غصے کے موقع پر بھی اُس کی تسلیم و رضا میں فرق نہیں آیا -

اب جوان نے بادشاہ کو اس بات پر آمادہ کیا کہ خاص پیرس پر حملہ کرکے انگریزوں کو شکست دے اور فرانس کے دارالسلطنت کو اپنے قبضے میں لائے - اس ہدایت کے مطابق چارلس لشکر لے کے چلا اور جوان ہمراہِ رکاب ہوئی -

تا بڑ توڑ لوچ کیے کے شاہی لشکر پیرس کے گرد اُترا۔ راستے مین بھی کئی فتحین ہوئین اکثر شہرون نے خود ہی سر اطاعت جھکا دیا۔ آخر شاہ چارلس کے اشارے سے اُس نے مقام سینٹ اونورے پر دھاوا کیا جہان کہ دشمنون کا پڑاؤ تھا۔ اگرچہ جوان نے کبھی کسی شخص کو اپنے ہاتھ سے نہیں قتل کیا اور نہ کسی پر تلوار۔ نیزے یا کسی حربے سے وار کیا مگر حملہ آوری مین ہمیشہ سپاہیون سے آگے رہتی اور سب سے پہلے حریف کے قلعے پر جا پہونچتی تھی۔ اس میدان مین وہ کئی بار زخمی ہو کے گری اور غش آ گیا۔ اور ہر بار معمول تھا کہ جب غش سے سکون ہوتا اور ہوش و حواس بجا ہوتے تو بادشاہ سے اپنے گھر جانے کی اجازت مانگتی۔ مگر چارلس نے کسی طرح منظور نہ کیا۔ اور آخر مین کہا "تمھارے اعلیٰ خدمات کے صلے مین تمھارے گانون کی مالگذاری معاف کر دی جائے گی۔ اور کوئی بہت اعلیٰ درجے کی معزز خدمت تمھارے سپرد کی جائے گی" گو کہ ان وعدون کا اُس پر کوئی اثر نہ پڑ سکتا تھا مگر بادشاہ کے اصرار سے مجبوراً اُسے شاہی رفاقت اور درباداری کی زندگی اختیار کرنی ہی پڑی۔

اس کے بعد بہت سے واقعے پیش آئے۔ جن مین اگرچہ کامیابی ہوئی مگر امرائے فرانس کی فتنہ پردازیان اور جوان کے بدنام کرنے کی کارروائیان بدستور جاری تھین بلکہ روز بروز بڑھتی ہی جاتی تھیں۔ یہان تک کہ ایک مرتبہ بادشاہ چارلس نے اُس کے ذمے یہ خدمت کی کہ فوج لے کے جائے اور انگریزون کو شہر کوم بین سے مار کے نکال دے۔ یہ شاہی حکم پاتے ہی وہ مسلح ہو کے روانہ ہوئی اور جوش و خروش سے حملے کی تیاریان کرنے لگی۔ اس موقع پر فرانسیسی افسرون کی ناپاک سازشون کا یہ اثر نمایان ہوا کہ اُس نے فوج کو حملے کا حکم دیا اور یورش کرنے کے لیے بڑھی تو فوج والون نے بجائے اسکے کہ اُس کے حکم پر عمل کرین انحراف کیا۔ اسی قدر نہین بلکہ وہ جوان کی نسبت اہانت و اتہام کے الفاظ زبان پر لائے۔ جوان نے اپنی توہین کا تو کچھ خیال نہین کیا مگر اُنھین حملے کے لیے اُبھارا اور خود دشمنون کی طرف بڑھی۔ اب وہ تنہا دشمنون کی طرف بڑھتی چلی جاتی تھی اور گویا تن تنہا قلعے پر قبضہ کر لینے

کی آرزومند تھی - مگر ہمراہیون نے کسی طرح ساتھ نہ دیا - بلکہ شکست کھا کے بھاگے
ناگہان فرانسیسیون ہی کے ایک گروہ نے جو انگریزون کا طرفدار تھا - اُسے
گھیر لیا - اور گھوڑے سے کھینچ کے گرفتار کر لیا - اور کمال ناشکری و احسان فراموشی
سے انگریزوں کے حوالے کر دیا - جو کہ جوان کے خون کے پیاسے تھے اور اُسے بڑی
بھاری خطرناک جادوگرنی تصور کرتے تھے - جوان کی گرفتاری کی خبر مشہور ہوتے
ہی لوگ اُس کی زیارت کو آنے لگے - عوام مین تو ہمدردی کا جوش تھا اور غربا
اُس کی اسیری پر آہ وزاری کر رہے تھے مگر امرائے فرانس کی یہ حالت تھی کہ
گویا جوان کے سب سے بڑے جانی دشمن وہی تھے - انھون نے فوراً انگریزون
سے صلح کر لی - بلکہ اپنی عجیب و غریب بے نفس محسنہ کو اُن کے حوالے کر کے
اُن کے مطیع فرمان بن گئے -

اب علانیہ دھڑلے سے جوان کی ہر بات پر اعتراض ہو رہا تھا - اس کی
ہر ایک کارروائی پر نکتہ چینیان ہو رہی تھین - اور اُس کے طرح طرح کے
نام رکھے اور اُسے ہر قسم کے الزام دیے جاتے تھے - اور وہ نہایت استقلال
و جوانمردی سے بغیر اس کے کہ تیوریون پر ذرا بھی میل آئے یا کسی قسم کی فکر بھی چہرے
سے ظاہر ہو اپنے قید خانے مین خاموش بیٹھی ہوئی تھی - اور تو اور قوم فرانس کی خفت
و ذلت کا اس سے زیادہ ثبوت کیا ہوگا کہ خود شاہ چارلس جسے اُس نے بادشاہ
بنایا اب کمال ناشکری کے ساتھ اُس کا دشمن تھا - اور دیگر امرا کی طرح وہ بھی
جوان کے نام کی توہین کرتا - اور اُسے طرح طرح کے عیب لگاتا تھا - پیرس والے
جوان کے سب سے زیادہ خلاف تھے اور انگریزوں کو بار بار اُبھارتے تھے کہ جوان
زندہ نہ چھوڑی جائے - اور اُسے نہایت ہی سخت سزا دی جائے - چنانچہ وہ
اسیرون کی طرح فرانس کے قلعۂ جان دی لکس برگ مین رکھی گئی - انگریزی عدالت
کے سامنے اُس پر مقدمہ چلایا گیا - اور شاہ انگلستان ہنری نے اس مقدمے کی
سماعت کے لیے دو جج مقرر کیے - اس مقدمے کے دوران مین وہ ۱۷ مرتبہ اجلاس
کے سامنے لاکے پیش کی گئی - اور ہر بار اُس سے عجیب استقلال ظاہر ہوتا تھا - اور
تمام الزامات کا وہ ایسا معقول جواب دیتی کہ کسی کو جواب دیتے نہ بن پڑتا

آخر جب اور کوئی الزام نہ عائد کیا جا سکا تو صرف اس بنا پر کہ وہ جادوگرنی ہے اُسے حبس دوام کی سزا دے دی گئی - اور صرف روٹی اور پانی اُس کی غذا مقرر ہوئی -

اسی سلسلے مین اُس سے قسم کھلا کے عہد لیا گیا کہ "اب کبھی مردانے کپڑے نہ پہنونگی" اور حلف لینے کے دو چار روز بعد یہ چالاکی کی گئی کہ جب وہ سونے کے کپڑے پہن کے سو رہی تو کسی نے چپکے سے جا کے اُس کے کپڑے غائب کر دیے اور اُن کی جگہ ایک مردانہ جوڑا رکھ دیا - صبح کو جاگنے کے بعد جب اُس نے خواب گاہ کے کمرے سے نکلنا چاہا تو مردانہ کپڑون کے سوا اور کوئی لباس نہ ملا - مجبوراً اُنھین کپڑون کو پہن کے خوابگاہ سے نکلی - ساتھ ہی چارون طرف سے لوگون نے نرغہ کیا کہ تم نے اپنی قسم اور اپنے عہد کے خلاف کیا اور اُسی لباس مین اُسے حاکم کے سامنے پکڑ لے گئے - اور اس بات کی شہادتین پیش کین کہ اس نے پھر مردانے کپڑے پہنے - اور حضور کے ملاحظے کے لیے ہم اُسے مع لباس کے لے آئے ہین" - مجسٹریٹ نے باضابطہ کارروائی کر کے غریب جوان پر دروغ حلفی کا جرم عائد کیا - اور اُس کی سزا یہ تجویز کی کہ زندہ آگ مین جلا دی جائے - جو کہ اُن دنون عموماً جادوگرنیون اور ڈائنون کی مروجہ سزا تھی - جوان نے نہایت ضبط و تحمل اور صبر و استقلال سے یہ حکم سُنا اور اُس کی زبان سے یہ الفاظ نکلے "تمھارے اس حکم کی اپیل اُس خدائے عالم و دانا کے عرش اعلیٰ کے سامنے پیش کرون گی" -

اس قدر جلد قتل کی سزا کی وجہ یہ بھی تھی کہ اگرچہ فرانس والون نے گرفتار کر کے اُسے انگریزون کے حوالے کر دیا تھا مگر برابر اصرار کر رہے تھے کہ اُسے جلد قتل کی سزا دی جائے - انگریزون کو اگرچہ جوان کی کوششون سے بیحد نقصان پہونچ گیا تھا - اور سچ یہ ہے کہ اگر جوان آف آرک نہ اُٹھ کھڑی ہوئی ہوتی تو اُنھون نے پورا ملک فرانس فتح کر کے چارلس کو ہمیشہ کے لیے تاج و تخت سے محروم کر دیا ہوتا - تاہم انگریز شاید بذاتِ خود اُسے ایسی بے رحمی کی سزا نہ دیتے - مگر فرانس والون کی ناشکری - احسان فراموشی - اور نالائقی و بے حمیتی

نے انگریزون کو مجبور کرکے اُن کے ہاتھ سے ایسا یادگار زمانہ ظلم کرادیا جو خود اپنے طور پر اُن سے نہ ہو سکتا۔

اب اس سزا کی تعمیل کا انتظام ہونے لگا۔ فرنچ امرا سنگدل اور بے رحم تماشائیون کی طرح اکٹھا ہوے۔ فرانس کی بے بس رعایا اپنی بدبختی پر روتی اور آنسو بہاتی ہوئی جمع ہوئی۔ ایک بڑی بھاری چتا بنائی گئی اور اُس پر جون لاکے کھڑی کردی گئی۔ کہتے ہین کہ موت کی اس نازک گھڑی مین اُس کے ہاتھ سے صبر و تحمل کی باگ نکل گئی۔ خوبصورت اور نازک چہرے پر بجاے متانت و استقلال کے حسرت برس رہی تھی۔ اور بار بار لبون سے آہ نکل جاتی تھی۔ پھر جب اُس چتا مین آگ لگادی گئی اور شعلے اُس کے قریب پہونچے اور اُس کے پنڈے مین چرکے دینے لگے تو وہ ایسی درد بھری آواز مین چیخی اور اُس حضرت رب العزت کی درگاہ مین فریاد کرنی تھی کہ پتھر کا کلیجا بھی موم ہوجاتا تھا۔ عام تماشائی زار و قطار رو رہے تھے۔ مگر نہ اثر ہوتا تھا تو بے رحم امراے فرانس کے دلون پر۔

یہ ایسا حسرتناک اور جگر پاش پاش کرنے والا منظر تھا کہ دشمنون کی آنکھون سے بھی آنسو جاری ہوگئے۔ خود کارڈنل بونور (نائب پوپ) جو تعمیل حکم کرانے کے لیے آیا تھا اُس کے دل پر بھی خدا کے ہاتھ کی بنائی ہوئی ایسی پیاری صورت کے دم بھر مین مٹا دینے کا اس قدر اثر ہوا کہ اس منظر کو نہ دیکھ سکا۔ اور اُدھر سے مُنہ پھیر لیا۔ اور اُس کی آنکھون سے ایک سیلاب جاری تھا۔ جس چتا پر باندھ کے جون جلائی گئی وہ اتنی بلند تھی کہ اگر کسی مین کسی قسم کا ہمدردی کا جوش بھی پیدا ہوتا تو وہ اُس کی کچھ مدد نہ کر سکتا۔ آخر دم بھر مین شعلون نے اُس کی سینہ شگاف چیخین موقوف کرکے اُسے ہمیشہ کے لیے خاموش کیا۔ پھر اُسے جلا کے خاک کردیا۔ اور جلنے کے بعد اُس کی خاک دریاے سین کے اوپر ہوا مین اُڑا دی گئی۔ تاکہ اُس کے جسم کا ذرہ بھی کسی کے ہاتھ نہ آسکے۔ خیر اُس عہد کے سنگدل بے عقلون نے اُس کی فانی تصویر تو مٹا دی مگر اُس کے روشن نام کا مٹانا امکان سے باہر تھا۔

بیگناہی کسی نہ کسی وقت ظاہر ہوتی ہی ہے۔ اور ظالمون کو اپنا ظلم ضرور محسوس

ہو جاتا ہے۔ مگر اُسوقت سوا پچھتانے کے کچھ نہین ہو سکتا۔ جون آف آرک کے جلائے جانے کے ۲۰ برس بعد پیرس کے بشپ (لارڈ پادری) اور نیز دوتہ الکبری کے بشپ نے آزادی سے یہ فتوی جاری کیا کہ جون کے حق مین جو فیصلہ کیا گیا وہ غیر منصفانہ اور سراسر ظالمانہ تھا۔ اور اُس کے ساتھ ہی فرانس کے ادنی و اعلی سب لوگ جون کے بیگناہ قتل کیے جانے پر پچھتانے اور کفِ افسوس ملنے لگے۔

کی مرے قتل کے بعد اُسنے جفا سے توبہ ہائے اُس زود پشیمان کا پشیمان ہونا

جو جو زمانہ گذرتا جاتا تھا فرانس والون کو اپنے دامن پر اُس یادگار زمانہ خون ناحق کا دھبہ زیادہ اُبھرتا نظر آتا تھا۔ اور کچھ سمجھ مین نہ آتا تھا کہ اس ناحق شناسی کے بار کو اپنے سینے پر سے کیونکر ہٹائین؟ آخر ۱۸۲۰ء مین جون کے وطن ڈومرمی مین اسکی ایک سنگی مورت بنا کے نصب کی گئی۔ پھر دوسری مورت خاص اُس مقام پر بنا کے قائم کی گئی جہان وہ چتا پر رکھ کے جلائی گئی تھی۔ اس کے چند روز بعد ایک مورت خاص پیرس مین ایک عمدہ موقع پر کھڑی کی گئی جو اُس کی سب مورتون سے زیادہ عمدہ۔ اچھی اور مکمل تھی۔ اس کے بعد ۱۸۵۱ء مین شہر اورلیان والون نے جن کے علاقے مین جون کا وطن ڈومرمی میں واقع تھا اپنے وہان اُس کی ایک مورت بنا کے قائم کی اور ہر سال ۸ مئی کو اُس کی یاد تازہ کرنے کے خیال سے ایک میلا کرنے لگے جو آج تک جاری ہے۔ اس موقع پر جلسے کیے جاتے۔ اور اُن مین ظالمون کی مذمت و ہجو مین پُرجوش و پُرسوز نظمین پڑھی جاتین۔ جنھون نے کمال سنگدلی سے اُس حامیۂ وطن کو اس بے رحمی کے ساتھ قتل کیا تھا۔ اس سلسلے کے جاری ہوتے ہی اُس کی مظلومی کی تصویر دکھانے کے لیے ڈرامے تصنیف ہوے اور وہ یورپ کے تھیٹرون مین دکھائے گئے۔ ناول شایع ہوے۔ اور ہر طرف سے اُس سچی پاک نفس حامیۂ وطن کی طرفداری مین آوازین بلند ہوئین یہان تک کہ ساری دنیا نے تسلیم کر لیا کہ جون نہایت ہی پاک دل اور سچی شہید قوم تھی اور اُس کے قتل کرنے والے بدترین ظالم و سنگدل۔

اُمِّ سلمہ زوجۂ سفّاح

یہ ایک خالص عربی معاشرت کا نمونہ تھا اور اُن کی بھی وہ معاشرت جو اُنکے متمدن بننے کے بعد کی ہے - یہ خاتون یعقوب بن ولید بن عبداللہ بن ولید بن مغیرہ مخزومی کی بیٹی تھی اور اسی شریف قبیلے کی یادگار تھی جس کی ایک مشہور یادگار سیف اللہ خالد بن ولید تھے - وہ حُسن و جمال کے علاوہ بڑی صاحب تمیز سلیقہ شعار اور شایستہ تھی اور خدا نے اُسے مال و دولت سے بھی بہرہ ور کیا تھا - پہلے عبدالعزیز بن عبدالملک بن مروان کے عقد نکاح مین تھی - پھر ہاشم نام ایک معزز دولتمند عرب نے اُس سے نکاح کیا - ہاشم کے بعد ایک دن اپنے مکان مین بیٹھی ہوئی باہر کا یہ منظر دیکھ رہی تھی کہ سامنے سے ایک خوبرو و خوش جمال جوان رعنا کا گذر ہوا - اس جوان کی صورت دیکھتے ہی اُمِّ سلمہ دل مین فریفتہ ہو گئی - اور ہم صحبت خاتونانِ قوم سے دریافت کیا کہ یہ کون شخص ہے - جواب ملا کہ "ان کا نام ابوالعباس سفاح ہے اور عم رسول اللہ حضرت عباس کی نسل سے ہین"

ان دنون بنی اُمیہ کی حکومت تھی اور بنی ہاشم عام اس سے کہ فاطمی ہون یا عباسی غربت و فلاکت مین مبتلا تھے - عہدہ دارانِ سلطنت اور معزز سوسائٹی مین بھی اُن کی ایسی قدر و منزلت نہ تھی کہ کوئی دولتمند عورت اُن کی طرف توجہ کرتی - مگر اُمِّ سلمہ مخزومیہ ابوالعباس سفاح کی صورت پر کچھ ایسی فریفتہ ہوئی کہ کسی بات کا بھی خیال نہ کیا اور اپنی ایک لونڈی کو اُن کے پاس بھیج کے خود ہی نکاح کا پیغام دیا اور پیام کے ساتھ سات سو اشرفیان بھیجین کہ یہ آپ کی نذر ہین - لونڈی نے آکے سفاح کو یہ پیام دیا تو اُنھین اپنی اس خوش اقبالی پر حیرت ہوئی اور اس سے کہا "مگر مین تو مفلس و نادار ہون" اُنھون نے ناداری کا شکوہ کیا تو اُس نے وہ سات سو اشرفیان پیش کر دین کہ "روپئے کی ضرورت ہے تو ہماری بی بی نے خود ہی یہ رقم تمھاری نذر کی ہے" اب کیا تھا سفاح خوش خوش اپنے گھر آئے - پھر اُمِّ سلمہ کے بھائی کے پاس جا کے شادی کا پیام دیا - اُنھون نے قبول کیا اور

اور دو ہی چار روز مین پانچ سو اشرفی مہر پر نکاح ہو گیا۔

شب کو ابو العباس سفاح جب حجلۂ عروسی مین داخل ہوے تو دیکھا کہ دولھن ایک شہ نشین پر بیٹھی ہوئی ہے جس پر مغرق و مرصع فرش ہے۔ بال بال موتی پروئے ہوے ہین۔ اور سارے پنڈے مین کوئی جگہ نہین ہے جہان سے جواہرات نمونہ دے رہے ہون۔ دولتمندی کا ایک ایسا نمونہ اور ایسا آنکھون کو خیرہ کر دینے والا منظر کبھی ان غریب کی نظر سے نہین گذرا تھا بہوت و ششدر کھڑے رہ گئے اور کسی طرح قدم بڑھانے کی جرأت نہ ہوئی۔ تب ام سلمہ نے لونڈیون کو بلا کے شہ نشین کے نیچے مسند بچھوائی اور گرمیون کے سادے کپڑے زیب بر کیے۔ مگر اب بھی امارت و حسن کا ایسا رعب تھا کہ سفاح کو ہاتھ لگانے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ آخر ان کا دل بڑھانے کے لیے دولھن نے خود ہی کہا "تم گھبراؤ نہین۔ آؤ پاس بیٹھو اور باتین کرو۔" غرض ام سلمہ کی دلدہی سے سفاح مین اتنی جرأت پیدا ہوئی کہ دولھا دولھن ایک دوسرے سے مانوس ہوے۔

اس کے بعد سفاح کی یہ حالت تھی کہ نام کو تو شوہر تھے مگر حالت دیکھیے تو یہ معلوم ہوتا تھا جیسے بی بی کے غلام بے درم ہین۔ حلف اٹھا لی کہ زندگی بھر تمھارا ہی رہون گا۔ نہ کوئی اور شادی کرون گا اور نہ کسی لونڈی سے کبھی سروکار رکھون گا۔ میان بیوی مین حد سے زیادہ محبت تھی۔ ابو العباس کوئی کام بغیر بی بی کے مشورے کے نہ کرتے تھے۔ اور کبھی ان کی مرضی کے خلاف نہ کرتے۔ الغرض نہایت ہی آرام و آسایش سے گذر رہی تھی۔ بی بی کی دولت نے سفاح کو بھی ایک رئیس اعظم بنا دیا تھا اور خدا نے مسرت کو اور ترقی دینے کے لیے اولاد بھی عطا فرمائی تھی۔ اس طرح ابو العباس کی اقبالمندی کا پہلا نمونہ اس صاحب مال و جمال بی بی ہی کی ذات سے نظر آیا۔

چند روز بعد انقلاب زمانہ نے بنی امیہ کا دفتر الٹ دیا۔ بنی عباس کا ستارۂ اقبال چمکا۔ خلافت اسلامیہ کا تاج سفاح کے سر پر رکھا گیا۔ اور دنیا کا سب سے بڑا شہنشاہ وہی شخص بن گیا جسے اپنی فلاکت سے دولتمند بی بی کے پنڈے مین ہاتھ لگانے کی جرأت نہ ہوتی تھی جو افلاس کی کمزوری سے بی بی کا درم ناخریدہ غلام بنا ہوا تھا۔ اور اس کی

صورت دیکھ کے ڈرتا اور سہما جاتا تھا مگر ہاشمی شرافت کے اثر سے مالک تاج و دیہیم ہونے کے بعد بھی سفاح کے تعلقات اپنی نازآفرین بی بی ام سلمہ سے ویسی ہی رہے۔ اور اب بھی مجال نہ تھی کہ کوئی کام اُس کی مرضی کے خلاف کریں یا کسی اور عورت کو آنکھ اُٹھا کے دیکھیں۔ لیکن حکمرانی و جہان پناہی نے اب دربار اور صحبت میں بعض ایسے لوگ بھی پہونچا دیے جو امرا کے دلوں میں طرح طرح کی خواہشیں اور ہوسیں پیدا کر کے اُن کی سیہ کاری و عیش پرستی سے خود فائدہ اُٹھایا کرتے ہیں۔

چنانچہ ایک بڑے زبان آور اور لسان مصاحب خالد بن صفوان نے موقع پا کے ایک دن تنہائی میں عرض کیا "امیر المومنین! مجھے حضور کی حالت دیکھ کے بڑا تعجب آتا ہے۔ اقتدارات خدا نے ایسے دیے ہیں کہ چاہے کیسا ہی حکم ہو مجال نہیں کہ اس کی تعمیل میں ایک لمحے کی بھی دیر ہو سکے۔ قلمرو اتنی بڑی ہے کہ ساری دنیا تابع فرمان ہے۔ اور باوجود اس سطوت و جبروت کے ایک عورت حضور پر حاکم ہے اور اُسکے بندۂ فرمان بنے ہوئے ہیں۔ وہ بیمار ہو تو حضور بیمار ہیں۔ گھڑی بھر کو نظر سے اوجھل ہو تو حضور آپے میں نہیں ہیں۔ ایک اُسکے بس میں ہونے کی وجہ سے حضور نے ساری لطف اور دُنیا کی تمام لذتیں اپنے اوپر حرام کر لی ہیں۔ حتیٰ کہ حضور کو یہ بھی معلوم نہیں ہونے پاتا کہ سیستان عالم میں خدا نے کیسی کیسی نازآفرین دلربائیں پیدا کی ہیں۔ کوئی قیامت قامت ہے۔ کوئی ماہ طلعت ہے۔ کوئی گُل رخسار ہے۔ کوئی چھریری اور نازنین ہے کوئی سانولی اور نمکین ہے۔ کوئی مدینے کی جادو بیان ہے جو اپنی پیاری پیاری باتوں میں لبھا لیتی ہے۔ کوئی کوفے یا بصرے کی شیریں زبان ہے جس کی چتونیں زہر کا اثر رکھتی ہیں۔ کسی کی زلفیں دل کو اپنے پھندے میں پھانس لیتی ہیں کسی کی سُرمگیں آنکھوں کے تیر کلیجے میں اُتر جاتے ہیں"۔

اسی طرح خالد بن صفوان دیر تک طرح طرح کے حسنوں کی تصویریں سفاح کی آنکھوں کے سامنے کھینچتا رہا۔ یہاں تک کہ اُس کا دل ڈانواڈول ہو گیا اور دل میں کہنے لگا "یہ سچ تو کہتا ہے۔ اپنی اس حماقت کے باعث میں کیسی کیسی لذتوں سے محروم ہوں"۔

اب خالد تو آگ لگا کے چلتا بنا اور دل میں خوش تھا کہ میں نے میدان مار لیا۔

اگر میری باتون مین آکے سفاح نے کسی دوسری عورت کی طرف توجہ کی تو پھر مجھ سے زیادہ کوئی خوش نصیب نہ ہوگا۔ اور سفاح کی یہ حالت تھی کہ ایک سوچ مین پڑا ہوا تھا۔ اور کوئی فیصلہ نہ کر چکتا تھا۔ اسی حالت مین تھا کہ اُم سلمہ آئی اور اُسے ملول و حزین دیکھ کے سبب پوچھنے لگی۔ بار بار اُسے تسلی دیتی تھی اور کہتی تھی "آخر آپ کو کس بات کی فکر ہے؟ کسی بیرونی حریف نے سر اُٹھایا ہے؟ کسی نے بغاوت کی ہے؟ کوئی ہنگامہ اُٹھ کھڑا ہوا ہے؟ آخر کون سی ایسی بُری خبر آئی ہے جو آپ اس قدر متفکر ہین؟" سفاح "خبر وبر کوئی نہین آئی" اُم سلمہ "پھر دنگوڑی کون سی بات ہے جس کے لیے دشمن یون پریشان ہو رہے ہین؟" سفاح "کچھ نہین" اُم سلمہ "کچھ تو ضرور ہے"

سفاح "ایک یوں ہی سی بات ہے جو تم سے کہنے کی نہین"

اُم سلمہ "اور مین بے پوچھے نہ رہون گی"

آخر اُم سلمہ نے "بتاؤ" "لے جلدی بتاؤ" کی یہان تک رٹ لگائی کہ مجبوراً سفاح نے ساری سرگذشت سُنا دی اور خالد نے جو کچھ کہا تھا بی بی کے سامنے دوہرا دیا۔ سنتے ہی اُم سلمہ کے تن بدن مین آگ لگ گئی اور غصے کے تیورون سے پوچھا۔ "اور تم نے اُس حرام زادے کو اس کا کیا جواب دیا؟" اس پر سفاح نے برآشفتہ ہو کے کہا "واہ! وہ تو مجھے نیک مشورہ دیتا ہے اور تم اُسے کوستی ہو!" شوہر سے یہ جواب پا کے اُم سلمہ طیش مین بھری ہوئی وہان سے اُٹھ کے اپنی محلسرا مین گئی۔ اور دس چوبدارون کو بُلا کے حکم دیا کہ اسی وقت خالد بن صفوان کے مکان پر جاؤ اور اُسے اتنا مارو کہ اُس کا کوئی عضو صحیح و سالم باقی نہ رہے"

میان خالد گھر مین بیٹھے ہوئے شاہی انعام کے امیدوار تھے اور وہ راہ دیکھ رہے تھے کہ کوئی شاہی غلام خلعت اور نقد جواہرات لیے ہوئے آتا ہی ہوگا کہ ناگہان ڈیوڑھی پر چوبدار نمودار ہوئے۔ اور دروازے پر پہونچ کے پوچھا "خالد بن صفوان کہان رہتے ہین؟" آپ لپک کے بے اختیار باہر نکل آئے۔ اور جوش مسرت سے از خود رفتہ ہو کے کہا "ہان ہان جی مین ہی ہون۔ جو کچھ انعام لائے ہو دو" انھون نے کہا "لو" اور بے تکان پیٹنا شروع کیا۔ یہ حالت دیکھی تو آپ گھبرا کے بھاگے۔

گھر مین گھس کے دروازہ بند کرلیا - اور زیادہ نہین پٹنے پائے - مگر ڈر کے مارے گھر سے قدم باہر نکالنے کی جرأت نہ ہوتی تھی -

انھین گھر مین بند پڑے پڑے کئی دن ہوگئے اور سفاح کے غلام روز آ آ کے پلٹ جاتے تھے - یہان تک کہ تیسرے چوتھے دن اُنھون نے پکڑ پایا - اور کہا "چلو امیر المومنین بُلاتے ہین - کئی دن سے کہان بھاگے ہوے تھے کہ ہم روز آ آ کے پلٹ جاتے ہین" مگر اب خالد کا خون خشک تھا - اور دل مین موت کا یقین تھا - مارے باندھے سفاح کے دربار مین پہونچے - سفاح تنہا تھا - مگر اُس کے پیچھے ایک کھڑکی مین باریک زرنگار پردہ پڑا ہوا تھا جس کے اُدھر حرکت بھی محسوس ہوتی تھی - خالد دل مین سمجھ گیا کہ بادشاہ کے پیچھے پادشاہ بیگم بھی موجود ہین - سفاح نے صورت دیکھتے ہی کہا "تین دن سے کہان تھے؟" عرض کیا "حضور غلام بیمار تھا ورنہ ضرور حاضر ہوتا" سفاح نے کہا "پچھلی صحبت مین تم نے حسین و پرجمال عورتون کی کچھ ایسی صفتین بیان کی تھین جیسی مین نے کبھی نہین سُنی تھین - تمھاری اُن باتون مین مجھے بڑا مزہ آیا تھا جو اس وقت تک یاد ہے - ذرا اُن باتون کو پھر میرے سامنے بیان کرو" خالد نے کہا "بہتر - مین نے عرض کیا تھا کہ جس کسی نے ایک بی بی کے ہوتے دوسری بی بی کی مزہی اُٹھایا ——" سفاح نے برہم ہوکے کہا "ہائین! یہ تم نے کب کہا تھا؟" خالد "حضور خدا کی قسم یہی - اور عرض کیا تھا کہ تین بیبیون کا گھر بس ایک پتیلی ہے جو برابر اُبلے جاتی ہو" یہ سنتے ہی ابو العباس بگڑ کے بولا "خدا کی قسم تو نے یہ نہین کہا تھا - اگر یہ کہا ہو تو مین قرابت رسول اللہ صلعم سے محروم ہون" خالد "اور حضور مین نے یہ بھی تو عرض کیا تھا کہ چار بیبیان شوہر کے لیے صریح آفت ہین - اُسے بوڑھا اور پیر فانی بنا دیتی ہین - اور بیمار ڈال دیتی ہین" سفاح "(جوش اضطراب مین) "خدا کی قسم مین نے یہ باتین کبھی سُنی ہی نہین نہ تجھ سے اور نہ کسی اور سے" خالد "جی خداوند - مین نے تو بس یہی عرض کیا تھا" سفاح "ارے کمبخت میرے مُنہ پر جھوٹ بولتا ہے!" خالد "(چلّا کے) "تو کیا حضور میری جان لینا چاہتے ہین؟" سفاح "تو نے کہا تھا کہ ایسی ایسی حسین عورتین ——" خالد (بات کاٹ کے) "جی ہان مین نے عرض کیا تھا

کہ یہ حرم کی دوشیزہ لونڈیان ایسی سنڈیان ہین کہ عورت ہونا کیسا یہ تو سوا مرد ہین۔ اُن کے عورت ہونے مین بس ایک ہی بات کی کسر رہ گئی ہے" خالد کے اس فقرے پر پردے کے پیچھے سے ایک قہقہے کی آواز آئی۔ اور ساتھ ہی خالد نے کہا "اور حضور مین نے یہ نہین عرض کیا تھا کہ بنی مخزوم قریش کا پھول ہین۔ اور آپ کے پاس تو سارے پھولون مین سے چُنا ہوا ایک اعلیٰ درجے کا خوشرنگ و شاداب مہکتا پھول موجود ہے اور باوجود اس کے آپ دوسری آزاد بیبیون اور لونڈیون پر نظر ڈالتے ہین!" میرے اس جملے کے ختم ہوتے ہی پردے سے آواز آئی۔ "بیشک تم نے امیرالمومنین سے یہی کہا ہوگا مگر اُنھون نے اسکے عوض اپنے دل سے نئی نئی باتین اپنی ہوس کے مطابق بنالین اور انھین تمھاری جانب منسوب کردیا" اب اُم سلمہ تو پردے کے پیچھے بیٹھی ہنس رہی تھی۔ اور سفاح کی یہ حالت تھی کہ خالد کو گالیان دے رہا تھا "خدا تجھے غارت کرے! خدا تجھ سے سمجھے!" اُسے برہم دیکھ کے خالد سامنے سے کھسک گیا۔ خلیفہ کے سامنے جاتے وقت تو اُسے موت کا یقین تھا مگر واپسی مین ام سلمہ کی مہربانی سے زندگی کی امید پیدا ہوگئی۔ گھر پہونچا ہی تھا کہ اُم سلمہ کے خدام جو پہلے اُس کے زدوکوب کے لیے آئے تھے حاضر ہوے اُسے بادشاہ بیگم کی مہربانی کا یقین دلایا۔ اور دس ہزار درہم۔ خلعت کی ایک کشتی۔ ایک بڑے قدوقامت کا گھوڑا اور ایک غلام ملکۂ جہان کی طرف سے اُس کے حوالے کیا۔ اور واپس گئے۔

پھر اسکے بعد نہ کبھی کسی کو سفاح کے بہکانے کی جرأت ہوئی اور نہ خود اُسے کسی دوسری عورت کا خیال آیا۔ زندگی بھر اپنی پُرانی بی بی ام سلمہ سے نباہی۔ اور اُس کا ویسا ہی تابع فرمان بنا رہا جیسا کہ پہلے تھا۔

کیتھرائن ملکۂ روس (اول)

مملکت روس مین اس نام کی دو ملکائین گذری ہین۔ مگر حُسن کی کرشمہ سازیون کا سب سے زیادہ مکمل نمونہ پہلی کیتھرائن ہے جس کے دلچسپ حالات لکھنے کے لیے ہم نے قلم اُٹھایا ہے۔

جن لوگون نے نورجہان بیگم کے حالات پڑھے ہین وہ تعجب کرتے ہین کہ کس غربت و مصیبت اور فلاکت و مسکنت کی حالت مین پیدا ہوئی اور محض اپنے حسن و جمال کی قوت سے کس اعلیٰ عروج اور کس شان و شوکت اور عظمت و جبروت کے درجے کو پہونچ گئی۔ لیکن مقابلہ کرکے دیکھیے تو کیتھرائن کے حالات نورجہان سے زیادہ حیرت انگیز نظر آتے ہین جو گمنامی مین پیدا ہوئی۔ ایک معمولی سپاہی کے ساتھ نکاح ہوا۔ لونڈیون کی طرح گرفتار کرکے اپنے وطن سے لائی گئی۔ اور آخر اپنی خوش جمالی کی قوت سے پٹرس اعظم شہنشاہ روس کی ملکہ ہی نہین اُسکے دل و جان کی مالک ہوگئی۔ ان دونون مشرقی و مغربی شہنشاہ بیگمون مین یہ فرق بھی نظر آتا ہے کہ نورجہان بیگم باوجود اعلیٰ اقتدارات اور اپنے نام کا سکہ تک جاری کرانے کے نہایت ہی پاکدامن و عصمت شعار تھی اور ہر حال مین اُس کا دامن بے عصمتی کے دھبون سے پاک رہا۔ بخلاف اسکے کیتھرائن اپنے دامن کو بدکاری و بے عصمتی کی نجاست سے نہ بچا سکی بلکہ اُس کے عروج کا آغاز ہی بدکاری سے ہوا۔

یورپ کے انتہائی شمال مین اور قطب شمالی سے قریب ایک جزیرہ نما ہے جو ممالک سویڈن اور ناروے پر حاوی ہے۔ یہ جزیرہ نما نقشے مین ایسا نظر آتا ہے کہ گویا بر اعظم کے درخت سے بید مجنون کی سی ایک شاخ لٹک کے بائین طرف جھک پڑی ہے۔ اسی سرزمین مین ایک چھوٹا سا صوبہ لیوونیا کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ جو سویڈن کی قلمرو مین شامل ہے۔ سلطنت سویڈن کی فوج کا ایک ادنیٰ درجے کا افسر جان راب نامی لیوونیا مین رہتا تھا جس کے گھر مین آج سے دو صدی پیشتر ۱۶۸۲ء مین ایک لڑکی پیدا ہوئی جو اُس وقت عزیزون اور ہموطنون کو نہایت ہی منحوس و سبز قدم نظر آئی۔ ہنوز زمان کے پیٹ ہی مین تھی کہ باپ دنیا سے رخصت ہوگیا۔ بیچاری ماں نہایت ہی افلاس و فلاکت کی حالت مین تھی کہ باپ دنیا سے رخصت ہوگیا۔ اور بیوہ ایسی تباہی و مصیبت مین پڑ گئی کہ نہ کوئی خبرگیران تھا اور نہ کوئی پرسان حال۔ تاہم فقر و فاقہ کے ساتھ بسر کرکے تین سال تک دودھ پلایا۔ مگر بمشکل رضاعت کی مدت بھی پوری کرنے پائی تھی کہ مصائب زمانہ کو نہ برداشت کرسکی۔ اور ایڑیان رگڑ رگڑ کے مر گئی۔

اب اس تین برس کی ننھی سی جان کا کوئی والی وارث نہ تھا۔ گانوں کے ایک اور شخص کو ترس آگیا۔ اپنے گھر لے گیا اور چند سال رکھ کے پالا۔ اسکے چند روز بعد ایک پرٹسٹنٹ پادری نے اُسے شہر "مرین مرگ" مین لیجا کے رکھا اور اپنے لڑکون کی خدمت پر مامور کیا۔ اب یہ لڑکی ذرا ہوشیار ہو چکی تھی۔ پادری صاحب کے لڑکون کی خدمت بڑی سرگرمی اور شوق سے بجا لاتی اور جہان تک بنتا انھین آرام پہونچاتی۔ پادری صاحب کے لڑکے تعلیم پاتے تھے۔ یہ لڑکی پاس بیٹھ کے اُنکو سبق یاد کرنے کا شوق دلاتی اور ساتھ ہی ساتھ اُن سے سیکھ سیکھ کے خود بھی لکھتی پڑھتی اور علم و فضل مین ترقی کرتی۔ یہ لڑکی جیسی حسینہ و جمیلہ تھی ویسی ہی ذہین و طباع۔ پادری صاحب کے لڑکون نے تو خیر کچھ نہ کچھ ترقی کی ہی ہوگی مگر اس تو خیز اور ذہین لڑکی نے چپکے ہی چپکے لکھ پڑھ کے علم و فضل مین جو مرتبہ حاصل کر لیا بہت غیر معمولی تھا۔

اب اس حسین و پری جمال دوشیزہ کا عہد شباب تھا۔ ع "جوانی کی راتین مرادون کے دن"۔ جوانی کی اداؤن نے حسن کی آب و تاب کو چمکا دیا اور شباب نے اُس کی نظر فتان کے تیرون پلکون کے خنجرون اور ابرووں کی تلوارون پر باڑ رکھ دی۔ سویڈن کی کسی سپاہی کی اُس پر نظر پڑی اور نظر پڑتے ہی گھائل ہو گیا۔ اگرچہ اُس کے حسن کا آفتاب حسینان عالم کے چراغ گل کئے دیتا تھا مگر غربت و فلاکت کے باعث خود اُسے اپنی اور اپنے اُس زاہد فریب حسن کی قدر نہ تھی۔ اُسی پہلے قدردان حسن کے ساتھ نسبت ٹھہر گئی اور سنہ ۱۷۱۰ء مین نکاح ہو گیا۔

شادی کو مشکل سے پورا سال گذرا ہوگا کہ سلطنت روس نے سویڈن پر چڑھائی کر کے شہر مرین برگ پر قبضہ کر لیا۔ اس موقع پر بھی یہی نظر آیا کہ مصیبت اور بُری قسمت نے ابھی تک اُس غریب لڑکی کا ساتھ نہین چھوڑا۔ کیونکہ اُس کا شوہر وطن کی حمایت مین مارا گیا۔ اور روسی جنرل باور زبردستی پکڑ کے اُسے اپنے ساتھ روس لے آیا۔

یہی حسین لڑکی کیتھرائن تھی جو ایسی تباہیون اور بدقسمتیون کے ساتھ گرفتار ہو کے ملک روس مین آئی ہے۔ لیکن اُس کے یہان آنے کی شان اگرچہ نہایت ہی

بیچارگی و بے حرمتی اور بیکسی و بے بسی کی تھی مگر معلوم ہوتا ہے کہ نحوست و بدقسمتی کو وہ اپنے وطن ہی مین چھوڑتی آئی - کیونکہ اُسی وقت سے نصیبے نے یاوری شروع کی - اور اب اُسے پستی سے بلندی اور ذلت سے عزت کی طرف عروج حاصل ہونا شروع ہوا - گرفتاری و اسیری سے پیشتر اُس کی زندگی ایسی گمنامی کی حالت مین گذری تھی کہ اُسوقت کے جو کچھ حالات ابھی بیان کیے گئے ہین اضافے سے زیادہ وقعت نہین رکھتے - مختلف راوی مختلف حالات بیان کرتے ہین اور اِس زمانے کے مورخون کو اُن کا بہت کم اعتبار ہے - تاہم جو کچھ واقعات ہم نے بیان کیے ہین یہی سب مین زیادہ معتبر تصور کیے جاتے ہین -

الغرض جنرل باور نے کیتھرائن کو لاکے اپنے گھر مین رکھا - چونکہ جنرل باور سے اور اُس عہد کے روسی رئیس اعظم لارڈ مسچی کوف سے دوستانہ تعلقات تھے لہذا کیتھرائن کی رسائی لیڈی مسچی کوف کے گھر مین ہوئی - یہ معزز خاتون ستم زدہ کیتھرائن کے حال پر مہربانی کرتی تھی اور اسے اپنے اوپر مہربان دیکھ کے کیتھرائن کبھی کبھی اُسکے وہان چلی جاتی تھی - اتفاقاً ایک دن اُس پر لارڈ مسچی کوف کی نظر پڑگئی اور پہلی ہی نظر مین یہ عالم ہوا کہ ع "صبر رخصت ہوا اک آہ کے ساتھ" - گو یہ لارڈ صاحب ابھی اپنی آرزوئین دل ہی مین چھپائے ہوے تھے کہ ایک دن اُنکے گھر مین شہنشاہ پٹرس اعظم آیا - اُس نے جو کیتھرائن کی بانکی چتونین دیکھین تو بے اختیار دل ہاتھ سے نکل گیا - پاس بُلا کے کچھ پوچھا گچھا - جواب مین اُس کی میٹھی میٹھی باتون اور سُریلی آواز نے اور زیادہ سحر آفرینی کی - اور شہنشاہ زخمی دل کے ساتھ اپنے ایوان شہریاری مین گیا - مگر دل کی یہ حالت تھی کہ کیتھرائن کی صورت ہر وقت نظر کے سامنے پھرتی رہتی - آخر دل کے ہاتھون مجبور ہوکے شہنشاہ پٹرس نے کیتھرائن سے راہ و رسم پیدا کیا - تعلقات بڑھائے - اور اب یہ حالت تھی کہ کیتھرائن کی شوخ نگاہین اور چلبلی ادائین روز بروز زیادہ اثر کرتی جاتی تھین -

پٹرس چند ہی روز پہلے اپنی پہلی بی بی کو اختلاف مذاق اور باہمی نااتفاقی کی وجہ سے طلاق دے چکا تھا - اور اُس کا دل پیشتر ہی سے کسی ایسی حسینہ کو ڈھونڈھ رہا تھا جسے ہمدم و ہمراز بنا کے اپنے درد و دُکھ مین شریک کرے - لیکن ایک ایسی ادنیٰ

درجے کی مجہول الحال عورت کو یک بیک اپنا شریک سلطنت بنانے کی جرأت نہ ہوسکی
خفیہ طور پر کیتھرائن سے ناجائز تعلقات پیدا کرلیے - کیتھرائن نے شہنشاہ کا دل
اپنے ہاتھ مین لینے کے بعد روز بروز ایسی جان ستان اداؤن اور دلربائی کے
ناز و انداز سے کام لیا کہ چند ہی روز مین بادشاہ اُس کا دم نا خریدہ غلام تھا -
آخر پٹرس کو اس مین بھی چین نہ پڑا کہ اپنے دل کی مالک معشوقہ سے مخفی تعلقات
رکھے اور ظاہر مین نہ مل سکے - پوشیدہ طور پر رومی گرجا مین لیجاکے اور پادریون
سے ساز کرکے اُس کے ساتھ بالکل مخفی طور پر نکاح پڑھوالیا - اور کیتھرائن الکزینا
اُس کا لقب قرار دیا - اب چپکے ہی چپکے تمام امرا مین نکاح کی بابت سرگوشیان
ہورہی تھین جن کا اثر یہ تھا کہ مخالفت کا ہنگامہ دبے ہی دبے سرد پڑ گیا - اور
سب لوگ اس خبر سے مانوس ہوگئے کہ شہنشاہ کی بی بی ایک ادنیٰ درجے کی مجہول
الحال عورت ہے - لیکن شہنشاہ کے دل کو ابھی تک چین نہ تھا - وہ اس بات کو
بھی گوارا نہ کرسکتا تھا کہ مین تخت سلطنت پر بیٹھ کے دربار کرون اور میرے پہلو
مین شہنشاہ بیگم کی حیثیت سے کیتھرائن نہ بیٹھی ہو - آخر جب کسی طرح صبر نہ آیا تو
۱۷۱۷ء مین اپنے اس نکاح کا اعلان کردیا - اس وقت کیتھرائن کی عمر پورے
۳۰ سال کی تھی جبکہ نہ وہ ایک الھڑ عروس چاردہ سالہ تھی اور نہ ایسی سن رسیدہ
کہ حسن و جمال کا انحطاط شروع ہوگیا ہو - خلاصہ یہ کہ اُس زمانے مین وہ ایک ایسی
معشوقہ شیرین ادا تھی جو دلربائی و دلبری کے فن مین پورا کمال رکھتی ہو - اب کیا تھا
جلوت و خلوت مین ہر جگہ کیتھرائن شہنشاہ کے ہمراہ تھی - تمام مہمات سلطنت مین
مشورہ دیتی تھی اور ملک پر جیسی حکومت کیتھرائن کررہی تھی خود پٹرس بھی نہ
کرسکتا تھا -

اظہار نکاح کی محرک یہ بات ہوئی کہ ۱۷۱۱ء مین دولت عثمانیہ اور سلطنت
روس مین لڑائی چھڑ گئی - فوج کشی کی ضرورت سے پٹرس کو میدان جنگ مین
جانا ضروری تھا - مگر پیاری کیتھرائن کو چھوڑ کے جانا اُس کے امکان سے باہر تھا
کیونکہ بغیر اُس کے ایک دم کے لیے بھی چین نہ آسکتا تھا - اور بہت غور و فکر کے
بعد جب اُسے یقین ہوگیا کہ کیتھرائن کے فراق کو مین کسی طرح برداشت نہ

کر سکون گا تو اپنے اُس کے تعلقات عالم آشکارا کر دیے۔ اور بے تکلف نکاح کا اعلان کر دیا گیا۔ سارے امرائے ملک کو اپنی آزادی بچانے کی فکر تھی کسی نے اُس نکاح کو سُن کر جس کو سُن سُن پہلے ہی پا چکے تھے ناراضی نہیں ظاہر کی اور پٹرس اعظم کیتھرائن کو ایک عالی مرتبہ شہنشاہ بیگم کی شان سے ہمراہ لے کے جوش و خروش کے ساتھ میدان جنگ کی طرف روانہ ہوا۔

اس سفر نے کیتھرائن کو پٹرس کی نظر مین اور زیادہ عزیز بنا دیا۔ اپنے طرز عمل سے اُس نے خوب اچھی طرح ثابت کر دیا کہ وہ فقط ایک ناز آفرین و مہ جبین معشوقہ نہین بلکہ ایک انیس و ہمدرد بی بی۔ بلند حوصلہ و اُلوالعزم ملکہ اور صائب الرائے مشیر و مدبر بھی ہے۔ وہ ہر معاملے مین شہنشاہ کو اچھی اور صائب رائے سے مشورہ دیتی تھی۔ افکار و آلام مین اُس کی دلداری کرتی۔ بیماری میں اعلیٰ درجے کی تیمار دار بن جاتی۔ میدان جنگ مین اُس کے گھوڑے سے گھوڑا ملائے رہتی اور خطرون مین کبھی اُس کے پاس سے جدا نہ ہوتی۔ یہی نہین۔ نیکی اور بھلائی کے کامون پر بادشاہ کو آمادہ کر کے اُس سے ایسے کام کراتی کہ فوج اور رعایا کے دلون پر اُس کی محبت کا نقش روز بروز زیادہ گہرا پڑتا جاتا۔ سپاہیون کے ساتھ وہ نہایت ہی لطف و محبت سے پیش آتی اور خود جا کے غریب سپاہیون کی خدمت کرتی اور تسلی و تشفی کے ساتھ اُنکے حوصلے بڑھاتی۔

مگر اس لڑائی مین ترک روز بروز غالب ہی آتے جاتے تھے۔ عثمانی عساکر بڑھتے چلے آتے تھے اور روک تھام کی کوئی تدبیر نہ بن پڑتی تھی۔ ترکی لشکریون نے شہنشاہ پٹرس کو نہایت عاجز کر دیا اور اُسے شکست و ناکامی کا بالکل یقین ہو گیا۔ ایسی نازک حالت مین وہ ملول و حزین متفکر و پریشان اپنے خیمے مین تن تنہا جا کے بیٹھ رہا اور روسیون کو حکم دے دیا کہ خبردار کوئی شخص چاہے کوئی ہو میرے خیمے کے اندر قدم نہ رکھنے پائے۔ کیتھرائن نے اُس کی یہ حالت سُنی تو بیتابی کے ساتھ دوڑی گئی۔ سپاہیون نے منع کیا مگر اُس نے پروا نہ کی اور بے تکلف خیمے کے اندر گھُسی چلی گئی۔ شہنشاہ اُس کی صورت دیکھ کے خوش ہوا۔ گویا یہ پیاری محبت بھری صورت دیکھ کے دل کو تسلی ہو گئی اور بولا "خوب آئین! اس وقت تمھاری

ہی ضرورت تھی - تمھاری رائے اکثر صائب ہوا کرتی ہے - اب بتاؤ کہ اس معاملے مین کیا کرون ؟" کیتھرائن نے غور کرکے کہا "میرے نزدیک تو یہ مناسب ہے - کہ آپ ترکون سے صلح کرلین اور حکم دے دین کہ اُن کے جن جن شہرون پر روسیون نے قبضہ کیا ہو چھوڑ دیے جائین - رہا یہ امر کہ آپ سمجھتے ہین اب ترک صلح پر راضی نہ ہون گے - اس کی مین ذمہ دار ہون - اور وعدہ کرتی ہون کہ آپ کا اشارہ پاتے ہی محمد پاشا سپہ سالار روم کو راضی کرلون گی" اس کی یہ تجویز سُن کے پیٹرس خوش ہوا اور اُسے صلح کی تحریک کرنے کی اجازت دی - کیتھرائن نے شہنشاہ کا اشارہ پاتے ہی ایک معتبر ہوشیار اور عقلمند روسی سردار کو بہت سے زر و جواہر اور قیمتی تحفون اور ہدیون کے ساتھ محمد پاشا کے پاس روانہ کیا - یہ سفارت شہنشاہ کی مرضی کے موافق کامیاب ہوئی - شرائط صلح طے ہو گئے - اور دونون طرف کے لشکر واپس روانہ ہوے - بعض متاخر مورخین کا بیان ہے کہ اس صلح مین کیتھرائن کو دخل نہ تھا - خبر اُسے دخل ہو یا نہ ہو لیکن اس سے انکار نہین کیا جا سکتا کہ خود پیٹرس اعظم کو اس بات کا پورا پورا یقین تھا کہ ترکی سپاہیون کی دستبرد سے مجھے اور میرے لشکر کو ملکہ ہی نے اپنے حسن کارگزاری سے نجات دلائی - چنانچہ اسی زمانے مین کیتھرائن کے احسانات کے ادائے شکریہ کے طور پر پیٹرس اعظم نے معزز و کارگذار خاتونون کی عزت افزائی کے لیے ایک زنانہ اعزازی تمغہ اور خطاب ایجاد کیا جو "سینٹ کیتھرائن" کے لقب سے آج تک مروج ہے -

اس صلح کے تین سال بعد کیتھرائن کے بطن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کی ولادت پر زار روس پیٹرس نے بڑی خوشیان منائین - بی بی کی یاد تازہ رکھنے کے لیے اُس کا نام بھی کیتھرائن رکھا - اور جب تک زندہ رہا ہر سال ایک قومی عید کی حیثیت سے اُس کی سالگرہ منایا کرتا - یہ بھی حُسن اتفاق تھا کہ اِس شاہزادی کے پیدا ہونے سے چند روز پہلے سویڈن کے بیڑون پر روسیون کو نمایان فتح حاصل ہوئی تھی اور وہان کا فرمانروا گرفتار کرکے سینٹ پیٹرس برگ مین لایا گیا - چنانچہ فتحیاب افسرون اور پابزنجیر قیدیون کا داخلہ عین اُسی دن ہوا جس روز شاہزادی کی ولادت پر خوشیان منائی جا رہی تھین - روز اس عید مین " دھوم دھام

اور شان و شوکت پیدا ہو گئی۔

پطرس اعظم نے اس سے پہلے خفیہ طور پر ممالک یورپ کا ایک سفر کیا تھا۔ جس میں اُس نے عالم کی نظر سے مخفی رہ کے وہاں کی ترقیوں اور تاجرانہ اُلوالعزمیوں کو خوب غائر نگاہ سے دیکھا تھا۔ اس سفر نے دل میں شوق پیدا کر دیا تھا کہ یورپ کا ایک سفر علانیہ طور پر اور شاہانہ شان و شوکت سے بھی کرے اور وہاں کے انتظامات سلطنت کو دیکھے۔ چنانچہ اس آرزو کے پورا کرنے کا اب موقع ملا۔ اور ملکہ کیتھرائن کو ساتھ لے کے نہایت ہی کروفر اور شوکت و حشمت سے روانہ ہوا۔

اثنائے سفر میں کیتھرائن کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا جو صرف ایک ہی دن زندہ رہنے کے لیے دنیا میں آیا تھا۔ وضع حمل کی ضرورت سے ملکہ دو چار روز کے لیے ایک مقام پر ٹھہر گئی۔ اور زار روس آگے بڑھ گیا۔ مگر کیتھرائن کو صاحب تاج و سریر شوہر کی مفارقت اس قدر گراں تھی کہ زچگی سے فراغت ہوتے ہی بغیر اس کے کہ اپنی کمزوری و معذوری کا کچھ بھی خیال کرے چل کھڑی ہوئی اور جلد جلد منزلیں طے کر کے اُس سے جا ملی۔

اب پطرس اعظم کو دنیا میں ملکہ کیتھرائن سے زیادہ محبت کسی سے نہ تھی۔ محبت ہی نہیں اپنے آرام اور اپنی زندگی کو اس کی زندگی سے وابستہ سمجھتا تھا۔ بدنصیبی سے خدا نے اُسے کوئی وارث تاج و تخت بیٹا نہیں دیا تھا جس کے دم سے آیندہ کی اُمیدیں وابستہ ہوتیں۔ ان مجموعی باتوں نے دل پر اثر کر کے اُسے اس بات پر آمادہ کر دیا تھا کہ جان سے زیادہ پیاری بی بی کو باضابطہ طور پر تاج شہنشاہی پہنائے۔ اور اُس کو اپنا وارث سلطنت قرار دے۔ چنانچہ اُس نے ایک نیا عالیشان گرجا تعمیر کرایا جس کو اپنی شہنشاہ بیگم کے نام سے نامزد کیا۔ اور اُسی کنیسے میں ۱۷۲۴ء میں کیتھرائن کو بڑے جلوس اور نہایت تزک و احتشام سے لیجا کے تاج شہنشاہی پہنایا۔ ملکہ کے جلوس میں خود شہنشاہ ایک فوجی افسر کی طرح پا پیادہ گرجے تک گیا۔ وہاں اپنے ہی ہاتھ سے اُسے تاج قیصری پہنایا اور ملکہ کی تاجپوشی کے بعد اپنی طرف سے ایک اعلان پڑھ کے سُنایا جس کا مضمون یہ تھا:-

"از جانب شہنشاہ اعظم مالک دولت روس پیام جملہ مقتدایان دین و والیان

ممالک و سرداران فوج و امرائے وطن و بہی خواہانِ دولت و رعایائے ممالک محروسہ روس جو لوگ دیانت و امانت کی صفت سے متصف ہین - تم سب جانتے ہو کہ تمام ممالک مسیحی مین قدیم الایام سے رواج چلا آتا ہے کہ سلاطین اپنی شریک زندگی ملکاؤن کو تاج شاہی پہناتے ہین - جس طرح یہ دستور آج جاری ہے اُسی طرح یہ دستور اور منصفانہ طریقہ ازمنۂ ماضیہ مین مسیحی المذہب مشرقی شہنشاہان روم مین بھی برابر جاری تھا - قیصر بازلند نے اپنی ملکہ زنوبیہ کو - قیصر جسٹی نین نے اپنی ملکہ لوئی سینا کو - قیصر ہرقل نے اپنی بی بی مرتینیہ کو - اور قیصر لیون فلسفی نے اپنی بی بی تاریہ کو اور دیگر قیاصرۂ روم نے اپنی شہنشاہ بیگمون کو تاج شہریاری پہنائے جن کی فہرست بتانے کی ضرورت نہین - اس کے ساتھ اس بات سے بھی سب لوگ بخوبی واقف ہین کہ اس پچھلی لڑائی مین جو مسلسل ۱۲ سال تک جاری رہی ہم نے ملک مین امن و امان قائم رکھنے کے لیے سخت سے سخت مصیبتون کا سامنا کیا اور بڑی دشواریون سے لڑتے رہے - بفضلہ تعالیٰ ان لڑائیون کا خاتمہ پوری کامیابی پر ہوا - اور جیسی باوقعت صلح اس موقع پر حاصل ہوئی ہے اس سے پہلے کبھی سلطنت روس کو نہین نصیب ہوئی تھی - اور نہ ہماری قوم کو کبھی ایسا فخر حاصل ہوا تھا جیسا کہ فی الحال اس موقع پر حاصل ہوا - ان مہمون مین ہماری بی بی ملکہ کیتھرائن نے نہایت خلوص دل اور مستعدی و دانشمندی سے ہماری مدد کی - اور بارہا نازک موقع پر جبکہ دریائے پرت کے کنارے عساکر عثمانیہ کے مقابل ہماری فوج کی حالت نہایت ابتر ہوگئی تھی - اور ہمارے سپاہیون کو بہت اضطراب تھا - اُس موقع پر ہمارے پاس صرف بائیس ہزار سپاہی رہ گئے تھے - اور عثمانی لشکر کی تعداد دو لاکھ ستر ہزار تھی - ان مواقع پر اُس سے بڑی بھاری حمیت اور اعلیٰ درجے کی شجاعت ظاہر ہوئی جس سے ہمارے تمام سپاہی واقف ہین - اُس کے ان خدمات کا لحاظ کرکے اور نیز اُن اقتدارات کی بنا پر جو ہمین خدا کی عنایت سے حاصل ہین اُس کی تاجپوشی کا رسم شہر ماسکو مین اس سال کے موسم سرما مین ادا کیا جاتا ہے جس کا اعلان ہمارے اور ہماری ملکہ کے بہی خواہ دوستون مین اس سے پہلے ہی ہو چکا ہے"

لیکن تعجب معلوم ہوتا ہے کہ اس درجۂ کمال تک پہونچنے اور کیتھرائن کے وارث تاج و تخت قرار پا جانے کے بعد یکایک پٹرس اعظم کو اُس کی جانب بدگمانی پیدا ہوئی اور دونوں کی باہمی محبت نفرت و وحشت سے بدل گئی۔ جس کا ظہور یوں ہوا کہ اس تاج پوشی کے برس یعنی ۱۷۲۴ء کے آخر مین پٹرس کو یقین ہو گیا کہ اُس کی ملکہ کو ایک شخص سے ناجائز تعلق ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ملکہ کی عظمت و سطوت کو حد سے زیادہ بڑھ جاتے دیکھ کے بعض امرائے روس کو حسد معلوم ہوا اور اُن کی سازشون نے شہنشاہ بیگم کو اپنے شوہر زار کی نظر مین متہم کر دیا۔ وہ شخص جس کی نسبت خیال تھا کہ ملکہ کا منظور نظر ہے اُسے تو پٹرس نے قتل کرا ڈالا۔ مگر ملکہ کا کچھ نہ بگاڑ سکا۔ اس لیے کہ اُسے اُس بلند درجے سے گرانا جس پر وہ پہونچ چکی تھی آسان نہ تھا۔ شاید زار روس اس پر بھی آمادہ ہو جاتا کیونکہ اُس کے حکم سے سرتابی کرنے کی کسی مین جرأت نہ تھی۔ مگر زندگی نے وفا نہ کی اور ۱۷۲۵ء کی ابتدا ہی مین وہ دنیا سے رخصت ہو گیا۔

پٹرس اعظم کی موت کی نسبت لوگون مین بڑا اختلاف ہے۔ بعض لوگ کہتے ہین کہ ملکہ کیتھرائن ہی نے اُسے زہر دے کے مار ڈالا۔ اس کا کوئی ثبوت نہین ہے اور نہ کوئی باوقعت شہادت موجود ہے کہ ملکہ کو الزام دیا جا سکے۔ لیکن اس مین شک نہین کہ ایسا خیال کرنے کے قرائن موجود تھے۔ چونکہ اب زار روس اپنی اس ملکہ سے نہایت ناراض تھا لہذا ممکن نہین کہ اُس کے آزار پہونچانے کی فکرین نہ کر رہا ہو۔ اور کیا عجب کہ اگر زندہ رہتا تو اپنے شہنشاہی اقتدارات سے جس طرح پہلی بی بی کو طلاق دی تھی اُسے بھی دے دیتا۔ اور کیتھرائن کو جو کچھ عزتین حاصل ہو گئی تھین آناً فاناً خاک مین مل جاتین۔ مگر باوجود ایسے قرائن کے ہمین بغیر کسی کافی ثبوت کے کیتھرائن کو متہم کرنے کا حق نہین حاصل ہے

پٹرس کے مرنے کے بعد کیتھرائن نے اُس کی موت کو کچھ زمانے تک مخفی رکھا۔ کیونکہ وہ چاہتی تھی کہ اپنے مقاصد کے مطابق تدابیر انجام دے لینے اور اپنے طرفدارون کی پارٹی تیار کر لینے کے بعد شہنشاہ کی وفات کو عوام پر ظاہر کرے۔ اس مقصد مین وہ پوری طرح کامیاب ہوئی۔ پٹرس اعظم کے مرنے کی خبر ظہور ہوتے ہی تخت نشینی کے

کے متعلق لوگون مین اختلاف پڑا - مگر لارڈ مینچی کوف اور دیگر امرائے ملک اعلیٰ عہدہ دارانِ سلطنت آرچ بشپ بلاسکو وزیر جنگ اور بہت سے صاحب اثر لوگون کی ایک زبردست جماعت نے بالاتفاق کہا کہ "پیٹر اعظم اپنی ملکہ کیتھرائن کے لیے تخت نشینی کی وصیت کر گیا ہے - اور صاف الفاظ مین بتا گیا ہے کہ اُس کی جانشینی کے لیے ملکہ سے زیادہ کوئی اہل نہین ہے" اس جماعت مین اتنے اتنے بڑے لوگ شامل تھے کہ تمام مخالفون کے حوصلے پست ہوگئے اور کسی کو علم مخالفت بلند کرنے کی جرأت نہ ہوئی - سب نے ملکہ کی اطاعت و فرمانبرداری کا اقرار کیا اور اس طریقے سے لیو دینا کی وہی بدنصیب لڑکی جو اپنی ولادت کے وقت ہر طرح اور ہر بات مین بدقسمت نظر آتی تھی اور انتہا درجے کی مفلوک الحال تھی ۱۷۲۵ء مین سلطنت روس کے سریر شہنشاہی پر جلوہ افروز ہوئی اور دنیا کا ایک بڑا بھاری حصہ اُس کے زیر فرمان تھا -

عنان فرماں روائی ہاتھ مین لیتے ہی اُس نے نظم و نسق سلطنت کی طرف توجہ کی اور اُس کے عہد کے اہم واقعات مین سے یہ امور ہین کہ مجلس اعیان (ہاؤس آف لارڈ) کو اُس نے توڑ دیا - جس کی مملکت روس مین بیحد ضرورت تھی - کیونکہ روس مین امرا کا اثر بہت بڑھا ہوا تھا اور غریبون کی فریاد بہت کم سُنی جاتی تھی - مذہبی لوگون کا اثر اُس سے پہلے حکومت پر غالب تھا اس مین بھی اُس نے مناسب اصلاحین کین - مقتدایان دین کے خطاب و القاب بیکار کر دیے - اور اُنکی حکومت دائرۂ کتب مقدسہ ہی تک محدود کر دی - پادریون کا زور کم کرنے کے ساتھ اُس نے مجلس تعلیمات کو تقویت دی اور کوشش کی کہ ملک مین آزادانہ تعلیم اور علم و فضل کو ترقی ہو - اُس نے اپنے مشیرون کی ایک مخفی مجلس شوریٰ مقرر کی تھی جو اُسی کی ذات تک محدود تھی - اور رعایا پر اُس کے ارکان کا اثر نہ پڑ سکتا تھا -

لیکن افسوس کہ اُس کی زندگی نے بہت جلد بیوفائی کی - اور اپنے شوہر کے بعد کچھ کم تین ہی سال حکومت کرنے پائی تھی کہ بادِ فنا کے جھونکون نے ۱۷۲۷ء مین اُس کی زندگی کا چراغ گُل کر دیا جبکہ اُس کی عمر ۴۲ سال سے زیادہ نہ تھی -

اس روسی سمیرامیس کی زندگی کے کارنامون کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ وہ جیسی صاحب حسن و جمال تھی ویسی ہی عاقل و ہوشیار بھی تھی - اپنے حُسن کی قوت سے

اُس نے ایک زبردست ترین شہنشاہ کو اپنا غلام ہی نہین بنایا تھا بلکہ اپنی ہمدردی و محبت سے رعایا کے ہزاروں دل بھی اپنے ہاتھ مین لے لیے تھے۔ لیکن مورخین زندگی کے آخری ایام مین اُسے اچھا نہین تسلیم کرتے۔ وہ کہتے ہین کہ اُس کا رجحان کیا دی و مکاری کی طرف زیادہ تھا۔ ہم اس بارے مین کوئی فیصلہ کرنے کے لیے تیار نہین ہین۔ لیکن اس سے انکار نہین کیا جا سکتا تھا کہ وہ ایک عجیب و غریب عورت تھی جو بلند پروازی و مقصد وری مین نام کر گئی۔ اور انسانی ترقیون کا ایک حیرت انگیز نمونہ دنیا کے سامنے پیش کر گئی۔

نوّار زوجۂ فرزدق

یہ آخر عہد صحابہ کی ایک شریف اور صاحب جمال و کمال خاتون اور اُعین بن ضبعہ مجاشعی کی بیٹی تھی۔ جیسی شریف النسب تھی ویسی ہی خوش سلیقہ اور صاحب خُلق و مروّت تھی۔ اور ویسی ہی فصیحہ و بلیغہ بھی تسلیم کیجاتی تھی۔ شرفاے عرب مین اُس کا وقار تھا۔ اور سب اُسے اُس عہد کی اعلیٰ ترین خاتونون مین شمار کرتے تھے۔ فرزدق شاعر نے دھوکا دے کے اُس سے نکاح کر لیا۔ اور یہ ایسی مصیبت تھی جسکے عذاب سے اس پاکدامن عورت کو زندگی بھر چھٹکارا نہ نصیب ہوا۔

فرزدق کے جال مین پھنسنے کی صورت یہ ہوئی کہ بنی عبداللہ بن دارم کا ایک شریف و خوش رو نوجوان فرزدق کی تولیت مین تھا۔ اُس نے نوّار کے حُسن و جمال اور اُس کی خوبیون کا شہرہ سُنا تو اُسے شادی کا پیام دیا۔ اور چونکہ وہ نوّار کے چچا کا بیٹا بھی تھا اس لیے اُسے یہ پیام بہت زیادہ پسند آیا۔ نوّار نے فرزدق کے پاس کہلا بھیجا کہ "فلان نوجوان جو آپ کی تولیت مین ہے میرے ساتھ عقد نکاح کا آرزومند ہے اور مجھے بھی یہ عقد پسند ہے۔ لہذا آپ ہم دونون کے دلون کی آرزو پوری کر دین تو بڑی عنایت ہو"۔ فرزدق نے کہلا بھیجا "مین تمھاری خوشی پوری کرون گا مگر پہلے علیٰ رؤس الاشہاد اس بات کا صاف صاف اقرار کر لو کہ فرزدق جس کسی کے ساتھ تمھارا عقد کر دے گا اُسکے عقد مین بے عذر چلی جاؤ گی"۔ نوّار نے کہلا بھیجا "مجھے منظور ہے"۔ اور بہت سے معزز لوگون کے سامنے اس بات کا

اقرار کرلیا - اب فرزوق نے کہلا بھیجا کہ " اچھا اپنے قبیلے والون یعنی بنی دارم کو جمع کرو اور اُنکے سامنے اقرار کرو کہ تم اپنے عقد کا اختیار مجھے دیتی ہو" نوار نے تمام شرفاے قبیلہ کو وہان جمع کیا - اور اُنکے سامنے حسب وعدہ اقرار بھی کرلیا - جب ان سب باتون کی تکمیل ہوچکی تو فرزوق نے کھڑے ہوکے خطبۂ نکاح پڑھنا شروع کیا - پہلے خدا کی حمد وثنا کی اُسکے بعد کہا " آپ سب صاحب واقف ہین کہ نوار نے مجھے اپنے عقد کا اختیار دیا ہے - لہذا مین آپ سب صاحبون کو گواہ کرکے کہتا ہون کہ مین نے نوار کا عقد نکاح ایک سو سیاہ آنکھون والی سرخ اونٹنیون کے مہر پر اپنے ساتھ کیا" یہ الفاظ سنتے ہی صحبت پر ایک سناٹا چھا گیا - اور نوار بگڑکے زور وشور سے کوسنے دینے لگی - میان فرزوق تو مطمئن تھے کہ اب نوار میرے پھندے سے چھوٹ کے کہان جاتی ہے - مگر نوار نہایت ہی پریشان تھی کہ کیا کرے اور کیونکر اس آفت سے پیچھا چھوٹے - ایک ایک کے پاس جاتی مگر لوگ کہتے " اس بات کے سچے گواہ لاؤ کہ فرزوق نے تمھین فریب دیا" لیکن گواہی کے لیے جس کسی سے کہتی وہ ٹالتا - کیونکہ فرزوق اتنا بڑا ہجو گو شاعر تھا کہ زمانہ اُس سے پناہ مانگ رہا تھا - اور لوگ ڈرتے تھے کہ ہم سے ذرا بھی بگڑا تو ہمین بدنام ورسوا کردے گا - الغرض گواہ نہ ملتا تھا - اور بغیر گواہ کے کوئی اُسے فرزوق کی زوجیت سے آزادی نہ دیتا تھا - آخر اُکتا کے نوار نے ارادہ کیا کہ عبداللہ بن زبیر کے پاس جاکے فریاد کرے جو اُن دنون مکۂ معظمہ مین دعوے خلافت کررہے تھے - اور سارے عرب اور عراق پر قابض وحکمران تھے - مگر خرابی یہ تھی کہ فرزوق کے ڈر کے مارے کوئی اُس غریب کو اپنے ساتھ مکہ معظمہ تک لیجانے کی بھی جرأت نہ کرتا تھا - اتفاقاً بصرے مین جہان نوار اور فرزوق تھے بنی عدی بن عبد مناۃ کے چند نوجوان آئے جو " بنی اُم سنیر" کے لقب سے مشہور تھے اور نوار سے قرابت قریبہ رکھتے تھے - نوار نے اُن سے ہمدردی کی درخواست کی اور وہ ترس کھاکے اُسے اپنے ساتھ لے کے مکۂ معظمہ کی طرف روانہ ہوے یہ سنتے ہی فرزوق نے اہل بصرہ سے مدد چاہی - لوگون نے اُسے اونٹ دیے - سامان سفر مہیا کردیا - اور آخر تک ساتھ دینے کا وعدہ کیا - یہ مدد ملتے ہی فرزوق نے بھی نوار کے پیچھے پیچھے مکے کی راہ لی - اور جو لوگ نوار کو لیے جاتے تھے اُن کی ہجو مین اشعار

کہے - مکے مین پہونچ کے فرزدق کو معلوم ہوا کہ نوار خاص عبداللہ بن زبیر کے گھر مین ٹھہری ہے اور اُن کی بی بی خولہ بنت منظور فزاریہ کی مہمان ہے - یہ چونکہ اُس عہد کا مشہور و مقبول سیف زبان و آتش بیان شاعر تھا - نام سنتے ہی اہل مکہ نے ہاتھون ہاتھ لیا - اور نوار کی چوٹ پر وہ خاص عبداللہ بن زبیر کے بیٹون کے پاس ٹھہرا - اور اُن کی مدح مین اشعار کہہ کے آخر اُنھین اپنی سفارش پر مجبور کر دیا -

اب عبداللہ بن زبیر عجب اُلجھن مین پڑے ہوے تھے - نہ کوئی راے قائم کرتے بنتی تھی اور نہ کوئی فیصلہ کرتے - بیٹے آکے فرزدق کی سی کہتے اور وہ ظاہر مین ہان ہون کر دیتے - تھوڑی دیر کے بعد جب اپنی بی بی خولہ کے پاس جاتے تو وہ نوار کی سی کہتین اور فوراً اُنکی راے اسی طرف ڈھل جاتی - آخر کھل گیا کہ اُنکی راے نوار کی طرفداری مین ہے - اس پر بگڑ کے فرزدق نے یہ دو شعر کہے جو اُس کی زبان سے نکلتے ہی ساری دنیاے اسلام مین پھیل گئے -

اما بنوہ فلم تقبل شفاعتہم و شفعت بنت منظور بن زیانیا

(لیکن اُن کی سفارش نہین مانی گئی لیکن ہان منظور بن زیان کی بیٹی کی سفارش کارگر ہو گئی)

لبس الشفیع الذی یاتیک متزراً مثل الشفیع الذی یاتیک عریانا

(جو سفارش کرنے والا تمھارے پاس پائجامہ پہنے ہوے آئے اُس سفارش کرنیوالی کے برابر نہین ہو سکتا جو تمھارے پاس برہنہ ہو کے آئے)

یہ اشعار ابن زبیر کے کانون تک پہونچے تو اُنھون نے نوار کو بلوایا اور کہا دو صورتین ہین ان مین سے تمھین جو منظور ہو اُس پر عمل کیا جائے - تم کو فرزدق سے طلاق دلوانے کے بعد یا تو مین اُسے قتل کرا ڈالون کہ پھر کبھی ہماری ہجو نہ کہے - اور یا دشمنان اسلام کے مُلک مین جلاوطن کر کے بھیجدون جہان وہ خود ہی مار ڈالا جائے گا" عورت کو ہزار ستاؤ - لاکھ اُس کا دل دُکھاؤ - اُس کے ساتھ مکر و فریب کرو - اُسے دغا دو - مگر پھر بھی اُس کا دل نرم ہوتا ہے اور اُسے ترس آ ہی جاتا ہے - نوار کو یہ ہرگز گوارا نہ ہوا کہ فرزدق میرے باعث جان سے مارا جائے - جواب دیا کہ "ان مین سے تو کوئی صورت مجھے منظور نہین ہے" ابن زبیر نے کہا "اگر اُسکے حال پر

ترس بھی آتا ہے تو پھر وہ تمھارا ابن عم ہے اور تم پر فریفتہ بھی ہے کیون نہین منظور کر لیتین کہ تمھارے ساتھ اُس کا نکاح دوبارہ کرکے اس رنجش کو مٹا دون" نوار بولی" ہان مجھے اپنی زندگی خراب کرنا منظور ہے اور یہ نہین منظور کہ وہ غریب بیگناہ جان سے جائے" اس کے بعد عبداللہ بن زبیر نے فرزدق کو بُلوایا اور کہا "نوار کے ساتھ جس مہر پر تم نے نکاح کیا ہے اُسے لاکے حاضر کرو ورنہ مین تمھارا نکاح باطل کر دون گا" فرزدق نے کہا "مین یہان غریب الوطن ہون۔ بغیر گھر گئے اعلیٰ درجے کے سو اونٹ کہان سے لاؤن گا؟" ابن زبیر نے کہا "جس طرح بنے لاؤ۔ اور اگر نوار کی محبت ہے تو دو ہی گے" آخر فرزدق نے جھنجلا کے کہا "آپ اس لیے مجھ پر زور ڈالتے ہین کہ زبردستی نوار کو مجھ سے چھین کے اپنی بی بی بنا لین" ابن زبیر بھی نہایت ہی مغلوب الغضب تھے بولے "تم کو اور تمھاری قوم بھر کو اہل عرب نے اپنی برادری سے نکال دیا تھا۔ تمھاری ہستی ہی کیا ہے" اسکے بعد اُسے اپنی صحبت سے اُٹھوا دیا۔ اور جب وہ جا چکا تو حاضرین سے کہا فرزدق بنی تمیم مین سے ہے۔ اور اُن لوگون نے ظہور اسلام سے ڈیڑھ سو برس پہلے خانۂ کعبہ پر یورش کرکے اُسے لوٹ لیا تھا۔ اُن کی یہ بے اعتدالی دیکھی تو تمام اہل عرب نے اتفاق کرکے اُن کی ایسی بے وقعتی کی جیسی کسی کی نہین ہوئی تھی۔ اور اُنھین ارض تہامہ سے نکال دیا۔ یہ کہہ کے فرزدق کے پاس کہلا بھیجا "نوار کا مہر لاکے حاضر کرو ورنہ بہت بُری طرح سے تمھین قتل کرون گا" فرزدق نے چند اور شعر کہے جن مین اپنی قوم کی تعریف کی اور اُن الزامون کی عذر خواہی کی جو ابن زبیر نے اُس پر لگائے تھے۔ ان اشعار کو سُن کے ابن زبیر بظاہر خاموش ہو رہے مگر دل مین لیے رہے۔ اتفاقاً ایک دن وہ نماز کے لیے گھر سے نکلے تو راستے مین فرزدق کو دیکھا دیکھتے ہی لپک کے اُسکا ٹیٹوا لیا اور کہا "میرے حکم کی جس طرح بنے تعمیل کرو"

اب فرزدق نہایت پریشان تھا۔ ساری شاعری اور ہجو گوئی بھول گئی اور کوئی تدبیر بنائے نہ بنتی تھی کہ کسی نے کہا "تم سلم بن زیاد کے پاس چلے جاؤ جو قید خانے مین گرفتار رہے۔ کیونکہ ابن زبیر اُس سے کچھ رقم طلب کرتے ہین اور وہ نہین

دینا" فرزدق سنتے ہی سلم کے پاس دوڑا گیا اور اپنی مصیبت بیان کی - سلم نے پوچھا "کتنے مین مہر ادا ہو جائے گا؟" کہا "چار ہزار دینار مین" سلم نے فوراً چار ہزار دینار کی رقم نوار کے مہر کے لیے اور اسکے علاوہ دو ہزار دینار اُسکے سفر خرچ کے لیے - کل چھ ہزار دلوا دیے" یہ رقم پانے کے بعد فرزدق کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی فوراً عبد اللہ بن زبیر کے پاس آکے سامنے وہ رقم لبا دی - اور کہا "لے - لائیے میری جورو کو" اُنھون نے نوار کا ہاتھ اُس کے ہاتھ مین دیا - اور وہ رقم بھی واپس کی - فرزدق نے نوار اور اُس کے مہر کی رقم کو لے کے مکے سے بصرے کی راہ لی - اور جوش مسرت مین کہا "جب ہم دونون بصرے سے چلے ہین ایک دوسرے کے دشمن تھے - اور آج مکے سے چلے ہین تو باہم ایک دوسرے کے دوست ہین" پھر نوار کی طرف متوجہ ہو کے ایک شعر پڑھا جس کا مطلب یہ تھا کہ "اپنے ابن عم کے سامنے آؤ - اور اُس شخص کی سی نہ بن جاؤ جو گھوڑے کو چھوڑ کے گدھے کو اختیار کرے"

اس کامیابی کے بعد فرزدق اُسے لے کے بصرے مین آیا - مگر اس نکاح اور تعلق مین کسی قسم کا لطف نہ تھا - کیونکہ میان بی بی مین محبت و الفت ضروری ہے اور یہان مارے باندھے کا سودا تھا - نوار کی زندگی تلخ تھی - اور کسی بات مین لطف نہ آتا - فرزدق کی یہ حالت تھی کہ پورا شاعر اور رند مشرب تھا - وہ اپنے دلی جذبات کے آگے نہ سوسائٹی کی پرواکرتا نہ قوم کی - نہ سلطنت سے ڈرتا نہ دین سے - نہ کسی دوست کے بس مین تھا اور نہ کسی عورت کے - ایسے کے ساتھ نباہنا کوئی آسان کام نہ تھا - وہ لوگون کی ہجوین کہتا - ہمعصر شاعرون پر حملے کرتا - اور لوگ اُسے قتل کی دھمکیان دیتے - ان سب باتون کو نوار آنکھون ہی آنکھون مین دیکھتی اور دل مین کڑھ کے رہ جاتی - اس کے ساتھ وہ متقی اور پرہیزگار تھی - فرزدق رند مشرب تھا جسے شاعری کی دھن مین نہ دین کی پروا رہتی نہ دنیا کی - نوار کے دل مین بار بار خیال آتا کہ فرزدق نے مجھے زبردستی پھانس لیا ہے - میرا اس کا عقد جائز طور پر اور سچے ایجاب و قبول سے نہین ہوا - اس لیے مین اس پر حرام ہون - پھر خیال آتا کہ شرع فرزدق کے موافق فیصلہ کر چکی ہے

الغرض عجب شش و پنج مین تھی - کبھی اُس سے ملنا ترک کر دیتی اور کبھی مجبور ہو کے ملنے لگتی - علاوہ دیگر اسباب اختلاف کے یہ بھی تھا کہ فرزدق بدوضعی کے ساتھ نہایت ہی بدصورت بھی تھا - اُس کا اصلی نام ہمام تھا - مگر بچپن ہی مین آپ کا چہرہ ایسا واقع ہوا تھا کہ باپ نے اُس پر فرزدق کی پھبتی کہی اور یہی اُس کا لقب پڑ گیا - فرزدق عربی مین سوکھی روٹی کے ٹکڑون کو کہتے ہین - چنانچہ ایک بار ایک شخص نے بنانے کے لیے فرزدق سے پوچھا "تمھارا نام کیا ہے؟" بولا "فرزدق" اُس نے قہقہہ لگا کے کہا "فرزدق کیا؟ یہ تو سوکھی روٹی کے ٹکڑون کو کہتے ہین" فرزدق بھلا کب دبنے والا تھا؟ بولا "الحمدللہ کہ خدا نے مجھے تمھاری جورؤن کے پیٹ مین پہونچا دیا"

ایک دن ایک صحبت مین بنی حرام کے چند لوگ جمع تھے جن مین حضرت عثمانؓ ذی النورین کا غلام عنبسہ بھی بیٹھا ہوا تھا - اتفاقاً فرزدق کا ادھر سے گذر ہوا - عنبسہ نے مذاقاً پکار کے پوچھا "اے ابو فراس (یہ فرزدق کی کنیت ہے) عالم آخرت مین کب جاؤ گے؟" فرزدق نے پوچھا "کیون؟ تمھارا وہان کوئی کام ہے؟" جواب دیا "ہان - تمھارے ہاتھ مین اپنے والد مرحوم کے پاس ایک خط بھیجون گا" فرزدق نے برجستہ کہا "تو پھر ریانویہ یا اصطفانوس (کسی مجوسی یا عیسائی) کی معرفت بھیجو - کیونکہ تمھارے باوا دوزخ مین جہان ہین وہان میرا گذر نہ ہوگا"

محض نوار کے ستانے کے لیے فرزدق نے چند روز بعد جہیہ نام ایک اور عورت کے ساتھ نکاح کر لیا - پھر اسی ضد مین ایک اور عورت سے نکاح کیا جس کا نام حدراء بنت زنیق شیبانیہ تھا - اس پر نوار اس قدر جھنجلائی کہ آپے سے باہر ہو کے پلٹ پڑی اور فرزدق کی ڈاڑھی نوچ ڈالی - آپ نے گھر سے باہر نکل کے دو شعر کہے جن کا مطلب یہ تھا کہ "نوار میری ڈاڑھی نوچنے لگی اور جعدہ خشخاش کی ڈاڑھی نوچتی ہے - دونون جب بگڑتی ہین شیر خیان بن جاتی ہین - اور راضی ہون تو بڑے مزے کی زندگی گذرتی ہے" خشخاش اُس زمانے مین ایک شخص تھا جس کی بی بی کا نام جعدہ تھا - یہ شعر جب مشہور ہوے اور جعدہ کے کان تک پہونچے

تو وہ نوار کے پاس دوڑی آئی - اور کہا "مین نے تمھارے میان کا کیا بگاڑا تھا جو اُنھون نے تمھارے ساتھ مجھے بھی لے ڈالا؟" نوار کیا جواب دیتی - کہا "مین نے بھی صبر کیا اور تم بھی صبر کرو"

عدراء کا مہر فرزدق نے حجاج سے مانگ کے ادا کرنا چاہا جس کی مقدار ایک سو اونٹ تھی - یہ اونٹ لے کے جب گھر مین آیا تو نوار نے کہا "ایک بدویہ نصرانیہ کالی کلوٹی دُبلی حقیر اور مچھر کی سی ٹانگون والی عورت کا مہر اور سو اونٹ!" مگر فرزدق مہر کے یہ اونٹ لے کے عدراء کے گھر گیا تو وہ مر چکی تھی -

فرزدق کا مدمقابل اُن دنون جریر شاعر تھا جو اُس کی خوب خبر لیا کرتا - اور فرزدق بھی دنیا مین اگر کسی سے ڈرتا تھا تو اُسی سے - آج تک عربی کے زبان دان اور سخن فہمون مین اختلاف پڑا ہوا ہے کہ ان دونون شاعرون مین کون افضل تھا - کوئی فرزدق کو زیادہ پسند کرتا ہے اور کوئی جریر کو - اس مین شک نہین کہ فرزدق کے کلام کو ترجیح دینے والے زیادہ ہین - لیکن اس مین بھی شبہہ نہین کہ جریر نے جس جس طرح فرزدق کی مٹی خراب کی ہے کوئی نہ کر سکتا تھا - خود فرزدق اس کا لوہا مانے ہوے تھا - اور اپنے شرمناک واقعات کو چھپاتا اور ساتھیون سے کہتا "بھئی اس بات کا کسی سے تذکرہ نہ کرنا - جریر کو خبر ہو گئی تو میری مٹی پلید کر ڈالے گا"

عبداللہ بن عطیہ فرزدق اور جریر دونون کے اشعار کا راوی تھا - وہی اُس کے کلام کو محفوظ رکھتا اور مدون و مرتب کرتا - ایک دن فرزدق نے اُسے بلا بھیجا اور کہا "مین نے ابن مراغہ (جریر) کی شان مین ایک شعر کہا ہے - اگر اُس نے اُس کا جواب دے دیا تو نوار پر طلاق ہے" - وہ شعر یہ تھا - عہ

فَاِنّی اَنا الموت الذی ہو نازل بنفسک فانظر کیف انت صنا ئعہ

پھر کہا "تم خود جا کے یہ شعر جریر کو سُنا دو اور کہو اب کیا کہتے ہو؟ عبداللہ سفر کر کے یمامہ مین گیا جہان جریر رہتا تھا - اُسے اس حال مین پایا کہ دروازے کے سامنے بیٹھا بالوے کھیل رہا تھا - فرزدق کا یہ شعر سنا کے اُس کا پیام پہونچا دیا - سنتے ہی

عہ مین موت ہون جو تجھ پر نازل ہوئی ہے - لے سنبھل دیکھون تو کیسے اُس کا سامنا کرتا ہے -

جریر نے بالو پر لوٹنا سر پر خاک ڈالنا اور سارے پنڈے مین بالو ملنا شروع کیا۔ مغرب کے وقت تک اسی مشغلے مین رہا۔ اور یکایک جوش کے ساتھ بولا "لو مین نے نوار کو طلاق دیدی" اور یہ شعر پڑھا

انا الدہر یفنی الموت والدہر خالد فجئنی بمثل الدہر شئ یطیق ولہ

عبداللہ نے واپس آکے جب یہ شعر فرزدق کو سنایا تو دم بخود رہ گیا اور بولا "تو اب اس واقعے کا کسی سے ذکر نہ کرنا"

اُس کی اس کمزوری سے نوار نے بھی فائدہ اُٹھا۔ فرزدق نے اُسکے چھیڑنے اور ستانے کے لیے حدراء کی تعریف مین اشعار کہے اور اُن مین نوار کی تحقیر کی۔ نوار نے کہا "اب تم یون نہ مانوگے۔ اچھا دیکھنا اس کا کیسا مزہ چکھاتی ہون" پھر آدمی بھیج کے جریر کو اُس کے وطن سے بلا بھیجا۔ اور اُس سے فرزدق کی بیہودگیون کی شکایت کی اور کہا کہ وہ میری ہجو مین شعر کہتا ہے۔ جریر نے کہا "بیوی تم اپنا دل نہ کڑھاؤ۔ مین اُس سے سمجھ لون گا۔ چنانچہ اُس نے فرزدق کی خوب خبر لی۔ اور فرزدق نے بھی اُس کا جواب دیا۔

اسی طرح نوار نے اپنا دُکھ جاکے بنی قیس بن عاصم مین بیان کیا اور وہ لوگ اُس کے ساتھ ہمدردی کرنے پر آمادہ ہوگئے۔ فرزدق کو خبر ہوئی تو اُن لوگون کی ہجو مین دو شعر کہے۔ یہ شعر سُن کے اُن لوگون کو بڑا طیش آیا اور اُنھون نے فرزدق کے پاس کہلا بھیجا "اگر اس کے بعد تیسرا شعر تم نے کہا تو خدا کی قسم ہم تمھین مار ڈالینگے" یہ ایسی زبردست دھمکی تھی کہ پھر فرزدق کو کچھ کہنے کی جرأت نہ ہوئی۔

چند روز بعد فرزدق نے رہیمہ بنت غنی مزنیہ سے عقد کیا۔ مگر دو ہی چار روز بعد اُس سے بگڑ گئی۔ اور ایسی بگڑی کہ طلاق کی نوبت آئی۔ اور فرزدق نے اپنے پُرانے حربے سے کام لیا یعنی اُس کی ہجو کہی۔ بنی نہشل کی ایک چھوکری سے بھی نکاح کیا۔ بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس سے ناجائز تعلق پیدا کرلیا۔ وہ حاملہ ہوئی۔ اور وضع حمل مین مرگئی۔ فرزدق نے اُس کے غم مین مرثیہ کہا۔

سب کے بعد بڑھاپے مین آپ نے نطلیہ بنت حاتم مجاشعیہ کے ساتھ نکاح کیا۔

ع مین زمانہ ہون جو موت کو مٹا کے برقرار رکھتا ہے۔ بھلا زمانے کی سی کوئی چیز بتا جسکی زندگی ایسی لانی ہو۔

مگر چونکہ مہر دینے کے لیے کوڑی پاس نہ تھی اس لیے اُسے ایک سال تک اُسی کے میکے میں جو صحرائے عرب کے اندر تھا رہنے دیا۔ پھر عامل فارس ابان بن اسد بجلی کو لکھا تو اُس نے مہر کی رقم دلوا دی۔ اب آپ اُسے رخصت کرا کے گھر میں لائے تو آپ کے ضعف پیری کے باعث وہی نتیجہ ظاہر ہوا جو سعدی شیرازی نے گلستان میں بتایا ہے۔

میانِ شوہر و زن جنگ و فتنہ خاست چنان — کہ سر بشحنۂ و قاضی کشید و سعدی گفت
پس از ملامت و شنعت گناہِ مختر میست — ترا کہ دست بلرزد گہر چہ دانی سفت؟

گھر کی جوتی پیزار کے بعد یہ شرمناک مقدمہ جن قاضی صاحب کے اجلاس میں پیش ہوا اُن کا نام نامی مہاجر تھا۔ مگر فرزدق کی ہجو کا خوف اُن پر بھی اس قدر غالب تھا کہ فیصلہ کرنے سے پہلے ہی کہدیا "طلبیہ چاہے فرشتوں ہی کو گواہی میں کیوں نہ لائے مگر میں فرزدق کے خلاف مقدمہ نہیں فیصل کر سکتا"۔

فرزدق کے پاس ایک اور عورت تھی جو حبشن تھی جس کے بطن سے ایک لڑکی بھی ہوئی تھی جو حکمیہ کہلاتی تھی۔ اس حبشن کی تعریف میں آپ نے چند شعر کہے تھے جن میں منجملہ دیگر محاسن کے اُس کی خوشبو کی بھی تعریف کی تھی۔ وہ اشعار سُن کے نوار بولی "ہاں اُسی کی سی خوشبو تم میں بھی آتی ہے"۔

فرزدق کا اصلی حربہ اُس کی ہجو گوئی تھی۔ جس سے اُمرا و اعیان سلطنت شرفائے زمانہ اور اُس کے معاصر شعرا تک ڈرتے تھے۔ اسی قدر نہیں بعض اوقات وہ اپنی رند مشربی اور آوارہ مزاجی میں بھی اسی حربے سے کام لیا کرتا تھا۔ چنانچہ آپ ایک خوبصورت شریف خاتون عرب پر فریفتہ ہو گئے۔ اور اُسے دھمکی دی کہ مجھ سے راضی ہو جاؤ ورنہ ہجو کہہ کے سارے زمانے میں بدنام کر دوں گا۔ جب کئی بار اُسے اسی طرح کی دھمکی دی تو وہ مجبوراً نوار کے پاس آئی اور کہا "خدا کے لیے اپنے میاں کو روکو۔ وہ میری آبرو لینے کے درپے ہیں۔ اور میں کوئی بدکار عورت نہیں ہوں"۔ نوار نے کہا "فرزدق کے سیدھا کرنے کی تدبیر یہ نہیں ہے۔ تم اُس سے وعدہ کر لو۔ اور جس دن کا وعدہ ہو مجھے بلا بھیجو۔ پھر دیکھو کیسی دل لگی ہوتی ہے"۔ اُس خاتون نے یہی کیا۔ وعدے کی شب کو آپ خوش خوش پہنچے۔ اُس نے

کہا "مین تم کو اپنے خلوت کے کمرے مین لیے تو چلتی ہون مگر وہان چراغ نہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ میرا کوئی عزیز آجائے"۔ آپ نے جوش محبت مین منظور کر لیا۔ کمرے مین گئے۔ اندھیرے مین وہ خاتون تو چل دی اور اُس کی جگہ نوّار آکے بیٹھ گئی لطفِ صحبت اُٹھانے کے بعد یہ ابھی اطمینان سے نہین بیٹھنے پائے تھے کہ نوّار نے ایک دوہتڑ مارا۔ اور چلّائی کہ "موئے شہدے تیری یہ حرکتین ہین!" آواز پہچانتے ہی آپ نے فی البدیہہ کہا "اخاہ! یہ تم تھین!" "ما اطیبک حراماً وارداک حلالاً" "بھئی واہ! حرام مین تم کیسی اچھی ہو اور حلال مین کیسی بُری تھین!"

مگر باوجود ان سب باتون کے جانتا تھا کہ میری اصلی بی بی اور مجھ پر حق رکھنے والی نوّار ہی ہے۔ چنانچہ ایک بار فرزدق کہین باہر تھا۔ لکیہ کی مان حبشن نے اُسے نوّار کی شکایت لکھی کہ میرے ساتھ اچھا سلوک نہین کرتین۔ اُدھر نوّار نے بھی اُسے اُس حبشن کی شکایت لکھ بھیجی۔ اس کے جواب مین فرزدق نے تین شعر لکھ کے اُس حبشن کے پاس بھیجے جن مین لکیہ کی مان کو ڈانٹا اور لکھا تھا کہ "نوّار کو کوئی معمولی عورت نہ سمجھنا۔ وہ شریف ہے اور بڑے باپ کی بیٹی ہے"۔

مگر باوجود اس کے نوّار کے دل مین فرزدق کی جانب سے روز بروز نفرت بڑھتی ہی جاتی تھی۔ اور اس پر طرہ یہ کہ وہ اس کو جائز شوہر نہین خیال کرتی تھی۔ جب اور کسی طرح زور نہ چلا تو اُس نے فرزدق کی خوشامد درآمد شروع کی۔ ہر بات مین اُس کی خوشی پر چلتی۔ کوئی فعل اُس کی مرضی کے خلاف نہ کرتی۔ یہان تک کہ یہ ہزار خرابی اُسے طلاق دینے پر راضی کر لیا۔ لیکن اب بھی فرزدق نے اُس سے اتنی شرطین کرا لین کہ (۱) طلاق کے بعد بھی تمھارے گھر سے نہ جاؤنگی۔ (۲) تمھارا ساتھ کبھی نہ چھوڑون گی (۳) کسی اور شخص کے ساتھ نکاح نہ کرون گی۔ (۴) اور میرے مال و اسباب اور میری جائداد پر تم جو تصرف چاہو کرو۔ تمھین اختیار رہوگا۔ مین کسی بات مین کبھی تمھارا ہاتھ نہ پکڑون گی۔ تب اُسے لے کے اُس زمانے کے امام دین حسن بصری کے سامنے گیا۔ اور کہا "اے ابوسعید (یہ حسن بصری کی کنیت ہے) آپ گواہ رہیے کہ مین نے نوّار کو طلاق دی"۔ حسن بصری نے سُن کے کہا "ہان مین گواہ ہون"۔ اس طلاق کے وقت گواہون کی حیثیت

سے راوی اشعار فرزدق ابو شقفل اور ایک دوسرا راوی فرزدق کے ساتھ تھے۔ خود نوار بھی موجود تھی۔ جس کے ہمراہ بہت سے لوگ گئے تھے۔ مگر فرزدق نے ابو شقفل سے کہا "بھئی مین تو اپنے کیے پر پچھتاتا ہون۔ جی نہین چاہتا کہ نوار کو طلاق دے کے آزاد کر دون"۔ ابو شقفل نے کہا "ایسا ہے تو خدا کی قسم تم اپنی جان دیا چاہتے ہو کیونکہ کس کو اپنے طلاق کا گواہ بنا چکے ہو؟ اگر حسن بصری نے اشارہ بھی کر دیا تو مسلمان تمھین سنگسار کر کے مار ڈالین گے"۔ تاہم فرزدق نے اس افسوس مین چند شعر کہے جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُسے نوار سے سچی محبت تھی۔ اُن مین کا ایک شعر یہ ہے

وکانت جنتی فخرجت منہا کادم حین اخرجہ الضرار

اور وہ (نوار) میری جنت تھی۔ جس سے مین ویسے ہی نکلا جس طرح حضرت آدم کو پھوٹ اور نفاق نے نکالا تھا۔ اور نوار کا طلاق لینا بھی محض دینداری کے خیال سے تھا۔ نہ اور کسی وجہ سے۔ اپنے دل مین وہ اپنے لیے فرزدق کی صحبت کو حرام و ناجائز خیال کرتی تھی۔ بس اسی سے بچنے کے لیے اُس نے ہزار دشواری آزادی حاصل کر لی۔ ورنہ جو شرطین وہ فرزدق سے کر چکی تھی۔ اُن کی رُو سے نہ کسی سے نکاح کر سکتی تھی نہ فرزدق کو اپنے روپے پیسے پر تصرف کرنے سے روک سکتی تھی جس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ کیسی پارسا و پاک طینت بی بی تھی۔

مرنے سے پہلے اُس نے فرزدق کو وصیت کی تھی کہ میرے جنازے کی نماز حسن بصری آ کے پڑھائین۔ فرزدق نے اُنھین اس وصیت کی خبر کی تو فرمایا "اگر نوار نے مجھ سے پہلے سفر آخرت کیا تو مین ضرور اُس کی نماز جنازہ پڑھاؤن گا"۔ اتفاقاً یہی ہوا کہ نوار رہگرائے عالم جاودان ہوئی۔ اور حسن بصری زندہ موجود تھے۔ فرزدق نے جا کے اطلاع کی تو وہ فوراً چلے آئے۔ یہان پہونچ کے دیکھا تو بہت سے لوگ بھیڑ لگائے کھڑے تھے۔ پوچھا "یہ کیون کھڑے ہین؟" فرزدق نے کہا "یہ لوگ سب سے اچھے شخص اور سب سے بُرے شخص کے انتظار مین تھے"۔ اُس کی مراد تو اچھے سے حسن بصری اور بُرے سے خود اپنی ذات تھی مگر حسن بصری نے دونون جملون کو اپنے ہی سے متعلق کیا اور کہا "نہ مین سب سے اچھا ہی ہون اور نہ سب سے بُرا ہی ہون"۔ اس کے بعد نماز پڑھا کے نوار کو دفن کر دیا۔

اور قبر کی طرف اشارہ کرکے پوچھا "اس خواب گاہ کے لیے کیا سرمایہ جمع کیا ہے؟" فرزدق نے کہا "ستر برس کا یہ عقیدہ کہ لا الہ الا اللہ"۔ اس سے پتہ چل جاتا ہے کہ فرزدق بھی دل سے سچا شیدائے توحید تھا۔ اور توحید ہی کو ذریعۂ نجات جانتا تھا اور اسی لیے ہم اُن دونوں میاں بیبیوں کی نسبت کہتے ہیں کہ "اللھم اغفر لہا"۔

ہُند بنت نعمان

یہ عرب کی ایک صاحب جمال اور پاک نفس و پاک دل شاہزادی تھی جس کا عہد خاص طلوع نیّر اسلام کے زمانے میں تھا۔ اُسکے شباب کا زمانہ جاہلیت میں تھا اور اُس نے وفات اُس وقت پائی جبکہ اُس کے آبائی ملک پر صحابہ کا قبضہ ہو چکا تھا۔

عرب کا جو حصہ عراق سے ملا ہوا ہے جس سرزمین پر بصرہ و کوفہ آباد کیے گئے۔ اور جس کے قرب میں اب کربلا اور نجف وغیرہ کی آبادیاں ہیں۔ یہ ملک عہد جاہلیت میں عرب کی ایک متمدن سلطنت کے زیر فرمان تھا جو سلطنت حیرہ" کہلاتی تھی تاجداران حیرہ اگرچہ خسروانِ عجم کے ماتحت تھے مگر یہ ماتحتی صرف برائے نام تھی اس لیے کہ اُن کے نظم و نسق اور اُن کی آمدنی و محاصل سے والیٔ عجم کو کوئی تعلق نہ تھا۔ یہاں نعمان ابن منذر کا خاندان حکمران تھا۔ جس سے خسروان عجم سے پُرانے تعلقات چلے آتے تھے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ جو قوانین سلطنت عجم کے دستور العمل تھے وہ اگلے فرمان روایان حیرہ ہی کے مدوّن کیے ہوئے تھے۔ کیونکہ یہ لوگ کبھی سلطنت عجم کے وزیر اعظم ہوتے تھے کبھی شاہزادگان عجم کے اُستاد و اتالیق اور کبھی وہاں کے نابالغ تاجداران کے اتالیق اور نگہبان۔ الغرض یہاں کے فرمان رواؤں نے سلطنت عجم سے خاص قسم کے تعلقات قائم کر لیے تھے۔ جن کا بہت کچھ لحاظ کیا جاتا تھا۔ خاصتہً ان کے مورث اعلیٰ نعمان اول کا تو خسروان عجم بڑا ادب کرتے تھے۔ یہ سلاطین حیرہ قبیلۂ بنی لخم میں سے تھے۔ اور بڑی شان و شوکت اور رعب و تمکنت کے لوگ تھے۔ عرب کے تمام حضری و بدوی قبائل میں انکی شان و شوکت کی دھوم تھی اور شعرائے عرب اُنکی مدح میں بڑے بڑے

پُر زور قصیدے کہتے تھے۔

انھین مین کا آخری فرمانروا نعمان بن منذر بن امرأ القیس تھا جس کی بیٹی ہند بنت نعمان عرب کی وہ مشہور و معروف شاہزادی تھی جس کے حالات کو ہم اس موقع پر بیان کرنا چاہتے ہین۔

ہند اپنے زمانے کی حسین ترین عورتون مین شمار کی جاتی تھی۔ اُس کی ماں عرب کے ایک دوسرے شاہی خاندان بنی کندہ کی شاہزادی "ماریہ" تھی۔ جو مذہبِ مسیحی کی پابند تھی۔ اور اسی وجہ سے ہند بنت نعمان کا مذہب بھی عیسوی تھا۔

مگر بجائے اس کے کہ ہند کا نکاح کسی شاہی خاندان مین ہو عرب کے عبادی قبیلے کے مشہور شاعر عدی بن زید کے ساتھ ہوا جو اُس کے رُخِ زیبا کا دیوانہ ہو گیا تھا۔ اس عشق کی بنیاد یون پڑی کہ ہند اپنی عمر کے گیارہوین برس جبکہ حیرہ کے تخت پر اُس کا دادا منذر حکمران تھا مسیحیون کی عید فسح (ایسٹر) کے موقع پر ایک کنیسہ کی زیارت کو گئی۔ بہت سی حسین و ہم عمر خواصین اور لونڈیان ہمراہِ رکاب تھین۔ اور اُنھین خواصون مین ماریہ نام ایک حسینہ بھی تھی۔ ہند ان سہیلیون کے ساتھ گرجے کے ہر حصے مین جاتی اور بے تکلفی و بے باکی سے ہر چیز کو دیکھتی تھی۔

اتفاقاً عدی بن زید بھی جو کسرائے عجم کے دربار سے انھین دنون ہدیہ اور انعام و اکرام کی چیزین لے کے منذر بن نعمان کے پاس آیا ہوا تھا اسی وقت اسی کنیسے کی زیارت کو آیا۔ اور ہند کی بے تکلفیون اور ناز آفرینی کی حرکتون کو شوق و محویت کی نگاہ سے دیکھنے لگا۔ عدی بھی ایک بہت ہی حسین خوشرو جوانِ رعنا تھا۔ چنانچہ اُس کے دل پر ہند کے حسن و جمال کا اتنا اثر نہین پڑا تھا جتنا کہ اُس کی زیبائی و رعنائی کا اثر ہند کی سہیلی ماریہ کے دل پر پڑ گیا۔ وہ بے اختیار عدی پر عاشق و فریفتہ ہو گئی۔ دیر تک یہی کیفیت رہی کہ ماریہ عدی کو شوق کی نظر سے دیکھ رہی تھی اور عدی ہند کی بھولے پن کی حرکتون اور طفلانہ بے تکلفیون کو۔ ماریہ کا فرض تھا کہ ہند کو ہوشیار کر دیتی کہ دیکھو تمھین ایک

غیر شخص شوق کی نگاہون سے دیکھ رہا ہے۔ مگر وہ عدی کے باغِ حسن سے آنکھون ہی آنکھون مین گلچینی کر رہی تھی۔ اُسے ہوش کہان تھا کہ اپنی شاہزادی کو اُس کی بیباکانہ حرکتون سے روکے۔ ناگہان خود ہند کی نظر عدی پر پڑی۔ اور اُسے ہمہ تن اپنی طرف مصروف دیکھ کے شرما گئی۔ پھر ساتھ والیون کو ڈانٹا کہ "ایک اجنبی شخص کی نظرین مجھ پر پڑ رہی تھین اور تم سے اتنا نہ ہوا کہ مجھے ہوشیار کر دیتین"۔ بلکہ جھنجلا کے ایک آدھ خواص کو مارا بھی۔ ان اداؤن نے عدی پر اور زیادہ اثر کیا۔

اگرچہ اس پہلے دیدار نے عدی کے دل پر ہند کے حسن کا نقش ڈال دیا تھا لیکن ابھی اس نقش کو زیادہ استقلال نہ تھا۔ اور ممکن تھا کہ چند روز بعد یہ خیال اُس کے دل سے مٹ جاتا۔ مگر ماریہ عدی کی محبت کا جو نقش اپنے دل مین لے کے آئی تھی وہ بہت گہرا تھا۔ وہ اس ہوس مین بیتاب تھی کہ اُس جوان رعنا سے ملنے کا پھر کوئی اچھا موقع ہاتھ آئے۔ اُس کا نام اور پتہ تو اُس نے لوگون سے دریافت کر لیا تھا تعارف کے لیے کوئی بہانہ ڈھونڈھ رہی تھی۔

اب اس واقعے کو ایک سال گذر گیا۔ اور شاہزادی ہند بالکل بھول گئی کہ فلان کینسے مین کوئی مجھے گھور رہا تھا۔ اُسے غافل پاکے ماریہ نے اُسکے سامنے ایک اور بڑے رومی کینسے کی تعریف کی۔ کہا "وہان بڑے بڑے عابد و مرتاض راہب خدا کے پاک عابد و زاہد بندے اور بڑی بڑی خدارس راہبہ عورتین رہتی ہین۔ اُس کی فلک رفعت عمارت کا مقابلہ نہ کوئی شاہی قصر کر سکتا ہے اور نہ کوئی ایوان عالی شان۔ حیرہ کی تمام عورتین خصوصاً کنواری لڑکیان اُس کی زیارت کو جاتی ہین۔ وہان بڑا بھاری میلہ لگا رہتا ہے۔ اور ہر وقت بڑے لطف کا مجمع ہوتا ہے"۔ الغرض ایسا شوق دلایا کہ ہند اُس کینسے کی زیارت کی بیحد مشتاق ہو گئی۔ اور اپنی مان سے وہان جانے کی اجازت چاہی۔ ماریہ نے اُس کی مان کو پہلے ہی سے تیار کر رکھا تھا۔ لاڈلی بیٹی کی زبان سے شوق زیارت سنتے ہی اُس نے اجازت دے دی۔ اور قرار پا گیا کہ فلان تاریخ شاہزادی شان و شوکت سے فلان گرجے کی زیارت کو

جائے گی۔

یہان کا بندوبست کرنے کے بعد ماریہ عدی کے پاس دوڑی گئی اور کہا "اگر آپ شاہزادی ہند کے جمال جہان آرا کی زیارت کرنا چاہتے ہین تو فلان تاریخ فلان کنیسے مین آیئے۔ آپ کو اُس روز شوق کی نگاہ سے دیکھتے دیکھا تھا۔ مین نے ترس کھاکے بندوبست کردیا کہ آپ پھر اُنھین دیکھ لین۔ مگر اتنا خیال رہے کہ ذرا بن ٹھن کے امیرانہ ٹھاٹھ سے آیئے گا۔ تاکہ اُن کے دل پر بھی کچھ اثر پڑے" عدی نے احسانمندی کا اظہار کرکے وعدہ کیا اور پہلے دیدار کا مزہ اگر اُسے بھول بھی گیا تھا تو پھر یاد آگیا۔ روز مقررہ پر اُس نے ایک زربفت کی بہت بھاری اعلیٰ درجے کی شاہانہ قبا زیب بر کی جو ایران کے ایک شاہی خاندان کے معزز رکن رکین "فرخان شاہ مرد" سے خلعت کے طریقے پر ملی تھی۔ نہایت ہی نفیس و روح افزا خوشبو لگائی۔ چند حسین و خوبرو اور بذلہ سنج و شوخ طبع نوجوانون کو مہذب مصاحبون کے طریقے سے ساتھ لیا۔ اور ٹھیک وقت پر کنیسہ مین آپہونچا۔

"اتنے مین شاہزادی ہند بھی اپنی سہیلیون کے ساتھ آئی۔ اسوقت عدی کو اس دفعہ مین دیکھ کے ماریہ کے دل پر ایسا بے اختیار کردینے والا اثر پڑا کہ اُسکی طرف اشارہ کرکے شاہزادی سے کہا "حضور دیکھیے وہ کیسا جوان رعنا ہے۔ یون تو یہان جتنی چیزین ہین سب ہی دلچسپ ہین مگر دیکھنے کے قابل اگر کوئی چیز ہے تو یہ نوجوان ہے" ہند کی نظر جو اُس پر پڑی تو وہین کی ہوگئی۔ مبہوت رہ گئی۔ اور کسی اور طرف نظر ہٹانے کو جی چاہتا ہی نہ تھا۔ جہان کھڑی تھی وہین کھڑی رہ گئی۔ اور نظر عدی کے رُخ زیبا پر جمی ہوئی تھی۔ جب شوق نے اور زیادہ بیقرار کیا تو ماریہ سے کہا "میرا جی چاہتا ہے کہ اس جوان کو پاس سے جاکے دیکھون۔ یہ مجھے پہچان تو نہ لے گا؟" ماریہ نے کہا "پاس جانے مین مضائقہ ہی کیا ہے۔ اور وہ کیا جانے کہ آپ کون ہین؟" اب ماریہ کے کہنے سے ہند عدی کے قریب گئی۔ اور اُس کے حرکات کو دیکھنے اور اُس کی باتون کو سننے لگی۔ عدی نے عمداً اُسکی طرف سے نظر ہٹالی اور اپنے دوستون سے مذاق اور شوخ مزاجی سے باتین کرنے لگا۔ ہند کی پُرشوق آنکھون کو نظر آیا کہ نہ اُس سے زیادہ کوئی حسین و خوبرو ہے

نہ کسی کی وضع و لباس مین ایسا بانکپن ہے۔ نہ شوخ طبعی و خوش مزاجی مین کوئی اُس سے بڑھا ہوا ہے۔ اور نہ فصاحت و بلاغت مین کوئی اسکو جواب دے سکتا ہے۔ اُس کے دل پر ان باتون کا ایسا اثر پڑا کہ ہوش جاتے رہے۔ اور آنکھین محوِ دیدار ہوگئین۔ اور شوق دل کی بیقراریان اُس کے بھولے چہرے سے نمایان ہونے لگین۔ ماریہ سمجھ گئی کہ اسکے دل پر پورا اثر پڑ گیا ہے۔ جھک کے کان مین کہا "آپ چاہین تو اس جوان پری تمثال سے باتین بھی کر سکتی ہین"۔ ہند تو اس کی آرزومند تھی ہی۔ عدی سے دو چار باتین بھی کین۔

الغرض اس ملاقات کا یہ اثر ہوا کہ عدی اور ہند دونون گرجے سے واپس چلے تو بیتاب و بیقرار تھے۔ اور ماریہ کا عشق تو اعتدال سے گذر کے بے شرمی و بیحیائی کے درجے کو پہونچ گیا تھا۔ عدی اس سے پہلے ماریہ کو مُنہ نہ لگاتا تھا لیکن اب اُس کا بیحد گرویدۂ احسان تھا اور درد دل کا علاج سوا اُسکے اور کسی سے ممکن ہی نہ نظر آتا تھا۔ جس کی وجہ سے اُس کا دوست ہی نہین بن گیا بلکہ اُسکے آنے اور اُس سے دو باتین کر لینے کو اپنی خوش قسمتی تصور کرتا تھا۔ گرجے کی ملاقات کے دوسرے دن وہ اُس کے پاس گئی تو ہاتھون ہاتھ لیا اور اُس کا مزاج پوچھا۔ ماریہ نے کہا "میری آپ سے ایک تمنا ہے"۔ عدی نے کہا "تمھاری جو تمنا و آرزو ہوگی اُسے سر آنکھون سے بجا لاؤن گا۔ تمھارے مُنہ سے نکلے تو سہی"۔ ماریہ آنکھون پر بیحیائی کی ٹھیکری رکھ کے بولی "مین تمھارے شوق مین بیتاب ہون۔ اور آتش فراق مین جل کے خاک ہوئی جاتی ہون۔ اگر اتنا احسان کرو کہ مجھے اپنی خلوت مین جگہ دو تو وعدہ کرتی ہون کہ زمین و آسمان کے قلابے ملا دون گی۔ اور جس طرح بنے گا تمھین ہند سے ملاؤن گی"۔ کوئی اور چارۂ کار نہ دیکھ کے عدی نے اقرار کر لیا اور جب یہ شرط پوری ہوگئی تو ماریہ کو اپنا اقرار پورا کرنے کی فکر ہوئی۔

عدی سے رخصت ہو کے ماریہ حیرہ کے ایوان شہریاری مین آئی تو دیکھا کہ ہند نہایت ہی بیقرار ہے۔ اور اس درجہ بیتاب ہے کہ کسی حال مین قرار نہین آتا۔ ماریہ کی صورت دیکھتے ہی حسرت کے ساتھ بولی "اب سینے مین یہ آگ تم نے لگائی ہے تو تمھین بجھاؤ بھی۔ اگر تم نے کوئی تدبیر نہ کی تو مین تڑپ تڑپ کے مر جاؤنگی"

ماریہ بولی" ہاں ہاں - مین جہان تک بنے گا آپ کی آرزو پوری کرون گی - آپکے محل کے پچھواڑے فلان مکان ہے مین اُسی مین عدی کو لا کے بٹھا دون گی - اور آپ کا جب تک جی چاہے کوٹھے پر کھڑی ہو کے اُس سے باتین کر لیجیے گا" ہند نے شکر گذاری کے ساتھ پوچھا" تو کب ؟" بولی" اب جاتی ہون اس کا بندوبست کرون گی"

دوسرے ہی دن اُس نے عدی کو اُسی لباس و وضع مین لا کے اُس مکان مین بٹھایا - اور محل مین آ کے ہند کے کان مین کہا" لے جا کے اپنے عاشق سے مل آئیے - وہ آپ کا منتظر ہے" ہند فوراً کوٹھے پر دوڑی گئی - دونون نے ایک دوسرے کو دیکھا - اور دیر تک اشارون ہی اشارون مین اپنا ذوق و شوق ظاہر کرتے رہے - اس ملاقات نے آتش عشق کو اور تیز کر دیا - اور ہند کی یہ حالت ہو گئی کہ ماریہ سے کہا" اب اگر تم مجھے عدی کے پاس نہ پہونچا دو گی تو دو ہی تین دن مین مر جاؤنگی"

ماریہ نے اب عدی کے پاس جا کے ہند کی یہ بیتابی ظاہر کی - اور کہا" اگر آپ اُس سے شادی نہ کر لین گے تو وہ تڑپ کے مر جائے گی" اور آپ پر اُس کا خون ہو گا" عدی بولا" بھلا میرے لیے اس سے بڑھ کے کوئی خوش نصیبی کی بات ہو سکتی ہے ؟ لیکن بھلا میری مجال ہے کہ بادشاہ نعمان کو اُس کی شاہزادی کے لیے اپنا پیام دون ؟" ماریہ نے کہا" اس نسبت کو منظور کرانا میرا کام ہے - تم پیام تو دو - اور جس طرح مین بتاتی ہون اُس طرح پیام دو" عدی" تم جس طرح کہو گی پیام دون گا مگر ڈرتا ہون کہ وہ بگڑ نہ جائین" ماریہ نے کہا" ایک کام کرو تم ایک عام دعوت کرو - اور اُسی سلسلے مین ایک دن نعمان کو بھی بلاؤ - اُسے کھلا پلا کے خوب شراب پلاؤ - اور جب نشے سے بدمست ہو اُس وقت پیام دو - اور یقین جانو کہ وہ انکار نہ کرے گا" عدی نے کہا" خوب سوچ لو - یہ جان جوکھم کا معاملہ ہے - اگر برہم ہو گیا تو مجھے اُسی وقت قتل کرا ڈالے گا" ماریہ نے کہا" محل کے اندر مین نے اپنے طور پر پورا انتظام کر لیا ہے تب تم سے کہا ہے - تم بے اندیشہ پیام دو"

اس قرارداد کے مطابق عدی نے ایک فرضی تقریب قرار دے کے تمام اہل شہر

کی دعوت کی۔ پھر بادشاہ نعمان کو مع اُسکے اہل دربار اور خدم وحشم کے مدعو کیا۔ نفیس پُر تکلف غذائین کھلا کے شراب پلائی۔ اور جب دیکھا کہ نشے سے چُور ہو رہا ہے شادی کا پیام دیا۔ مگر اُسے حیرت ہو گئی جب دیکھا کہ نعمان نے فوراً شادی منظور کر لی۔ اُسی صحبت مین نکاح کر دیا۔ اور تیسرے دن بیٹی کو رخصت بھی کر دیا۔

معلوم ہوتا ہے کہ اسکے بعد نعمان بن منذر نے جب بجاے خود سوچا تو اپنے کیے پر پچھتایا۔ دل مین خیال گذرا کہ عدی نے شراب پلا کے میرے ساتھ دغابازی کی۔ اور اُسے بیٹی دینے سے میری بڑی توہین ہو گئی۔ مگر اس بغض کو دل مین لیے رہا۔ اور موقع ڈھونڈتا رہا۔ اُس نے کبر و نخوت کے جوش مین یہ معمول مقرر کر لیا تھا کہ ایک دن تو شفقت و مرحمت کا دن قرار دیا تھا اور ایک دن غیظ و غضب کا۔ اہل دربار تو اِن دونون دنون سے واقف تھے۔ غیظ و غضب کے دن دُور ہی دُور رہتے۔ مگر دور و دراز کے ملکون سے جو شامت زدہ اُس دن آجاتا۔ نہایت بے رحمی سے قتل کر ڈالا جاتا۔ اتفاقاً شامتِ اعمال سے اُسی غیظ و غضب کے دن عدی اور نعمان کا سامنا ہو گیا۔ بس کیا تھا؟ نعمان کو موقع ہاتھ آگیا۔ فوراً اُسے گرفتار کر کے قتل کرا ڈالا۔ جس کا انتقام عدی کے ایک بیٹے زید بن عدی نے یون لیا کہ خسرو عجم کو اُس کا دشمن بنا دیا۔ اور نعمان مدتون تاجدار ایران کی قید مین رہ کے قتل کیا گیا۔ اس واقعے کی تفصیل دیکھنا ہو تو ناظرین ہمارے ناول ایام عرب کو ملاحظہ فرمائین۔

شاہزادی ہند کو اپنے مظلوم شوہر کے مارے جانے پر بڑا صدمہ ہوا۔ باپ سے تو کیا کہہ سکتی تھی؟ کس کی مجال تھی کہ اُس سراپا نخوت فرمان روا کے سامنے شکایت کا ایک لفظ بھی زبان سے نکال سکے۔ مگر ہند کچھ ایسی شکستہ دل ہو رہی تھی کہ مصداق ع "اُس پہ قابو نہین دل پر تو ہے قابو اپنا" تارک الدنیا ہو گئی۔ اور عرب کی شریف زادیون کے عام مذاق کے خلاف تمام لذتون اور مسرتون سے کنارہ کش ہو کے مسیحی راہبون کی ایک خانقاہ مین بیٹھ رہی جو اُسی کے نام سے منسوب ہو کے "دیر ہند" مشہور ہو گئی۔

ہُند کی شادکامی وکامرانی کی زندگی تو بہت ہی تھوڑی تھی مگر راہبہ عورتون کے ساتھ بیٹھ کے عبادت کرنے کے لیے اُس نے بڑی طولانی عمر پائی۔ اس خانقاہ مین بیٹھے بیٹھے اُس نے کمال بے تعلقی کے ساتھ تقدیر کے بڑے بڑے فیصلے۔ اور دنیا کے حیرت انگیز انقلاب دیکھے۔ اُس نے دیکھا کہ اُس کے مرحوم شوہر عدی کے بیٹے زید نے خسرو پرویز کے دربار مین رسوخ پیدا کرکے اُسے نعمان بن منذر کے گھرانے کی عورتون کا شوق دلایا۔ اور جب ایوان کسرے سے نعمان کی بیٹیان طلب ہوئین تو وہ اپنے کنبے کی تمام عورتون کو بنی شیبان کی حمایت مین چھوڑ کے خسرو پرویز کے دربار مین حاضر ہوگیا۔ جہان قید ہوا اور اُسی قید مین مرگیا۔ اب اسکے باپ کا تاج وتخت ایاس بن قبیصۂ طائی کو ملا جو بنی طے کا سردار تھا۔ اور پرویز نے بنی شیبان سے نعمان کی عورتون کو مانگا۔ اُنھون نے انکار کیا۔ اور نتیجے مین "یوم ذی قار" کی عظیم الشان لڑائی ہوئی۔ جس مین عربون نے ایرانیون کو شکست دی۔ ایاس طائی کے بعد ہُند کے باپ کی قلمرو پر ہمدان کا ایرانی سردار آزادیہ عجمی والی ملک کی حیثیت سے حکومت کرنے لگا۔ جب وہ بھی ایک مدت دراز تک فرمان روائی کرچکا تو ہُند کے بھائی منذر بن نعمان بن منذر کو آبائی حکومت ملی۔

اب حضرت سرور کائنات محمد رسول اللہ صلعم مبعوث ہوچکے تھے۔ اور عرب کی اُجلی ریگ روان کا نورانی غازہ دنیا کے منور کرنے کے لیے کرۂ ارض کے تاریک چہرے پر لگایا جارہا تھا۔ سیف اللہ خالد بن ولید (رضی اللہ عنہ) علم اسلام کو لیے ہوے یہان پہونچے اور ارض حیرہ کے ساتھ تمام صوبجات عجم اسلام کے پرچم ہدایت کے سایہ مین تھے۔ اب یہان کی حکومت صحابۂ رسول اللہ کے ہاتھ مین تھی۔ کبھی ابو موسیٰ اشعری حاکم تھے اور کبھی ابو ہریرہ۔ کبھی شمشیر حکمرانی ابو بکرہ کے پنجۂ قدرت مین تھی اور کبھی مغیرہ بن شعبہ کے ہاتھ مین۔

ہُند ان سب حیرت انگیز انقلابون اور تقدیر کے کرشمون کو اپنی خانقاہ کے حجرے سے خاموشی کے ساتھ دیکھتے دیکھتے بوڑھی ہوگئی۔ مغیرہ بن شعبہ اپنی حکومت کے زمانے مین ایک بار اُس دیر (خانقاہ) کی طرف سے گذرے۔ اور

اُس کی عالیشان عمارت دیکھ کے لوگون سے پوچھا "یہ کون سی خانقاہ ہے؟" لوگون نے کہا "دیر ہند - جس مین نعمان بن منذر کی تارک الدنیا شاہزادی رہتی ہے اور وہی یہان کی ساری راہبہ عورتون کی سردار ہے" یہ سُن کے مغیرہ خانقاہ کے دروازے پر گئے - اور اپنے آنے کی اطلاع کرائی - نام سُن کے ہند نے اندر بُلا لیا - اخلاق سے ملی - ہرن کی ایک کھال اُن کے بیٹھنے کے لیے بچھوا دی - اور پوچھا "آپ نے کیون تکلیف کی؟" مغیرہ نے کہا "مین تمھین نکاح کا پیام دینے آیا ہون - اور چاہتا ہون کہ تم میرے عقد مین آنا قبول کر لو" یہ سُن کے ہند نے ذرا تامل کیا - پھر بڑی متانت کے ساتھ صلیب کی طرف اشارہ کر کے کہا "مین اسی کی قسم کھا کے کہتی ہون کہ اگر مجھے ذرا بھی گمان ہوتا کہ حسن و جمال اور شباب کی زندہ دلیون کا کچھ بھی حصہ مجھ مین باقی ہے تو آپ سے ضرور نکاح کر لیتی - غالباً مجھ سے شادی کرنے کا خیال آپ کے دل مین اس لیے پیدا ہوا ہوگا کہ مین نعمان بن منذر کے ملک پر قابض و متصرف ہوا ہون تو اُس کی بیٹی کا شوہر بھی ہو جاؤن - تاکہ اپنے اقران و امثال پر فخر کر سکون - آپ جس خدا کو مانتے ہون اُسی کی قسم کھا کے کہیے کہ ہے نہ یہی بات آپ کے دل مین؟" مغیرہ نے کہا "بے شک یہی آرزو میرے دل مین ہے" اُن کی زبان سے تصدیق کے یہ الفاظ سنتے ہی ہند بولی "مگر یہ قیامت تک نہ ہوگا - گو آپ کی آرزو کے خلاف ہے"

اپنے اس شوق مین مایوس ہو کے مغیرہ نے اُس سے بعض قبائل عرب کی شرافت اور اُن کی فوقیت کے بارے مین نعمان بن منذر کا خیال پوچھا جس مین ہند نے اُن کی مرضی کے موافق اطمینان بخش جواب دیے اور اُنکی تشفی کر دی - آخر مغیرہ بن شعبہ اُس سے رخصت ہو کے چلے آئے - اور اُس کی تعریف مین تین شعر پڑھے جن کا مضمون یہ تھا کہ "نسل سلاطین مین جو خوبیان سُنی تھین وہ بیشک صحیح ہین"

بس پھر اسکے بعد پتہ نہین چلا کہ ہند کتنے دنون تک اس خانقاہ مین زندہ رہی اور کب اور کس زمانے مین اُس نے سفر آخرت کیا -

سجاح

بنی اسرائیل مین صدہا پیغمبر پیدا ہوے مگر کوئی ایسی عورت نہین نظر آتی جس نے کبھی جھوٹون بھی نبوت کا دعویٰ کیا ہو - بت پرست اقوام مین دیویان تو ہزارون بن گئین مگر نبیہ کوئی نہین بنی - بابل مین سمیرامیس ملکہ تھی جو مظہر الٰہی قرار پاکے قوم کی قابل پرستش دیوی بن گئی - یورپ مین ہزارہا نون اور ولیہ عورتون مین سے اکیلی ایک جون آف آرک ایسی عورت ہے جس پر الہامات کا اتنا زیادہ اور ایسا گہرا اثر پڑا کہ اُس سے پیمبری کی شان سی نمایان ہونے لگی مگر صاف الفاظ مین نبوت کا دعوے اُس نے بھی نہین کیا - لیکن عرب کے خصائص مین ایک بات یہ بھی ہے کہ اُس مین ایک ایسی عورت پیدا ہوئی جو صریح الفاظ مین نبوت کی دعویدار تھی - اور جس کا نام سجاح تھا

یہ حارث بن سوید بن عقفان کی بیٹی تھی - ہوازن کے مختلف قبائل مین سے بنی تمیم مین پیدا ہوئی تھی - اور قبیلۂ بنی تغلب سے ننہالی قرابت رکھتی تھی - عرب کے شمال و مشرق مین اُس سرزمین مین اُس کا نشو و نما ہوا تھا جو میان دوآب یعنی دجلہ اور فرات کے بیچ مین واقع ہے جسے یونانی اگلے دنون مسوپوٹامیا کہتے تھے اور فی الحال دریاؤن کے وسط مین ہونے کے باعث الجزیرہ کہلاتی ہے -

سجاح بڑی عاقلہ - حکیمہ - عالمہ اور فصیحہ و بلیغہ تھی - اور اسی کے ساتھ اولوالعزم بلند حوصلہ اور نہایت ہی مستقل مزاج تھی - اُسکے حسن و جمال کے متعلق ہمارے پاس کوئی خاص شہادت نہین موجود ہے - لیکن اُس کی باتون مین اگلے زمانے کی کاہنہ عورتون کی ایسی تحکم کی شان پائی جاتی تھی - اور ایسے خوبصورت جملے مُنہ سے نکلتے تھے کہ معلوم ہوتا تھا پھول جھڑتے ہین - جو لوگون کو گرویدہ کر لیتے - اور جو شخص اُس کی گفتگو سُنتا مطیع و منقاد ہو جاتا - اور اِس کے ساتھ ستم یہ تھا کہ ابھی شباب کا زمانہ تھا - جبکہ الفاظ کو دلبری و دلربائی مین اُس کے ناز و انداز اور چشم و ابرو سے بھی مدد مل جاتی -

ان دنون عرب کی حالت نہایت نازک ہو رہی تھی - جناب سرور کائنات

صلعم سفر آخرت فرما چکے تھے۔ تمام صوبجات عرب اور تقریباً کل قبائل دینِ اسلام قبول کر چکے تھے۔ اور ایک روحانی تہذیب کے ساتھ سارے عربون مین اتحاد و اتفاق پیدا ہو چکا تھا۔ جن کے ذمّے یہ فرض عائد کیا گیا تھا کہ بجاے کسی قسم کے خراج کے زکوٰۃ کی رقم مدینۂ طیبہ مین بھیجا کرین تاکہ وہ رقم ملکی مصالح اور تمدنی ضرورتون مین خرچ ہوا کرے۔ جناب ابوبکر صدیقؓ جو خلیفہ ہوے تو مختلف قبائل عرب مین یہ شک پیدا ہوا کہ اب حضرت رسالتؐ کے بعد بھی زکوٰۃ کی رقم مدینے مین بھیجی جائے یا نہ بھیجی جائے۔

اس شک کے ساتھ ہی مختلف مقامات مین کئی شخص پیدا ہو گئے جنھون نے بجاے خود نبوت کا دعویٰ کیا اور جو لوگ رقم زکوٰۃ کے بھیجنے مین تامل کر رہے تھے اُنھین مخالفت پر اُبھار دیا۔ اور سارے عرب مین بغاوت کی آگ سی لگ گئی۔ صرف ایک مکۂ معظمہ تو سرِ اطاعت جھکائے رہا جو مخالفت کا پورا جوش ابتداے بعثت ہی مین دکھا چکا تھا۔ باقی تمام بلادِ عرب بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔ صاف صاف کہنے لگے کہ "ہم تو زکوٰۃ نہ دین گے" اور پھر مدعیان نبوت نے اس آتش فساد پر اور تیل ڈالنا شروع کیا۔

یہان مدینے کی یہ حالت تھی کہ اس عام شورش اور ہر طرف پھیلی ہوئی بغاوت کو خطرناک تصور کر کے تمام صحابہ اور بڑے بڑے صائب الرائے لوگ دب جانے پر آمادہ تھے۔ حضرت عمرؓ کا سا سخت مزاج شخص بھی ابوبکر صدیقؓ کو یہی مشورہ دیتا تھا کہ فی الحال یہی مصلحت ہے کہ جو لوگ ادائے زکوٰۃ مین عذر کرتے ہین اُن سے تعرض نہ کیا جائے۔ مگر ابوبکر صدیقؓ اپنی ضد پر اڑے ہوے تھے کہ "خدا کی قسم مین تو جُوتے کا ایک تسمہ بھی جسے یہ لوگ آنحضرت صلعم کی زندگی مین دیتے ہون اور اب نہ دین ہرگز نہ چھوڑون گا۔ اور اس کے لیے لڑونگا۔ تم اگر ساتھ نہ دوگے تو اکیلا جا کے مقابلہ کرون گا مگر اسے گوارا نہ کرون گا کہ اسلام کا ایک رُکن ٹوٹ جائے"۔

جبکہ مدینے مین یہ حالت تھی۔ طلیحہ ایک طرف۔ اسود عنسی ایک طرف اور مسیلمۂ کذاب ایک طرف نبوت کے دعوے کر کے اپنے اپنے ہم وطنون اور

قبیلون کو توڑ توڑ کے مدینے کے مخالف بنا رہے تھے۔ سجاح بھی اپنے وطن الجزیرہ سے بنی تمیم۔ دیگر قبائل ہوازن۔ اور اپنے ننہالی قرابت دارون بنی تغلب کا ایک لشکر عظیم لے کے روانہ ہوئی کہ حجاز کے پیغمبر اُمّی (صلعم) کے مقابلے مین اپنی نبوت کا آوازہ بلند اور ابوبکر صدیقؓ سے مقابلہ کرے۔ ہذیل بن عمران جو بنی تغلب کا ایک نامور سردار اور عیسوی المذہب تھا۔ دین مسیحی کو چھوڑ کے سجاح پر ایمان لے آیا۔ اور اُسکے ساتھ ہی دیگر قبائل کے اور بھی بہت سے صاحب اثر سردار اُس کے مطیع و منقاد بن کے اُس کا کلمہ پڑھنے لگے۔ زیاد بن ہلال بنی ایاد کے لوگون کے ساتھ۔ عقبہ بن ہلال بنی نمر کے ساتھ۔ سکیل بن قیس بنی شیبان کے ساتھ آکے اُس کے لشکر مین مل گئے۔ اور سجاح کے جھنڈے کے نیچے ایک بڑا بھاری لشکر جمع ہو گیا۔ لیکن ان لوگون مین باہمی رقابت و عداوت ایسی تھی کہ سب کا ساتھ آخر تک نبھ نہ سکا۔ اور یہ حالت تھی کہ اگر اُس کے کہنے پر عمل کیا گیا تو وہ بگڑ گیا۔ اور اُس کی بات مانی گئی تو یہ بگڑ کھڑا ہوا۔

آخر اُن سب کے مجمع مین سجاح نے ایک پُر اثر اور فصیح و بلیغ تقریر کر کے اُنھین اُبھارا کہ بنی رباب پر حملہ کرین۔ بنی رباب بھی مقابلے کو تیار ہو گئے۔ اور ایک سخت لڑائی ہوئی جس مین دونون طرف کے بہت سے لوگ مارے گئے۔ مگر قتل و خون کے بعد اُن لوگون سے صلح ہو گئی۔ اور سجاح اپنے لشکر کو لے کے مقام بناح مین پہونچی۔ یہان یہ مصیبت آپڑی کہ اوس بن خزیمہ جھبی نے اُس کے لشکر پر ناگہان حملہ کر کے اُسکے کئی زبردست اور اعلیٰ درجے کے افسرون کو گرفتار کر لیا۔ لیکن سجاح کی حکمت عملی اب بھی کامیاب ہوئی۔ اُسکے قیدیون کو رہائی ملی۔ اور اس شرط پر صلح ہو گئی کہ سجاح اُس سرزمین کو چھوڑ کے کسی اور طرف کا قصد کرے۔

اب سجاح اپنے عظیم الشان لشکر کو لے کے آگے بڑھی تو ارض یمامہ مین پہونچی۔

یمامہ مین قبیلۂ بنی حنیفہ آباد تھا۔ جن لوگون کو مسیلمۂ کذاب نے بہکا کے اپنی نبوت کا معتقد بنا لیا تھا۔ اُنھین وہ عجیب عجیب وحیان سُناتا تھا اور نئے نئے احکام

جاری کرتا تھا اور نبوت کی نقل کرنے مین اپنے تمام معاصر مدعیان رسالت پر تفوق لے گیا تھا۔ چنانچہ اُس کی شریعت کا ایک حکم یہ تھا کہ جس کسی کا کوئی جیتا جاگتا بیٹا موجود ہو اُسے دوسری شادی کرنا درکنار اپنی منکوحہ بی بی سے بھی مقاربت کرنا حرام ہے۔ ہان اگر بیٹا مرجائے تو اُس وقت تک جائز ہے جب تک دوسرا بیٹا نہ پیدا کرلے۔

مسیلمہ نے جب سجاح کی نبوت اور اُسکے لشکر عظیم کے سر پر آپہونچنے کی خبر سُنی تو بہت گھبرایا۔ اور ڈرا کہ ایسا نہ ہو میرے گرد و پیش کے قبائل اُس سے جا ملین اور میری کرکری ہو۔ اپنی قوت کو سجاح کے مقابلے مین کم پاتا تھا۔ اور مقابلے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ لیکن چونکہ کیا دی و مکاری مین کمال رکھتا تھا اسلیئے دوسری وضع پر چلا۔ سجاح کے پاس تحفے اور ہدیے بھیج کے اُس کی استمالت کی۔ اور اُس سے دوستی پیدا کرنے کا ڈھنگ ڈالا۔ اور جب اُسے یون راضی کرچکا تو پیام بھیجا کہ "مجھے تم سے ملنے کی آرزو ہے۔ اگر اجازت دو تو حاضر ہون"۔ سجاح نے اجازت دی۔ وہ بنی حنیفہ مین سے چالیس ہوشیار آدمیون کو ساتھ لے کے سجاح کے پاس گیا۔ اس سے محبت کے ساتھ ملا۔ اُس کی صورت و سیرت پر غور کیا۔ اُس کی حالت کا اندازہ کیا۔ اور دل مین سمجھ گیا کہ یہ عورت اس بلا کی ہے اور اپنے پیرو ون پر ایسا اثر رکھتی ہے کہ فوج کشی کے ذریعے سے پیش پانا دشوار ہے۔ یہ ظالم فوج کشی سے نہین بلکہ حُسن و عشق کے کھیل مین زیر ہونے والی ہے۔ اُس کی اس کمزوری کا راز دریافت کرکے مسیلمہ نے خواہش کی کہ آپ میری دعوت قبول کرین۔ اور میرے خیمے مین تشریف لاکے مجھے سرفراز فرمائین۔ مگر شرط یہ ہے کہ میرے آپ کے دونون گروہون کے آدمی خیمے سے دور رہین"۔ سجاح نے وعدہ کیا۔ اور مسیلمہ وعدہ لے کے چلا آیا۔

اب یہان آکے اُس نے دلھنون کا سا ایک پُر تکلف سرخ خیمہ کھڑا کرایا اپنے مذاق اور امکان کے مطابق اُسے اُسی طرح بناچُنا کے حجلۂ عروسی بنایا جس طرح زلیخا نے حضرت یوسف کے دل پر فتح پانے کے لیے اپنا کمرہ آراستہ کیا تھا۔ مسیلمہ نے اس خیمے کو خوب سجا۔ اُس مین خوب خوشبوئین سلگائین۔ عطر

لگایا - اور اُس خیمے کو ایسا بنا دیا کہ پاس بھی کھڑے ہو جائیے تو خوشبو کی لپٹیں چلی آتی تھیں -

یہ حجلۂ عروسی تیار تھا کہ سجاح ملنے کو آئی - اُسے ہاتھوں ہاتھ لیا - نہایت نرم اور گدگدے فرش پر بٹھایا - اور اپنی نبوت سے عشق بازی کا کام لینے لگا - کہا "بتائیے آپ پر کیا وحی اُتری ہے؟" سجاح بولی "نہیں - آپ پہلے اپنی وحی سنائیں - مین پھر عورت ہون - اور آپ مرد ہین" - اس جواب سے مسیلمہ سمجھ گیا کہ سجاح اپنی نبوت مین کمزور ہے - اور میرا کچھ نہ کچھ دباؤ ضرور مانتی ہے - بولا "مجھ پر تو وحی اُتری ہے" الم ترکیف فعل ربک بالحبلیٰ - اخرج منہا نسمۃً تسعیٰ - من بین صفاق وحشا" - چونکہ یہ وحی کسی حد تک سجاح کے مذاق کے مطابق تھی بولی "اور کوئی وحی بھی سنائیے" - مسیلمہ نے جب دیکھا کہ سجاح نے اتنی نوک جھوک کو گوارا کر لیا تو حوصلہ اور بڑھا - اور بولا "اور خدا نے مجھ پر یہ آیتین بھی نازل کی ہین" الم ترالی اللہ خلق النساء اقواجًا - وجعل الرجال لہن ازواجًا - فتولج فیہن ایلاجًا - ثم تخرج ماشیاً اخراجًا - فینتجن لنا انتاجًا" - اس بے تکلف سورۃ اور دل کو ہیجان مین لانے والی وحی نے سجاح پر پورا اثر کیا - بولی "اشہد انک نبی اللہ" (مین گواہی دیتی ہون کہ آپ پیغمبر ہین) اب کیا تھا - مسیلمہ کو منہ مانگی مراد ملی - بولا "سنو خدا تعالیٰ نے آدھی زمین مجھے دی تھی اور آدھی قریش کو - مگر قریش نے ناانصافی کی - جس کی وجہ سے خدا نے اُن کا وہ نصف حصہ چھین کے تمھین عطا کیا - اور اب مین کمال اشتیاق سے کہتا ہون کہ کیا مناسب نہ ہوگا کہ ہم تم دونون شادی کر لین؟ اگر ہماری یہ دونون فوجین مل گئین تو ہم سارے عرب پر قبضہ کر لین گے"

عہ کیا تو نہین دیکھتا کہ تیرے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیا کیا؟ اُس مین سے ایک زندہ جان نکالی جو دوڑتی پھرتی ہے - اور جھلی اور احشا مین سے نسل کے آتی ہے -

عہ کیا تو خدا کو نہین دیکھتا کہ غول کے غول عورتون کے پیدا کیے - مردون کو اُن کا جوڑا بنایا جو اُن مین دخول کرتے ہین - پھر اُن مین سے چلتا پھرتا بچہ نکالتا ہے - اور وہ ہمارے لیے نتیجہ بخش ثابت ہوتی ہین -

سجاح کے دل پر مسیلمہ کا جادو پورا چل چکا تھا بولی "مجھے منظور ہے" مسیلمہ نے مارے خوشی کے آپے سے باہر ہو کے کہا "تو پھر دیر کاہے کی ہے۔ آؤ" اور اب گستاخی کا حوصلہ اس قدر بڑھ گیا تھا کہ اُس نے چند نہایت ہی فحش شعر پڑھے جنھوں نے سجاح کو بھی اُس کی طرح بالکل مست و دیوانہ بنا دیا۔ اور خوش ہو کر اُن کی رضامندی سے "جھٹ منگنی پٹ بیاہ" کی مثل پوری کر دکھائی۔ اور سجاح نے نیز کسی سے پوچھے گچھے اکیلے ہی میں عقد نکاح کر لیا۔ ان دونوں بیمبروں کی اُمتیں ملاقات کے فیصلے کا انتظار کر رہی تھیں۔ اور یہاں دونوں پُرشوق صاحبان اُمت دولھا دولھن بنے حجلۂ عروسی کے مزے لوٹ رہے تھے۔ اور شوق وصال ایسا بڑھا ہوا تھا کہ تین دن تک خیمے سے باہر نہ نکلے۔ تیسرے دن سجاح رخصت ہو کے اپنے معتقدوں میں گئی تو اُن لوگوں نے جو انتظار کرتے کرتے بے صبر ہو رہے تھے۔ صورت دیکھتے ہی پوچھا "مسیلمہ سے کیا ٹھہری؟" بولی "وہ نبی برحق ہے اس لیے میں نے اُس کی نبوت تسلیم کر کے اُس سے شادی کر لی"۔ لوگوں نے حیرت زدہ ہو کے پوچھا "اور مہر کیا قرار پایا؟" گھبرا کے بولی "یہ پوچھنا تو میں بھول گئی"۔ ساتھیوں نے کہا "تو اسی وقت جا کے اپنے مہر کا فیصلہ کیجیے۔ سب کے مجبور کرنے سے اُسی وقت پلٹی۔ لیکن یہاں آ کے دیکھا تو مسیلمہ بھاگ کے اپنے قلعے میں ہو رہا تھا۔ اور دروازہ بند کر لیا تھا۔ وہ دل میں سہما ہوا تھا کہ ایسا نہ ہو میرے اس فعل کو سجاح کے ساتھی اپنی تحقیر و توہین خیال کر کے مجھ پر یورش کر دیں۔ سجاح نے اطلاع کرائی اور بلوایا تو اُسکو اس قدر خوف غالب تھا کہ باہر آنے کی جرأت نہ ہوئی۔ کوٹھے پر آ کے سامنے کھڑا ہوا اور پوچھا "اب کس لیے آئی ہو؟" سجاح نے کہا "میرا مہر تو بتاؤ۔ آخر مہر میں کچھ دو گے یا نہیں؟" بولا "ہاں مہر ضرور ملے گا۔ تمھارا موذن کہاں ہے؟ اُسے بلواؤ"۔ فوراً سجاح کا موذن شبث بن ربعی رباحی حاضر ہوا۔ جس سے مسیلمہ نے کہا "جاؤ تمام مومنین میں پکار دو کہ محمد (صلعم) خدا کے پاس سے جو پانچ نمازیں لائے تھے اُن میں سے دو عشا اور فجر کی خدا نے سجاح کے مہر میں مومنین پر سے معاف کر دیں"۔

یہ مہر پاکے سجاح واپس چلی تو اُس کے اصحاب کبار مین سے عطارد بن حاجب عمرو بن اہم۔ غیلان بن خرشہ اور وہی اُس کا موذن شبث بن ربعی ہمراہِ رکاب تھے اور خاموش تھے۔ عطارد نے اپنی حالت پر غور کیا تو استعجاب سا معلوم ہوا اور یہ شعر پڑھا۔

اَمَسَتْ نَبِیَّتُنَا اُنْثٰی نَطُوْفُ بِہَا وَاَصْبَحَتْ اَنْبِیَاءُ النَّاسِ ذُکْرَانًا[عہ]

اب مسیلمہ سے صلح تو ہو ہی گئی تھی۔ صلح کے شرائط مین گفتگو شروع ہوئی مسیلمہ نے کہا کہ تم علاقۂ یمامہ کا ایک سال کا محصول لو اور چلی جاؤ۔ اُس مین سے نصف مین اسی وقت دیتا ہون اور نصف کے لیے تم اپنا کوئی مختار چھوڑ جاؤ۔ چند روز مین وہ بھی دے دیا جائے گا۔"

سجاح نے یہ شرط قبول کی۔ اپنے معتمد علیہ لوگون مین سے ہذیل۔ عقفہ۔ اور زیاد کو یمامہ مین چھوڑا اور خود اپنے تمام لشکر کے ساتھ ارض جزیرہ کی طرف واپس روانہ ہوئی۔ یہ سمجھ مین نہین آتا کہ جب وہ مدینے پر چڑھائی کرنے اور حضرت صدیقؓ سے لڑنے کے لیے آئی تھی تو مسیلمہ سے شادی کرکے واپس کیون چلی گئی۔ حالانکہ خود مسیلمہ بھی اسی دُھن مین تھا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ شادی کے بعد اُسے یہ خیال ہوا کہ اب ساری ذمہ داریان مسیلمہ کے سر ہین۔ اور اُسی کا کام ہے کہ سارے عرب پر قبضہ کرکے جو ملک میرے نامزد کیا ہے میرے حوالے کرے۔

مگر وہ اُدھر گئی ہی تھی کہ حضرت صدیقؓ کی جانب سے خالد بن ولید علم اسلام لیے ہوے یمامہ مین آپہونچے۔ اور اگرچہ نہایت ہی سخت لڑائی ہوئی جس مین بعض وقت صحابۂ رسول اللہ کو ناکامی کی جھلک نظر آنے لگتی تھی۔ لیکن آخر مین اسلام ہی کی فتح ہوئی۔ مسیلمۂ کذاب مارا گیا۔ اور جن لوگون کو سجاح ملک کی نصف آمدنی لینے کے لیے چھوڑ گئی تھی وہ لڑائی شروع ہونے سے پہلے ہی بھاگ کھڑے ہوے۔

مسیلمہ کے بعد ہی باقی تمام مرتدون اور مدعیان نبوت کا خاتمہ ہوا۔ اور پھر سارے عرب پر ویسی ہی حکومت قائم ہوگئی جیسی کہ جناب سرور کائنات صلعم

عہ ہماری پیغمبر ایک عورت ہے جسے ہم لیے لیے پھرتے ہین حالانکہ اور سب لوگون کے پیغمبر مرد ہین۔

وفات کے وقت چھوڑ گئے تھے۔

سجاح کو پھر کبھی فوج جمع کرنے یا سرکشی کرنے کی جرأت نہین ہوئی۔ بنی تغلب مین ٹھہر کے نہایت ہی امن و امان اور خموشی کی زندگی بسر کرنے لگی۔ یہان تک کہ جناب معاویہ کا زمانہ آیا۔ اور ایک سال قحط پڑا جس مین معاویہ نے بنی تغلب کو بصرے مین آباد کرایا جن کے ہمراہ سجاح بھی بصرے مین آکے مقیم ہوئی۔ اور اُس نے اور اُس کی ساری قوم نے دینِ اسلام قبول کر لیا۔ مسلمان ہونے کے بعد سجاح سے پوری دینداری ظاہر ہوئی۔ اور خاتمہ بالخیر ہوا۔ سُمرہ بن جُندب نے جو صحابۂ رسول اللہ مین تھے اور اُن دنون بصرے کے حاکم تھے اُس کی نماز جنازہ پڑھائی۔

بہرحال سجاح تو نہ رہی۔ مگر دنیا مین نام کر گئی۔ اور وہ کام کیا جو آج تک دنیا کی ساری عمر مین کسی عورت سے نہ ہو سکا تھا۔

ہلینا (قسطنطین اعظم کی مان)

اس کی ابتدائی زندگی بالکل تاریکی مین ہے۔ کسی کو یہ بھی نہین معلوم کہ اسکے ان باپ کون تھے اور کس درجے کے لوگ تھے۔ لیکن اس مین شک نہین کہ وہ نہایت ہی حسین و نازنین پری جمال و مہ طلعت تھی۔ اور ایسی حسینہ تھی کہ جس کی نظر پڑ جاتی فریفتہ ہو جاتا۔ ایشیائے کوچک کے شہر شینہ مین جسے اہلِ عرب شہر رہا کہتے ہین ۲۴۷ء کے قریب پیدا ہوئی۔

یہ وہ زمانہ تھا جبکہ قیاصرۂ روم عیسائیون پر ظلم کرتے کرتے تھک گئے تھے اور نظر آتا تھا کہ اس نئے دین کی جس قدر روک کی جاتی ہے اُسی قدر بڑھتا جاتا ہے۔ اکثر غربا حضرت مسیحؑ پر ایمان لاتے جاتے تھے اور اندر ہی اندر اُنکی تعداد روز بروز بڑھتی جاتی تھی۔ اس کے ساتھ مسیحیون مین جوش بھی سچا تھا اور بلا کا تھا۔ جن کے مقابل تمام پُرانے بُت پرستان روم کا جوش پھیکا پڑ گیا تھا۔ وہی رَو جو مسیحیون کی تعداد بڑھا رہی تھی اُس نے اس حسین لڑکی کو بھی مسیحیت کا شیدا بنا دیا۔ اور شینہ کے اُسقف کے پاس جا کے اُس کے ہاتھ پر ایمان لے آئی۔

اور مذہبی کتابون کی تعلیم پاکے ایک تعلیم یافتہ لڑکی بن گئی۔

قسطنطین کلورس جو قیصر وقلطیانوس کا متبنیٰ علیہ افسر تھا۔ حملہ آوری کے سلسلے مین ادھر آیا۔ اتفاقاً اُس کی نظر ہلینا پر پڑ گئی۔ اور دیکھتے ہی سوجان سے عاشق ہوگیا۔ فاتح کو ایک مفتوح شہر کی لڑکی پر وہ چاہے کیسی ہی حسینہ ہو دسترس پانا کون مشکل تھا؟ اُسے ساتھ لے کے بزنطائن (موجودہ قسطنطنیہ) مین گیا۔ اور اپنی ناز آفرین محبوبہ بنا کے رکھنے لگا۔ ہلینا مسیحیہ ہوچکی تھی مگر اُس کے رومی نژاد شوہر کا مذہب وہی شرک کا پُرانا مذہب بُت پرستی تھا۔ وہان اُس کے بطن سے ایک بچہ پیدا ہوا جس کی ولادت کے ساتھ نجومیون نے وقلطیانوس قیصر سے کہا "یہ لڑکا عنقریب سارے روم کا مالک ہوجائے گا اور اہل روم کے مذہب کو بھی بدل دے گا"۔ یہ سنتے ہی وقلطیانوس اُسکے خون کا پیاسا ہوگیا۔ باپ سے سوا اسکے اور کچھ نہ بن پڑا کہ بی بی کو مع بچے کے اُسکے میکے مین بھیجدیا۔ ہلینا اگرچہ اپنے مذہب پر مستقل تھی مگر اسکی جرأت اُسے مشکل سے ہوسکتی تھی کہ بیٹے کو بھی اپنے مذہب کی تعلیم دے۔ مگر بچے کو باپ سے جدا اور ماں کے وطن مین رہنے سے اور کچھ نہین تو اتنا فائدہ ضرور ہوا کہ اُس کے دل مین اگر مسیحیت کی نہین تو مسیحیون کی ایک گونہ محبت ضرور پیدا ہوگئی۔ چندروز بعد جب وقلطیانوس قیصر مرگیا تو اقبالمند بیٹا باپ کے پاس جاکے رہا۔

قسطنطین کلورس نے ہلینا کو یا تو اُس کی مسیحیت کی وجہ سے یا اور کسی بنا پر طلاق دے دی۔ اور مقسمیانوس ہرقل کی بیٹی سے عقد کرلیا۔ جس سے ہلینا مصیبت اور تنہائی مین پڑ گئی۔ مگر اپنے بچے کی اُمید پر مصیبت کے ایام صبر و سکون سے کاٹتی رہی۔ اب یہ لڑکا رومی رواج کے مطابق اپنے باپ کے نام قسطنطین کا وارث ہوا۔ اور اپنے کارنامون اور اپنی بے نظیر کامیابیون اور اقبالمندیون کی بدولت قسطنطین اعظم کے لقب سے مشہور ہوا۔ اُس کا باپ آخر زمانے مین مغربی قلمرو روم کا حاکم تھا۔ اور اُسکے مرنے پر وہی اُس کی حکومت کا جانشین ہوا۔

ان دنون روم مین ایک ہی زمانے مین دو شہنشاہ رہا کرتے تھے۔ چنانچہ مغربی قلمرو روم کا حاکم قسطنطین تھا جو علاقۂ گالیا (فرانس و جرمنی) مین رہتا۔ اور دوسرا فرمان روا مقسنطیوس تھا جو خاص رومۃ الکبریٰ مین تھا۔ دونون مین رقابت و عداوت بڑھتی گئی۔ اور قسطنطین اپنے لشکر کو روز بروز زیادہ زبردست اور مضبوط بناتا رہا۔ لیکن جس طرح خلافت عباسیہ مین امین اور مامون کے جھگڑون مین عرب اور بنی عباس امین کے طرفدار تھے اور عجمی مامون کو چاہتے تھے اور اُسے اپنا بھانجا کہتے تھے کیونکہ اُس کی مان مراجل عجمیہ تھی۔ اُسی طرح یہان روم مین رومی بُت پرست مقسنطیوس کے طرفدار تھے۔ اور مسیحی لوگون کو قسطنطین سے زیادہ محبت تھی جسے وہ اپنا بھانجا بتاتے کیونکہ اُس کی مان مسیحیہ تھی۔ قسطنطین نے دیکھا کہ جیسا سچا جوش اور صلیبی مستعدی و جان بازی آج کل عیسائیون مین ہے بُت پرستون مین نہین مسیحیون کی استمالت شروع کی۔ اور آسمان پر ایک نورانی صلیب دیکھ کے صلیبی جھنڈا بنایا جس کے آگے دوڑ دوڑ کے مسیحی سر جھکا دیتے تھے۔ اس سے پیشتر مسیحیون نے صلیب کو اپنا دینی شعار نہین قرار دیا تھا۔ مگر قسطنطین کی روحانی آنکھون نے رومیون ہی کے مذاق کا ایک بُت آسمان پر دیکھ کے عیسائیون کو دکھایا۔ اُنھین دیکھتے ہی حضرت مسیح کی شہادت و مصلوبی یاد آگئی۔ اور دوڑ دوڑ کے اُس کے آگے جوش و خروش سے سر جھکانے لگے۔ یہ ۳۱۲ء کا واقعہ ہے۔

آخر قسطنطین صلیبی علم اور مسیحیون کا زبردست لشکر لیے ہوے رومۃ الکبریٰ پر چڑھ آیا۔ حریف کو شکست دے کے قتل کیا۔ اور لڑ بھڑ کے رومۃ الکبریٰ مین داخل ہوا۔ مگر یہان کے لوگون نے جو اپنے قدیم مذہب کے دلدادہ تھے اُسکا استقبال نہایت سرد مزاجی سے کیا۔ اور اُن سے وہ گرمجوشی نہین ظاہر ہوئی جس کو قسطنطین چاہتا تھا۔ یہ دیکھ کے اُسے رومۃ الکبریٰ سے نفرت ہوگئی۔ اور مشرق کا سفر کرکے پرانے شہر بزنطیم مین آیا۔ اور اُسے خوب آباد کرنا شروع کیا۔ جس کا نام اُس کی یادگار مین قسطنطنیہ قرار پایا۔

اب قسطنطین ساری مملکت روم کا شہنشاہ تھا اور کسی کی مجال نہ تھی کہ اُسکی

برابری کا دعوٰی کر سکے۔ اُس کی ماں جو باپ کے زمانے سے نکالی ہوئی تھی قصر شہنشاہ مین آکے "والدۂ سلطانہ" بنی۔ جس کا قسطنطین نہایت ہی ادب و احترام کرتا تھا۔ اور قسطنطنیہ مین آج تک جو یہ طریقہ جاری ہے کہ شہنشاہ کی ماں اصلی مالک سلطنت اور ملک بھر مین سب سے زیادہ واجب التعظیم تسلیم کی جاتی ہے غالباً یہ ہلینا ہی کے زمانے کی سنت ہے۔ اس مین شک نہین کہ دین اسلام کے رُو سے بھی ماں کی ویسی ہی تعظیم ہونی چاہیے جیسی کہ قسطنطنیہ مین کی جاتی ہے لیکن کسی اور اسلامی سلطنت و مملکت مین بادشاہ کی ماؤن کو ویسا امتیاز نہین حاصل ہوتا جیسا کہ وہان دیکھا جاتا ہے۔

اب تخت و تاج حاصل کرنے کے بعد قسطنطین کو اپنا سب سے بڑا فرض یہ نظر آتا تھا کہ عیسائیون کے احسان کا معاوضہ کرے جن کی جان بازی سے اُسے سلطنت ملی تھی۔ اس بارے مین اُسکی مشیر اُسکی ماں ہلینا ہی تھی جو کھلی مسیحیہ تھی۔

قسطنطین اعظم کی نسبت بعض لوگون نے لکھ دیا ہے کہ وہ عیسائی ہو گیا تھا مگر اس کا کوئی ثبوت موجود نہین ہے۔ بیشک اُس نے عیسائیون کی بے حد طرفداری کی۔ بیت المقدس مین جگہ جگہ اُن کے لیے کنیسے اور عبادت خانے تعمیر کرائے۔ سلطنت روم کے قوانین مین عیسائیون کے متعلق جو سختیان تھین دُور کر دین۔ اس سے بھی بڑھ کے یہ کیا کہ عیسائیون کی حالت اُس وقت تک بالکل غیر منتظم تھی۔ ان کے عقائد و مسائل مین باہم سخت اختلافات پڑ گئے تھے۔ قسطنطین نے نیقیہ مین عیسائیون کی سب سے پہلی دینی کونسل منعقد کی جس مین تمام ملکون کے اُسقف اور پوپ شریک ہوے اور قرار دیا گیا کہ ایک سچے مسیحی کے کیا عقائد ہونا چاہییں۔ اور تثلیث کا مسئلہ اسی کونسل نے طے کیا۔ اور جو اسقف موحد تھے اور تثلیث کے مخالف تھے ملحد و بے دین قرار دیے گئے۔ اس کونسل مین قسطنطین خود بھی شریک ہوا مگر اُسی طرح جیسے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس مین کبھی لفٹنٹ گورنر بہادر آجاتے ہین۔ باوجود عیسائیون کی ایسی طرفداری کے اُسنے رومیون سے اپنے تعلقات منقطع نہین کیے تھے۔ سینٹ صوفیا جو آج کل مسجد اور اس سے پہلے کنیسہ تھی اسی قسطنطین کی بنائی ہوئی ہے جسے اُس نے مسیحیون

کے لیے نہیں بلکہ علم کی دیوی کے مندر کی حیثیت سے تعمیر کرایا تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عیسائیون نے تو قسطنطین کا نام اپنے سینٹون (ولیون) کی فہرست مین درج کرلیا اور بُت پرستون نے اُسے خوشی سے اپنا ایک دیوتا تسلیم کرلیا۔

بیت المقدس اور ارض فلسطین مین مسیحیون کے خوش کرنے کے لیے اُس نے جو کچھ کیا اپنی ماں ہلینا کے ذریعے سے کیا۔ وہ ایک عقیدت کیش زائرہ کی وضع سے ادب و تعظیم کے ساتھ یہان آئی۔ جہان جہان حضرت مسیح کے تشریف لیجانے کا حال سُنا یا جن جن مقامات سے آپ کا کچھ بھی تعلق ثابت ہوا وہان خود گئی۔ اور مناسب مقامات پر گرجے بنوائے۔ بیت اللحم مین آپ کے مولد پر کالوری کی پہاڑی پر یعنی آپ کے مقتل پر۔ نیز اُس مقام پر جسے عیسائی آپ کا مدفن بتاتے تھے بڑی بڑی عالیشان عمارتین بنوائین۔ اور جس قدر ان نئی زیارت گاہون کی طرف اُس نے توجہ کی اُسی قدر اصلی حرم یعنی مسجد اقصیٰ کی جانب سے بے پروائی کی گئی۔ اس لیے کہ ارض یہود کے اصلی عیسائی جو اُسکی قدر کرتے تھے فلاکت زدہ تھے۔ اور رومی و یونانی عیسائیون کو اُس سے سخت عداوت تھی۔ کیونکہ جیسی آزادی وہ چاہتے تھے وہ اُس وقت تک نصیب ہی نہ ہوسکتی تھی جب تک کہ یہود کی پُرانی شریعت اور قدیم چیزون کو کلیۃً ترک کردیا جاتا۔

ہلینا یہان بڑی خوش اعتقادی کے ساتھ آئی تھی۔ صاحبزادے نے آسمان پر نورانی صلیب دیکھی تھی اب والدۂ محترمہ نے یہان پہونچ کے خواب مین زمین کے نیچے وہ اصلی صلیب دیکھ لی جس پر حضرت مسیح مصلوب کیے گئے تھے۔ چنانچہ اُس کے اشارے سے کالوری کی پہاڑی پر کھودا گیا تو زمین کے اندر سے تین صلیبین برآمد ہوئین۔ حضرت مسیح کے ساتھ دو ڈاکو بھی مصلوب کیے گئے تھے۔ لہٰذا اس بات کا تو یقین ہوگیا کہ یہ وہی تینون صلیبین ہین مگر اس کا فیصلہ کرنا باقی تھا کہ ان مین سے کون صلیب حضرت عیسیٰ والی ہے اور کون ڈاکوؤن والی ہین۔ آخر خوش اعتقادی نے اس کا بھی تصفیہ کرادیا۔ ان تینون صلیبون مین سے ہر صلیب باری باری ایک مریض کے سرہانے رکھی گئی۔ اور جس صلیب کی بابرکت مین وہ مریض اچھا ہوگیا سمجھ لیا گیا کہ وہ اصلی صلیب

جس پر حضرت مسیح لٹکائے گئے تھے یہی ہے - یورپ مین اس صلیب کی بڑی شہرت ہوئی - اور اس کے لیے بڑی بڑی خون ریزیان ہوئین - اس کے ٹکڑے کاٹ کاٹ کے بعض معزز زائرین کو دیے جاتے جو یورپ کے اکثر گرجون مین اصلی صلیب کے نام سے قائم کیے جاتے اور اُنکے سامنے لوگ جا جا کے سجدہ کرتے - آخر یورپ مین اتنی صلیبین بن گئین کہ اگر وہ ایک جگہ جمع کی جاتین تو پورے جنگل کی لکڑیون سے بھی اُن کی تعداد زیادہ ہوتی -

الغرض یہ ہلینا ہی کے حسن کا کرشمہ تھا جس نے قلمرو روم مین مسیحیون کو امن و امان دلوائی - اور چند روز بعد دولتِ روم کو مسیحی دولت بنا دیا بیت المقدس مین صدہا عالیشان گرجے تعمیر کرائے - اور آخر یورپ سے پُرانے دین کو بالکل مٹا دیا - وہ جیسا ہم بیان کر چکے ہین ۲۷۴ء کے قریب پیدا ہوئی تھی ۳۰۴ء مین جبکہ اُس کی عمر ۲۷ برس کی تھی اُس کے بطن سے قسطنطین اعظم پیدا ہوا - ۳۱۳ء مین جبکہ وہ ۴۷ برس کی تھی بیت المقدس کی زیارت کو آئی - اور یہان کے گرجے بنوائے - اور ۳۲۷ء ۸۰ برس کی ہو کے دنیا سے رخصت ہو گئی -

وہ عیسائیون کی ملکۂ استیر تھی - جس طرح یہود کو ایک یہودیہ لڑکی کے ملکہ بنجانے سے اسیری مین عروج حاصل ہو گیا تھا ویسے ہی ہلینا کے ملکہ بنجانے سے مسیحیت کے دن پھرے - دن ہی نہین پھرے بلکہ عقبیٰ بھی درست ہوئی - کیونکہ عیسائیون کے مذاق کی اصلی مسیحیت وہی ہے جو نیقیہ کی کونسل مین حقیقی مسیحیت اور ذریعۂ نجات قرار پائی - اور ظاہر ہے کہ اگر ہلینا نہ ہوتی تو وہ کونسل بھی نہ ہوتی - اور وہ کونسل نہ ہوتی تو شاید عیسائیون کو اس کے تسلیم کرنے مین عذر نہ ہوگا کہ سچا دین اور سچی صراطِ مستقیم فنا ہو گئی تھی - لیکن ہمین افسوس ہے کہ مسیحی اسی کونسل اور اسی ملکہ کی وجہ سے سچی توحید کی برکتون سے محروم ہو گئے -

اولغا (ملکۂ روس)

روس کی ملکۂ کیتھرائن کا نام بہت مشہور ہے جو شہنشاہ پطرس اعظم کی ملکہ تھی

اور اُس کے بعد وارثِ تاج و دیہیم ہوئی تھی - اور جس کے حالات ہم دلگداز کے صفحوں پر بیان کر چکے ہیں - مگر اس سے بہت پہلے سلطنت مذکور کے ابتدائی زمانے میں ایک اور ملکہ گذری ہے - جس کے کارنامے کیتھرائن کے کارناموں سے بھی بڑھے ہوئے ہیں - اور دراصل اُسی کے زمانے سے سلطنت روس کا ستارہ چمکا اُس کا نام دنیا میں مشہور ہوا - اور تہذیب و تمدن کی بنیاد پڑی - یہ مندرجۂ عنوان ملکہ اُولگا تھی جو تیسرے بلکہ دراصل دوسرے تاجدار روس آغور کی ناز آفرین بی بی اور ملک کی محبوبۂ عام ملکہ تھی -

سلطنتِ روس کے آغاز کی مختصر تاریخ یہ ہے کہ بحر اسود کے شمالی اور یورپ کے مشرقی و شمالی علاقے میں قدیم الایام اور شہر رومۃ الکبریٰ کی بنیاد پڑنے سے بھی پہلے سلاوی نام ایک قوم رہتی تھی جن لوگوں کی بت پرستی سب سے جدا اور جنگی زبان یونانی سے ملتی جلتی تھی - اس قوم کے بہت سے غول اور گروہ دُور دُور تک پھیلے ہوئے تھے اور بہادری میں شہرت رکھتے تھے - ان لوگوں کے گروہوں کا سلسلہ شمالی حصۂ بحر سکون میں ترکوں اور مغلوں کے غولوں سے آملا تھا - اُنھیں میں سے ایک گروہ کے سردار و سرگروہ رُورِک نے متعدد سلاوی گروہوں اور قبیلوں کو اپنے ماتحت کر کے ایک چھوٹی سلطنت قائم کی جو کہ سلطنت روس کے نام سے مشہور ہوئی - صحیح طور پر اس کا پتہ نہیں چلتا کہ اس قوم نے اپنی سلطنت کے لیے روس کا نام کیوں اختیار کیا - اس کی کئی توجیہیں کی گئی ہیں مگر زیادہ قرین قیاس یہ ہے کہ ان لوگوں کے معبودوں میں "رُوسالکی" نام حسین و نازک اندام پریاں تھیں جو سمندر اور جنگل کی دیویاں مانی جاتی ہیں - اُنکی نہایت ہی خوبصورت اور دلفریب نیم برہنہ مورتیں بنا کے شوالوں میں رکھی جاتی تھیں اور اُن پر قربانیاں چڑھائی جاتی تھیں - غالباً انھیں کے نام سے اس قوم نے اپنا نام ماخوذ کیا -

رورک نے قوم کا بادشاہ مقرر ہوتے ہی شہر نوگراد پر قبضہ کر لیا - اور اُسی کو اپنا مرکزِ فرمان روائی قرار دیا - ۸۶۲ء میں اس نئی سلطنت کی بنیاد پڑی تھی اور اُس کے سترہ برس بعد ۸۷۹ء میں پہلے فرمان روا رورِک نے سفرِ آخرت کیا

جبکہ بغداد کے سریر خلافت پر معتمد علی اللہ پندرہوان خلیفۂ عباسی جلوہ افروز تھا اور یونانی قلمرو روم پر تیوڈی سیج (تیوراہب) کی حکومت تھی۔

زورک کے مرنے کے وقت چونکہ اُس کا بیٹا اغور نابالغ بچہ تھا اس لیے اُسکے ایک زبردست سردار اوتلغ نے اغور کو تخت پر بٹھا کے عنان حکومت اپنے ہاتھ مین لی۔ اوتلغ نے ایسے زور و شور سے حکومت کی اور رعایا اور نیز شاہی خاندان کو اُس پر ایسا بھروسا تھا کہ ۳۳ سال تک حکومت کرتا رہا۔ اور اغور نے بالغ ہونے پر بھی کسی قسم کی مخالفت یا سلطنت کی ہوس نہین ظاہر کی۔ یہان تک کہ جب ۹۱۳ء مین وہ مرا تو اصلی تاجدار اغور نے عنان حکومت اپنے ہاتھ مین لی۔

اسی اغور کی بی بی ملکۂ اولغا تھی۔ جو شہر سکوف کے قریب کسی گمنام گانوں مین پیدا ہوئی تھی۔ اور غریب و فلک زدہ مان باپ کے آغوش مین فلاکت و مسکنت کے ساتھ پلی تھی۔ مگر حسن و جمال اس بلا کا تھا کہ اونچے اونچے امیرون کی نظر پڑتی تھی۔ جو دیکھتا تیر نظر کا گھائل ہو جاتا۔ یہان تک کہ اُس کی چشم فتان اور زلف پیچان نے قوم کے سرتاج بادشاہ اغور کو اپنا اسیر کمیونا لیا۔ چنانچہ اغور نے عنان حکومت اپنے ہاتھ مین لینے سے دس برس پہلے ۹۰۳ء مین اُس کے ساتھ شادی کر کے اُسے اپنی ملکہ اور اپنا شریک سلطنت بنا لیا۔

اغور اچھا بادشاہ نہ تھا۔ بے انتہا بخیل تھا۔ اور دولت کی ہوس اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ قوم اور رعایا مین ہر دلعزیز نہ رہ سکتا تھا مگر ملکۂ اولغا کے اچھے اخلاق۔ اُس کی نیک نفسی و فیاضی۔ اُس کی محبت بھری باتون اور رعایا کے حال پر اُس کی عنایتون نے بی بی کی وجہ سے شوہر کو بھی بہت کچھ نیکنام کر دیا۔ اور جب اُس نے عنان فرمانروائی اپنے ہاتھ مین لے لی تو اولغا کی ذہانت و ذکاوت اور انتظامی قابلیت کے جوہر کھلنا شروع ہوے۔ اور وہ ساری قوم کی محبوبہ بن گئی۔

اغور نے ایک سرکش قوم "ڈریولیان" پر فوج کشی کر کے اُسے مطیع فرمان اور باج گزار بنایا۔ اس کو چند ہی روز گذرے تھے کہ پھر اُسی قوم پر چڑھائی کی اور پہلے سے دُونا خراج طلب کیا۔ جسے اُن لوگون نے جبراً و قہراً ادا کیا۔ دولت

سے لدا پھندا غانم و سالم شہر کیف مین آکے ٹھہرا - اور دل مین خیال کیا کہ مین نے ان لوگون سے ابھی کم رقم وصول کی ہے اور لینا چاہیے - پھر اُن کمزور غریبون پر چڑھ گیا - اور جتنا پہلے وصول کیا تھا زبردستیان کرکے دوبارہ وصول کیا - جب یہ رقم بھی ادا ہوگئی تو دل مین کہا "ابھی ان کے پاس بہت کچھ باقی ہے مجھے اور لینا چاہیے" - اور کہلا بھیجا کہ "یہ کافی نہین ہے - اتنی ہی رقم اور دو" ان باتون کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُن لوگون کو بظاہر تو انکار کی مجال نہ تھی - مگر دل مین دشمن ہوگئے - اور موقع ڈھونڈھنے لگے کہ کب اور کس طرح اُسکے مظالم سے اپنی جان چھڑائین ؟ آخر اُنھین موقع مل ہی گیا - ایک بار اغور اپنی فوج سے جدا چند خاص رفیقون کے ساتھ تھا کہ ڈریولیان لوگ ناگہان آپڑے - اُس کے چند رفقا کو چُن چُن کے مار ڈالا اور خود اُسے پکڑ کے ایسی بُری طرح مارا کہ اُس کے قتل کا واقعہ عبرت روزگار ہے - دو درختون کے جو قریب قریب تھے دو ٹہنے کھینچ کھینچ کے قریب کیے - پھر ایک مین اُس کا ایک ہاتھ اور ایک پانون اور دوسرے مین دوسرا ہاتھ اور پانون مضبوط باندھ کے اُن ٹہنون کو چھوڑا تو وہ اپنی اپنی طرف کھنچے اور اُس کے جسم کے بیچ سے پھٹ کے دو ٹکڑے ہوگئے جو الگ الگ دونون درختون مین جا لٹکے - اس طرح جان لے کے اُس کے جسم کے دونون ٹکڑے زمین مین گاڑ دیے اور اُن پر قبر کی حیثیت سے ایک تودہ بنا دیا -

یون ۳۲ سال حکومت کرنے کے بعد ۹۹۵ء مین اغور کی زندگی کا چراغ گُل ہوا - اُس کا بیٹا چونکہ نابالغ تھا اسلیے ملکہ اوتغانے شوہر کے ماتم سے فراغت کرنے کے بعد سریر شہریاری پر قدم رکھا - جبکہ بغداد مین پچیسوین عباسی خلیفہ المطیع للہ کی اور قسطنطنیہ مین قسطنطین پورفیروجنیطوس الملقب بہ مورخ کی حکومت تھی - اوتغا چونکہ بڑی ذہین و دانا اور نیک نفس و نیک کردار عورت تھی اس لیے اُس نے بڑی ہی قابلیت اور شائستگی سے حکومت شروع کی - لیکن دل مین انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی اور بیقرار تھی کہ اپنے آنجہانی شوہر کے خون کا بدلہ کیونکر لون ؟ اسی اُدھیڑ بُن مین لگی تھی کہ ڈریولیان لوگون کے سردار کی

طرف سے بیس منتخب معزز سفیرون کا ایک ڈپوٹیشن آیا۔ اور اُسے شادی کا پیام دیا۔

اغور کو قتل کرکے ڈریولیان لوگون کا حوصلہ بڑھ گیا تھا۔ چاہتے تھے کہ پوری قلمرو روس کے مالک بن جائین۔ جس کی مناسب ترین تدبیر اُن کے سردار کے ذہن مین یہ آئی کہ مین ملکہ اولگا سے شادی کرلون۔ اگرچہ اولگا کی عمر اب زیادہ ہوچکی تھی۔ وہ دلیری و ناز آفرینی کا زمانہ گذر گیا تھا تاہم گذشتہ حسن کی چند کرنین اب بھی اُس کے خوبصورت چہرے سے نمودار تھین۔ جنھون نے سلطنت کی ہوس مین ل کے ڈریولیان لوگون کے سردار کو از خود رفتہ کردیا۔ اور وہ اپنی حالت و حیثیت کو بالکل بھول گیا۔

اس سفارت پر ملکہ اولگا بہت برہم ہوئی۔ مگر چونکہ عقلمند اور انجام پر خوب نظر رکھتی تھی اپنے غیظ و غضب کو دل ہی مین دبایا۔ اور اُن سے کہا "تمھارا پیام مین خوشی سے قبول کرون گی۔ مجھے تو خود ہی اس کی تمنا تھی۔ مگر تم جس کشتی مین آئے ہو اُسی مین جاکے ٹھہرو۔ مین اپنے اُمرا و وزرا سے مشورہ کرلون اور اس کے بعد اُنھین کل صبح کو تمھارے پاس بھیجون گی کہ تمھین قدر و منزلت اور تعظیم و تکریم سے میرے قصر مین لائین۔ اور مین باضابطہ طور پر تمھاری درخواست کو قبول کرون۔ مگر اتنا خیال رہے کہ تم سوا اُنکے کندھون پر سوار ہوکے آنے کے اور کسی طرح اور کسی سواری پر نہ آنا تاکہ تمھارا رعب اُن پر خوب بیٹھ جائے"۔ اس جواب سے نہایت محظوظ ہوکے وہ لوگ اپنی کشتی مین واپس گئے۔

صبح کو اُنھین زیادہ انتظار نہین کرنا پڑا تھا کہ امرائے روس اُن کے استقبال کو پہونچے اور کہا "بسم اللہ۔ تشریف لے چلیے۔ حضور ملکہ نے یاد فرمایا ہے" اُن مسخرون نے کہا "گر ہم نہ گھوڑون پر سوار ہون گے اور نہ کسی اور سواری پر ہم تو خود تمھارے کندھون پر بیٹھ کے چلین گے"۔ روسی امیرون نے کہا "اب آپ کو اس مین اصرار ہے تو ہمین کیا عذر ہو سکتا ہے؟ ہمین تو آپ کی خاطر داشت اور اپنی ملکہ کے حکم کو پورا کرنا ہے"۔ یہ کہکے سبھون نے پیٹھین جھکا دین اور

کہا "آیئے بیٹھیے" یہ بیسون آدمی اُنکے شانون پر سوار ہوے اور وہ اُنھین قصر شاہی کی طرف لے چلے - لیکن قصر کے پاس پہونچ کے بجاے اسکے کہ پھاٹک کے اندر داخل ہون اُنھین محل کے پچھواڑے لے گئے اور وہان ایک غار مین جو اسی غرض کے لیے رات ہی کو ملکہ کے حکم سے کھود رکھا گیا تھا پھینک دیا - پھر اُوپر سے مٹی ڈال کے اُنھین زندہ دفن کر دیا -

اب ملکۂ اولغا کو اُن لوگون سے انتقام لینے کا موقع مل گیا تھا - ان سفیرون کا کام تمام کرتے ہی ڈریولیان لوگون کے پاس اپنے چند ہوشیار افسر بھیجے جنھون نے اُن لوگون کے سردار سے کہا "ہماری ملکہ کو آپ سے شادی کرنا خوشی سے منظور ہے آپ کے سفیر جو گئے ہین قدر و منزلت سے وہان مہمان رکھے گئے ہین - اور ملکۂ محترمہ چاہتی ہین کہ آپ اپنے تمام معزز سردارون کو بھیجیے - تاکہ وہ اُنھین دھوم دھام اور تزک و احتشام سے یہان لے آئین - کیونکہ بغیر کروفر اور اعلیٰ درجے کے جلوس کے وہ اپنے شہر سے باہر قدم نہین نکال سکتین - ڈریولیان لوگون کا سردار تو ہوس ملک گیری اور اولغا کے عشق مین از خود رفتہ ہو رہا تھا فوراً اپنے کل معزز سرداران فوج کو حکم دے دیا کہ جاؤ ملکۂ اولغا کو نہایت ہی قدر و منزلت اور شاہانہ شان و شوکت سے لے آؤ" یہ لوگ اِن روسی سفیرون کے ساتھ نوگراڈ مین پہونچے - جہان اُن کا بہت کچھ استقبال کیا گیا - اور اسکے بعد وہ حمام مین بھیجے گئے تاکہ غسل کر کے ملکۂ اولغا کی خدمت مین باریاب ہون - جیسے ہی حمام مین داخل ہوے اُس کے دروازے باہر سے بند کر دیے گئے اور آگ تیز کر دی گئی - نتیجہ یہ ہوا کہ چند ہی لمحون مین سب کے سب حمام کے اندر گھٹ گھٹ کے مر گئے -

یون بڑی سہولت کے ساتھ اِن لوگون کو نذر اجل کر کے اولغا نے خود روانہ ہونے کی تیاریان کر دین - اور ایک قاصد کو آگے بھیجا جس نے تیزی کے ساتھ جا کے ڈریولیان کو مژدہ سُنایا کہ "ملکۂ اولغا روانہ ہو چکین - آج ہی کل مین پہونچا چاہتی ہین - وہ پہلے اپنے شوہر کی قبر پر ماتم و نوحہ خوانی کرین گی - پھر آپ سب صاحبون کو ایک دعوت دینگی - جس کے بعد شادی کے رسوم عمل مین

آئین گے"

یہ خوشخبری سنتے ہی سردار ڈریولیان کی یہ حالت ہوئی کہ جامے مین پھولا نہ سماتا تھا۔ فوراً اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور ساری قوم کو لے کے استقبال کے لیے شہر کے باہر آیا۔ بڑے ادب و تعظیم کے ساتھ ملکۂ اولغا سے ملا۔ لیکن خلاف توقع اُس کے ہمراہ اپنے ایک سردار کو بھی نہ دیکھ کے پوچھا "میرے وہ سردار کہان ہین؟" جواب ملا کہ "وہ پورے لشکر روس کے ساتھ پیچھے پیچھے آرہے ہین" اس جواب پر وہ مطمئن ہو گیا۔ اور اولغا نے اپنی قرارداد کے مطابق پہلے اپنے شوہر آغور کی قبر پر نوحہ خوانی کی۔ ماتم کیا۔ جی بھر کے روئی۔ اور اپنی قیامگاہ مین آکے دعوت کا سامان کیا۔ یہ دعوت نہایت ہی پُر تکلف اور شاندار تھی تمام ڈریولیان لوگ حسب مرتبہ قدر و منزلت سے بٹھائے گئے۔ دسترخوان چنا گیا سب نے لذیذ غذائین تناول کین۔ سیر ہو کے کھایا۔ اور شراب کے دور چلنا شروع ہوے۔ عمدہ قیمتی اور تیز شرابین مہیا کی گئین جن کے زیادہ تیز کرنے کے لیے کیا عجب کہ اُن مین اور بھی مختلف نشّی اجزا ملا دیے گئے ہون۔ کیونکہ دو ہی چار جام مین جتنے تھے مدہوش و از خود رفتہ تھے۔ اور شور مچا ہوا تھا کہ

دَور چلے دَور چلے ساقیا اَور چلے اَور چلے ساقیا

عین اسی حالت مین کہ کسی کو سر و پا کا ہوش نہ تھا۔ اور ملکۂ اولغا لوگون کی از خود رفتگیون کا تماشا دیکھ رہی تھی ناگہان روسی سپاہی نیزے اور تلوارین لیے ہوے اِن لوگون پر جھک پڑے۔ ڈریولیان لوگون کی یہ حالت ہوئی کہ بھاگنا چاہتے تھے مگر بھاگنے کے قدم نہ تھے۔ اُٹھ اُٹھ کے گرتے تھے اور قتل ہوتے تھے۔ جن چند لوگون کا نشہ ہرن ہو گیا تھا وہ تو اپنے سردار کے ساتھ بھاگ کھڑے ہوے باقی پانچ ہزار آدمی اُسی جگہ کاٹ کے ڈال دیے گئے۔

اس طریقے سے اولغا نے ڈریولیان لوگون کی قوت بالکل توڑ دی اور اُنھین حیران و پریشان اور ترسان و لرزان چھوڑ کے اپنے شہر مین واپس آئی ایک برس گذر گیا اور ڈریولیان لوگون کو سوا خاموش پڑے رہنے کے سر اُٹھانے کی جرأت نہین ہوئی۔ اولغا کے سینے مین ابھی تک انتقام کی آگ بھڑک رہی

تھی - دوسرے برس اپنے ننھے بچے کو ساتھ لے کے سپاہ روس کی سپہ سالاری کرتی ہوئی اولغا ڈریولیان پر چڑھ آئی - ڈریولیان کو مقابلے کی جرأت نہیں ہوئی اپنے قلعے مین جا کے بیٹھ رہے اور پھاٹک بند کر لیے - ملکہ اولغا نے فوراً قلعے کا محاصرہ کر لیا - اور بڑی بہادری سے اپنے لشکر کو لڑاتی اور قلعے پر دھاوے اور حملے کرتی رہی - مگر قلعہ نہایت ہی مضبوط تھا - ہزار کوشش کی کچھ بھی زور نہ چل سکا - اور ڈریولیان قسم کھا گئے تھے کہ چاہے بھوکے پیاسے مرجائین مگر قلعے کا دروازہ نہ کھولین گے - خلاصہ یہ کہ محاصرے کو ایک مدت گذر گئی اور فوج روس کے کچھ بنائے نہ بنی -

اب ملکہ اولغا نئی تدبیرون مین مصروف ہوئی جو عورتون کے لیے خاص ہین - اور جن سے اکثر عورتون نے بڑے بڑون پر فتح پائی ہے - اُس نے قلعے والون کے پاس ایک سفیر کے ذریعے سے کہلا بھیجا کہ " کیا ارادہ ہے ؟ اب کیا تم نے دل مین یہی ٹھان لی ہے کہ قلعے مین پڑے سڑا کرو ؟ اور فاقے کر کر کے مرجاؤ ؟ مانا کہ تمھارا قلعہ مضبوط ہے مگر رسد کا کیا انتظام کروگے ؟ اور یہ بھی سہی - مگر کب تک ؟ مین نے بھی قسم کھالی ہے کہ بے فتح کیے نہ جاؤن گی - ہان اگر تم صلح پر آمادہ ہو تو مین نہایت ہی آسان شرطون پر تمھارا قصور معاف کرنے کو تیار ہون - اور ایسا خراج قبول کر لون گی جو محض برائے نام ہوگا اور جس کا تم پر بار نہ پڑے گا - فقط اتنا چاہتی ہون کہ تم مین سے ہر شخص اپنے گھر سے تین کبوتر اور تین گرگریان (خانگی چڑیان) پکڑ کے میرے پاس بھیجدے - جن سے تمھاری اطاعت کا اظہار ہو جائے گا - اور مین اس معمولی اور بے آزار خراج کو لے کے چلی جاؤن گی " ڈریولیان لوگون کے سردارون نے یہ پیام سُن کے کہا " یہ کون سی مشکل بات ہے ؟ اگر ملکہ ایسی نہایت آسان شرط پر صلح کرنے کو آمادہ ہین تو ہم خوشی سے اُن کی اطاعت قبول کرتے ہین - اور عنقریب ہر گھر سے کبوتر اور چڑیان پکڑوا کے نذر کر دین گے " وہی تین دن کے اندر کبوتر اور چڑیان ملکہ اولغا کے ملاحظے مین پیش کر دی گئین -

ملکہ نے اس عجیب و غریب خراج کے وصول ہوتے ہی حکم دیا کہ جتنے کبوتر

اور چڑیان ہین اُتنے ہی گچھے اور گیند تیار کرکے تیل مین ڈبوئے جائین اور پھر اُن کبوترون اور چڑیون کی دُمون مین تارون وغیرہ کے ذریعے سے باندھ دیے جائین - سپاہیون نے فوراً اس حکم کی تعمیل کی - سرشام ہی وہ گچھے اور گیند مشعلون کی طرح روشن کردیے گئے اور ملکہ کے حکم سے وہ تمام کبوتر اور چڑیان فوراً چھوڑ دی گئین - جن کے اُڑتے ہی آسمان پر ایک عجیب قسم کی آتشبازی کا تماشا نظر آیا - اور معلوم ہوا کہ لشکر روس سے ہزارہا ہوائیان چھوٹ رہی ہین اور آسمان پر آگ سی لگی ہوئی ہے - جس تماشے کے دیکھنے کے لیے ڈریولیان لوگ اپنے کوٹھون اور قلعے کے بُرجون پر چڑھ آئے - لیکن تھوڑی دیر کے بعد جب وہ کبوتر اور چڑیان اپنے گھرون اور آشیانون کی تلاش مین قلعے کی طرف آنے اور اُترنے لگین تو جہان بیٹھین اور جس گھر مین آئین اُس مین آگ لگادی - ڈریولیان مبہوت و بدحواس کھڑے دیکھ ہی رہے تھے کہ قلعے کے ہر کونے اور آبادی کے ہر گھر سے شعلے بلند ہونے لگے - عورتین اور بچے بلبلا بلبلا کے گھرون سے باہر نکل پڑے - اور آخر آگ یہان تک بڑھی کہ قلعے کے اندر کسی کو پناہ نہ مل سکتی تھی اور سوا جل کے مرجانے کے کوئی مفر نہ تھا - گھبرا کے قلعہ کے پھاٹک کھول کے باہر نکلے اور ادھر اُدھر بھاگنے لگے -

یہ دیکھ کے ملکہ اولغا نے فوراً حملہ کردیا - روسی سپاہی ہر طرف سے اُن پر ٹوٹ پڑے - جو جدھر جاتا مارا جاتا تھا - اس طرح ہزارہا ڈریولیان لوگ مارے گئے اور اُن کی پوری قوم تباہ و برباد ہوگئی - اولغا نے اُن کا خوب اچھی طرح قلع قمع کرنے کے بعد جب دیکھا کہ اب قلعے مین جو کچھ تھا جل چکا تو اُس تباہ شدہ قلعے کو اپنے قبضے مین کیا - اور اس سرکش گروہ مین ذرا بھی قوت نہین باقی رکھی کہ کبھی سر اُٹھا سکے -

اس کے بعد وہ غانم و سالم شہر کیف مین ہوتی ہوئی اپنے شہر نوغراد مین پہونچی اور سپاہیون کو انعام و اکرام تقسیم کیا - اولغا نے اُن لوگون سے اگرچہ نہایت بے رحمی - سفاکی - اور مکاری کے ساتھ انتقام لیا مگر اسکے بعد پھر کسی امر مین اُس سے کسی قسم کی سنگدلی اور بے رحمی نہین ظاہر ہوئی - دارالسلطنت مین واپس آنے

کے بعد اُس نے بڑی عقلمندی اور عدالت گستری سے حکومت کی۔ اور تمام رعایا کے دل اپنے ہاتھ مین لے لیے۔

اب اُس کی زندگی کا دوسرا رخ نمودار ہوا۔ کیونکہ وہ بہادر۔ مدبر و ذی ہوش ہونے کے علاوہ دین کی بڑی پابند اور نہایت ہی عابد و زاہد بھی تھی۔ دین عیسوی سارے یورپ مین پھیل چکا تھا۔ اپنی بت پرستی کو ملکۂ اولگا اپنی قوم کی جہالت و بے عقلی کا نتیجہ خیال کرتی تھی۔ اور قوم روس محسوس کر رہی تھی کہ متمدن بننے کے بعد اُسے کسی اعلیٰ درجے کے متمدن مذہب کے اختیار کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ تاہم ابھی اُس کو تھوڑا زمانہ باقی تھا کہ قوم روس مذہب عیسوی کو اختیار کرے۔ مگر ملکۂ اولگا کو اپنی قدیم بت پرستی کے عیوب نظر آ گئے تھے۔ اور ملت مسیحیہ کے قبول کرنے کے لیے بیتاب تھی۔ مگر اُس کے خیال مین یہ مناسب نہ تھا کہ مین جو قوم کی حکمران اور فرمان روا ہون پُرانے مذہب کو چھوڑ دون اور قوم اپنی قدیم حالت پر برقرار رہے۔ اس لیے ۹۵۵ء مین جب سلطنت کو اُس نے خوب مضبوط اور دشمنون اور خطرون سے صاف کر دیا تھا عنان حکومت اپنے بیٹے کے ہاتھ مین دے دی۔ اور خود تخت شاہی سے اُتر کے گوشۂ عافیت مین بیٹھ گئی۔ اب اُس کا بیٹا تو اپنے مذہب کا پابند رہا مگر وہ خود آمادہ ہوئی کہ دین مسیحی اختیار کر کے باقی زندگی ریاضت و نفس کشی مین صرف کر دے۔ چنانچہ سلطنت بیٹے کو سپرد کرتے ہی اُس نے قسطنطنیہ کا سفر کیا جو کہ اُن دنون مسیحی فرقون مین سے کلیسائے یونان والون کا مرکز تھا۔ وہان کے کنیسہ سینٹ صوفیا کی عظمت و شوکت زورون پر تھی۔ اور اسی شان و شوکت نے اولگا کو اس مذہب کا گرویدہ بنا دیا تھا۔ یہان کے مقتدائے اعظم (پٹریارک) نے اُسے بپتسمہ دے کے اُس کا مسیحی نام "ہلین" قرار دیا۔ اور اُسے نہایت ہی عزت کے ساتھ تاجدار روم بورفیروجینی طوس الملقب بہ مورخ کے دربار مین پیش کیا۔

قسطنطنیہ سے واپس جا کے وہ گوشۂ عزلت مین بیٹھ گئی۔ اور عبادت و ریاضت مین اس قدر مصروف ہوئی کہ عیسائیون نے اُسے سینٹ (ولیہ) کا لقب دیا۔ اس زمانے مین اُس نے اس بات کی بھی کوشش کی کہ اپنے بیٹے فرمانروائے روس

کو دین عیسوی کا پیرو بنالے۔ مگر اس مین کامیابی نہین ہوئی۔ اور بیٹے نے اپنے قدیم مذہب سے دست بردار ہونا نہین گوارا کیا۔

آخر اسی عبادت وریاضت اور رہبانیت و نفس کشی مین اُس نے ۶۹۶۹ء مین دنیا کو رخصت کیا۔ اور مسیحیون کے اصول کے مطابق دفن ہوئی۔

میڈم ڈی اسٹائل

اس خاتون کا پورا نام "این جرمن ڈی اسٹائل" تھا۔ "این" دراصل عبرانی نام ہے جس کا تلفظ اُس زبان مین تو حُنّہ تھا مگر فرنگستان کے مغربی تصرفات نے اسے بگاڑ کے "این" بنا دیا ہے۔ یہ خاتون ملک فرانس کی ایک معزز اور صاحب اثر عالمہ و فاضلہ اور مصنفہ گران پایہ تھی۔ اُس کا باپ "نیکر" شاہِ فرانس لوئی شانزدہم کے دربار مین وزیر خزانہ کی معزز خدمت پر سرفراز تھا۔ شہر پیرس مین ۱۷۶۶ء مین وہ پیدا ہوئی۔ باپ کی امارت اور خوش مذاقی سے اُسے نہایت اعلیٰ درجے کی تعلیم پانے اور بہت ہی نکھرا شایستہ مذاق حاصل کرنے کا موقع مل گیا۔ جس کی بدولت تعلیم سے فارغ ہوتے ہی اُس نے قابلیت کے ساتھ تصنیف و تالیف کا مشغلہ اختیار کیا۔ کئی ڈراما اور ناول تصنیف کیے جو ملک مین قدر کے ہاتھون سے لیے اور دلچسپی کے ساتھ پڑھے گئے۔

آخر اُس کے عنفوانِ شباب۔ حسن و جمال اور اس کے ساتھ اُسکے علمی مذاق نے سوئٹزرلینڈ کے سفیر متعینہ دربار فرانس "بیرن ڈی اسٹائل ہولسٹین" کو اُس کے جمال و کمال کا ایسا دیوانہ بنا دیا کہ باوجود بہت سن رسیدہ اور معمر ہونے کے اُس نے خوشامد درآمد کرکے اور اطاعت و وفاکیشی کے لمبے چوڑے وعدے کرکے آخر کار این کا سادہ اور بھولا دل جیت ہی لیا۔ اور شادی ہوگئی جسمین دولھا جس قدر معمر تھا اُسی قدر دولھن کمسن اور بچہ تھی۔

شادی کے بعد ۱۷۸۸ء مین جبکہ این کی عمر بارہ ہی برس کی ہونی چاہیے اُسکی کتاب "روسون کی تحریرون اور اُسکے خصوصیات پر چند خطوط" شایع ہوئی جس نے فرانس کی پبلک پر بے انتہا اثر ڈالا۔ یہان تک کہ اسی کتاب کی وجہ سے وہ

فرانس کی ایک مقبول عام مصنفہ بن گئی۔

اس کے بعد جب حکومت فرانس مین انقلاب ہوا اور آزادی کی دلدادہ رعایا نے اپنے تاجدار اور حکمران کے مخالف ہوکے سرتابی و بغاوت کا جھنڈا بلند کیا تو دیگر امرا و عہدہ داران سلطنت کی طرح اس شایستہ خاتون کے والدین بھی مملکت فرانس سے خارج کیے گئے مگر وہ خود چونکہ ایک ایسی سلطنت کے سفیر کی بی بی تھی جس سے آزادی پسند اور مدعی جمہوریت فرانسیسیون سے دوستانہ تعلقات تھے اس لیے اُسے پیرس مین رہنے کی اجازت دی گئی۔ اس انقلاب مین وہ ابتداءً آزادی کے دعویدارون کی ہمدرد تھی۔ اور اس انقلاب و بغاوت کو نہایت پسند کرتی تھی۔ لیکن جب اُس نے فرانس کے شاہی خاندان کی تباہی و بربادی دیکھی اور یہ نظر آیا کہ شاہزادون اور اُن کے اعزا و اقارب کے ساتھ کیسا بہیمیت کا سلوک کیا جاتا ہے تو اُس کے دل مین خوفِ خدا پیدا ہوا۔ اور اُس کے ساتھ ہی وہ مدعیان آزادی کی بے اعتدالیون اور دست درازیون کو نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھنے لگی۔ اب شاہی خاندان کی ہمدردی کا خیال اُسکے دل مین اس قدر جوش زن ہوا کہ نہایت جرأت سے کام لے کے اپنی کتاب "ملکہ کے مقدمے پر نظر" کمال آزادی اور بیباکی کے ساتھ چھپوا کے شایع کر دی۔ جس مین ملکہ میری انٹوانٹ کی جانبداری کی تھی اور اُس کی بیگناہیون کا ثبوت دیا تھا۔ اس کی اشاعت سے لوگ اس قدر برافروختہ ہوے اور اس طوفانِ بے تمیزی کے دور مین اُسے اپنے متعلق ایسے خطرے اور اندیشے معلوم ہوے کہ سوا جلا وطنی اختیار کرنے کے بچاؤ کی اور کوئی صورت نہ نظر آتی تھی۔ چنانچہ فرانس کو چھوڑ کے باہر چلی گئی۔

اس کے بعد جب "ڈائرکٹری" (مجلس حکومت) قائم ہو گئی اور فرانس کی بدامنی کا زمانہ ختم ہوا تو وہ پھر پیرس مین آئی۔ اب اُسے بالمس سے بڑا شوق تھا۔ پوری پوری اسٹیٹسمین بنی ہوئی تھی۔ حکومت و تمدن کے حلقون مین اُس کا بیحد اثر تھا۔ اور مجلس حکومت کے ارکان مین جیسے خیالات یا جو پالیسی چاہتی پھیلا دیتی۔ اپنی دانائی و ذہانت سے وہ نپولین کے اصلی مقاصد و

و اغراض کو پہلے ہی سمجھ گئی تھی - اور ملک مین اُسے سب سے زیادہ خطرناک شخص خیال کرتی تھی - جس کی وجہ سے نپولین بونا پارٹ اپنی اُولوالعزمی بلند حوصلگی کے راستے مین اُسے ہمیشہ مزاحم پاتا - اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لیے وہ جتنی باتین کرتا اور جو تدبیرین سوچتا اُن کو وہ سخت نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھتی اور لوگون کو مخالفت پر آمادہ کر دیتی - اس کا نتیجہ یہ تھا کہ کامیاب سپہ سالار فرانس نپولین بونا پارٹ جیسے ہی کونسل اول یعنی مدار المہام سلطنت مقرر ہوا - عہدے کا چارج ہاتھ مین لیتے ہی اُس نے سب سے پہلے جو احکام جاری کیے اُن مین ایک یہ بھی تھا کہ "میڈیم ڈی اسٹائل (اَین) شہر پیرس سے خارج البلد کر دی جائے" - اس حکم مین نپولین نے اس خاتون کی نسبت کمال تہذیب سے یہ الفاظ لکھے تھے "اس حوصلہ مند اور جادو بیان خاتون کے لیے ساری دُنیا کھلی پڑی ہے - صرف ایک دار السلطنت فرانس کو مین اپنے واسطے رکھے لیتا ہون" - نپولین کے یہ الفاظ بتا رہے ہین کہ اس خاتون کی فصاحت و بلاغت کا وہ کس قدر قائل تھا - اور اس کے اثر سے کسقدر ڈرتا تھا -

اس حکم کے بعد اُس کا پیرس مین ٹھہرنا غیر ممکن تھا - چنانچہ دوبارہ وطن کو خیرباد کہکے اُس نے سوئٹزرلینڈ اور ایطالیہ کا سفر شروع کیا - مختلف شہرون اور علاقون مین گئی - وہان کے دلفریب مناظر دیکھے - وہان کی دلچسپیون سے لطف اُٹھایا - اور وہان کے عادات و اطوار سے واقف ہوئی - جن چیزون کا ثبوت اُس کے مشہور ناولون "ڈیلفین" اور "کورین" سے ملتا ہے -

اس کے بعد ۱۸۱۰ء مین یکایک اُسکی مشہور و معروف کتاب "جرمن" پیرس مین شایع ہوئی جہان خود اُسے آنے کی اجازت نہ تھی - اس کتاب مین اُس نے جرمن والون کے اطوار و عادات - علم و فضل - اور اُنکے پولیٹیکل ارادون کی مکمل تصویر دکھائی ہے - حکومت فرانس کو یہ کتاب اپنے مقاصد و اغراض کے بالکل خلاف نظر آئی - اشاعت کے ساتھ ہی نپولین کے وزیر پولیس نے اُس کی دس ہزار جلدین پکڑ لین - میڈم ڈی اسٹائل اُن دنون شہر کوپٹ مین تھی جو جینوا کی جھیل کے کنارے ہے - پیرس سے نکلنے کے بعد اسی مقام کا

اُس نے اپنا مستقر قرار دیا تھا۔ اپنی کتابون کے پکڑے جانے کا حال سنتے ہی اُس نے زور و شور سے اعتراض کیا کہ یہ کارروائی بالکل خلافِ ضابطہ ہے۔ اس کا جواب وزیر پولیس نے یہ دیا کہ "آپ کی یہ کتاب کوئی فرانس کی قومی تصنیف نہین ہے اور اسی لیے مین نے اس کی اشاعت روک دی ہے۔ سابق مین آپ کا جو طرزِ عمل رہا اُس کا نتیجہ آپ کی یہ جلا وطنی ہے۔ مین خیال کرتا ہون کہ فرانس کی آب و ہوا آپ کے مزاج کے موافق نہین۔ اس لیے کہ ہم لوگ ابھی اتنے ذلیل نہین ہوے ہین کہ جن قومون کی آپ مدح خوان ہین اُن مین سے اپنے لیے نظیرین تلاش کرین۔"

اب چونکہ فرانس کی پولیس نے سختی کے ساتھ اُس کے حرکات و سکنات کی نگرانی شروع کردی تھی اس لیے اُس نے مملکت فرانس کو چھوڑ دیا۔ اور اُنکی ریشہ دوانیون کے حلقے سے بھاگ کے ملک روس مین پہونچی۔ اور وہان سے چل کے انگلستان مین آئی۔

اس کے بعد اُس کی جو کتاب شایع ہوئی اس کا نام "دہ سالہ جلا وطنی" ہے اس مین نہایت ہی جوش کے ساتھ نپولین اور اُس کی حکومت کی مخالفت کی ہے اور اُسے دھمکیان دی ہین۔ پھر ۱۸۱۴ء مین نپولین کی علٰحدگی کے بعد وہ پیرس مین آئی۔ اور جب شہنشاہ مذکور "البا" سے واپس آیا تب بھی اسے پیرس مین رہنے کی اجازت رہی۔ اسکے بعد جب مجلس "بوربون" قائم ہوئی تو وہ فرانس چھوڑ کے سوئٹزرلینڈ مین چلی گئی۔ اور یہی زمانہ تھا جب سے اُس نے پالٹکس مین دخل دینا چھوڑ دیا۔

سوئٹزرلینڈ مین عزلت گزین ہونے کے چند روز بعد اُسکے شوہر "بیرن ڈی اسٹائل" نے سفرِ آخرت کیا۔ اور اُس نے مخفی طور پر "مسیو روکا" نام ایک شخص کے ساتھ عقد کرلیا۔ اور اُسی طرح سوئٹزرلینڈ کے گوشۂ عافیت مین عزلت گزین رہی۔ اس عزلت گزینی کا زمانہ اُس نے اپنی مشہور کتاب "انقلاب فرانس پر نظر" کی تصنیف و تدوین مین صرف کیا۔ مگر وہ اس کی زندگی مین نہین شایع ہوسکی۔ اس آخری تصنیف مین اُس نے فرانس کی بدنظمی اور طوائف الملوکی کے زمانے

کی تصویر بڑی چابکدستی سے دکھائی ہے - اور اس دور کے جن جن لوگون سے اُسے سابقہ پڑا تھا اُن کے اوضاع و اطوار کا مرقع بنا کے ناظرین کی نظر کے سامنے پیش کر دیا ہے -

مذکورۂ بالا کتابون کے علاوہ یہ کتابین بھی اُس کی تصنیف ہین "جذبات کا اثر" "خودکشی" "خیال آفرینی" یہ تینون کتابین دراصل عالمانہ مضامین ہین جو ان سبجکٹون پر قلمبند کیے گئے ہین -

الغرض میڈم ڈی اسٹائل اپنے عہد کی نہایت ہی قابل مصنفہ اور مدبّرہ تھی - جس کی کتابین ہمیشہ زندہ رہین گی -

آخر اُسی سوئٹزرلینڈ کی خلوت گزینی مین ۱۸۱۷ء مین اُس نے دنیاے فانی کو رخصت کیا اور اُن خوش نصیبون مین جا ملی جنھون نے اُس ناموری کی زندگی کے شوق مین اِس دنیوی زندگی کو چھوڑ دیا ہے -

دہیاے کاہنہ

یہ ایک عجیب و غریب عورت تھی جو آج سے ساڑھے بارہ سو برس پہلے اپنی فطرت و دانائی اور اپنی ہوشیاری اور چالاکی سے سارے شمالی افریقہ کی ملکہ بن گئی تھی - اور قرون اولیٰ کے وہ اہل عرب جنھون نے ایران و ترکستان اور روم و مصر کی زبردست سلطنتون کو تہ و بالا کر دیا تھا - اُنھین اس ہوشیار عورت پر غالب آنے مین بڑی بڑی دشواریان پیش آئین -

یہ عورت ثابت بن تیقان نام ایک بڑے رئیس کی بیٹی تھی - اور چونکہ اُس کا شوہر قبیلۂ زناطہ کے ایک مشہور خاندان جرادہ کا سردار تھا اس لیے وہ کاہنہ ہی نہین اپنی قوم اور اپنے وطن کی ملکہ تھی - لیکن اِسکے ساتھ اُس نے سحر اور نیرنگ کے فنون مین ایسا کمال حاصل کر لیا تھا کہ لوگ اُسے غیب کی باتون سے واقف اور بڑی زبردست شیطانی یا روحانی قوتون پر حاکم جانتے تھے - اور سچ یہ ہے کہ عوام کی اسی عقیدت نے اُسے ایک مدت تک ملک گیری مین عجیب غریب طرح سے کامیاب کیا -

کوہ اوراس اُس کا مامن یا دارالحکومت تھا۔ ملت یہود کی پابند تھی اور اس کی ساری قوم کا مذہب بھی یہی پُرانا اسرائیلی دین تھا۔ اور یہ یہودیت ہی کا اثر تھا کہ اُس نے اپنے آپ کو روحانی علوم مین کامل اور بڑے شیاطین کو اپنا تابع فرمان بنانا شروع کر دیا۔

اس کے حکمران ہونے سے پہلے علاقہ جبل اور اوراس کا فرمانروا کسیلہ نام ایک شخص تھا۔ اہل عرب نے جب مصر پر قابض و حکمران ہونے کے بعد مغرب کی طرف آگے قدم بڑھایا تو اُنھین طرابلس اور مراکش وغیرہ مین رومی حکمرانون کے علاوہ اُس بربری تاجدار سے بھی سابقہ پڑا۔ جسے شکست دے کے اُنھون نے توحید الٰہی کی تعلیم اس سرزمین مین پھیلانا شروع کر دی۔ اور کسیلہ لڑائی مین مارا گیا۔ اُس کے قتل کے ساتھ ہی تمام بربری اور زناطی قبائل جا کے اِسی دہیا کے پاس حاضر ہوے۔ اور اُسے سب سے زیادہ صاحب عقل اور غیب دان خیال کر کے اپنی ملکہ بنا لیا۔ یون اس کیّا دا سرائیلیہ نے اپنا قدم کہانت کے بوریے سے اُٹھا کے سریر فرمان روائی پر رکھ دیا۔ اور دہیم شہراری سر پر رکھ کے تاجدار و جہان بان بن گئی۔

حکومت کے ساتھ چونکہ اُس مین یہ کمال بھی تھا کہ ہونیوالی باتین بتا دیتی تھی اور لوگون سے پہلے ہی کہ دیا کرتی کہ اس کام کا یہ انجام ہو گا۔ اس لیے بربری بدوی اور افریقی ابناے بادیہ فرمانبرداری کے علاوہ اُس کے معتقد و مرید بھی بن گئے۔ دہیا کے تین بیٹے بھی تھے جنھین اُس نے پالا تھا اور جو خاندانی سیادت و سرداری کے وارث ہوے تھے۔ مگر داہیہ کی سرکش طینت نے گوارا نہ کیا کہ بیٹون کی فرمانبردار بن کے بیٹھے۔ چنانچہ کسیلہ کے مارے جانے اور "اوراس" کی ملکہ بننے سے پہلے ہی وہ اپنے تینون بیٹون کو اپنے اثر اور اپنے جادو کے زور سے مغلوب و مقہور کر چکی تھی۔

اب جو وہ سارے شمالی افریقہ کی ملکہ بن گئی تو عربون کو اسکی سرکوبی کی فکر ہوئی۔ خاصۃً اس لیے کہ عقبہ بن نافع کا ایسا نامی گرامی سپہ سالار عرب جس نے پورے افریقہ کو مغرب تک فاتحانہ طریقے سے طے کر کے شہر طنجہ کے پاس

گھوڑے کو سمندر مین ڈال کے یہ صدا بلند کی تھی کہ "خداوندا اگر یہ سمندر حائل نہ ہوتا تو جہان تک زمین ملتی مین برابر تیری توحید کے نعرے لگاتا چلا جاتا"۔ اُسے بظاہر تو کسیلہ نے خود مسلمان بن کے اور مکر و دغا سے اُسے اُس کے لشکر سے جدا کر کے بربریون کے نرغے مین گھیر لیا تھا اور شہید کیا تھا۔ لیکن تحقیقات کے بعد کھلا کہ اُس دغابازی و مکاری کی اصلی بانی یہی مکار دہیا تھی جس نے پہلے تو ۶۹ھ مین کسیلہ سے عقبہ بن نافع کو قتل کرایا۔ پھر جب کسیلہ اُسکے انتقام مین زہیر بن قیس کے ہاتھ سے مارا گیا تو اسی دہیا نے بربریون اور رومیون کو ایسا برانگیختہ کیا کہ سب نے یکایک نرغہ کر کے زہیر بن قیس کو بھی شہید کر ڈالا۔ اور میدان خالی دیکھتے ہی دہیا افریقہ کی ملکہ بن گئی۔ جس کی سلطنت کسی معمولی ملکہ کی سی نہین بلکہ ایک سن رسیدہ جادوگرنی کی ایسی تھی جو علانیہ لوگون سے کہتی کہ شیاطین مجھے ہر بات کی خبر دے جایا کرتے ہین اور وہی ہر امر مین میرے ممد و معاون رہتے ہین۔

یہ خبر عبد الملک بن مروان کو پہونچین تو اُس نے حسان بن نعمان غسانی کو والی افریقہ مقرر کر کے اس کاہنہ کی سرکوبی کے لیے روانہ کیا۔ زہیر بن قیس کے مارے جانے کے بعد دہیا سارے افریقہ اور نیز اُن تمام شہرون پر متصرف ہو گئی تھی جنھین مسلمان اس سے بہت پہلے فتح کر چکے تھے۔ حسان نے قیروان اور قرطاجنہ پر پھر قبضہ کر کے علم اسلام قائم کیا۔ اور آگے بڑھے۔ بجایہ سے ایک منزل آگے رود سکینی کے پاس دہیا کے زبردست لشکر سے مقابلہ ہوا۔ دہیا نے ایسی جوانمردی و دلیری سے اپنی فوج کو لڑایا کہ عربون کو فاش شکست ہوئی۔ ہزارہا مسلمانون نے جام شہادت پیا۔ اور اُن کا ایک بڑا بھاری گروہ دہیا کے ہاتھ مین اسیر ہو گیا۔ دہیا نے اس موقع پر اتنی نیک نفسی ظاہر کی کہ جتنے مسلمان گرفتار ہوے تھے سب کو چھوڑ دیا۔ صرف خالد بن یزید قیس نام ایک نہایت خوش رُو جوان عرب کو روک لیا۔ اور وہ بھی کسی بُری نیت سے نہین۔ بلکہ محض اس لیے کہ خالد کی نبرد آزمائی اور جان بازی کو دیکھ کے وہ اُنکی گرویدہ ہو گئی اور اُنھین بیٹا بنا کے اپنی صحبت مین

رکھا۔

حسان شکست کھا کے واپس آئے تو برقہ کے علاقے مین ٹھہر گئے اور عبدالملک کے دربار مین لکھا کہ اور لشکر بھیجیے۔ اور دہیا کی سرکوبی کے لیے ضرورت ہے کہ عربون کا منتخب اور اعلیٰ درجے کا لشکر آئے۔ دمشق سے اس کی تعمیل ہوئی۔ اور حسان پانچ سال تک برقہ مین کمک کے امیدوار بنے پڑے رہے۔ اتنی مدت گذرنے کے بعد عبدالملک نے ایک بڑا بھاری زبردست لشکر اور بہت کچھ مال و خزانہ بھیجا اور حسان کو آگے بڑھنے کا حکم دیا۔ حسان چونکہ ایک دفعہ شکست کھا چکے تھے۔ اس لیے ابکی بار روانہ ہونے سے پہلے اپنا ایک جاسوس نامہ بر خالد کے پاس بھیجا۔ اور اُن سے دہیا کے لشکر کی کیفیت اور حالت دریافت کی۔ خالد نے مخفی طور پر لکھ بھیجا کہ آپ فوراً حملہ شروع کردین۔ اور جس قدر جلد بنے یہان آپہونچین۔ اس لیے کہ فی الحال تمام اہل بربر دہیا سے ناراض اور اُسکے مظالم سے برافروختہ ہو رہے ہین۔

کاہنہ مین خرابی یہ تھی کہ باوجود عورت ہونے کے نہایت ہی جابر و ظالم تھی۔ اور ملک کو تباہ کرنے کے سوا کبھی اُس کی آبادی کی فکر نہ کرتی تھی۔ رعایا کی فلاح سے اُسے سروکار نہ تھا اور انسان کے تباہ و برباد کرنے مین کوئی مضائقہ نہ سمجھتی تھی۔ خصوصاً اب جو اُس نے سُنا کہ عربون نے پھر حملے کا ارادہ کیا ہے تو کہنے لگی "عرب لوگ تو شہرون اور چاندی سونے کے خواستگار ہین۔ اور ہماری خواہش یہ ہے کہ کھیتون اور چراگاہون کو بچائین۔ اور شہرون کو جو اُنکے مطمح نظر ہین خود ہی تباہ و برباد کر ڈالین۔ تاکہ عرب لوگ جب دیکھین کہ سارا ملک اُجڑ گیا تو نادم ہوکے واپس چلے جائین" اپنی یہ پالیسی اور اپنا یہ احمقانہ خیال ظاہر کرتے ہی اُس نے اپنے سردارون کو روانہ کیا کہ تمام شہرون کو جاکے ویران و برباد کردین۔ چنانچہ اس حکم کی تعمیل سختی سے ہونے لگی۔ تمام چھوٹے بڑے شہر اُجاڑ دیے گئے۔ زبردست اور مضبوط قلعے مسمار و منہدم کر ڈالے گئے۔ اور ساری رعایا کے گھر لوٹ لیے گئے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ حسّان نے دو ہی چار کوچ کیے تھے کہ رومی ساکنین افریقہ کے ایک جم غفیر نے آکے دوہائی دینا شروع کی کہ خدا کے لیے ہمین دہیاے کاہنہ کے ظلم سے بچائیے۔ آگے بڑھ کے وہ شہر قابس مین پہونچے تو شہر والون نے بہت سا مال دولت لاکے سامنے رکھ دیا اور اظہار اطاعت کیا۔ حسّان نے خوش ہوکے اُن سے امن وامان کا وعدہ کیا۔ اپنی طرف سے ایک والی وہان مقرر کیا۔ اور شہر قفصہ مین پہونچے۔ یہان کے لوگون نے بھی سر اطاعت جھکا دیا۔ پھر وہ اور کوچ کرکے شہر قسطیلہ مین آئے اور اُسپر بھی قابض ہوگئے۔

اب جو عربون کی چڑھائی کی خبر دہیا کو پہونچی تو اُس نے اپنے دونون بیٹون اور خالد بن یزید کو اپنے سامنے بلوا کے کہا "مجھے معلوم ہوگیا ہے کہ اب کی لڑائی مین مین ماری جاؤن گی۔ اس لیے تمھارے حق مین مناسب یہ ہے کہ خود ہی حسّان کے پاس چلے جاؤ۔ اور اپنے لیے امان مانگ لو۔ بلکہ اُنھین سے مل جاؤ۔ اب اس کے بعد تمھین میرا ساتھ دینے کی ضرورت نہین ہے۔" چنانچہ اُس کے بیٹے اور خالد اُس کی اجازت سے عربی لشکرگاہ مین چلے آئے۔ حسّان کی اطاعت قبول کرکے اپنے لیے امان حاصل کی۔ اور عربون ہی مین رہنے سہنے لگے۔ اب حسّان اپنے لشکر کے ساتھ اُسکے سر پر جا پہونچے۔ دہیا نے اگرچہ اپنے فرزندون کو بھیجدیا تھا مگر خود اُسکی اطاعت نہین قبول کی۔ اور دونون لشکر آمنے سامنے صف آرا ہوگئے۔

آخر لڑائی شروع ہوگئی۔ اور بڑی ہی خونریز لڑائی ہوئی۔ اس مرتبہ عربون کے حوصلے بڑھے ہوے تھے۔ اور افریقہ و بربر والون کی ہمتین پست تھین۔ کیونکہ اب کی خود دہیا مین نہ وہ اگلا سا جوش و خروش تھا اور نہ کامیابی و فتحمندی کی اُمید تھی۔ چنانچہ بربریون کو شکست ہوئی۔ اور عربون نے کشتون کے پشتے لگا دیے۔ اس لڑائی کے ہنگامے مین کسی اسلامی بہادر کی تلوار خود دہیاے کاہنہ پر پڑ گئی۔ جو گری اور تڑپ کے اُسی جگہ رہ گئی اُس کے قتل ہوتے ہی بربریون نے ہتھیار ڈال کے پناہ مانگنا شروع کی

اور فاتحون نے اپنی خون آلود تلوارین میان مین کین۔

منجملہ دیگر عجائبات کے یہ بھی ہے کہ کہتے ہین جس وقت دہیاے کاہنہ ماری گئی ہے اُس کی عمر ۱۲۷ سال کی تھی۔ اور تخت جہانبانی پر بیٹھے ہوے اُسے ۳۵ سال گذر چکے تھے۔ اُس کے مارے جاتے ہی پھر کس مین مخالفت و سرتابی کا حوصلہ تھا؟ سارا افریقہ مطیع و منقاد ہو گیا۔ اور عربون نے افریقہ کی مہم سے فارغ ہوتے ہی اُندلس کی طرف توجہ کی۔

افریقہ مین اب امن و امان قائم ہو جانے کا اصلی سبب یہ تھا کہ حسان نے دہیا کا فتنہ دور کرتے ہی ایک نیا فوجی قانون جاری کیا۔ جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ اُس کا موجد فرانس کا سپہ سالار ہنڈ ڈوپلے تھا جس نے ہندوستان مین پہلے پہل یہ تجویز کی کہ ہندوستانیون کا ایک باضابطہ لشکر فرانسیسیون کی تائید کے لیے قائم کیا جائے۔ جسے پوری تعلیم اور پورے اسلحہ دیے جائین اور اس کا اندیشہ نہ کیا جائے کہ یہ کبھی دغا کرین گے۔ اس سے پہلے ہندوستان مین فرنچ گورنمنٹ اور برٹش گورنمنٹ کی جتنی فوجین اُن کے زیر علم تھین سب فرانسیسی اور انگریز سپاہیون کی تھین۔ ڈوپلے کی اس تجویز کے بعد سے فرانسیسیون نے ہندوستانی فوجین اپنے یہان مقرر کین اور انگریزون نے اپنے یہان۔ اور جو جو اُن کی وفاداری کا تجربہ ہوتا گیا اُن کو روز بروز ترقی دی گئی۔

گرڈوپلے سے گیارہ بارہ سو برس پہلے ہی اصول دہیا کا ہنگامہ فرو کرنے کے بعد حسان بن نعمان نے افریقہ مین جاری کر دیا تھا۔ اس لیے کہ اُس نے بربریون پر یہ لازمی قرار دیا کہ اُن کے اچھے جوانون کی بارہ ہزار فوج ہمیشہ قائم رہا کرے۔ جس کا کام یہ ہو کہ اہل بربر مین سے کوئی بغاوت یا سرکشی کرے تو وہ فوج فوراً اُس کی سرکوبی کے لیے اُٹھ کھڑی ہو۔ جس کا بہت بڑا نمایان نتیجہ یہ ظاہر ہوا کہ پھر مدتون تک رعایاے افریقہ مسلمانون کے خلاف سر نہین اُٹھا سکی۔

دہیاے کاہنہ کا واقعہ طرابلس الغرب کی اُس فتح کے بہت دنون بعد کا ہے جب حضرت عبداللہ بن زبیر نے جاکے اور قلعۂ طرابلس پر جوہر شجاعت دکھا کے

گریگوری کی بیٹی فلپانا کو اپنی حرمون مین شامل کیا تھا - دراصل وہ افریقیہ کی پہلی فتح اسلام تھی - اور یہ آخری فتح اسلام - کیونکہ اسکے بعد پھر مسلمانون کو دوبارہ فتح کرنے کی ضرورت اس کے بعد نہین پیش نہین آئی تھی -

ستُّ الملک (ملکۂ مصر)

مصر مین جب خلفاے باطنین ائمۂ اسمٰعیلیین کے سریر فرمان روائی پر الحاکم بامراللہ کا ایسا عجیب وغریب مختلف الاوصاف اور متلون المزاج خلیفہ حکومت کر رہا تھا اُس کے شر کے دور کرنے کے لیے خدا نے اس حسین و نازنین اور سراپا حکمت و فراست ملکہ کو ظاہر کیا - جو اگر حریم خلافت سے نکل کے رعایا کی خبر نہ لیتی تو الحاکم نے خدا جانے کیا قیامت بپا کر دی ہوتی -

ست الملک حاکم بامراللہ کی بہن اور اُس سے پہلے فاطمی خلیفہ العزیز باللہ نزار کی نازپرورده بیٹی تھی - حسن وجمال مین ثانی نہ رکھتی تھی - اور ہوشیاری دانائی - استقلال - حکمرانی - اور سیاسی قابلیت مین کوئی اُس کا مثل ونظیر نہ تھا - مصر ہی نہین شاید اُن دنون ساری دنیا مین کوئی عورت اُسکی سی لیاقت اور ہمت مردانہ نہ رکھتی ہوگی -

حاکم بامراللہ کو گیارہ ہی برس کی عمر مین آبائی حکومت مل گئی تھی - اور حکومت بھی کون ؟ جو صرف دنیوی شہریاری نہین بلکہ دینی امامت اور حضرت رسالتؐ کی جانشینی بھی تھی - تاج وتخت پاتے ہی اُسے نظر آیا کہ ساری دنیا میری تابع فرمان ہے - مین دُنیا ہی نہین دین کا بھی بادشاہ ہون - اور دین و دنیا مین جیسے احکام چاہون جاری کر سکتا ہون - اس خیال کے آتے ہی پہلے تو اُس نے امامت کو مظہر ذاتِ ربانی یا ہندوؤن کی اصطلاح کے مطابق اوتار قرار دے کے اپنے آپ کو معمولی انسان سے بڑھا کے امام اور امامت سے بھی آگے بڑھا کے خدا بنا لیا - چنانچہ اُسی کی یادگار مین آج تک دروز کا فرقہ شام مین موجود ہے جو لوگ حاکم بامراللہ کے سوا خدا کو بھی نہین مانتے - ان لوگون کے عقیدے مین ایمان حاکم بامراللہ پر ایمان

لاتا ہے - اور چند خطوط جو حاکم کی امامت کی تبلیغ مین لکھے گئے تھے اُن کا مجموعہ اُن کا قرآن ہے - گو وہ مسلمانون مین شمار کیے جاتے ہین مگر نہ رسول مقبول صلعم کو مانتے ہین نہ قرآن مجید کو - نہ نماز پڑھتے ہین نہ روزہ رکھتے ہین اور مسلمانون کا سا اور کوئی کام کرتے ہین - اُن کے خیال مین نجات کا ذریعہ صرف الحاکم کو مظہر الٰہی مان لینا ہے -

عنان حکومت ہاتھ مین لینے کے بعد حاکم نے جیسے جیسے متخالف و متضاد احکام جاری کرنا شروع کر دیے تاریخ مین یادگار ہین - ۳۹۵ھ مین حکم قطعی جاری کیا کہ صحابۂ کرام کو علانیہ گالیان دی جائین - بازارون شاہراہون - مسجدون اور تمام عام گذرگاہون مین تبرّا لکھ لکھ کے دیوارون پر لگا دیا گیا - اور یہی حکم تمام والیان ملک کو لکھ بھیجا گیا کہ اپنے مفوضہ علاقون مین جاری کرین - ایک زمانے تک یہ حکم جاری رہا تھا کہ دربار خلافت سے حکم پہونچا کہ تبرّا کلیۃً موقوف - صحابہ کی شان مین جو شخص بُرا کلمہ کہے یا اُن کا ذکر بُرائی سے کرے اُسے سخت سزا دی جائے اب اُن لوگون کو جو توہین صحابہ کے عادی کر دیے گئے تھے سزائین ملنے لگین - ۳۹۹ھ مین حکم جاری کیا کہ رمضان مین نماز تراویح کلیۃً موقوف - جامع عتیق کے امام نے اس حکم کی پروانہ کی اور مسلمانون کو جمع کر کے نماز تراویح پڑھی - دوسرے ہی دن وہ پکڑ کے قتل کر ڈالا گیا - اس کے بعد ۴۰۴ھ مین حکم جاری ہوا کہ تمام مسجدون مین نماز تراویح لازمی طور پر پڑھی جایا کرے - مسلمانون سے زیادہ سختیان یہود و نصاریٰ کو اس مجنون فاطمی خلیفہ کے تلوّن سے برداشت کرنا پڑین - کبھی حکم ہوتا کہ سب مجبور کر کے مسلمان بنائے جائین - کبھی اُنکو ذلیل قسم کا لباس پہننے اور ذلت سے رہنے کی تاکید ہوتی اور کبھی جوش و خروش سے اُن کی استمالت اور طرفداری کی جاتی - کبھی اُن کے معبد اور کنیسے ڈھا دیے جاتے اور کبھی تعمیر کر دیے جاتے - عورتون کی نسبت حکم ہوا کہ کوئی عورت گھر سے نہ نکلے - اور جب شکایت ہوئی کہ جن عورتون کا کوئی والی وارث نہ ہو وہ کیا کرین؟ تو فرمان جاری ہوا کہ بازار والے ہر قسم کا مال لے کے زنانی ڈیوڑھیون پر جایا کرین اور بلے دستے کی کوئی چیز اپنے پاس رکھین جس مین رکھ کے ہر چیز دروازے

کے اندر بڑھا دیا کرین۔ تاکہ بغیر صورت دیکھے پٹ کی آڑ سے خرید و فروخت ہو جایا کرے۔

ان باتون نے تمام اہل مصر کو اس قدر ناراض کر دیا کہ حاکم کے پاس روز گمنام رقعے اور خطوط پہونچتے جن مین اُسے گالیان دی جاتین اور بُرا بھلا کہا جاتا۔ حاکم کو بجاے اس کے کہ ان باتون سے تنبہ ہو اور بگڑتا۔ اور ضد مین آ آ کے زیادہ ظلم کرتا۔ آخر ایک دن مصر کے منچلے لوگون نے یہ کارروائی کی کہ کاغذ کی ایک عورت بنا کے حاکم کی گزرگاہ مین ایک جگہ کھڑی کر دی اور اُسکے ہاتھ مین ایک کاغذ دے دیا۔ یہ پتلا اس قدر مکمل اور ایسی صناعی سے بنایا گیا تھا کہ حاکم اُدھر سے گزرا تو بالکل نہ پہچان سکا اور سمجھا کہ سچ مچ کوئی عورت ہے جو فریاد کرنے کو آئی ہے۔ غلامون کو بھیج کے اُس کے ہاتھ سے عرضی لے لی۔ دیکھا تو اُس مین صدہا گالیان لکھی ہوئی تھین۔ اور اُس کی کسی طرح کی توہین اُٹھا نہین رکھی گئی تھی۔ لپک کے عورت کو پکڑا تو کاغذ اور بانس کا ڈھانچا تھا۔

اس کارروائی سے حاکم ایسا برانگیختہ ہوا کہ حکم دیا مصر کی آبادی مین آگ لگا دی جائے۔ اور فوج والے سارے شہر کو لوٹ لین۔ مردون کا قتل عام ہو۔ اور عورتین اور لڑکے پکڑ پکڑ کے لونڈی غلام بنا لیے جائین۔ فوراً اس نادری حکم کی تعمیل شروع ہوئی اور شہر تباہ ہونے لگا۔ مکانون پر شعلے بلند تھے۔ شرفا و امرا بلا استثنا قتل ہو رہے تھے۔ اور معززین و شرفا کی عورتین اور بچے کھینچ کھینچ کے گھرون سے نکالے اور لونڈی غلام بنائے جاتے تھے۔ جب مسلسل دو دن تک قتل و غارت کا بازار گرم رہا تو لوگون نے عفوِ تقصیر کے لیے التجا کی۔ مگر سُنی نہ گئی۔ آخر رعایا نے مجبور ہو کے بہت سے ترکون اور شام و عرب کے لوگون کو اپنے ساتھ شریک کر لیا اور بغاوت کی دھمکی دی۔ یہ رنگ دیکھ کے حاکم نے ظلم سے ہاتھ روکا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یہ شرارت کی کہ حکم دیا کہ امرا و معززین کی جو عورتین گرفتار ہوئی ہین وہ بے عزت کر کے بیچ ڈالی جائین۔ اور اُنکے بچے بھی فروخت کر ڈالے جائین۔ یہ ایسی بے رحمی کے شرمناک مظالم تھے کہ مصر کا ہر شخص حاکم کا دشمن اور اُسکے خون کا پیاسا ہو گیا۔

ستّ الملک بھائی کی ان حرکتون پر دل ہی دل مین کڑھتی۔ اُسے سمجھاتی اور حتی الامکان لوگون کو اُس کی طرف سے صاف کرنے کی کوشش کرتی تھی۔ مگر حاکم بجاے اسکے کہ اُس کا شکر گزار ہو اور اُس کے عاقلانہ مشورون پر عمل کرے اُلٹے اُس سے ناراض ہو گیا۔ یہان تک کہ آخر کار اُسے وہم ہوا کہ ستّ الملک میرے خلاف امراے شہر سے سازش کرتی اور اُنھین میری مخالفت پر اُبھارتی ہے۔

ستّ الملک سے پہلے حاکم بامراللہ کو بڑی محبت تھی۔ اور چونکہ اُس کی دانائی اور عقلمندی کا قائل تھا اس لیے ہر ملکی معاملے اور اپنے ہر حکم کے جاری کرنے مین اُس سے ضرور مشورہ کر لیا کرتا۔ یہ ستّ الملک کی خوش نصیبی یا نیک نفسی تھی کہ جو امر اُسکے مشورے سے کیا جاتا اُس مین ہمیشہ کامیابی ہوتی اور رعایا خوش رہتی۔ اصل حقیقت یہ تھی کہ ستّ الملک اُسکے مجنونانہ احکام سے ہمیشہ اُسے روکا کرتی۔ لیکن جب اُس نے ستّ الملک کی راے کے خلاف کارروائیان شروع کین اور لوگ برہم ہونے لگے تو اُسے اپنی بیوقوفی سے اس امر پر تعجب ہونے لگا کہ جو کام مین اپنی تجویز سے کرتا ہون اُس سے لوگ ناراض ہوتے ہین اور جس کام کو ستّ الملک سے پوچھ کے کرتا ہون اُسکی کوئی شکایت نہین کرتا۔ آخر اس تعجب وحیرت نے اُسے بہن سے بدگمان کر دیا۔ اور جوش مین آ آ کے زیادہ خودرائی کرنے لگا۔ نتیجہ یہ کہ رعایا بھی زیادہ برہم ہونے لگی جسے اُس نے اپنی بہن کی سازش پر محمول کیا۔ آخر بے اختیار کھُل کھیلا اور ستّ الملک کو لکھ بھیجا "تم لوگون سے سازشین کرتی ہو اور تمھارا چال چلن نہین اچھا ہے۔ اکثر نامحرم مرد تمھارے محل مین آیا جایا کرتے ہین اس بدچلنی اور بدکاری سے باز آؤ ورنہ قتل کر ڈالونگا۔"

اس پاکدامن شاہزادی کی عفت وحرمت پر ابھی تک کسی نے حملہ نہین کیا تھا یہ سنتے ہی آپے سے باہر ہو گئی۔ اور اس فکر مین ہوئی کہ ایسے ظالم اور بے شرم وبیحیا بھائی سے اب جس طرح بنے پیچھا چھڑانا چاہیے۔

اب جو جو زمانہ گذرتا تھا بہن بھائی کے تعلقات نازک ہوتے جاتے تھے۔ حاکم کی بدگمانیان جو بڑھین تو اُس نے سمجھ لیا کہ جتنے گالیون کے خطوط میرے پاس آرہے ہین اور اُس کاغذ کی بنی ہوئی عورت کے ہاتھ سے گالیون کا جو خط مجھے ملا

تھا سب اسی ست الملک کی کارروائیاں ہین۔ آخر ست الملک نے حاکم کو حد سے گذرتے دیکھ کے دل مین کہا "اچھا ٹھہر جاؤ۔ اب تک تو مین نے تمھارے خلاف کوئی سازش نہین کی تھی مگر اب کرتی ہون"۔ اُن دنون قاہرہ مین ابن داؤس نام ایک معزز شخص تھا جو ایک حصہ فوج کا افسر اعلیٰ تھا اور حاکم کو اُس پر بھی طرح طرح کی بدگمانیان تھین۔ ست الملک نے اسی ابن داؤس کے پاس کہلا بھیجا کہ "مین تم سے تنہائی مین ملنا چاہتی ہون"۔ اُس نے عرض کرایا کہ "حضور کی قدمبوسی میرے لیے مایۂ ناز ہوگی"۔ اس جواب سے اُسے اپنے موافق خیال کرکے ست الملک نے بُرقع پہن لیا۔ سب لوگون کی آنکھ بچا کے اُس کے گھر پہونچی اور کہا "تم جانتے ہو کہ تمھاری نسبت بھائی کے کیا خیالات ہین؟" اُس نے عرض کیا "جی ہان جانتا ہون کہ وہ میرے دشمن اور میری جان لینے کے درپے ہین"۔ ست الملک نے کہا "اور ایسی ہی دشمنی اُسے میرے ساتھ بھی ہے۔ اور اُس کا مزاج ایسا ہے کہ جس دن دل مین آگئی پھر کسی بات کا خیال نہ کرے گا اور بلا تامل ہم دونون کو قتل کرا ڈالے گا"۔ ابن داؤس نے کہا "حضور بجا فرماتی ہین"۔ اب موقع دیکھ کے ست الملک نے کہنا شروع کیا کہ "اس کمبخت کے ہاتھون سارے مسلمانون پر ظلم ہو رہے ہین۔ دین الگ خطرے مین ہے۔ عقائد اس نے بگاڑ ہی دیے۔ مسلمانون کی عزت و آبرو بھی اُس نے نہ چھوڑی۔ معزز اور پاکدامن بیبیون کو اُس نے بے حرمت کرایا۔ شریفون کے بچے اسکے ہاتھون بازار مین بکے۔ اور یہ حالت ہو رہی ہے کہ اس کے اندیشے سے کوئی شخص گھر مین چین سے نہین سو سکتا۔ پھر یہ دیکھو کہ ملک کا بچہ بچہ اس کی صورت سے بیزار ہو رہا ہے۔ اور ساری رعایا کے دلون مین بغاوت کا جوش پیدا ہوتا جاتا ہے اگر سب لوگ بگڑ کھڑے ہوے اور ہماری اس اسمٰعیلی خلافت کے تاج و تخت کو اُلٹ دیا تو پھر نہ مین بچون گی اور نہ تم بچوگے اور مصر مین قیامت کبرائے بپا ہو جائے گی"۔ ابن داؤس نے ست الملک کی یہ پُر اثر تقریر سُن کے کہا "آپ جو فرمائین مجھے اُس کی تعمیل مین عذر نہ ہوگا"۔ ست الملک بولی "میرے نزدیک تو مناسب یہ ہے کہ قبل اسکے کہ الحاکم کے دست ستم سے ہماری امامت کو صدمہ پہونچے

ہم اُسی کی زندگی کا چراغ گُل کردین"۔ ابن داؤس نے کہا "مجھے اس مین کوئی عذر نہین - لہذا آپ اس کی جو تدبیر بتائین کی جائے"۔ ست الملک نے کہا "کل میرا بھائی الحاکم حسب معمول شہر سے نکل کے کوہستان کی طرف جائے گا اور عادت کے مطابق اُس کے ہمراہ کوئی نہ ہوگا - تم ایسے دو شخص وہان مقرر کردو جو وہین اُس کا کام تمام کردین - اور پھر اُسے گھر آنا نہ نصیب ہو - ابن داؤس نے اس کا وعدہ کیا - جس سے خوب مطمئن ہوکے ست الملک نے وعدہ کیا کہ اگر یہ کارروائی خوبی کے ساتھ انجام پاگئی تو مین تمھاری موجودہ جاگیر مین ایک لاکھ دینار سالانہ کی جاگیر اور بڑھا دون گی - اور سلطنت کا سارا نظم ونسق تمھارے ہی ہاتھ مین ہوگا - کیونکہ تمھارے سوا اور کوئی وزیر اعظم اور مدار المہام سلطنت نہین ہو سکتا"۔ ان وعدون نے ابن داؤس کو اُس کے ارادے مین اور مضبوط کردیا - جس کے بعد ست الملک اپنی محلسرا مین واپس گئی -

الحاکم مقررہ اوقات مین تن تنہا پہاڑون پر جایا کرتا تھا - چونکہ امامت اور مظہر ایزدی ہونے کا مدعی تھا اس لیے اُس کی غیبت مین وہی شان ہوا کرتی جو حضرت موسیٰ کے کوہِ طور پر جانے اور خدا کے احکام لانے کی تھی - اسی معمول کے مطابق ست الملک اور ابن داؤس کی سازش کے دوسرے دن ۲۷ شوال ۴۱۱ھ کو وہ محل سے نکل کے پہاڑون پر گیا - پہاڑ کے قریب پہونچ کے ساتھ والون کو وہین چھوڑا اور ایک نوعمر لڑکے کو لیے ہوے گھاٹیون مین گھسا - ناگہان کوہستان کے سناٹے مین دو مسلح آدمی نمودار ہوے جنھون نے سامنے آتے ہی حملہ کرکے اُسے اور اُس کے ہمراہی لڑکے کو مار ڈالا - اور دونون کی لاشین غائب کردین - اس مین شک نہین کہ ان دونون سپاہیون کو ابن داؤس نے ست الملک کی خواہش کے مطابق یہان ٹھکانا - اور اُسکے قتل پر مامور کیا تھا - الحاکم کے واپس آنے مین جب حد سے زیادہ دیر ہوئی تو اُسکے خیر خواہون اور سردارون نے تلاش کرنا شروع کیا - پہاڑون کے تمام پہلو اور ساری گھاٹیان ڈھونڈھ مارین مگر کہین سراغ نہ لگا - ایک مقام پر حاکم کا گھوڑا اور اُس سے آگے بڑھ کے اُس کے کپڑے مل گئے - مگر اُن مین بھی خون کا کوئی دھبہ نہ تھا -

لاشین کہین نہ ملین۔

آخر سب تھک کے اور عاجز آکے قاہرہ مین واپس آئے اور ست الملک کی ڈیوڑھی پر جاکے عرض کرایا "امیر المومنین غائب ہین۔ ہم نے سارا کوہستان چھان مارا کہین پتہ نہین۔ اب آپ کیا حکم فرماتی ہین؟" ست الملک نے اُنکے پاس کہلا بھیجا کہ "میرے پاس اُن کی تحریر آئی ہے جس مین وہ فرماتے ہین کہ مین پرسون واپس آؤن گا" امرا و ارکان اس جواب سے مطمئن ہوکے اپنے گھرون کو گئے۔ اور ست الملک نے خزانے پر قبضہ کرکے بہت سا روپیہ ابن داؤس کے پاس بھیجا کہ سرداران فوج مین تقسیم کردے۔ اس طریقے سے مسلسل سات دن تک وہ لوگون سے الحاکم کے ظہور کا وعدہ کرتی رہی۔ اب ساتوین دن ظہور حاکم کا انتظار تھا۔ ساری فوج قصر خلافت کے دروازے پر صفین باندھے کھڑی تھی کہ امام زمانہ امیر المومنین الحاکم کے دیدار سے بہرہ یاب ہون۔ ست الملک نے الحاکم کے بیٹے ابو الحسن علی کو جو ابھی ایک سولہ سال کا خوبرو لڑکا تھا لباس شاہانہ پہنا کے باہر نکالا۔ وزیر سلطنت اُس کے آگے آگے تھا۔ جس نے تمام حاضرین دربار اور اہل فوج کی طرف خطاب کرکے کہا "اے غلامانِ دولت! ہماری ملکہ ست الملک فرماتی ہین کہ اب تمھارے آقا۔ امام۔ اور امیر المومنین یہی ہین" یہ سنتے ہی ابن داؤس جو سب کے آگے تھا فوراً جھک کے زمین بوس ہوا اور ساتھ ہی وہ تمام امرا و سردارانِ فوج جنھین ابن داؤس کی معرفت روپیہ دیا گیا تھا زمین بوس ہوکے آداب بجا لانے لگے۔ جب معززین کا ایک بڑا گروہ بے عذر زمین بوس ہوچکا تو باقی لوگون نے بھی اُنکی پیروی کی۔ اور کوئی نہ تھا جس نے ذرا بھی تامل کیا ہو۔ اب خوبرو شاہزادہ علی نے شاہی گھوڑے پر سوار ہوکے شہر کا ایک چکر لگایا۔ اور کُل امرائے دولت ہمراہ رکاب اور اسکے جلو مین تھے۔ ظہر کے وقت وہ قصر خلافت مین واپس آکے گھوڑے سے اُترا اور کُل اہل دربار کو دوسرے دن حاضر ہونے کا حکم دیا۔ دوسرے دن علی الصباح تمام عمائد شہر اور جملہ اہل سیف و قلم در دولت پر حاضر ہوے تو وہی شاہزادہ ابو الحسن علی پھر برآمد ہوا۔ آج کے دربار مین ست الملک نے اُسے "الظاہر لاعزاز دین اللہ" کے

کے لقب سے ملقب کرکے سریر خلافت پر بٹھایا اور سب نے بلا عذر اُس کے ہاتھ پر بیعت کرلی - الغرض بغیر کسی قسم کا فساد اور جھگڑا ہوے الظاہر کی تخت نشینی کا معاملہ خوش اسلوبی سے طے ہوگیا - ساتھ ہی ست الملک نے ایک فرمان کے ذریعے سے الظاہر کی خلافت کا اعلان کیا اور اطراف و جوانب مین تمام والیان ملک اور سرداران بلاد کے نام اُس فرمان کی نقلین اس حکم کے ساتھ بھیجین کہ کُل رعایا سے الظاہر کی بیعت لین -

اسکے بعد ست الملک نے ایک بڑا بھاری دربار کیا جس مین تمام معززین کو اُنکے درجون اور رتبون کے مطابق بٹھایا - سب کو خلعت و انعام سے سرفراز کیا - عزت افزائیان کین - پھر انتظام مملکت کے متعلق نہایت ہی عمدہ احکام جاری کیے اور کُل امور کا ذمہ دار اور افسر اعلیٰ ابن داؤس کو قرار دیا - اور کمال مہربانی کے ساتھ اُس سے کہا "ہم سارا نظم و نسق تمھارے ہاتھ مین دیتے ہین - مگر کوئی دن مقرر کرو جس روز تم کو خلعت وزارت کے ساتھ ایک لاکھ سالانہ کی زائد جاگیر عطا کی جائے" ابن داؤس یہ سنتے ہی گر کے قدمبوس ہوا - اور ہاتھ جوڑ کے عرض کیا "حضور جس روز حکم دین غلام حاضر ہو" ست الملک بولی "اچھا مین خود ہی کوئی دن مقرر کرکے تمھین بلوا لون گی" - اب سارے قاہرہ مین مشہور ہوگیا کہ وزارت اور جملہ اختیارات ابن داؤس کو ملنے والے ہین -

دو ہی چار روز بعد ست الملک کا چوبدار ابن داؤس کی طلبی مین اُس کے دروازے پر پہونچا - اور وہ خوش خوش قصر خلافت مین حاضر ہوا - پہونچتے ہی ایک اندرونی کمرے مین بلوا لیا گیا - جہان تمام سرداران فوج بھی دست بستہ کھڑے تھے - اب قصر کے تمام دروازے مقفل کر دیے گئے - اور یکایک ست الملک کا ایک خاص ملازم شمشیر برہنہ ہاتھ مین لیے ہوے نمودار ہوا - جس نے آتے ہی ابن داؤس کی طرف مخاطب ہوکے نہایت ہی برافروختگی کے ساتھ کہا "تو ہی ہمارے امام الحاکم کا قاتل ہے" - اور یہ کہکے ایک ہی وار مین اُس کا کام تمام کر دیا - یہ تدبیر کچھ ایسی خوبی کے ساتھ بن پڑی کہ کسی کو بھی مخالفت کی جرأت نہ ہوئی - اور سب ابن داؤس کے قتل کو خاموشی

سے دیکھ کے رہ گئے۔

اگرچہ ابن داؤس کے ساتھ نہایت ہی بے رحمی اور سخت بدعہدی کی گئی مگر ست الملک کے دل سے بغیر اُس کے قتل کے اس کانٹے کی کھٹک نکل ہی نہ سکتی تھی کہ جس شخص نے لالچ و خود غرضی کے جوش مین اپنے ایک امام اور آقا کو بیوفائی کے ساتھ قتل کر ڈالا ممکن ہے کہ وہ ایسی ہی کسی سازش سے متاثر ہو کے دوسرے کو بھی قتل کر ڈالے۔ بہرتقدیر اس طریقے سے ابن داؤس کو قتل کرا کے ست الملک نے تا بالغ خلیفہ کے نام سے عنان حکومت اپنے ہاتھ مین لی۔ اور نہایت ہی مستعدی و بیدار مغزی کے ساتھ فرمان روائی کرنے لگی۔ رعایا اُس سے پہلے ہی خوش تھی۔ اور اُس کی طرفداری مین لوگ الحاکم کے دشمن ہو رہے تھے۔ اب جو اُس نے عدالت گستری اور رعایا نوازی کے جوہر دکھانا شروع کیے تو ہر ادنیٰ و اعلیٰ اُس کا کلمہ پڑھنے اور اُس کا دم بھرنے لگا۔ وہ مظلومون کی فریاد رسی کرتی۔ مقدمات کا بلا رُو رعایت فیصلہ کرتی۔ اور اُس کے ساتھ ہی خوش تدبیری سے اپنا ایسا رعب بٹھا لیا تھا کہ تمام سرکش اور فتنہ انگیز لوگ اُس کے حکم کی تعمیل مین ذرا بھی تساہل نہ کرتے۔

الظاہر کی عمر سترہ سال کی تھی۔ عنفوان شباب کا زمانہ تھا۔ اور دلِ پُرجوش جذبات سے بھرا ہوا تھا مگر اُس نے کبھی کسی امر مین پھوپھی کے احکام سے سرتابی نہین کی وہ ہر امر مین پھوپھی کے حکموں پر چلتا۔ اور جانتا تھا کہ میری اور سارے ملک کی سلامتی اسی مین ہے کہ ست الملک کے انتظامات اور احکام مین دخل نہ دیا جائے۔ مگر افسوس اُسے ست الملک کی خوش تدبیری اور تمدنی قابلیت سے فائدہ اُٹھانے کا زیادہ موقع نہین ملا اس لیے کہ اُسکی تخت نشینی کو چار ہی سال گذرے تھے کہ ۱۵ھ مین ست الملک نے سفر آخرت کیا اور الظاہر کو نظر آیا کہ مین اپنے باپ الحاکم کے مرنے پر یتیم نہین ہوا تھا بلکہ اب یتیم ہوا ہون۔ دراصل ست الملک کے مرنے کی تاریخ تمام اہل مصر کے لیے بڑے رنج و الم کا دن تھی۔ جبکہ بادشاہ اور خلیفہ ہی کو نہین بلکہ رعایا مین سے ہر ایک کو یہی نظر آتا تھا کہ ہم آج یتیم ہو گئے۔

قدیم الایام کی ایک فلک زدہ شاہزادی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت مین جب سعدؓ بن وقاص نے آل ساسان کے زبردست لشکر کو شکست دے کے دولت عجم کو پامال کر ڈالا اور قادسیہ کی آبادی مین داخل ہوے تو حرقہ بنت نعمان بن منذر اُن سے ملنے اور اُنکے آگے سر نیاز جھکانے کے لیے حاضر ہوئی۔

ہم اپنے ناظرین کو مکرر وسہ کر بتا چکے ہین کہ نعمان بن منذر کا خاندان حیرہ اور مغربی عراق کے عربی صوبے پر حاکم و متصرف تھا۔ دولت ساساتی پر اس خاندان کے پرانے حقوق تھے جن کے لحاظ سے خسروان فارس ان تاجداران حیرہ کے حال پر نہایت ہی مہربان تھے۔ اور انھین پورے پورے شاہی اقتدارات دے رکھے تھے۔ یہ شاہزادی اُسی خاندان کے پچھلے تاجدار نعمان بن منذر کی بیٹی تھی جس کی دوسری بہن ہمارے ناول ایام عرب کی ایک ہیروئن ہے۔

یہ شاہزادی اپنی دو سہیلیون کے ساتھ سعد بن ابی وقاص کے سامنے آکے کھڑی ہوگئی۔ چونکہ تینون کا لباس، اُنکی وضعین، صورتین، عمرین اور چال ڈھال ایک ہی وضع کی تھی سعد نے نہین پہچانا اور پوچھا "تم مین سے کون نعمان کی بیٹی ہے؟" حرقہ نے آگے بڑھ کے کہا "مین ہون" سعد نے تعجب کے لہجے مین کہا "تم ہی نعمان کی بیٹی ہو؟" جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ سعد اُس کی معمولی حالت اور اُس کے خود ہی حاضر ہو جانے پر متعجب ہوے بولی "جی ہان مین ہی ہون۔ دنیا کسی حالت پر قرار نہین لیتی جلد جلد پلٹتی رہتی ہے۔ اور ساتھ ساتھ اپنے فرزندون کی حالت بھی بدلتی رہتی ہے۔ کبھی وہ کسی حال مین ہوتے ہین اور کبھی کسی حال مین۔ ہم اس شہر کے مالک اور بادشاہ تھے۔ ہم ہی فرمانروا تھے اور ہمارے ہی خزانے مین یہان کے محاصل جمع ہوا کرتے تھے۔ لیکن اب ہماری حالت بگڑ گئی۔ زمانہ دشمنی پر آمادہ ہوگیا۔ عصاے سلطنت جو ہمارے ہاتھ مین تھا ٹوٹ گیا۔ اور ہماری جماعت منتشر ہوگئی۔ مگر زمانے کا یہی رنگ ہے جو شریفون کو بگاڑتا اور صاحبان عزت کو پیستا ہے"

اُسکے یہ الفاظ سن کے سعدؓ کے دل پر بڑا اثر ہوا۔ فرمایا "اچھا کچھ اپنی گذشتہ

حالت سُناؤ"۔ بولی "مختصر کہوں یا تفصیل سے بیان کروں؟" فرمایا "مختصر کہو"۔ کہنے لگی سنیئے یا تو کل ہماری یہ حالت تھی کہ اہل عرب میں سے کوئی متنفس نہ تھا جو ہمارے دربار میں باریاب ہونے کا آرزومند نہ ہو اور ہمارے نام سے کانپتا نہ ہو۔ یا آج ہماری یہ حالت ہے کہ عربوں میں سے کوئی نہیں ہے جس کے دربار میں پہونچنے کی ہمیں تمنا نہ ہو اور جس کے نام سے ہم ڈرتے اور کانپتے نہ ہوں"۔ یہ کہہ کے اُس نے یہ دو شعر پڑھے۔

فبینا نسوس الناس والامر امرنا اذا نحن فیہم سوقۃ منتصف

(اس حالت میں کہ لوگوں پر ہم سرداری کر رہے تھے اور ہمارا ہی حکم تھا یکایک کیا دیکھتے ہیں کہ ہم بازاری لوگ ہیں اور دوسروں کے سامنے فریاد کر رہے ہیں)

فاف لدنیا لا یدوم نعیمہا تقلب تارات بنا و تصرف

(لہذا افسوس ہے دنیا کی حالت پر جس کی نعمتیں باقی نہیں رہتیں۔ کبھی وہ ہمارے موافق ہوتی ہے اور کبھی پلٹ جاتی ہے)

سعد بن ابی وقاص کو اس کی باتیں اچھی معلوم ہوئیں۔ اُس کی بہت تعظیم و تکریم کی اور جب وہ واپس جانے لگی تو فرمایا "اگر تمھارا کوئی کام ہو یا کسی چیز کی ضرورت ہو تو بیان کرو"۔ بولی "مجھے کوئی اُجاڑ اور بیچراغ بستی عنایت فرمائیے۔ تاکہ اُسے آباد کروں اور فائدہ اُٹھاؤں"۔ سعد نے فوراً اپنے عاملوں کو حکم دیا کہ کوئی ایسا موضع ڈھونڈو کہ جو اُجاڑ ہو گیا ہو۔ مگر باوجود جستجو کے کوئی ایسا موضع نہ ملا۔ تب سعد نے حرقہ کو بلوا کے فرمایا "کوئی غیر آباد بستی تو نہیں ملتی۔ آپ کوئی آباد گاؤں قبول کیجیے"۔ یہ سنتے ہی ستم زدہ شاہزادی نے کہا "الحمد للہ کہ خدا نے میرے آباؤ اجداد کو عدالت گستری کی توفیق دی۔ اُنھوں نے اپنے انصاف سے دُنیا کو آباد کیا۔ اور ویسا ہی آباد دوسروں کے حوالے کر گئے۔ لہذا اے امیر آپ بھی کوشش کیجیے کہ جب دوسرے کے حوالے کرنا پڑے تو اُسے ایسا ہی آباد اور بارونق دیں جیسا کہ آپ نے پایا ہے۔ اس طرز عمل سے آپ خدا کی رحمت کے مستحق ہوں گے اور خلقت آپ کی ثنا خوان ہوگی۔ خبردار ایسا نہ ہو کہ آپ کے ہاتھوں سے یہ آبادی اُجڑ جائے اور آپ آتش دوزخ کے سزاوار ہوں۔ رہی میں۔ تو میں آج کے دن نہ مسرت کی تمنا رکھتی ہوں اور نہ دنیا کی زینت و شادابی کو ان آنکھوں سے دیکھنا چاہتی ہوں

یہ کہہ کے اس تارک الدنیا اور قناعت شعار شاہزادی نے سعدؓ کے حق میں ان الفاظ میں دعا کی "اللہ جل شانہٗ آپ کی کوئی حاجت کسی ذلیل و فرومایہ شخص کے ہاتھ میں نہ ڈالے۔ اور جو لوگ ہیں اُن کی حاجتیں ہمیشہ آپ کے ہاتھ سے پوری ہوتی رہیں۔ اور جب کبھی خدائے تعالیٰ شریف لوگوں کو بے دولت کرے تو آپ کو ہمیشہ اُن کی حاجت روائی کا ذریعہ بنائے"۔ یہ کہہ کے شاہزادی تو چلی گئی مگر سعد بن ابی وقاص کو اُس کے یہ کلمات اس قدر پسند آئے تھے کہ ابو ثور سے جو پاس بیٹھے ہوئے تھے کہا "اسکے ان الفاظ کو یاد کر لینا۔ تمھیں امیرالمومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے دوہرانا ہوں گے"۔ چنانچہ ابو ثور کہتے ہیں کہ جب میں نے مدینۂ طیبہ میں حاضر ہو کے یہ واقعہ اُنکی خدمت میں عرض کیا تو انھوں نے متاثر ہو کے فرمایا "سچ کہتی ہے۔ دنیا میں کوئی قوم نہیں ہے جسے زمانہ ایک مدت تک عیش و راحت کا موقع نہ دیتا ہو"۔

اُمِّ جعفر

یہ محترم خاتون عبداللہ بن عرفطہ کی بیٹی تھی۔ مدینۂ طیبہ کے شریف اور معزز و مستند خاندانوں میں سے تھی۔ اور بے نظیر حسن و جمال کے ساتھ دانائی و فراست اور قابلیت و عفت میں بھی مشہور تھی۔ اسلام کا ابتدائی زمانہ اور تابعین کا دور تھا۔ جب شعرائے عرب کا معمول تھا کہ ہمارے شاعروں کی طرح عام حسن کے دلدادہ یا کسی غیر متعین معشوق کے شیدا نہیں ہوا کرتے تھے۔ بلکہ اُن کا معمول تھا کہ کسی خاص حسینہ کو اپنی عاشقی اور خیال آرائی کے لیے منتخب کرتے اور مجنونانہ شعر خوانی کرتے پھرتے۔ سچ یہ ہے کہ شریف زادیوں کے لیے یہ زمانہ نہایت ہی خطرناک تھا۔ اور پھر اسکے ساتھ عربوں کا یہ اصول معاشرت کہ جس عورت کے ساتھ کسی کو شادی سے پہلے عشق ہو جائے اُس کے ساتھ نکاح کرنا نہایت ہی معیوب اور موجب بدنامی و رسوائی خیال کیا جاتا۔

غرض ایسا نازک زمانہ تھا کہ امرا و شرفائے عرب کی محفلوں میں اُمِّ جعفر کے حسن و جمال اور اُس کی نازنینی و دلبری کی شہرت ہوئی۔ اور جن لوگوں کو کبھی

اُسکے رُخِ زیبا کی زیارت نہین نصیب ہوئی تھی بمصداق ع "مباکین دولت از گفتار خیزد" اُس کی نزاکت و رعنائی کی یاد مین سر دُھننے لگے - نتیجہ یہ ہوا کہ اُس عہد کا مشہور شاعر احوص اُم جعفر کا عاشقِ دلدادہ بن گیا - اپنے اشعار مین علانیہ اُس کا نام لیتا - ایک ایک کے سامنے اُس کے رُخِ زیبا کو یاد کرکے روتا - اور اپنے کلام مین بے تکلف ظاہر کرتا کہ مین اکثر جا کے اُم جعفر سے ملتا ہون - اور اُس سے یون راز و نیاز کی باتین ہوتی ہین - فلان مقام پر اُس نے مجھ سے یہ کہا اور مین نے اُسے یہ جواب دیا - اور فلان مقام پر مجھے اُس کی یہ دلربائی کی ادا نظر آئی اور مین یون کلیجہ تھام کے رہ گیا - جب یہ اشعار مشہور ہوئے اور احوص کے کلام کی عام مقبولیت کے باعث تمام لوگون کی زبانون پر اُم جعفر کا نام جاری ہوگیا تو اُس پاکدامن خاتون کو کُل شرفا و معززین بدگمانی کی نظر سے دیکھنے لگے - یہان تک کہ اُم جعفر کے عزیز و قریب خاندان کی عصمت و ناموس پر حرف آنے کے خیال سے پریشان اور شرمندہ ہونے لگے - اور سب نے ام جعفر کو ڈانٹنا اور سخت و سست کہنا شروع کیا - غریب معصومہ نے قسم کھائی کہ مین نے تو کبھی اس ظالم احوص کی صورت بھی نہین دیکھی - جانتی ہی نہین وہ کون اور کیسا ہے - اور مین تو جانتی ہون کہ اُس نے بھی مجھے کبھی نہین دیکھا ہے - یہ فقط اُس کی شرارت و بیحیائی ہے جو مجھے مفت اور بے وجہ بدنام کر رہا ہے" ادھر اُم جعفر اپنی پاکدامنی و عفت کی قسمین کھا رہی تھی اور اُدھر احوص عام مجمعون مین غل مچاتا پھرتا تھا کہ اُم جعفر کی نگاہِ ناز یون میرے کلیجے مین اُتر گئی - اور یون فلان مقام پر وہ اپنے تمام عزیزون سے چھپ کے مجھے ملی اور مجھے دیوانہ بنا کے چلی گئی -

آخر اُم جعفر کے بھائی ایمن کو غصہ آگیا - اور طیش مین آکے احوص کے پاس کہلا بھیجا کہ "اپنی ان حرکتون سے باز آؤ ورنہ بُرا ہوگا - تم ایک شریف زادی کو مفت بدنام کر رہے ہو - جس سے اُسکے دامن عفت پر دھبہ لگا جاتا ہے - اگر پھر کبھی تم نے اس بارے مین کوئی کلمہ منہ سے نکالا تو مجھ سے بُرا کوئی نہ ہوگا" مگر احوص اپنی حرکتون سے باز نہ آیا - اور ایمن قطعی طور پر آمادہ ہوگیا کہ کسی دن اُس سے دو دو ہاتھ ہو جائین - جب یہ خبر مشہور ہوئی تو حاکم مدینہ نے اس اندیشے سے

کہ ان دونون کی عداوت سے کہین امن عامہ مین خلل نہ پڑ جائے، دونون کو پکڑ بلایا۔ پھر دونون کے پاؤن ایک رسی مین بندھوا کے کوڑے دونون کے ہاتھون مین دیے اور کہا "اب دونون لڑو دیکھون کون زیادہ مار کھاتا ہے"۔ اس لیے کہ رسی مین بندھے ہونے کی وجہ سے کوئی بھاگ تو سکتا نہ تھا۔ کمزور اور مغلوب سوا اس کے کہ کھڑے کھڑے مار کھائے اور کچھ نہ کر سکے گا۔

اب دونون زور و شور سے کوڑے بازی کر رہے تھے۔ مگر ایمن کے دل مین شریفانہ غیرت و حمیت کا سچا جوش تھا۔ اور اخوص مین علاوہ اسکے کہ شعرا اکثر بزدل ہوتے ہین۔ کذب و افترا کی کمزوری تھی۔ چند ہی کوڑے کھائے تھے کہ کمال بدحواسی کے ساتھ جان چھڑانے کے لیے رسیان تڑانے لگا۔ اور آخر اپنے آپ کو چھڑا کے نو کدم بھاگا۔ ایمن پیچھے دوڑا اور دور تک کوڑے مارتا چلا گیا۔ یہان تک کہ اخوص کسی گلی مین بھاگ کے غائب ہو گیا۔

اس طریقے سے ایمن نے بخوبی سزا دے لی۔ اور بہت کچھ دل کی بھڑاس بھی نکل گئی۔ مگر جو اصلی مقصد تھا نہین حاصل ہوا۔ اس لیے کہ اخوص باوجود بھاگتے پھرنے کے اب بھی اُسی قسم کے اشعار کہتا۔ اور ام جعفر کو اور زیادہ بدنام کرتا پھرتا۔ اب ایمن کے خیال مین سوا اسکے کوئی تدبیر نہ تھی کہ اخوص کو جو چھپتا پھرتا تھا کہین ڈھونڈھ نکالے اور جہان ملے بے تامل قتل کر ڈالے۔

اسی اثنا مین ایک دن اخوص اپنے احباب کے ایک بڑے مجمع مین بیٹھا ہوا غزلخوانی کر رہا تھا۔ اور لوگ اُس کی نازک خیالیون کی داد دے رہے تھے۔ انھین اشعار مین اُس نے اپنے وہ اشعار بھی سُنائے جو ام جعفر کے حسن کی تعریف مین تھے اور جن مین اُس سے ملنے اور وصل کا وعدہ لینے کا تذکرہ تھا۔ ناگہان ایک برقع پوش عورت آئی اور خوشامد کے لہجے مین اخوص سے کہنے لگی "آپ نے مجھ سے وہ بھیڑی لی تھی مگر اُس کے دام آج تک نہین دیے۔ اب مین نہایت پریشان و تنگدست ہون لہذا اُسکے دام دیدیجیے"۔ اخوص نے کہا "مین نے کبھی تم سے کوئی بکری نہین لی"۔ عورت بولی "مجھے مفلس و نادار بے کس و بے بس دیکھ کے تم نے انکار کر دیا۔ مگر مین بے لیے نہ رہونگی"۔ یہ کہہ کے اُس نے ایک کاغذ نکال کے بزبانِ محبت کے ہاتھ

مین دیا اور رو رو کے کہنے لگی "دیکھیے اس کاغذ پر انھون نے مجھے لکھ بھی دیا تھا اور آج کس طرح صفائی کے ساتھ مکرے جاتے ہین؟ زمانے کا یہی حال ہے تو کوئی کیونکر جیے گا؟ لوگون نے وہ کاغذ احوص کو دیا۔ جسے دیکھ کے اُس نے کہا "یہ میرے ہاتھ کا لکھا ہی نہین ہے۔ یہ کوئی مکار اور جعلساز عورت ہے جو خواہ مخواہ مجھ سے کچھ روپیہ لے مرنا چاہتی ہے" اس کا جواب سُن کے عورت نے رونا پیٹنا اور آہ و واویلا کرنا شروع کیا۔ اور آنسو بہا بہا کے کہنے لگی "لوگو خدا کے لیے تمھین میری مدد کرو۔ مین فاقون مر رہی ہون۔ مفلسی نے نان شبینہ تک کو محتاج کر دیا ہے۔ بڑا سہارا ان روپیون کا تھا جو اس ظالم کے ذمے ہین۔ افسوس یہ بھی مکر گیا۔ ہائے مین تو مر جاؤن گی" عورت کچھ ایسی پھوٹ پھوٹ کے روئی کہ حاضرین کو اُس کی حالت پر ترس آگیا اور سب نے احوص سے کہا "تم کو ایسی بے رحمی نہ کرنی چاہیے۔ اسکا جو کچھ باقی ہو اسی وقت دے دو" احوص نے کہا "آپ کیا کہ رہے ہین؟ مین خدا کی قسم اس سے واقف ہی نہین ہون۔ جانتا بھی نہین کہ کون ہے اور کہان رہتی ہے"

یہ سُن کے عورت بولی "اچھا ظالم رہ۔ تو نے میرے روپیون سے انکار کیا۔ اپنی تحریر سے انکار کیا۔ کیا اب میری صورت سے بھی انکار کر جائے گا؟ مگر مین بے جھوٹے کو گھر تک پہونچائے نہ رہون گی۔ اور اپنا روپیہ لے کے جاؤن گی" یہ کہتے ہی عورت نے چہرے سے نقاب جو اُلٹی تو معلوم ہوا کہ ابر مین سے چودھوین رات کا چاند نکل آیا۔ حاضرین کی آنکھین چکا چوندھ ہو گئین۔ اور سب بھوچکا رہ گئے۔ اپنا عالم آشوب چہرہ دکھا کے عورت نے کہا "اب تو پہچانا؟ اب بھی انکار کی جرأت کریگا؟" احوص نے کہا "یہ صورتِ زیبا بھی آج ہی دیکھی ہے" سنتے ہی عورت نے اس طرح غل مچا کے رونا پیٹنا شروع کیا کہ بہت سے راہگیر کھڑے ہو گئے۔ اور سیکڑون آدمیون کا مجمع ہو گیا۔ جن کے سامنے احوص انکار کیے جاتا تھا کہ "مین نے اس نازنین کو کبھی نہین دیکھا" عورت نے کہا "اچھا یون ہی سہی۔ تو قرآن اُٹھا لے کہ آج سے پہلے کبھی تو نے میری صورت نہین دیکھی ہے۔ تیری جان کو صبر کر کے مین اپنا روپیہ چھوڑ دون گی" احوص بولا "مجھے منظور ہے" اور قرآن ہاتھ مین لے کے کہدیا کہ "مین نے کبھی اس عورت کی صورت نہین دیکھی ہے" احوص نے حلف اُٹھائی ہی تھی

کہ عورت نے نہایت ہی جوش و طیش کے ساتھ بڑھ کے احوص کے منہ پر تھوک دیا۔ اور ساتھ ہی اپنے ماہ وش چہرے کو نقاب مین چھپا کے بولی "لوگو۔ تم سب کے سامنے یہ حلف اُٹھا چکا ہے کہ اس نے آج سے پہلے مجھے کبھی نہین دیکھا تھا۔ سنو مین اُم جعفر بنت عبداللہ ہون! جس کے عشق کا یہ دم بھرتا ہے۔ اور اپنے اشعار کے ذریعے سے کہتا پھرتا ہے کہ مین اس سے فلان مقام پر ملی۔ اور اس اس طرح اس سے ملنے کے وعدے کیے! یہ سچ ہے کہ اس نے مجھ سے کوئی بھیڑ یا بکری نہین خریدی اور نہ اس کے ذمے میرا کچھ باقی ہے۔ مگر اس کے انکار اور حلف اُٹھانے سے آپ کو معلوم ہو گیا کہ یہ کتنا بڑا بیحیا اور جھوٹا ہے۔ شریف زادیون کو مفت بدنام کرتا ہے۔ اور اپنے کذب و افترا پر نادم ہونے کے عوض اور زیادہ اکڑتا اور فخر کرتا ہے۔ بھائی آئین کے ہاتھ سے سزا پانے پر بھی اپنی حرکتون سے باز نہین آیا۔ مگر مین نے آج ایسی سزا دی ہے کہ غیرت دار ہے تو پھر کبھی میرا نام زبان پر نہ لائے گا۔ اور آپ سب صاحبون کو چاہیے کہ ایسے بد معاش اور جھوٹے کو ایک گھڑی بھر کے لیے بھی اپنے پاس نہ بیٹھنے دین۔" یہ کہہ کے اُم جعفر سب لوگون کو اس حال مین چھوڑ کے چلی گئی کہ ہر شخص دم بخود تھا۔ کسی کی زبان سے ایک لفظ بھی نہ نکلتا تھا۔ اور احوص کی یہ حالت تھی کہ سر جو جھکایا تو کسی طرح اوپر اُٹھانے کی جرأت نہین ہوتی تھی۔ اور کسی سے چار آنکھین کرنے کے قابل نہ تھا

غرض اس واقعے نے احوص کی زبان ہمیشہ کے لیے بند کر دی۔ اُم جعفر کا خوبصورت چہرہ جیسا روشن۔ صاف۔ اور اُجلا تھا ویسا ہی اُسکا دامن عصمت و عفت بھی قیامت تک کے لیے بے داغ اور پاک و صاف ہو گیا۔ اور احوص ابدالآباد کے لیے ایسا بدنام اور ذلیل ہوا کہ پھر کبھی کسی پارسا خاتون کی آبرو پر حملہ کرنے کی جرأت نہ ہو سکی۔ اور اس قابل ہی نہین رہا تھا کہ آئین کا ایسا شریف جوانمرد عرب اپنی تلوار کو اُسکے خون سے ذلیل و ناپاک کرتا۔

قیصرہ تھیوڈورا

جناب سرور کائنات صلعم کی ولادت قسطنطنیہ کی مشرقی سلطنت روم کے تاجدار

جسٹن دوم کے عہد میں ہوئی ہے جو ۵۷۴ء یعنی ولادت محمدی کے چوتھے برس تک قسطنطنیہ کے تخت پر حکومت کرتا رہا تھا۔ اس سے پہلے اُس کا چچا جسٹینین قسطنطنیہ کے تاج و تخت کا مالک تھا اور ۵۱۸ء سے ۵۶۵ء یعنی ۴۸ سال تک یورپ کی مشرقی دنیا کے سیاہ و سفید کا وہی مالک تھا۔ جسٹینین کے زمانے اور اُس کے حالات پر غور کرو تو عجب متضاد واقعات نظر کے سامنے آجاتے ہیں۔ وہ عقلمند تھا۔ اچھا تھا۔ بڑا زبردست تھا۔ نئے نئے قوانین جاری کیے۔ بہت سے ملک فتح کیے۔ قسطنطنیہ کی جامع آیا صوفیہ کو جو اہل روم کی علم کی دیوی کا مندر تھا از سر نو تعمیر کرا کے عیسائیوں کا گرجا قرار دیا۔ پھر اسی کے ساتھ یہ بھی ہے کہ اُسکے زمانے میں بڑے مظالم ہوئے۔ اُس کا عہد فتنوں اور ہنگاموں سے بھرا ہوا تھا۔ اور اُسے اپنے ملک کے اندرونی جھگڑوں اور تعصبات کی بدولت کبھی ایک گھڑی کو بھی اطمینان سے بیٹھنا نہیں نصیب ہوا۔ اور ان سب باتوں سے بڑھی ہوئی بات تھی کہ اُس کی بیوی تھیوڈورا تھی جو ایک عجیب و غریب عورت تھی۔ جس کے مذاق و اطوار کی دورنگی بابل کی قدیم ملکہ سمیرامس کی زندگی سے بھی زیادہ حیرت انگیز تھی۔ اور ہمیں یقین ہے کہ اُسکے حالات ناظرین دلگداز کے لیے بہت ہی دلچسپ ثابت ہوں گے۔

اُن دنوں قسطنطنیہ کے فرمان رواؤں اور امیروں کو قدیم یونانیوں اور رومیوں کی طرح تھیٹروں اور سرکسوں کا بڑا شوق تھا۔ سرکسوں میں وحشی درندے عام ناظرین کے سامنے لاکے باہم لڑائے اور بدنصیب مجرموں اور قیدیوں پر چھوڑے جاتے تھے۔ جس ضرورت سے اکثر شیروں۔ ریچھوں۔ چیتوں اور تیندووں کی ایک بڑی بھاری تعداد موجود رہا کرتی تھی۔ انسطاسیوس قیصر کے زمانے میں قسطنطنیہ میں ان وحشی درندوں کا داروغہ اقاقیوس نام ایک شخص تھا جو ہمارے ذات بابرکات کامل پاشا کا ہم وطن یعنی جزیرۂ قبرس (سائپرس) کا رہنے والا تھا۔ یہ شخص سارے قسطنطنیہ اور اُسکی قلمرو میں "ریچھ والا" کہلاتا تھا۔ جو پھبتی صورت و سیرت کے لحاظ سے کامل پاشا پر بھی پوری طرح صادق آسکتی ہے۔ اقاقیوس کے ریچھ والا کہلانے کی وجہ شاید یہ ہو کہ وہ ریچھوں کو زیادہ پالتا اور انھیں بڑی کامیابی کے ساتھ سدھاتا تھا۔ یہ خدمت معزز ہو یا نہ ہو۔ مگر اس میں شک نہیں کہ کل امرا میں وحشی

جانورون کا تماشا دیکھنے کا شوق ہونے کی وجہ سے رؤسا کے ایک بڑے حلقے پر اُس کا اثر تھا۔ آقا قیوس جب مرا تو اُس نے تین کافر ماجرا بیٹیان چھوڑین۔ بڑی تو میطو منجھلی تھیوڈورا۔ اور چھوٹی انسطاسیہ۔ باپ کے مرنے کے وقت اِن مین سے بڑی بھی سات سال سے زیادہ کی نہ تھی۔ بیوہ ماں نے اپنے شوہر کی دارو غگی و حوش حاصل کرنے کے لیے بڑی دوڑ دھوپ کی۔ ایک ایک کے پاس جا کے روئی۔ اور جب دیکھا کہ اس خدمت کے سرانجام دینے کے لیے کسی مرد کی شدید ضرورت ہے تو جھٹ پٹ نکاح کر کے اپنے نئے شوہر کا نام بھی دربار مین پیش کر دیا۔ مگر سماعت نہ ہونا تھی نہ ہوئی۔

اب اُس نے اپنی تینون کمسن نادان اور بھولی بھالی بچیون کو فریادیون کے کپڑے پہنا کے تھیٹر مین بھیجا۔ اُن دنون رومی رؤسا و امرا دو گروہون مین بٹے ہوے تھے۔ سبز بانے والے۔ اور نیلے بانے والے (جن کے مفصل حالات ہم دلگداز کے کسی آیندہ نمبر مین لکھین گے) ان دونون گروہون مین باہم سخت رقابت تھی۔ اور ہمیشہ پٹتی رہا کرتی تھی۔ یہ خوبصورت ننھی ننھی فریادنین اُن کے سامنے گئین تو سبز بانے والون نے اُن کی تحقیر و تضحیک کی اور نیلے بانے والون کو اُن پر ترس آیا۔ مگر مان کا مطلب اب بھی نہ حاصل ہوا۔

ان حسین لڑکیون مین سے منجھلی تھیوڈورا سب مین زیادہ حسین و نازنین اور سب سے بڑھ کے ذہین و ہوشیار تھی۔ نیلے بانے والون کا یہ سلوک اُس کے دل پر نقش ہو گیا۔ اور جب موقع ملا تو اپنا بدلا لینے مین اُس نے کوئی کسر نہین اُٹھا رکھی پری جمال تھیوڈورا اُن دنون اگرچہ ایک بیکس و بے یار شمیہ تھی اور قسطنطنیہ کے لوگون نے اُس کی پامالی مین کوئی بات اُٹھا نہین رکھی تھی مگر تقدیر برسر یاری تھی۔ اور خود قدرت نے عجب عالمگیر قوت کے ساتھ اُسے پالا۔ نشو و نما دیا۔ اور حسن و جمال کو چمکانا شروع کیا۔ اُس کے اُٹھتے ہوے شباب اور اُسکی کافر ماجرائی کی اداؤن کو دیکھ دیکھ کے سارے زمانے کی زبان پر تھا ع اب تو فتنہ ہے کوئی دن مین قیامت ہوگی۔

یہ تینون لڑکیان جب جوان ہوئین تو اپنی بے بسی و بیکسی سے اور نیز اس وجہ

سے کہ کوئی مربی سر پر نہ تھا اہل قسطنطنیہ کی جلوت و خلوت کی دلچسپیوں اور عشرت پرستیوں کا مشغلہ بن گئیں۔ اندرونی زندگی مین اُن کو شوقین رؤسائے شہر نے بے آبرو کیا۔ اور اُنکی ظاہری زندگی یہ تھی کہ خوبصورت ایکٹرسون کی طرح اسٹیج پر آکے اپنے ناز و کرشمے سے ناظرین کی دلربائی کرتین۔ پہلے بڑی بہن تومیطو اسٹیج پر آئی۔ اور اُس کے بعد جب تھیوڈورا بھی اسٹیج پر آکے نمودار ہوئی تو اُس کے حسن و جمال نے اُسوقت کے قسطنطنیہ مین ہلچل سی ڈالدی۔ جب وہ ایک نوعمر خوبصورت غلام کے بھیس مین ایک تپائی پر سر رکھے اسٹیج پر آتی تو ہزارون تماشائی دل مسوس کے رہ جاتے۔ اور جو جو وہ آزادی و بیباکی سے اپنی دلفریب ادائین دکھاتی لوگون کے دل ہاتھ سے نکلتے جاتے۔ وہ نہ کبھی ناچی نہ گائی۔ نہ اُس نے بانسری بجائی۔ صرف اپنے ناز و انداز کے کرتب دکھائے۔ اور اپنے پیدائشی حسن کے کرشمون سے دنیا کو جیتنا شروع کیا۔ اکثر مذاق کے کھیلون مین وہ یک بیک کچھ ایسی دلربائی کی ادا سے منہ تھوتھا لیتی۔ اور ایسے مضحکہ خیز لہجے اور آواز مین شکوہ کرتی اور بگڑ بگڑ کے ڈھیلے ہاتھون سے مارنے لگتی کہ دیکھنے والے آپے سے باہر ہو جاتے اور ہزارہا خلقت سے تحسین اور تعریف کے نعرے بلند ہوتے۔ اُسکے دلفریب حسن پر اُس کی یہ شوخ ادائیان اور چلبلے پن کی حرکتین ایسا زیب دیتی تھین کہ جو تھا اُس کا فریفتہ تھا۔ اُسکے خط و خال نہایت ہی لطیف و نازک تھے۔ اور مصورون اور شاعرون کا خیال حسن کی جو اعلیٰ سے اعلیٰ تصویر کھینچ سکے تھیوڈورا کا پیارا چہرہ اُس پر غالب ہی آجاتا۔ رنگت کسی قدر زرد اور کندنی تھی۔ اور اُس مین ایسی فطرتی دلکشی تھی کہ اُس کے خوبصورت چہرے کو دلون کا مقناطیس کہیے تو بیجا نہ ہوگا۔ شوخ آنکھین چلبلے پن کے ساتھ ہر وقت چلتی ہی رہتین اور اُس کی ہر حرکت اور اُس کے ہر انداز مین اپنا تھوڑا سا جادو اس طرح شریک کر دیا کرتین کہ کوئی دل نہ تھا جس پر اُسکا جادو چل نہ جاتا۔ اُسکی بات بات مین نزاکت تھی اور ہر ہر ادا مین لگاوٹ۔ غرض ایک فتنہ تھا کہ اُس کے سامنے سارے فتنے دب گئے۔

مگر افسوس تو یہ ہے کہ ایسے اعلیٰ درجے کے حسن کی بخت بے وقعتی ہو رہی تھی

اس لیے کہ یہ آفتاب حسن عوام کی نظرون کے سامنے تھا۔ ہر شخص کے شہوت پرستی کے جذبات اُسے نہایت ہی آسانی و سہولت سے حاصل کر سکتے تھے۔ اور ایسا بے مثال جمال تمام زناکار لوگون کے لیے عام اس سے کہ خاص شہری ہون یا آفاقی اور چاہے کسی طبقے اور درجے کے ہون اور کوئی پیشہ و حرفہ کرتے ہون بے عذر موجود تھا۔ عشاق کے ہجوم اور حسن پرستون کی مزاحمت نے اکثر یہ رنگ بھی دکھایا کہ ایک عاشق اپنی خوش نصیبی پر ناز کرتا ہوا اُسکے بستر عیش پر پہونچا مگر اُسی رات کو کسی دوسرے زبردست اور دولتمند عاشق نے اُسے ڈھکیل کے تھیوڈورا کے بستر عیش پر اپنا قبضہ جما لیا۔ آخر یہان تک نوبت پہونچی کہ جب وہ سڑکون پر گذرتی تو جو لوگ بد تہذیبی و بیحیائی سے بھاگتے یا جو ایسی ہرجائی نازنین کے عاشق و فریفتہ ہو جانے سے ڈرتے منہ چھپا کے یا راستے سے کترا کے نکل جاتے۔ اسی قدر نہین۔ مورخین ڈرا یا بتاتے ہین کہ تھیوڈورا کی بے شرمی آخر اس درجے کو پہونچ گئی تھی کہ بارہا پبلک اسٹیج پر برہنہ آکے اُس نے اپنے ہنر اور اپنے ناز و انداز دکھائے عیش پرستی کے فنون لطیفہ مین تھکنے کے بعد وہ فطرت کے اس بخل کی شکایت کرتی کہ انسان کو اُس نے عیش کے برداشت کرنے کی بھی کس قدر کم طاقت دی ہے۔ شائستگی کی زبان اس قسم کے واقعات کو ہمیشہ پردے مین رکھا کرتی ہے مگر تھیوڈورا کی بے اعتدالیان اس درجے کو پہونچ گئی تھین اور اُس کے شہوت رانی کے جذبات اور اُسکے عیاشانہ ہنر اس قدر اعتدال سے باہر تھے کہ کسی پردے مین چھپ نہین سکتے۔ بہرحال قسطنطنیہ کے معزز طبقے والون اور عام دولتمندون مین سے شاذ و نادر ہی کوئی باقی رہا ہوگا جس نے تھیوڈورا کے حسن و جمال کے مزے نہ لوٹے ہون۔

تھوڑے زمانے تک حسن پرستان قسطنطنیہ کی دیوی اور بے شرمی کی ملکہ بنی رہنے کے بعد وہ اقیولوس نام ایک معزز شخص کے گھر بیٹھ گئی۔ اور اقیولوس مصر اور افریقہ کا گورنر مقرر ہوکے اپنے علاقے کو گیا تو اُس کے ساتھ وہ بھی روانہ ہوئی۔ مگر قیامت یہ تھی کہ باوجود اس کے کہ اقیولوس اُس کی پرستش کرتا تھا اور اُس کی حکومت و دولت کا زیادہ حصہ اُسی کی نازبرداری مین صرف ہو جاتا تھا مگر وہ اپنی اندرونی عشقبازیون سے باز نہ آتی۔ ظاہر مین اقیولوس کی پابند تھی اور باطن مین دیکھیے تو اندر ہی اندر

بہتون سے تعلقات تھے۔ جسے اِسکی عادت پڑگئی ہو کہ سیکڑون سے آنکھین لڑائے۔ اور بسیون کا آغوش شوق گرم کرے اُس سے ایک کا ہو کے رہنا بہت دشوار تھا آخر اقیبولوس نے تنگ آکے ایسی فضول خرچ اور بے عصمت معشوقہ کو نکال باہر کیا۔

اب تھیوڈورا بے یار و مددگار بے انیس و ہمدم اسکندریہ کی سڑکون پر افلاس و فلاکت زدگی کی حالت مین ماری ماری پھرتی تھی۔ مگر اُس کے بیمثل و نظیر حُسن سے بڑا مددگار کون ہو سکتا تھا؟ اُسی کے کرشمون سے انسانون کا شکار کھیلتی اور قدم قدم پر خلقت کو اپنا اسیر گیسو بناتی ہوئی خشکی کی راہ سے قسطنطنیہ کی طرف روانہ ہوئی۔ ارض شام سے ایشیائے کوچک کے آخر تک ہر مقام مین اُس کا گذر ہوا۔ اور ہر شہر نے اس حسین و بیمثال قبریہ کے حُسن کے مزے لوٹے۔ جہان گئی لوگ اُس کے غیر معمولی حُسن کی وجہ سے اُسے کوئی انسان سے مافوق مخلوق حور یا دیوی خیال کرنے لگے۔ یونانیون کے حسن کی دیوی وینس (زہرہ) بھی جزیرۂ قبرس ہی مین پیدا ہوئی تھی۔ لہذا عام خیال تھا کہ یہ نئی مہ جبین اگر وینس کا کوئی نیا روپ نہین تو اس کی نسل سے ضرور ہے۔

تھیوڈورا اس بات کو بخوبی سمجھی ہوئی تھی اور روز بروز سمجھتی جاتی تھی کہ دُنیا مین فتحمند و کامیاب ہونے کے لیے خدا نے مجھے جو سلاح دیا ہے وہ میرا عالمگیر حسن ہے لہذا اُس کی حفاظت اور اُسکے اُبھارنے اور چمکانے مین کبھی ذرا بھی غفلت و کوتاہی نہ کرتی۔ خاصۃً اس بات کی تدبیرون مین ہمیشہ لگی رہی کہ کوئی بچہ نہ پیدا ہونے پائے۔ لیکن اس آوارہ گردی کے زمانے مین جب وہ روز نیا دانہ کھاتی نیا پانی پیتی اور نئے پلنگ پر سوتی تھی ایک بار نیچر کی کمند مین پھنس ہی گئی۔ حمل رہ گیا۔ اور ایک لڑکا پیدا ہوا جسے اُس نے کسی معزز سردار کے سر تھوپا۔ اور اُسی کے آغوش مین ڈالے آگے بڑھی۔

اب تھیوڈورا کی عام دلربائیون سے اس قسم کے واقعات اکثر پیش آتے کہ لوگ اُس کی لگاوٹ مین آکے اُس کے مجلۂ ناز مین باریاب ہوتے۔ مگر چند ہی باتین کرنے پاتے تھے کہ کوئی دوسرا شخص آکے اُنھین وہان سے نکال باہر کرتا اور خود اُس کا شانۂ عیش کا مالک بنجاتا۔ ان واقعات نے ہر صحبت مین مشہور کیا کہ جنون

اور دیوزادون سے اُسکے تعلقات ہین - اور یہ اُنھین کا کام ہے کہ جو کوئی اُس کے دل مین جگہ پاکے اُسکی خواب گاہ تک پہونچ جاتا ہے اُسے اُٹھا کے پھینکدیتے ہین - اپنی بیوفائیون اور زرپرستیون پر پردہ ڈالنے کے لیے کیا عجب کہ خود تھیوڈورا ہی نے اس خیال کو پھیلایا ہو -

اسی اثنا مین اُس نے خواب دیکھا کہ "مین کسی بڑے زبردست شہنشاہ کی ملکہ ہون اور ساری دنیا پر حکومت کر رہی ہون" یہ خیال اُسکے دل مین اس قدر جم گیا کہ اُسی خیال کا پلاؤ پکاتی ہوئی قسطنطنیہ مین آئی - مگر اس عظمت و سلطنت کی آرزو نے یکایک اُس کا مذاق بدل دیا - اور اُس کی زندگی مین اتنا بڑا تغیر ہوگیا کہ گویا وہ کوئی دوسری تھیوڈورا تھی - اب بجاے سڑکون پر مارے مارے پھرنے ایک ایک سے آنکھ لڑانے - دلون پر نگاہِ ناز کے تیر برسانے - اور ہر راہرو کو اسیر گیسو کرنے کے عوض وہ خودداری اور رکھ رکھاؤ سے رہنے لگی - اور پاکدامن ہو بیٹیون کی سی وضع اختیار کرلی - ایک چھوٹے سے مکان مین خاموشی کے ساتھ رہتی تھی - اُون کات کات کے پیٹ پالتی تھی - اور گویا کسی سے مطلب ہی نہ تھا اگرچہ ساری دنیا جانتی تھی کہ وہی حسن فروش تھیوڈورا ہے - جو ہزارون آدمیون کا پہلو گرم کرچکی ہے - اور اُس کے حالات کسی سے پوشیدہ نہ تھے - مگر اس انقلابِ مزاج اور اس کایا پلٹ کو دیکھ دیکھ کے ہر شخص حیران و متعجب ہو رہا تھا -

ان دنون جسٹن اول قیصر روم کا بھتیجا جسٹینین قسطنطنیہ مین شہنشاہ کے بعد سب سے بڑا بطریق اور صاحب اثر شخص تھا - جو ایک حسین و خوشرو نوجوان تھا - اور اپنے چچا کی طرف سے دولت مشرقی روم کی ساری قلمرو پر حکومت کر رہا تھا - اتفاقاً کسی موقع پر تھیوڈورا کے چہرے پر جسٹینین کی نگاہ پڑگئی اور دیکھتے ہی شیدا ہوگیا - ع - وہ نظر ہی وداعِ طاقت تھی - اگر تھیوڈورا وہی پہلی تھیوڈورا ہوتی تو اس نئے عشق کا جھگڑا بھی دو چار روز کی شہوت رانی پر ختم ہو جاتا - مگر اب اُس نے اپنے آپ کو روکا - اور جس دولتِ حسن کو کمال بے پروائی کے ساتھ وہ ہر ذلیل شخص کی طرف پھینکدیا کرتی تھی اس موقع پر اُسے ذرا روک کے رکھا اور جسٹینین کی آتش شوق بھڑک بھڑک کے خوب تیز ہوگئی - آخر تھیوڈورا نے

چند روز تک اُسے ہجر و فراق کی تکلیفون کا مزہ چکھا کے اور اپنے وصل کی قدر و قیمت بتا کے اُس سے تعلق پیدا کر لیا - یہ تعلق اگرچہ ناجائز اور غیر مستقل تھا مگر تھیوڈورا نے بڑی ہی عقلمندی اور ہوشیاری سے کام لیا - ملنے پر بھی رُکتی - اور روز بروز اُس کے دل پر زیادہ قبضہ کرتی جاتی - اپنے برتاؤ سے کچھ ایسا خلوص اور ایسی سچی محبت ظاہر کی کہ جسٹی نین کا دل اُس کے ہاتھ مین تھا - اور جسٹی نین کی تمام آرزوؤن اور مسرتون کا خلاصہ یہ تھا کہ تھیوڈورا مسرور و شاد کام ہو اور ملک بھر مین اُس سے زیادہ معزز و محترم اور دولتمند کوئی نہ ہو - اُسے یقین ہو گیا کہ مین زندگی کے کسی مرحلے پر بغیر تھیوڈورا کی رفاقت کے کامیاب نہین ہو سکتا - آخر اُس نے اپنے اقتدارات سے مشرقی سلطنت روم کا سارا خزانہ تھیوڈورا کے قدمون پر لا کے ڈال دیا اور دل مین ٹھان لی کہ مین اِسے مذہبی رسوم و آداب کے ساتھ اپنی بی بی اور اپنی شریکِ زندگی بناؤن گا - مانا کہ یہ کل تک ایک فاحشہ عورت تھی مگر آج تو پاکدامن خاتون اور میرے دل و جان کی مالک ہے "

مگر دشواری یہ تھی کہ اول تو روم کے قانون مین صراحتہً موجود تھا کہ سینٹ (مجلس حکمرانی) کا کوئی معزز ممبر کسی ایسی عورت کے ساتھ شادی نہین کر سکتا جو بے آبرو ہو - یا ادنیٰ درجے کی ہو، یا کبھی اسٹیج پر آ چکی ہو " اس پر طرہ یہ ہوا کہ موجودہ قیصرۂ روم یعنی اُس کی چچی لوپی سینہ جو اگرچہ خود ایک وحشی قوم کی نسل سے تھی مگر نہایت ہی پاکدامن تھی اُس نے صاف صاف کہہ دیا کہ مین کسی بازاری کسبی کو اپنی بھتیجی ہو ہرگز نہ بناؤن گی - خود جسٹی نین کی ماں وی جی لانشیہ نے باوجودیکہ تھیوڈورا کے حسن و جمال کو بہت ہی پسند کیا مگر اس اندیشے سے بہو بنانے پر وہ بھی راضی نہ ہوتی تھی کہ ایسا نہ ہو یہ مکار حسینہ میرے بھولے بھالے بیٹے کے اخلاق اور اُس کی مسرتون مین فرق ڈال دے - مگر جسٹی نین کو یہی دُھن تھی کہ شادی کرون گا تو تھیوڈورا سے -

اُس نے ماں کی مخالفت کی تو پرواہی نہ کی - جو نہایت دلگرفتگی کے ساتھ خاموش ہو رہی - چچی کا البتہ اندیشہ تھا - اس لیے کہ وہی وارثِ تاج و دیہیم تھا اور چچی کے ناراض کرنے مین سلطنت سے محروم ہو جانے کا خوف تھا - اسلیے

خاموشی کے ساتھ اُس کے مرنے کا انتظار کرنے لگا۔ اسی درمیان مین اُس نے اپنے چچا کو سمجھا بجھا کے اور نہایت ہی دانائی سے کام لے کے اس مضمون کا ایک فرمان جاری کرا دیا کہ "قدیم رسوم کی پابندی کی کسی کو کچھ ضرورت نہین ہے۔ اور اس بارے مین جو پُرانے قوانین مروج ہین منسوخ تصور کیے جائین"۔ اس حکم نے اُن تمام محروم القسمت عورتون کے گھرون مین گھی کے چراغ جلا دیے جنھون نے کسی معزز رکن سلطنت کو اپنے حسن وجمال پر لُبھا کے اور اُس کے دل پر قابو پا کے اُسے نکاح کرنے پر آمادہ کر لیا تھا مگر قانون کی گرفت سے مجبور تھین۔ اور کوئی زور نہ چلتا تھا۔ اب اُنھین آزادی حاصل تھی کہ جس بڑے سے بڑے امیر سے چاہین شادی کرین۔ اور خوشیان منائین۔ اس نئے قانون پر عملدرآمد شروع ہی ہوا تھا کہ قیصرہ مر گئی۔ جسٹی نین کے لیے میدان صاف تھا۔ بڑی دھوم دھام اور نہایت ہی تزک و احتشام سے شادی ہو گئی۔ اور جسٹی نین کسی پاکدامن دوشیزہ کی طرح ملائک فریب تھیوڈورا کو بیاہ لایا۔ اب تھیوڈورا قسطنطنیہ کی ساری معزز بیگمون محترم شاہزادیون اور قسطنطنیہ کی کُل شریف زادیون کی سرتاج تھی۔ اسی درمیان مین جسٹن قیصر نے جسٹی نین کو باضابطہ طور پر اپنا ولیعہد قرار دیا۔ اور جس وقت شہنشاہ اور مقتدائے اعظم نے حسب رسوم مروجہ جسٹی نین کو خلعت ارغوانی پہنا کے تاج قیصری اُس کے سر پر رکھا تو دوسرا خلعت و تاج اُنھین اپنے معزز و متبرک ہاتھون سے تھیوڈورا کو بھی پہنانا پڑا جو نہایت ہی تمکنت سے اُس کے برابر کھڑی زبان حال سے کہہ رہی تھی کہ "شرافت و پاکدامنی پر حُسن یون فتح پاتا ہے!" مگر یہ عزت بھی تھیوڈورا کی نظر مین کچھ زیادہ نہ تھی۔ اصل یہ ہے کہ معمولی قسم کی عزتین جو رومی آداب سلطنت نے شاہزادیون نواب زادیون اور معزز طبقے کی بیگمون کے لیے مقرر کر رکھی تھین وہ نہ تھیوڈورا ہی کے لیے کافی تھین اور نہ اُس کے عاشق جسٹی نین کی تمنا و آرزو کی پوری کرنیوالی تھین۔

جسٹی نین کو ولیعہد مقرر ہوے پورے دو سال بھی نہین ہوے تھے کہ شہنشاہ جسٹن اول آغوش لحد کے سپرد کیا گیا اور جسٹی نین نے قیصر روم اور قسطنطنیہ کا شہنشاہ قرار پا کے تاج جہانبانی سر پر رکھا۔ اور تخت پر قدم رکھتے ہی اُس نے تھیوڈورا

کو بھی اپنے برابر بٹھا کے صاحب تاج و تخت بنایا - یون تو ہر بادشاہ بیگم روم مین ایک خاص شان اور خاص اثر رکھتی آئی تھی مگر تھیوڈورا دستور سابق کے خلاف ایک مستقل شریک سلطنت تسلیم کی گئی - اور تمام والیان ملک کے نام رعایا سے عہد وفاداری لینے کے جو فرمان جاری ہوے وہ صرف جسٹی نین نہین بلکہ اُس کے اور تھیوڈورا دونون کے ساتھ عہد وفاداری کرنے کے بارے مین تھے - اور جو برتاؤ ہندوستان مین جہانگیر نے نورجہان کے ساتھ کیا تھا وہی قسطنطنیہ مین جسٹی نین نے تھیوڈورا کے ساتھ کیا - گو کہ تھیوڈورا کو نورجہان سے کوئی نسبت نہین ہو سکتی - نورجہان پاکدامن اور عفیفہ تھی - اور تھیوڈورا ایک بازاری عورت اور انتہا درجے کی بدنام فاحشہ - مگر تقدیر دونون کی ملتی جلتی تھی - بہر تقدیر جسٹی نین کی سریر آرائی کے ساتھ ہی مشرقی دولت روم کی ساری رعایا تھیوڈورا کے آگے سجدے مین گر پڑی - اور وہی بازاری کسبی جس نے بیشمار خلقت کے سامنے قسطنطنیہ کے تھیٹر مین اسٹیج پر نقالی کی تھی - اسی شہر مین متین و سنجیدہ مجسٹریٹون - مقدس دیندار اُسقفون - فتحمند سپہ سالارون - اور اسیر شدہ شاہان ارض سب نے اُسے بلا تامل اپنی ملکہ اور اپنی جان و مال کی مالکہ تسلیم کر لیا -

اکثر لوگون کا خیال ہے کہ بے عصمتی عورت کی ساری خوبیون کو مٹا دیتی ہے - اس خیال کے لوگ غالباً اُن مورخون کے بیان کو بڑے شوق اور بڑی دلچسپی سے سنین گے جو تھیوڈورا کو ہر بات پر الزام دیتے ہین - اُس کی برائیان بتانے مین مبالغہ کرتے ہین - اور اُس کے ہنرون کو بھی عیب بنا کے دکھاتے ہین - اس مین شک نہین کہ اُسے ہر صحبت مین جوانانہ شہوت پرستی کے الزام دیے جاتے تھے - اور ہر شخص جو اُس کے حسن سے لطف اُٹھا چکا تھا اُسے حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا - اور اسی ندامت سے تھیوڈورا کو بھرے دربار مین اہل دربار سے چار آنکھین کرنے کی جرأت نہ ہوتی - خواہ مذمت یا توہین و تحقیر کے ڈر سے جوان تک بنا وہ عام مجمعون مین آنے سے بچتی - اور کسی ایسے بڑے دربار مین بلائی جاتی تو انکار کر دیتی - اسی قدر نہین وہ دار السلطنت قسطنطنیہ مین رہنے سے بھاگتی - اور اُس کا سال کا زیادہ حصہ اُن عالیشان قصرون - باغون، کوشکون

اور نزہت گاہون مین گذرتا جو بسپانٹ اور باسفورس مین سمندر کے کنارے بنے ہوے تھے۔
یہان اُس کی زندگی عیش و نغم اور خود آرائی مین بسر ہوتی - ہوشیار شاطائین اسکا بناؤ سنگار کرتین - اس کے چاندسے چہرے کی آب و تاب کو چمکاتین - اور اُس حسن و جمال کی آبیاری کرتین جس نے جسٹی نین کے دل کو ہاتھ مین لے کے ساری دنیا کو مفتوح کر لیا تھا - حماموں مین نہا نہا کے نکھرتی - میز پر بیٹھ کے الوانِ نعمت کا مزا لیتی - عشرت گاہون مین بیٹھ کے اپنی خواصون سے ہنستی بولتی - اور نرم و نازک مسہریون پر لیٹ کے جوانی کی نیندین لیتی - اُسکے حضوری کے اشتاق مین حسین و خوش سلیقہ خواصین، نازک اندام و خوش رو نوعمر لڑکے - اشارون پر دوڑنے والے خواجہ سرا اور صدہا غلام تھے - جن کے جھگڑے چکانے مین اُسے گھر بیٹھے عدالت و حکمرانی کا مزہ آجاتا - اس کے خلوت کدے کے قریب وہ دیوانخانہ تھا جس مین بڑے بڑے ارکان دولت - امرا و رؤسا - سپہ سالار اور وزرا - ہیبان اور مقتدا باریابی و آستان بوسی کی تمنا مین آکے جمع ہوتے - گھنٹون انتظار کرتے - اور اُمیدواری کی سختیان برداشت کرنے کے بعد اُنھین صرف اتنی اجازت ملتی کہ ادب و تعظیم سے آکے تھیوڈورا کے قدمون کو بوسہ دین اور نظر نیچی کیے واپس چلے جائین - اکثر ایسے موقعون پر یہ منظر دیکھ کے خود اُس کا دل دھڑکنے لگتا کہ وہی امیر جس نے کبھی اُس کے حسن و جمال کے مزے لوٹے تھے اُسے آغوش شوق مین بٹھایا تھا اُس کے لب لعلین کے بوسے لیے تھے آج اس بات کو اپنی بڑی اقبالمندی سمجھتا ہے کہ اُس کے قدمون کو چوم سکے - تھیوڈورا کو اس کا اندیشہ لگا رہتا تھا کہ اگر جسٹی نین مرگیا تو میرا کوئی نہ ہوگا - اور وہ لوگ جو آج میری پرستش کر رہے ہین میری تذلیل کے درپے ہو جائین گے - اس خیال سے اُس نے بے انتہا روپیہ جمع کر لیا - تاکہ وقت پڑنے پر کم از کم اتنا تو ہو کہ مین کسی کی محتاج نہ ہون -

مگر سب سے بڑی قیامت یہ تھی کہ تھیوڈورا کے دل سے یہ خیال کسی طرح نہ جاتا تھا کہ لوگ مجھے ذلت و حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین - یہ خیال بڑھتے بڑھتے جنون اور وہم کے درجے کو پہونچ گیا - اُس نے ہزارون جاسوس مقرر کر رکھے تھے جو محلون محلون مارے مارے پھرتے - اور گھر گھر کی خبر لیتے - اور روز آکے اُسے

خبر دیتے کہ فلان شخص نے آپ کی نسبت یہ کلمہ کہا۔ فلان نے آپ کو یہ الزام دیا۔ فلان آپ کو یہ کہتا تھا۔ اور فلان آپ پر یہ حملہ کرتا تھا۔ اس قسم کی صدہا رپورٹین روز آتین اور وہ ہر ایک سے بدگمان ہوتی جاتی۔ ایسے لوگون کے سزا دینے کے لیے جن کی نسبت ایسی مخبریان ہوتین اُس نے ایک بڑا بھاری خوفناک اور زمین دوز تہ خانہ بنا رکھا تھا۔ جو ایک طلسمی راز تھا۔ اور کسی کو اُس کے مفصل حالات معلوم نہ ہو سکے۔ جاسوس جن لوگون کی نسبت ایسی مخبری کرتے۔ دو تین روز کے بعد وہ یک بیک گھر سے یا راہ چلتے سے غائب ہو جاتے اور اسی قید خانے مین لا کے ڈال دیے جاتے۔ بغیر کسی تحقیقات کے اور بغیر اسکے کہ کسی عدالت نے فیصلہ کیا ہو یہ لوگ زبردستی چُرا لائے جاتے اور اس قید خانے مین بند ہوتے جہان رحم اور ترس کھانے کے نام سے بھی کوئی آشنا نہ تھا۔ آسمان کبھی کسی کو دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ سورج کی روشنی وہان تک پہونچ نہ سکتی۔ اور اندھیرے مین روشنی لے کے کوئی بڑی ہی سنگدل اور ظالم عورت آتی جو تمام اسیرون کو کوڑون سے پٹواتی۔ اُن پر طرح طرح کے عذاب کرتی اور اُنھین ہر قسم کی تکلیفین دیتی۔ زمین کے اندر یہ مظلوم ستم زدہ درد و تکلیف سے چیختے چلاتے۔ دوہائیان دیتے۔ ایک ایک کی خوشامد کرتے۔ مگر کوئی اُن پر ترس نہ کھاتا۔ اور نہ کبھی اُنکی آہ و زاری سُنی جاتی۔ غرض یہان ایسی روح فرسا اور جان گزا تکلیفین دی جاتین کہ بہت سے لوگ اسی قید خانے مین تکلیفین اور اذیتین اُٹھاتے اُٹھاتے مر گئے۔ اور کسی کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہوے اور کہان گئے۔ بعض برگشتہ بخت ناشاد چھوٹ کے بھی آئے تو اس قابل نہ تھے کہ زندگی سے لطف اُٹھائین یا کسی کو دنیا مین مُنہ دکھائین۔ کیونکہ کسی کی ناک غائب تھی۔ کسی کے کان کٹ گئے تھے۔ کسی کی آنکھ پھوٹ گئی تھی۔ کسی کا کوئی اور عضو کاٹ لیا گیا تھا۔ اور پھر اسکے ساتھ اکثر مخبوط الحواس تھے۔ اور دل و دماغ نہین ٹھکانے رہے تھے۔ ماسوا اسکے اُنکی تمام دولت جائداد تباہ کر دی جاتی۔ اور قید خانے سے باہر آنے کے بعد وہ سڑکون پر مارے مارے پھرتے۔ پڑ رہنے کے لیے کوئی جگہ بھی نہ نصیب ہوتی۔ اور اپنی ناکارگی کی حالت اور تباہی و بربادی سے دنیا کے سامنے تھیوڈورا کے انتقام کا زندہ ثبوت

پیش کیا کرتے - اُس کے ہاتھ کے سزایابون مین عوام ہی نہین بعضے ارکان سلطنت اور محترم مقتدایان دین بھی تھے - ایسے معزز مجرمون کی نسبت قتل وغیرہ کی سزاؤن کا حکم دیتے وقت تھیوڈورا اپنے معتمد علیہ داروغۂ قہاری سے کہتی "اگر میرے حکمون کی تعمیل مین تم نے ذرا بھی کمی کی تو مین اُسی خدا کی قسم کھا کے کہتی ہون جو ہمیشہ زندہ رہے گا کہ تمھاری کھال کھنچوا لون گی" رہائی پانے والون مین زیادہ تعداد اُن نوعمر لڑکون کی تھی جن کی نسبت وہ بدگمان ہو گئی ہوتی -

ہم بیان کر آئے ہین کہ ایشیاے کوچک مین تھیوڈورا ایک لڑکا جن کے کسی اپنے منظور نظر آشنا کے پاس چھوڑ آئی تھی - اُس لڑکے کو اُس شخص نے بڑی حفاظت سے پالا - اِس راز کو اُس نے مخفی رکھا کہ اُس کی ماں تھیوڈورا ہے جب اُسے یہ خبر پہونچی کہ اب تھیوڈورا قیصرۂ روم اور شہنشاہ قسطنطنیہ کی شریک زندگی و شریک سلطنت ہے تو اس خوف سے کہ ایسا نہ ہو ماں کی ممتا جوش مارے اور اس لڑکے کو زبردستی چھنوا لے - اُس نے اس بچے کو ارض عرب مین بھیجدیا - جہان کی آزاد سرزمین روم و فارس دونون کی دسترس سے باہر تھی - اسکے بعد جب وہ شخص بیمار ہوا اور جانا کہ میرا یہی مرض مرض موت ہے تو اُس نوعمر لڑکے کو عرب سے بلوایا - اور مرنے سے چند ساعت پہلے بستر مرگ پر پڑے پڑے اُسے بتایا کہ "تمھاری ماں اسوقت دُنیا کی سب سے بڑی ملکہ اور قسطنطنیہ کی شہنشاہ بیگم تھیوڈورا ہے" - اس راز کے کھلتے ہی سادہ مزاج لڑکے کے دل مین خدا جانے کامیابی و مقصد وری اور دولتمندی و حکومت کی کیسی کیسی آرزوئین پیدا ہو گئین کہ باپ کو آغوش لحد کے سپرد کرتے ہی قسطنطنیہ کی راہ لی - اور قیصرہ کے محل کے پھاٹک پر پہونچ کے اپنے آنے کی خبر کرائی - تھیوڈورا یہ سنتے ہی چونک پڑی - اُردا بیگنی (عرض بیگن) کو حکم دیا کہ اُسے قدر و منزلت سے اندر لے آؤ - لڑکا خوش خوش اندر گیا - ماں کے تخت کے سامنے ادب سے زمین بوس ہوا - ماں نے اُس پر سر سے پانوؤن تک ایک نظر ڈالی - اور پھر پتہ نہ لگا کہ وہ کہان گیا اور کیا ہو گیا - تھیوڈورا کی زندگی ہی مین نہین اُس کے مرنے کے بعد بھی پھر کسی نے اُس لڑکے کی صورت نہ دیکھی - اور یقیناً وہ اُس دوزخ مین پہونچ گیا - اُسکے زمانے والے اُس سے

اس قدر جلے ہوے تھے کہ اُسکے عقائد اور مذہب پر بھی اعتراض کرتے اور اُسے لامذہب کہتے ہین - مگر یہ صرف تعصب ہے - وہ دل سے سچی مسیحیہ تھی - اور مسیحیت کی ترقی اور دینی خدمات کی جانب اپنے شوہر کو ہمیشہ متوجہ کرتی رہی - لیکن لامذہب نہ ہونے پر بھی اس مین شک نہین کہ وہ متکبر - حریص - طامع اور ظالم تھی محض ظالم ہونے سے یہ نتیجہ نکالنا کہ وہ مسیحیہ نہ تھی تاریخ عالم کی تغلیط کرنا ہے - وہ تو ایک نفس پرست اور بد اطوار ملکہ تھی اچھے اچھے پابند دین اور خدا پرست مسیحیون نے انتقام لیتے وقت روم کے بت پرستون پر - یہودیون پر - مسلمانون پر جیسے جیسے مظالم کیے ہین اُن سے تھیوڈورا کی سنگدلیان کچھ زیادہ بڑھی ہوئی نہین -

اب بمصداق ع عیب او جملہ گفتی ہنرش نیز بگو - ہم تھیوڈورا کے بعض محاسن بھی بیان کرتے ہین - اُس کی سب سے بڑی ایک خوبی یہ تھی کہ شہنشاہ جسٹی نین کے ناقابلِ برداشت غیظ و غضب کو ہمیشہ اعتدال پر لے آتی - اس مین شک نہین ہے کہ اگر وہ نہ ہوتی تو جسٹی نین نہایت ہی ظالم و جابر اور اُس کے ساتھ ہی بہت ہی ناکام و نامراد بادشاہ ثابت ہوتا - اور غالباً اسکو ہر واقف کار تسلیم کرے گا کہ جسٹی نین مین جتنی خوبیان تھین وہ اُس کی نہین بلکہ اصل مین تھیوڈورا کی خوبیان تھین - دینداری اور جرأت و شجاعت کے سارے کامون مین جسٹی نین کے نام کے ساتھ تھیوڈورا کا نام یکسان عزت و وقعت کے ساتھ شامل تھا - اور یہ ایسی نیکی تھی کہ اُس کے دشمن بھی امید دلاتے ہین کہ باوجود تمام گناہون کے شاید وہ اُس کی نجات کا ذریعہ ہو سکے -

ہر شخص کو اپنے گروہ والون سے زیادہ ہمدردی ہوا کرتی ہے - اس لیے کہ انکی تکلیفون اور مصیبتون سے جس قدر وہ واقف ہوتا ہے دوسرا نہین ہو سکتا - چنانچہ تھیوڈورا کو سب سے زیادہ ہمدردی عصمت فروش و ناکام رنڈیون سے تھی - اُس نے جو سب سے بڑی اور اعلیٰ درجے کی فیاضانہ تربیت گاہ قائم کی - اپنی اُن ستم زدہ بہنون کے لیے تھی جنھین کسی مرد کی بیرحمانہ بے شرمی نے بے آبرو کر ڈالا تھا - یا جو ہر طرف سے عاجز آکے رنڈی کا پیشہ اختیار کرنے پر مجبور ہوئی تھین اس غرض کے لیے باسفورس کے ایشیائی ساحل کا ایک عالیشان قصر شاہی ایک

باعظمت وجبروت خانقاہ بنا دیا گیا۔ اسکے مصارف نہایت سیرچشمی کے ساتھ سلطنت نے اپنے ذمے لیے اور اُس مین ۵۰۰ عورتین ایسی لاکے رکھی گئین جو قسطنطنیہ کی سڑکون اور وہان کے قحبہ خانون سے سمیٹ لائی گئی تھین۔ اس امن وامان کے قلعے اور تقدس و اتقا کے امن مین یہ سوسائٹی کی ستائی اور مذہب کے دربار سے ملعون بنا کے نکالی ہوئی عورتین خاموشی اور تنہائی مین زندگی بسر کرتین۔ ان عورتون کی روم مین یہ حالت ہو رہی تھی کہ اسی طبقے کی چند بدنصیب عورتین ہجوم نامرادی سے گھبرا کے اور زندگی سے عاجز آکے سمندر مین پھاند پڑی تھین۔ اُنکی ایسی ناقابلِ برداشت نامرادی اب اس فیاض مربیہ کی عنایت سے شکرگزاری اور اصلاح سے بدل گئی۔ اور سچ یہ ہے کہ تھیوڈورا نے اس تربیت گاہ کے ذریعے سے ہزارون عورتون کو گناہ و عذاب اور ذلت و بے عزتی سے بچا لیا۔

تھیوڈورا کی دانائی و ذہانت کا خود جسٹی نین معترف تھا۔ جن عمدہ اور مضبوط قوانین کو اُس نے جاری کیا اُنھین وہ اپنی نہایت ہی مقدس و محترم ملکہ ہی کی جانب منسوب کرتا ہے اور اُس کی نسبت یہ الفاظ زبان پر لاتا ہے کہ "دنیا کے لیے وہ ایک بڑی نعمت و برکت ہے"۔ تھیوڈورا دل کی نہایت ہی مضبوط اور بات کی بہت پکی تھی۔ بڑے بڑے صاحب اثر امرا و وزرا کے مجمعون مین نہایت آزادی و ہوشیاری سے مناسب رائے دیتی۔ اور اکثر خوفناک موقعون پر اُس سے ایسی غیر معمولی جرأت ظاہر ہوئی کہ بڑے بڑے جوانمرد حیران رہ گئے۔ ایک بار سبز اور نیلے بانے والون کی برہمی سے قسطنطنیہ مین سخت بلوہ ہو گیا تھا۔ بلوائیون نے شہر کی عمارتون مین آگ لگا دی تھی۔ سارے شہر پر شعلے بلند تھے۔ سینٹ صوفیہ کی عالیشان عمارت جو قسطنطین اعظم نے دانائی کی دیوی کی یادگار مین بنائی تھی جل کے خاک کا ڈھیر رہ گئی۔ رعایا شہر چھوڑ کے بھاگنے لگی۔ جسٹی نین بھی اپنے ایک بیرونی قصر مین چلا گیا۔ اور وہاں بھی اطمینان نہ نظر آتا تھا۔ امرائے دربار نے یہ تجویز پیش کی کہ جسٹی نین کو مع اُسکے محلون اور حرمون کے جہازون پر سوار کرا کے کسی دُور کے شہر مین پہونچا دیا جائے۔ اس تجویز کی محرک گو کہ دغابازی و سازش تھی اور اس وقت شہر سے نکلنا تاج و تخت سے جدا ہونا تھا مگر جسٹی نین گھبراہٹ مین فریب کو

نہین سمجھا اور چلے جانے پر راضی ہوگیا۔ اس موقع پر تھیوڈورا بہادرون کی طرح اُٹھ کھڑی ہوئی۔ اور کمال جوانمردی سے بولی "مانا کہ بھاگنے ہی مین جان بچتی ہے مگر مین بھاگنے کو ذلت و حقارت سمجھتی ہون۔ موت پیدا ہوتے ہی ہماری قسمت مین لکھ دی گئی ہے۔ مگر جو صاحبِ تاج ہین وہ تاج و تخت سے علیحدہ ہوکے زندہ نہین رہ سکتے۔ میری درگاہِ الٰہی مین یہ تمنا ہے کہ کبھی کوئی دن بغیر تاج جہان بانی اور خلعت ارغوانی کے نہ دیکھون۔ او قیصر۔ اگر تم نے بھاگنے ہی کا ارادہ کرلیا ہے تو تمھارے پاس دولت کے خزانے ہین۔ اور سامنے دیکھو جہاز بھی کھڑے ہین۔ جب چاہو ان پر چلے جاسکتے ہو۔ مگر اس سے ڈرو اور کانپو کہ مبادا زندگی کی ہوس مین تمھین بدنصیبی کی جلاوطنی اور ذلیل قسم کی موت نہ نصیب ہوجائے۔ باقی رہی مین۔ تو میرا شعار تو یہ قدیم الایام کا مقولہ ہے کہ "تخت ہی مبارک مقبرہ ہے!" تھیوڈورا کی اس تقریر نے سارے دربار پر اثر کیا۔ اور اُسی کی اس مضبوطی کا نتیجہ تھا کہ جسٹی نین اپنے دار السلطنت سے نہین ہٹا۔ اور اُسکو کسی قسم کا آزار نہ پہونچ سکا۔

جسٹی نین کے نکاح مین آنے کے بعد سے تھیوڈورا کی عصمت کا دعویٰ کیا جاتا ہے۔ اور اس مین شک نہین کہ اب کبھی اس سے کوئی ایسی بدعنوانی نہین ظاہر ہوئی جو طشت از بام ہوئی ہو یا جسٹی نین کو اُس کی عفت پر شبہہ ہوا ہو۔ لیکن اُسکی اس پاکدامنی مین زیادہ دخل اُسکے محض قید خانے اور اُسکی سختیون کو تھا دشمن تو کیا کہتے سارے شہر مین کسی کی مجال نہ تھی کہ اُسکے چال چلن کے خلاف ایک لفظ بھی زبان سے نکال سکے۔ ممکن ہے کہ اُس زمانے مین بھی اُسکے مخفی عشاق ہون۔ اس کی پرائیوٹ خدمت اور ہر وقت کے کامون کے لیے دس خوش رو اور بانکے ترچھے نوجوان تھے۔ جو جلوت و خلوت مین ہمیشہ سامنے رہتے۔ اور اُس کے نہایت ہی منظورِ نظر تھے۔ لیکن جب خود جسٹی نین کو اُس پر بدگمانی نہین ہوئی تو اور کسی کو بُری رائے قائم کرنے کا کیا حق ہے؟ اور واقعی وہ دل کی ایسی مضبوط تھی کہ کوئی تعجب کی بات نہین اگر اُس نے اپنے شوقِ عیش اور بداطواری کی پرانی عادتون کو اپنے موجودہ فرائض و مقاصد پر قربان کردیا ہو؟

اسی اخلاقی پالیسی کا اثر تھا کہ اپنی دانائی و قابلیت سے اُس نے جسٹی نین

کی محبت کو کبھی گھٹنے نہ دیا۔ اور ہمیشہ اُسے یکسان درجے پر قائم رکھا۔ بلکہ جسٹی نین کو روز بروز قطعی یقین ہوتا جاتا کہ بغیر تھیوڈورا کے نہ مین حکومت کر سکتا ہون اور نہ زندہ رہ سکتا ہون۔ بہر تقدیر جس مٹھی مین قیصر کا دل تھا وہ کبھی ڈھیلی نہ پڑنے پائی۔ کبھی کبھی خفیف سی باتون پر میان بی بی مین شکر رنجی بھی ہو جاتی مگر وہ دراصل ملاپ کا مزہ لینے اور جوش وصل مین تازگی پیدا کرنے کے لیے تھی۔ بعض بے وقوفون نے اُن رنجشون کو دلی عناد خیال کر لیا اور بادشاہ کو تھیوڈورا کے زیادہ مخالف بنا کے فائدہ اُٹھانے کی کوشش کی۔ مگر یہ کوشش اُنکے حق مین سم قاتل ثابت ہوئی۔ دو ہی تین روز مین میان بی بی مین پھر ملاپ ہو گیا اور وہ اپنے کیفر کردار کو پہونچے۔

شادی کے بعد تھیوڈورا کو سب سے بڑی تمنا اولاد نرینہ کی تھی۔ تاکہ سلطنت روم اُسی کی نسل مین رہے۔ مگر اس برکت کی صلاحیت کو اپنی ابتدائی بے اعتدالیون مین اُس نے خود ہی ہاتھ سے کھو دیا تھا۔ تاہم قدرت نے اُس کے آنسو پونچھے اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔ مگر اُسکی عمر نے وفا نہ کی اور بچپن ہی مین ماں باپ دونون کے کلیجون کو داغ دے کے آغوش اجل مین چلی گئی۔ جسے تھیوڈورا نے اپنے آنسوؤن مین نہلا کے دفن کیا۔

جوانی کی بے اعتدالیون نے اُسے اولاد ہی کی برکت سے محروم نہین رکھا اُس کی صحت بھی اچھی نہ تھی۔ وہ کبھی موٹی اور تیار نہین ہونے پائی۔ ہمیشہ نازنین و نازک اندام دُبلی پتلی اور چھریری تھی۔ اور اب آخر مین اسکی صحت زیادہ بگڑنے لگی۔ اُسکے طبیبون نے یہ علاج بتایا کہ علاقہ تھیا کے حمامون مین جا کے نہائے۔ اور اُس نے فوراً اُس سرزمین کا ارادہ کر دیا۔ سفر مین ایک بڑا بھاری جلوس اُسکے ساتھ تھا۔ اطبا کے علاوہ ایک اسقف۔ سلطنت کا سب سے بڑا خزانچی چند کاونٹ (نواب) اور بطریق (امرا) تھے۔ اور چار ہزار ملازمون اور خادمون کا باشان و شوکت گروہ ہمراہ رکاب تھا۔ جس طرف سے ملکہ عالم کی سواری گذرتی سڑکین دو تین روز پہلے سے درست اور صاف کر دی جاتین۔ اُس کے فروکش ہونے کے لیے ہر منزل پر ایک قصر شاہی بنا ہوا ملتا۔ جو اُسکے مقیم ہونے کے لیے

تعمیر کیا جاتا - جاتے جاتے جب بتینہ مین پہونچی تو وہان کے گرجون - خانقاہون - اور ہسپتالون پر اُس نے بڑی بڑی فیاضیان کین - اور عام انعام واکرام کے ساتھ مذہبی خدمات بجا لانے مین ذرا بھی کوتاہی نہین کی - یہ سب اس امید مین تھا کہ گرجون - خانقاہون اور ہسپتالون والے اُس کی صحت کے لیے دعا کرین - مگر کسی کی دعا کارگر نہ ہوئی - اور فرشتۂ اجل آ ہی پہونچا - چنانچہ شادی کو چوبیسوان اور فرمان روائی کو بائیسوان سال تھا کہ ناگہان زہر باد ہو گیا - جس سے جان بر نہ ہو سکی - اور جسٹینین کو اُسکے مرنے کا بیحد صدمہ ہوا -

بوادیقیا اور قارطس مانڈوا

انگلستان کی تاریخ کا آغاز ان دو ملکاؤن کے کارنامون سے ہوتا ہے جنھون نے اپنی رعایا کو اپنی حسن وجمال کے دام گلوگیر مین اسیر کرکے اُن سے جو اور جیسا کام چاہا لے لیا - ان مین سے اول الذکر یعنی ملکۂ بوادیقیا (جس کے نام کا تلفظ انگریزی مین فی الحال بودیشیا کیا جاتا ہے) نہایت ہی شریفانہ طرز عمل رکھنے کے باعث دنیا مین سچی شجاعت وحمیت اور اعلیٰ درجے کی قومی و ملکی محبت کا جوش دکھا گئی - اور دوسری یعنی قارطس مانڈوا جسکے نام کا تلفظ فی الحال کارٹسمانڈا کیا جاتا ہے اپنی مذکورہ ہمرتبہ بہن کے خلاف نہایت بے حمیت و بے غیرت اور بے عصمت و بے عفت تھی - جو بیوفائی و بے عصمتی کا شرمناک ترین نمونہ دکھا کے اور ابدی بدنامی حاصل کرکے دنیا سے رخصت ہوئی - لیکن ہمین یہ خیال کرکے افسوس آتا ہے کہ پہلی جو اچھی تھی وہ تو دنیا سے ناکام و نامراد گئی - اور دوسری اپنے ناپاک جرم کی سزا سے بچ جاتا درکنار اپنے مقاصد مین کامیاب و بامراد ہوئی -

ملکۂ بوادیقیا کی سرگذشت یہ ہے کہ اُس کا شوہر پراسوطاغوس (پراسوٹگس) انگلستان کے علاقۂ اقیینی کا بادشاہ تھا جو علاقہ کہ اب نارفولک کے نام سے مشہور ہے اُن دنون انگلستان مین چونکہ رومیون کا اثر بڑھ رہا تھا - اور وہان کی قومی قوتین رومی اسلحہ سے مرعوب ہو ہو کے فنا ہوتی جاتی تھین - اس لیے پراسوطاغوس نے وصیت کردی کہ میرے مرنے کے بعد میری حکومت وسلطنت کے وارث شہنشاہ روم

اور میری بیٹیان ہون - اس وصیت مین اُس کی یہ مصلحت تھی کہ شہنشاہِ روم تو انگلستان مین آکے میری قلمرو پر قبضہ کرنے سے رہا - میری بیٹیان ہی مالک ہون گی - اور شہنشاہ کے تعلقات کی وجہ سے وہ ہر طرح کی دشواریون سے محفوظ اور تمام بیرونی حملون سے مامون ہو جائین گی - اور کسی پاس پڑوس والے فرمان روا یا کسی رومی سپہ سالار کی اتنی جرأت نہ ہو سکے گی کہ میری قلمرو کو نگاہ اُٹھا کے بھی دیکھ سکے -

لیکن اُس کی اُمید کے خلاف یہ اُلٹا نتیجہ ظاہر ہوا کہ اُس کی آنکھ بند ہوتے ہی رومی سپہ سالار نے اُسکے شہر اور محل پر قبضہ کر لیا - رومی سپاہیون نے سارے شہر اور محل مین لُٹ مچا دی - جو ہاتھ آیا اپنا مال سمجھ کے لوٹ لے گئے - اور اسی قدر نہین - بوادیقیا کی ناز پرورده شاہزادیون کو بھی جو شریکِ وراثت قرار دی گئی تھین نہایت بے رحمی کے ساتھ بے آبرو کیا - ملکہ بوادیقیا نے اس پر اظہار ناراضی کیا تو اُس غریب کو پکڑ کے سر بازار خاص اُس کی رعایا کے سامنے کوڑون سے مارا - اور تحقیر و تذلیل کی کوئی بات اُٹھا نہ رکھی -

رومی جب لوٹ مار کے اور ہر طرح کی بیحرمتیان کر کے واپس گئے تو بوادیقیا نے اپنی رعایا کو رومیون کی مخالفت پر اُبھارا - رومیون نے اس موقع پر کچھ ایسی بیرحمی اور دغابازی سے کام لیا تھا کہ ساری رعایا طیش مین بھری ہوئی تھی - اور جتنے آدمی تھے اگرچہ جانتے تھے کہ رومیون سے مقابلہ کرنا جنون اور اُنکے مقابل ہتھیار اُٹھانا خودکشی ہے اپنی ملکہ کی صدائے فریاد سنتے ہی لڑنے مرنے اور جان دینے کو اُٹھ کھڑے ہوے - بوادیقیا اُن سب کو اپنے جھنڈے کے نیچے جمع کر کے اور قومی اسلحہ سے مسلح کر کے بڑے جوش و خروش کے ساتھ مردانہ وار چلی - اور رومیون کے قلعۂ قمالودونم پر جو اب کال چسٹر کے نام سے مشہور ہے دھاوا کر دیا - رومیون نے پوری قوت سے مقابلہ کیا - اپنے منجھے ہوے اصول جنگ کے مطابق صفین باندھ کے بڑھے - مگر برطانیہ والون کے پُرجوش سیلاب کا روکنا دشوار تھا - ہزار کوششین کین کسی طرح کامیاب نہ ہوے - آخر شکست کھا کے بھاگے - اپنی دغابازی و بے حمیتی کی پاداش مین نہایت ہی بودے پن کے ساتھ مارے گئے - اور بوادیقیا نے مذکورہ رومی قلعہ پر قبضہ کر لیا -

اس فتح نے اس برطانی ملکہ کا حوصلہ بڑھا دیا۔ فوج درست کرنا شروع کی۔ ملک کا انتظام اپنے ہاتھ مین لیا۔ رومیون کی شائستگی و تہذیب کو تو اُنکے ظالمانہ و وحشیانہ حرکات سے پہلے ہی دھبہ لگ گیا تھا اب اُن کی سپہگری و شجاعت بھی خاک مین مل گئی۔ اور اُنکے نام کو ایسا داغ لگا جو کسی طرح مٹائے نہ مٹتا تھا۔ آخر زبردست رومی سپہ سالار سوئیٹونیوس جو شمالی انگلستان کی قوتون کی پامالی مین مصروف تھا اپنا جرار لشکر لے کے آیا۔ اور بوادیقیا کو اُس کے مقابلے مین صف آرا ہونا پڑا۔ اس زبردست لشکر سے مقابلہ کرنا برطانیون کی قوت سے باہر تھا۔ اگرچہ جان پر کھیل کے لڑے۔ اور دیر تک ملکہ کے اشارون پر جو قلب فوج مین موجود تھی اور تلوار کو حرکت دے دے کے اُنھین حوصلہ دلا رہی تھی وہ بڑھ بڑھ کے اپنے سر کٹواتے رہے مگر آخر شکست ہوئی۔ بدحواس و بددل ہو کے بھاگے۔ بہادر ملکہ بوادیقیا کو بھی مجبوراً میدان چھوڑنا پڑا۔ اور اسی میدان پر اُس باحمیت ملکہ کے کارنامون کا خاتمہ ہو گیا۔

اُس کے انجام کی نسبت مورخین مین اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہین کہ عین معرکۂ کارزار مین بہادری کے ساتھ لڑتی ہوئی ماری گئی۔ اور بعض کا بیان ہے کہ اپنی جان لے کے میدان سے تو نکل آئی تھی مگر ناکامی کی زندگی کو اُسکا شریف نفس نہ گوارا کر سکا۔ گھر آتے ہی زہر کھا کے اپنی زندگی کا خاتمہ کر دیا۔ جو اُن دنون رومیون کے نزدیک نہایت ہی شریفانہ اور مبارک موت تھی۔ بوادیقیا کی زندگی کا خاتمہ ۶۱ء قبل محمد (۶۱ء) مین ہوا۔

قارطس مانڈوا دوسری بدکار ملکۂ انگلش بلکہ قریب قریب اسی زمانے یعنی جناب سرور کائنات علیہ السلام کی ولادت سے تقریباً پانسو برس پیشتر یا پہلے صدی عیسوی مین تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ اصلی وارث سلطنت اور مالک تاج و سریر وہی تھی۔ اور اُس کا شوہر وینوطیوس اُس کی طرف سے نیابۃً حکومت کر رہا تھا۔ لیکن اپنی نیک نفسی و شجاعت سے سارے ملک مین ہر دلعزیز ہو گیا تھا۔ کل فوج والے اس کا دم بھرتے تھے۔ اور ہر سپاہی اُسکے نام پر شیدا تھا۔

مگر خرابی یہ تھی کہ میان کو رعایا کے خوش رکھنے اور ملک مین عدل و انصاف

کرنے کا شوق تھا تو بادشاہ بیگم بی کارٹسمانڈوا کو نفس پرستی اور اپنے دل کی ہوسین نکالنے کا۔ اُنھین اپنے عیش و آرام اور شہوت پرستی کے سوا اور کسی بات کی فکر ہی نہ تھی۔ انھین بیباکانہ شہوت رانیون کا نتیجہ یہ ہوا کہ بادشاہ کے اسلحہ بردار دیلو قاطوس سے آنکھ لڑ گئی۔ اور دونون ایک دوسرے کی محبت کا دم بھرنے لگے۔ وینوطیوس (بادشاہ) کو یہ بات ناگوار گذرنے لگی۔ اور اس بات کی تدبیرین سوچنے لگا کہ کیونکر اپنے رقیب کو زک دے۔ جو بستر عیش کا مالک بن کے اُس کی زندگی کو روز بروز بدمزہ کرتا جاتا تھا۔

وہ ان منصوبون کو دل مین سوچتا ہی رہا اور بی بی نے اپنے حقوق و اقتدارات شاہی کو عمل مین لاکے اُسے بالکل چھوڑ دیا۔ اور علانیہ دیلو قاطوس کا آغوش گرم کرنے لگی۔ اُس وقت تک برطانیہ والون نے دین مسیحی نہین اختیار کیا تھا۔ اپنے قدیم بُت پرستی کے مذہب پر تھے۔ اور اُس وقت کے آئین و رسوم کے مطابق شاید عورتون کو اس بات کا حق حاصل ہو کہ شوہر کو جب چاہین چھوڑ دین اور جس کسی کو پسند کرین اُس سے آشکارا طور پر تعلقات پیدا کرلین۔ لیکن جو ہو۔ برطانی لوگون نے اپنی ملکہ کے اس فعل کو پسند نہین کیا۔ پہلے اُسے سمجھایا اور روکا۔ اور جب اُس نے کسی طرح نہ مانا تو بغاوت کردی۔ اور ارادہ کیا کہ قارطس مانڈوا کو تخت سے اُتار کے کسی اور کو اپنا فرمان روا بنالین۔

رعایا کو برہم و افروختہ دیکھ کے ملکہ نے رومیون سے مدد مانگی جو طرح طرح کے بہانے اور حیلے پیدا کرکے سارے جزیرے مین اپنی حکومت قائم کرتے جاتے تھے۔ اس سے بہتر اور کون موقع ہو سکتا تھا؟ فوراً زبردست رومی لشکر ملکہ کی کمک کے لیے آپہونچا جس نے آتے ہی تمام برطانی سرکشون کو مار کے سیدھا کردیا۔ اور رعایا کے بعد خود ہی سلطنت کے بھی مالک ہوگئے۔ رومیون کی مدد سے قارطس مانڈوا کو شاید اپنے محبوب آشنا سے ملنے کی آزادی مل گئی ہو۔ مگر سلطنت پھر نہ نصیب ہوئی۔ اور رومیون کی گرفت ایسی قوی تھی کہ اسی وقت سے اس پُرانے خاندان کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔

حسن کی کرشمہ سازیان

نامور خاتونان عالم کی سیرتون کا جو سلسلہ مولانا نے اس عنوان سے شروع کیا تھا

اُس پر عام نظر ڈالنے کے طریقے سے مضمون مئی ۱۹۲۴ء میں شایع فرمایا تھا۔

اس عنوان کے تحت میں دلگداز کے صفحوں پر ہم دنیا کی بہت سی نامور عورتوں کے حالات لکھ چکے ہیں۔ اور ابھی صدہا ایسی عورتیں باقی ہیں جن کے واقعات آیندہ بیان کیے جائیں گے۔ لیکن اس دلچسپ سبجکٹ پر ایک عام بحث کی بھی ضرورت ہے جس کی طرف اب ہم توجہ کرتے ہیں۔ بلحاظ ترتیب اس بحث کو سب سے پہلے ہونا چاہیے تھا۔ لیکن مضائقہ نہیں۔ ایک ماہانہ رسالے کے صفحوں کو ایسی ترتیب سے ہمیشہ آزاد رہنا چاہیے۔ سچ پوچھو تو عورت کے حسن کی کشش ہی نوع انسان کو دنیا میں لائی ہے۔ اگر حضرت آدم جناب حوا کی باتوں میں آکے خدا کا منع کیا ہوا پھل نہ کھاتے تو غالباً دنیا انسانوں سے خالی ہوتی۔ جناب حوا کے فقرے میں آکے حضرت آدم نے جنۃ الفردوس اور وہاں کی آزادیاں اور بیفکریاں ہاتھ سے کھوئیں۔ اور وہ اس دنیا میں پھینکے گئے جہاں اُنکی اولاد کو ایک سخت آزمایش میں پڑنا اور محنت مشقت کرکے اپنا پیٹ بھرنا ہے۔

جنت سے جدا ہونے کے بعد بھی اگر انسان کی حالت پر غور کیجیے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ صرف اس لیے آیا ہے کہ مرتے دم تک حسن کے کرشموں میں مبتلا رہے۔ اور اسی دھن میں جان دے۔ اُس کی زندگی و موت دونوں حسن کے کرشموں سے وابستہ ہیں جو کچھ ہوا یا ہو رہا ہے سب حسن ہی کی کرشمہ آرائیاں ہیں۔ توالد و تناسل کا سلسلہ اور گروہِ انسان کا بڑھنا اور پھیلنا فقط اُس کشش کے نتائج ہیں جو خدا نے حسن میں پیدا کردی ہے۔ اور اب تو سائنس کی تحقیق و تدقیق یہاں تک ثابت کرچکی ہے کہ انسان ہی نہیں حیوان بھی۔ اور حیوان ہی نہیں سارے نباتات بھی اپنی بقا اور ترقی میں کشش حسن ہی کے زیر بار احسان ہیں۔

یہ تو دنیوی زندگی کی حالت تھی۔ اب موت کو لیجیے۔ ہر نیکوکار دیندار کا خیال ہے کہ دوسرے عالم میں جاکے اور اس روحانی اور نورانی عالم میں پہونچکے حوروں کی ہمکناری نصیب ہوگی۔ چنانچہ ہر پارسا مرنے والا حوروں سے ملنے کے شوق کو دل میں لیے ہوے دنیا سے خوش خوش جاتا ہے۔ گویا اور نہیں کیا جاتا بلکہ حورانِ جنت کے حسن کی کشش وہاں کھینچ لیجاتی ہے۔ مسیحیوں کے نزدیک حوروں کے علاوہ فرشتے بھی آسمانی کنواریاں ہیں جو مقبول بندوں اور خدا رسیدہ ولیوں اور سنتوں کے

سروں پر کوہ قاف کی پریوں کی طرح معشوقانہ اداؤں سے آتے اور منڈلانے لگتے ہیں۔

عقل ابراہیمؑ کی ملتوں میں تو اُس عالم نو کے مسدشوں کا خیال ثواب آخرت اور نیکو کاری کے اجر تک محدود ہے دوسرے قدیم دیوان و عقل پر نظر ڈالیے تو ناز آفرین حسینان عالم بالا نے دلربائی و دلبری کے دریچے سے قدیم آگے بڑھا کے معشوقی سے معبودی کی وضع و شان اختیار کر لی ہے۔ اُن کے الٰہیات کا عنصر اعظم مہ جبین دیویاں ہیں جو قدرت کے تمام شعبوں پر متصرف و حکمران ہیں۔ اُنکے نزدیک خدائی اختیارات حسین دیویوں ہی میں بٹے ہوئے ہیں۔ جو پاکبازان ارض پر اپنے چاند اور سورج کے ایسے حسن عالم آشوب کی کرنیں ڈال کے اُنھیں اپنا پوجاری بناتی ہیں۔ اور حسن ہی کی کشش ہے جس سے خدا کی معبودیت اور مخلوق کی عبادت وابستہ ہے۔

حسن کی کشش ایسی زبردست ہے کہ غور سے دیکھیے تو وہی انسان کی بنانے اور بگاڑنے والی ہے۔ اور خدا نے واقعی اُس میں ایک ایسی قوت پیدا کر دی ہے جو انسان سے جیسے کام چاہتی ہے کرا دیتی ہے۔ جنت کا چھوٹنا کوئی معمولی نقصان تھا؟ یہ اتنا بڑا گھاٹا تھا کہ اگر آدمی میں اپنی طبیعت پر ذرا بھی قابو ہوتا تو قیامت تک عورت کے پھندے میں نہ پھنستا۔ اور پھر کبھی اُس کے دل پر حسن کی کشش کوئی اثر نہ کرتی۔ مگر نہیں۔ ایسا نہ ہوا بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ نہ ہو سکا۔ اُس کے دنیا میں آنے کے بعد بھی جو پہلا فتنہ ہوا وہ بھی عورت کی اور حسن کی کشش ہی کی بدولت تھا۔ ہابیل نے عورت کی زلف گرہگیر میں پھنس کے نہایت ہی نیک نفسی اور پوری رضا و تسلیم کے ساتھ جان دی۔ اور قابیل نے عورت ہی کے شوق میں بھائی کے خون میں ہاتھ رنگے۔ اور پہلے قتل عمد کا مجرم قرار پایا۔

اسکے بعد سے دنیا کے تمام تاریخی واقعات کی تہ میں گھسیے تو دنیا حسن و عشق کرشموں سے بھری ہوئی ہے۔ اور یہ بات تھوڑے تعجب کی نہیں کہ مذاہب جن کی غرض و غایت خدا پرستی اور نظام عالم کی اصلاح ہے سب کی تاریخ کا آغاز عورت کے حسن کی کشش اور حسن کے جھگڑوں ہی سے ہوا ہے۔ یہود و نصاریٰ اور مسلمانوں

ہی کی تاریخ کو دیکھیے تو اُس متحدہ و مسلمہ افتتاح آدم و حوا اور ہابیل و قابیل کے واقعات سے ہے جن کو ہم بیان کر چکے ہین۔

ہندوؤن کی دیومالا اپنے شروع ہی سے ہر بڑے سے بڑے دیوتا کی ایک دیوی ثابت کرتی ہے۔ اور اُن کی تاریخ کا آغاز دو عظیم الشان لڑائیون سے ہوتا ہے جو اگر سچ پوچھیے تو حُسن و عشق ہی کے جھگڑے۔ اور دروپدی اور سیتا جی کے بے مثال حسنون کے کرشمے تھے۔ وہ کیسی نازک اور اندوہناک گھڑی تھی جب دروپدی نہایت توہین اور سنگدلی کے ساتھ پانڈوون کے ہاتھ سے زبردستی چھینی گئی؟ اور پھر وہ کتنا بڑا قیامت خیز میدان جنگ تھا جس مین اس ایک عورت کی عصمت پر ہاتھ ڈالنے کا انتقام لاکھون آدمیون کے قتل سے لیا گیا؟ اسی لیے وہ کیسا جگر خراش وقت تھا جب کیکئی کی آتش فشان زبان نے راجہ دسرت کو رام چندر جی کے بن باس پر مجبور کیا۔ اور اس کے بعد وہ بھی کس بلا کی عالم سوز گھڑی تھی جب راون سیتا جی کو اُن کے وحشتناک جنگلی مسکن سے اُڑا لے گیا۔ اور پھر اُن دونون واقعات کے نتیجے مین وہ کیسا خون بار محشرستان تھا جب لاکھون آدمیون کے مارے جانے کے بعد رام چندر جی نے اپنی عصمت مآب رانی کو خانمان برباد دشمنون کے پنجۂ ستم سے چھڑایا؟

اب مشرق کو چھوڑ کے مغرب مین چلیے تو وہان بھی مذہب اور تاریخ کا آغاز حُسن کے اُن قیامت زا کرشمون سے ہوتا ہے جنھین عالم شاعری کے آدم اور یونان کے پہلے شاعر ہومر نے اپنی قدیم نظم ایلیڈ مین بیان کیا ہے۔ اُسکے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کیسی سنسنا دینے والی گھڑی تھی جب ایشیائے کوچک کے فرمان روا پریم کا حسین و خوبرو بیٹا پارس یونان کے بڑے دیوتا جیوپٹر کی بیٹی اور من لاؤس شاہ یونان کی ملکہ ہلین کو بھگا لے گیا۔ اور پھر اسکے بعد وہ کیسی جان ستان رزمگاہ تھی جس مین یونانیون نے اس مملکت کے دارالسلطنت ٹرائے پر چڑھائی کر کے خون کے دریا بہا دیے۔ اور جس کے واقعات بتا رہے ہین کہ یورپ و ایشیا کے فیما بین جو جھگڑے شروع ہوے وہ حُسن کی کرشمہ سازیون کے کیسے خوفناک نتائج تھے۔

دنیا کے سب سے بڑے مورخ یونان ہیرودوطوس نے اپنی تاریخ کو اسی قسم

کے واقعات سے شروع کیا ہے - ایشیا والون کی قدیم روایتون سے یہ پتہ نہین چلتا کہ کبھی اُن کا خیال بھی اس جانب گیا ہو کہ اہل یورپ سے اُن سے رقابت و عداوت ہے - مگر اہل یونان اور ایشیاے کوچک والے جو ایک دوسرے کے پڑوس مین آباد تھے اُن مین ابتدا ہی سے چھیڑ چھاڑ شروع ہوگئی - اسکے چند روز بعد یونانیون سے اُن چند قومون سے رقابت پیدا ہوئی جو اُن کے ملک تک پہونچتی تھین - ان لوگون کی دست بُرد سے انھون نے پورے ایشیا کو اپنا دشمن خیال کرلیا - حالانکہ ایشیا والے ان معاملات کو سوا شخصی بے اعتدالیون کے کسی عام اور قومی عداوت پر محمول نہین کرتے تھے - تاہم اس مین شک نہین کہ درۂ دانیال کے اس پار اور اُس پار والون مین ایک قسم کی قومی رقابت ضرور پیدا ہوگئی تھی -

لیکن ہیرودوطوس کہتا ہے کہ یورپ اور ایشیا والون مین مدت ہاے دراز اور قرنہا قرن سے جو جھگڑے چلے آتے ہین وہ شایستہ اور تعلیم یافتہ اہل فارس کے نزدیک صرف عورتون کے لے بھاگنے یا بھگا لے جانے کے نتائج ہین وہ کہتے ہین کہ سب سے پہلی چھیڑ فینیقی تاجرون نے کی - یہ لوگ ملک شام کے ساحلی علاقۂ فینقیہ کے رہنے والے تھے - دنیا کے پہلے تاجر اور پہلے جہازران تھے - بحری سفرون کے ذریعے سے اُنھون نے اپنی تجارت اُسی قدیم زمانے مین ممالک دور و دراز تک پھیلا دی - اور مصر و بابل کا مال لے لے کے ممالک و بلاد یورپ تک جا پہونچے -

انھین تاجرانہ سیاحتون مین اُنکے چند جہاز یونانی بندرگاہ ارغوس مین پہونچے اور مال تجارت اہل شہر کے سامنے پیش کیا - ارغوس اُن دنون یونان کے اکثر شہرون سے زیادہ بارونق تھا - امرا و اکابر یونان آ آ کے اُنکا مال خریدنے لگے - اور دریا کنارے بڑا بھاری بازار لگ گیا - اس بازار کو لگے چار ہی پانچ روز ہوے تھے کہ ایک دن معزز یونانی گھرون کی خاتونین اپنی پسند کا سودا خریدنے کو آئین - جن مین وہان کے فرمان روا شاہ اینا چوس کی حسین و گُل اندام بیٹی اِیو بھی تھی - یہ عورتین جہاز کے پچھلے حصے کے پاس کھڑی لین دین کر رہی تھین کہ یکایک فینیقی سوداگرون نے اُن پر حملہ کر دیا - نازکبدن عورتین مردون کے اس حملے کی بھلا کیا

کیا تاب لاسکتی تھین ؟ گھبرائے بھاگین - اور سب تو اپنی جان بچا کے نکل آئین مگر شاہزادی ایو اور اُس کی چند سہیلیان نہ بھاگ سکین - فینقی اُنھین اپنے جہاز مین پکڑ لے گئے - جھٹ پٹ لنگر اُٹھا دیا - اور مصر مین پہونچ کے دم لیا -

یونانیون کو اس کا بڑا ملال ہوا - ایو تو نہ ملی - مگر انتقام کے خیال سے اُنکے چند جہاز سرزمین شام کے ساحل شہر طائر مین پہونچے جو فینقی لوگون کا نشاد ماوی تھا - اور ایسی تدبیرین کین کہ وہان کے بادشاہ کی بیٹی شاہزادی یوروپا کو بھگا لے گئے -

اس واقعے سے یونانیون کو اپنا انتقام مل گیا تھا مگر اُنھین اتنے ہی مین صبر نہ آیا - اُن کے چند جہاز بحر اسود مین (جو اُن دنون یوجین کہلاتا تھا) سفر کرکے دامن کوہ قاف کے اُس ساحل پر پہونچے جہان فی الحال اُبازی مسلمان رہا کرتے ہین - یہ سرزمین اُس زمانے مین کول چس کہلاتی تھی - اُس مین دریاے فاسس کے کنارے ایا نام ایک ساحلی شہر تھا اور وہین یہ یونانی جہاز لنگر انداز ہوے تھے - اپنی مہم کے اغراض و مقاصد پورے کرنے کے ساتھ ہی ساتھ اُنھون نے یہان کی گل پیرہن اور جادو نگاہ عورتون کو دیکھا جن کے حسن و جمال کی ساری دنیا مین شہرت تھی - اور جن کے حسن کے کرشمون نے کوہِ قاف کی پریون کو حسن و جمال کا مکمل ترین نمونہ بنا رکھا تھا - غرض نہایت خاموشی کے ساتھ کوشش کرکے وہ کسی حکمت سے وہان کے بادشاہ کی بیٹی میڈیا کو اپنے جہاز پر لائے - اور اُسی وقت لنگر اُٹھا کے اُسے زبردستی یونان مین اُٹھا لائے -

کولچس کے بادشاہ کو اپنی بیٹی کے پکڑ جانے کا بڑا صدمہ ہوا اور اپنے ایلچی یونان مین بھیجے جنھون نے آکے یونانیون سے اس دست بُرد کا جواب طلب کیا - اور استدعا کی کہ شاہزادی میڈیا اُن کے حوالے کی جائے تاکہ اُسے لیجا کے اُس کے جگر چاک باپ کے سینے سے لگا دین - یونانیون نے جواب دیا کہ جس طرح ایشیا والون نے ہماری شاہزادی ایو کو بھگا لے جانے کی کوئی وجہ نہین بیان کی اور نہ اُسے واپس کیا اُسی طرح ہم بھی نہ شاہزادی میڈیا کو واپس کرین گے اور نہ اسکی کوئی وجہ بیان کرین گے کہ اُسے کیون بھگا لائے -

ایشیا والون مین یونانیون کی اس دست بُرد کا انتقام لینے کا خیال برابر قائم رہا - یہان تک کہ ایک نسل گذر گئی - اور پریم کا بیٹا اس بات کا درپے ہوا کہ کسی یونانی شاہزادی کو بھگا لا کے اپنی جورو بنائے - چنانچہ موقع پا کے وہ ہلین کو بھگا لایا - اور اسکے نتیجے مین ایشیاے کوچک کے شہر ٹرائے کا وہ میدان گرم ہوا جسکا ذکر ہومر نے کیا ہے -

گذشتہ واقعات پر رائے زنی کرتے وقت بقول ہرودوطوس کے ایشیا والے اور اہل فارس کہتے تھے کہ شاہزادیون کو بھگا لیجانے کے واقعات اگرچہ تابڑ توڑ دونون طرف سے پیش آئے اور ابتدا اہل ایشیا ہی سے ہوئی تھی مگر اصلی الزام یونانیون ہی پر ہے - اس لیے کہ ہلین کو بھگا لیجانے پر اُنھون نے آپے سے باہر ہو کے لڑائی ٹھان دی - ایرانی ان باتون کو اتنی اہمیت نہ دیتے تھے کہ انکی وجہ سے لڑائی ٹھان دین - اُنکے خیال مین عورتون کو بھگا لے جانا بیشک شرارت کا کام تھا لیکن ایسا ہو جائے تو اس کی بنا پر انتقام کے درپے ہو جانا اور قتل و خونریزی کرنا اُن کے مذاق مین ایک لغو فعل تھا - اور وہ کہتے کہ یہ عقلمندون کا کام نہین کہ ایسے واقعات کی پروا کرین -

بہر تقدیر یورپ کی مہابھارت یعنی ٹرائے کا محاصرہ اور یورپ و ایشیا کی سب سے پہلی معرکہ آرائی حُسن ہی کی ایک دلچسپ کرشمہ آرائی تھی جسے ہومر نے ہمیشہ کے لیے زندہ کر دیا ہے -

ہیلینہ محبوبۂ جمیل

عاشق و معشوق ہر قوم اور ہر سرزمین مین گذرے ہین مگر جیسے اور جتنے وارفتہ مزاج نامی عاشق خاک عرب نے پیدا کیے شاید اور کوئی ملک نہ پیدا کر سکا ہوگا - ہر ملک کے لٹریچر مین دو چار جانبازان محبت کے نام ضرب المثل اور شاعری کے عنصر قرار پا گئے ہین - مگر عرب مین بیسیون عاشقون نے اپنی بیتابیون اور بیقراریون کی بدولت ناموری کی شہ نشین پر جگہ پائی اور سب ملکی لٹریچر مین ضرب المثل ہو گئے -

عرب کا قریب قریب ہر شاعر عاشق تھا - اور عاشق بھی نام کا نہین بلکہ سچا عاشق

جس نے کسی معشوقہ کو دل دیا۔ زندگی بھر اُس کے عشق میں سر دُھنتا رہا۔ اور اُسی کے فراق میں روتا ہوا مرا۔ اِن عشاقِ عرب میں سے صرف ایک مجنون عامری کا نام تو عربی شاعری سے نکل کے فارسی اور اُردو شاعری میں بھی آگیا۔ لیکن دوسرے دلدادہ عاشقوں کے نام عربی ہی کی ادب میں رہے جس کی وجہ سے ہمارے تمام اہلِ وطن کو اُنکے حالات کی بہت ہی کم اطلاع ہو سکی۔

ان خالص عربی شاعری کے ناموران عشق میں سے قیس و لُبنیٰ کے سچے حالات ہم اپنے ایک ناول کے ذریعے سے قدردانان دلگداز کے سامنے پیش کر چکے ہیں۔ اب ایک دوسرے عاشق کے حالات نذرِ ناظرین کرتے ہیں جس کا نام جمیل تھا۔ اور اُسکی معشوقہ بھی ثبینہ تھی جس کا خوبصورت نام ہم نے زیب عنوان کیا ہے۔ حُسن کی کرشمہ سازیوں کے سلسلے میں ہمیں صرف اس نازنین عرب کے واقعات سے تعلق ہے۔ گر عشق عاشق و معشوق کو ابدالآباد تک کے لیے باہم ایسا وابستہ کر دیا کرتا ہے کہ دونوں کا جدا کرنا امکان سے باہر ہو جاتا ہے اور ایک کے حالات دوسرے کے حالات بن جاتے ہیں۔

ثبینہ بنت جا قبیلۂ بنی عذرہ کے ایک نہایت معزز خاندان کی لڑکی تھی۔ ہم بتا چکے ہیں اور غالباً ہمارے ناظرین کو یاد بھی ہو گا کہ بنی عُذرہ سارے عرب میں حُسن و عشق کے لحاظ سے ممتاز تھے۔ اُن کی لڑکیاں جیسی حسین و نازنین ہوتی تھیں ویسے ہی اُنکے لڑکے عاشق مزاج اور تیغ ابرو کے گھائل ہوا کرتے تھے۔ اسی عشق کی چاشنی نے بنی عذرہ کے لڑکوں اور لڑکیوں دونوں میں شاعرانہ مذاق پیدا کر دیا تھا۔ لڑکے جس جوش و خروش سے عاشقانہ اشعار کہتے ویسے ہی ذوق و شوق سے لڑکیاں اُن اشعار کو سُنتی اور سمجھتی تھیں۔ اور ضرورت یا جوش کے وقت میں خود بھی غزلخوان ہو جایا کرتی تھیں۔

غرض ثبینہ ایسے زندہ دل قبیلے کی ایک پاک باطن و عفت شعار لڑکی تھی جس کا زمانہ تابعین کا تھا۔ اسکی شادی بنیہ بن اسود نام ایک شریف نوجوان کے ساتھ ہو گئی تھی۔ اس کے ذاتی صفات یہ تھے کہ قبیلے کی تمام لڑکیوں سے زیادہ شیریں ادا و صاحبِ جمال اور حد درجے کی سخن سنج و فصیح البیان تھی۔ اُس کی

آنکھ مین بھی جادو تھا اور زبان مین بھی - اور انھین خوبیون نے اُسکے ہم قوم شاعر جمیل بن عبداللہ کو اُس کا عاشق بنا دیا جو عہد بنی اُمیہ کے اعلیٰ ترین شعرا مین سمجھا جاتا ہے -

عشق کی شمع دونون دلون کے اندر بچپن ہی مین روشن ہو گئی تھی جس سے پتہ چلتا ہے کہ بثینہ کے حسن کی شہرت جمیل کے اشعار سے ہوئی تو جمیل کو بثینہ ہی کے دلستان حسن نے شاعر بنایا - آغاز عشق یون ہوا کہ ایک دن جمیل اپنی اونٹنیون کو چراتا ہوا علاقۂ بغیض کی ایک وادی مین لے آیا جہان پانی بھرا ہوا تھا - یہان پہنچ کے خود ایک مقام پر صاف جگہ دیکھ کے لیٹ گیا - اور اونٹنیون کو چھوڑ دیا بعض پانی پر جھکین اور بعض بیٹھ کے جوگالی کرنے لگین - اتفاقاً اس وادی کے کنارے ایک طرف بثینہ کے قبیلے کا پڑاؤ تھا - بثینہ اپنی ایک حسن سہیلی کے ساتھ یہان پانی لینے کو آئی - راستے مین جمیل کی اونٹنیان بیٹھی تھین - بثینہ نے انھین کچھ اس طرح شوخی کے ساتھ چھیڑا کہ وہ بھڑک کے بھاگین - اور جمیل نے گالی دے کے کہا "میری اونٹنیون کو کیون ستایا ؟" بثینہ نے یہ سخت و سست کلمات سُنے تو اُسے کہان تاب تھی ؟ بگڑ کھڑی ہوئی - اور ایک کی سو سنا دین - لیکن اُسکے اس بگڑنے اور کوسنے مین کوئی ایسی دلفریب ادا تھی جس نے جمیل کی خرمن جان مین عشق کی آگ لگا دی - دل مین کہا - ع جواب تلخ می زیبد لب لعل شکر خارا - ساتھ ہی خیال آیا کہ کاش میری یہ تمنا پوری ہوتی اور یون کہ

گالیان کھائے پر مزے کے ساتھ گورے گالون کو چومتا جائے

بس یہی جمیل کا آغاز عشق تھا جسے وہ خود اپنے اس شعر مین یاد دلاتا ہے -

واول ما قاد المودۃ بینا بواد بغیض یا بثین سباب

(جس ادا نے پہلے پہل ہم دونون مین محبت پیدا کی وہ اے بثینہ وادی بغیض مین تیرا کوسنا تھا)

غالباً یہ وادی القریٰ کا واقعہ ہے جو مکۂ معظمہ اور مدینۂ طیبہ کے درمیان واقع ہے اور جہان جمیل کا نشو و نما ہوا تھا - اب دل مین عشق کی گرمی پیدا ہوئی تو طبیعت شاعرانہ رنگینیان اور اُسکے ساتھ ہی ساتھ سچے جوش کی بیتابیان دکھانے لگی - آخر اپنے درد دل کو اشعار کے ذریعے سے ظاہر کرنے لگا اور وہ اشعار اہل زبان مین مقبولیت حاصل کرنے لگے - اور چند ہی روز مین بثینہ پر اُس کا عشق

سارے عرب مین مشہور ہوگیا۔ جمیل کے ماں باپ نے بیٹے کی یہ حالت دیکھی تو بثینہ کے باپ کو اپنے لڑکے کا پیام دیا۔ وہ اُس کے عشق کی خبرین سُن سُن کے سخت برہم ہو رہا تھا۔ شادی کا پیام سُن کے بگڑ کھڑا ہوا اور کہا "شریف زادیون کا نکاح اُن بدمعاشون کے ساتھ نہین ہو سکتا جو اُن پر اظہار عشق کرکے انھین بدنام کرتے ہون"۔ غرض یہی نہین ہوا کہ بثینہ کے باپ نے جمیل کا پیام نامنظور کیا ہو بلکہ نبیہ بن اسود نام ایک اور شخص کے ساتھ اس کا نکاح بھی پڑھا دیا۔ اور سمجھے کہ جھگڑا ہمیشہ کے لیے چُک گیا۔ جیسا کہ ہم بیان کر آئے ہین۔

جمیل کے لیے اس سے بڑی کوئی ناکامی نہ ہو سکتی تھی۔ مگر عشق سچا تھا اور کسی شہوانی خواہش نے اُسے بثینہ کے رخ زیبا کا دیوانہ نہین بنایا تھا۔ اس خبر نے آتش عشق کو اور بھڑکا دیا۔ اور رات دن اسی کوشش مین رہنے لگا کہ کسی طرح بثینہ سے ملے۔ اُسکے حسن عالم آشوب کی زیارت کرے۔ اُس کی پیاری باتین سنے اور اُسے اپنے پُرسوز اشعار سنائے۔ بثینہ کے بھائی حواش نے جب دیکھا کہ بثینہ کی شادی ہو جانے پر بھی جمیل اُس پر اپنا عشق ظاہر کرنے اور اپنے اشعار مین اُس پر تشبیب کرنے سے باز نہین آتا تو غصے مین آکے خود بھی شعر کہنا شروع کیے جن مین جمیل کی بہن پر اپنا عشق ظاہر کرتا۔ جمیل نے اسکی بھی کچھ پروا نہ کی۔ لیکن حواش کو چند ہی روز مین نظر آگیا کہ اُسکے اشعار کو تو کوئی سنتا ہی نہین اور جمیل کے اشعار جمیل کی زبان سے نکلتے ہی ساری دنیا کی زبان پر جاری ہو جاتے ہین مجبوراً اُس نے اپنی بیہودہ شاعری چھوڑ دی اور سمجھ گیا کہ جمیل کا عشق ایک ایسی بلا ہے جو کسی طرح نہین ٹل سکتی۔

لیکن بثینہ کے باپ بھائی اور شوہر کا زور ہی کیا چل سکتا تھا جبکہ خود بثینہ دل مین جمیل کے عشق کی قدر کرتی تھی۔ اور باوجود دوسرے کی منکوحہ ہونے کے اُس کو جمیل کے ساتھ ایسا لگاؤ ہو گیا تھا کہ دل کو اُس کی طرف سے پھیرنا اختیار سے باہر تھا۔ اُن دنون جیسا کہ احادیث سے ثابت ہوتا ہے عرب کی مسلمان عورتون کا معمول تھا کہ اچھے کپڑے پہن کے اور پورا بناؤ سنگار کرکے عید کے دن عیدگاہ مین جایا کرتین اور اپنے عزیزون اور دوستون سے بے تکلف ملتین۔ جمیل کو یہ

موقع غنیمت معلوم ہوا - عیدگاہ مین جاکے وہ جگہ ڈھونڈھ نکالی جہان ثبینہ اپنی رازدار بہن اُم الحسین کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی جمیل کو دیکھ کے وہ خوش ہوئی - اُس سے کھُل کے ملی - باہم سوال و جواب رہے جن سے ناز و نیاز کے صدہا اسرار نمایان ہو رہے تھے - غرض دیر تک لطف و محبت کی باتین ہوتی رہین - اور آخر دونون ایک دوسرے کی ملاقات سے محظوظ ہوکے اپنے گھر واپس گئے - جمیل نے بے انتہا کوشش کی تھی کہ کوئی ایسی بات نہ ہو جس سے اُس کا راز عشق دوسرون پر ظاہر ہو جائے لیکن عشق بھلا چھپنے والی چیز ہے ؟ اُن تمام لڑکون اور لڑکیون پر جو اس صحبت مین شریک تھے راز فاش ہو گیا - جس کو خود جمیل نے محسوس کرکے اپنے نئے اشعار مین ظاہر کیا اور بصد حسرت و یاس کہا " ہائے ! اب پھر پارسال عید ہی مین ملنا ہوگا "

ان اشعار نے راز عشق کو اور طشت از بام کر دیا - اہل قبیلہ نے ثبینہ سے کہا کہ " خبردار پھر کبھی اس شریر شخص سے نہ ملنا " مگر اُسکے تو دل کو لگی ہوئی تھی - قسم کھا گئی کہ " چاہے کچھ ہو مین تو جمیل سے ضرور ملون گی - اور جب سنون گی کہ دروازے پر آیا ہے بلا تامل باہر نکل آؤن گی " ثبینہ کی اس قسم کا حال جمیل کو معلوم ہوا تو بار بار قبیلے کے پڑاؤ کے آس پاس منڈلانے اور تاوے بھرنے لگا - کسی نہ کسی ذریعے سے اپنے آنے کی خبر کر دیتا - وہ بھی کوئی نہ کوئی بہانہ کرکے گھر سے نکل آتی - دونون ایک دوسرے کے دیدار سے خوش ہوتے - جب تک موقع پاتے بیٹھ کے باتین کرتے اور رخصت ہوکے اپنے اپنے مقام مین چلے جاتے -

ان خبرون کو سُن سُن کے ثبینہ کے اعزا دانتون سے انگلیان کاٹتے - مارے غیرت کے زمین مین گڑے جاتے - اور مشتعل ہو ہوکے انتقام کے درپے ہوتے - یہان تک نوبت پہونچی کہ سب اسی تاک مین تھے کہ کسی جگہ دونون کو باتین کرتے دیکھین اور تلوارین مار کے وہین ختم کر دین - اتفاقاً ایک دن اُنھین خبر لگ گئی کہ آج جمیل ثبینہ سے ملنے کو آنے والا ہے - فوراً دس بارہ آدمی تلوارین باندھ باندھ کے گھاٹیون مین چھپ رہے - اب ادھر سے ثبینہ اور اسکی بہن اُم الحسین گھر سے نکل کے ایک وادی مین پہونچین - اُدھر سے جمیل ایک تازہ دم اور سبا رفتار

سانڈنی پر سوار آیا۔ اور معشوقہ سے مل کے جوشِ دل کو ظاہر کرنے لگا جس طرح بلبل پھولون مین بیٹھ کے چہکتا ہے ویسے ہی آپ نے ثبینہ کا رخ زیبا دیکھتے ہی غزلخوانی شروع کر دی۔ اور شکوہ و شکایت کا دفتر کھل گیا۔ اپنے اشعار خوب گا گا کے سُنائے۔ اور آخر ایک شعر سنایا جس کا مطلب یہ تھا کہ "اے ثبینہ تیرے قبیلے کے جن مردون نے میرے مار ڈالنے کی نیت کی ہے اور میرا خون حلال کر لیا ہی کاش وہی مجھے پاتے اور مار ڈالتے!" یہ شعر پڑھا ہی تھا کہ ایک جانب سے وہ لوگ تلوارین کھینچے ہوئے نمودار ہوے۔ لڑکیون کے نازک دل دہل گئے۔ مگر جمیل نے اُن سے پھر ملنے کا وعدہ کیا اور جھٹ پٹ سانڈنی پر سوار ہو کے بھاگا۔ اونٹنی ایسی تیز تھی کہ دشمنون کے مجمع مین سے ہو کے نکل گئی اور کسی نے اُسکی گرد بھی نہ پائی۔

اس واقعے کو چند ہی روز ہوے تھے کہ ایک دن ایک اعرابی ثبینہ کے قبیلے مین آیا اور لوگون سے کہا "تمھارے پڑاؤ کے قریب ہی پہاڑیون مین مین نے تین شخصون کو دیکھا۔ معلوم ہوتا ہے کسی گھات مین ہین۔ غالباً ڈکیتی کرین گے۔ تم لوگون کو ہوشیار رہنا چاہیے" قبیلے والون نے اُن کے حُلیے اور اُنکی وضع پوچھی۔ اور اعرابی کے بیان سے سمجھ گئے کہ نہ کوئی ڈاکو ہے نہ کوئی چور۔ بلکہ یہ ان جمیل ہین جو غالباً ثبینہ سے ملنے کو آئے ہین۔ اور ساتھ ہی خیال آیا کہ معلوم ہوتا ہے ثبینہ سے آج ملنے کا وعدہ ہے۔ اسلیے کوشش کرنی چاہیے کہ وہ آج گھر سے باہر نہ جانے پائے۔ فوراً ثبینہ کا خیمہ گھیر لیا۔ اور وہ غریب رات بھر اپنے خیمے مین قید رہی۔ جمیل نے گھاٹیون مین رات بھر نہایت ہی بیتابی و بیقراری سے انتظار کیا۔ اور صبح کو ناکام و نامراد اپنے آپ کو کوستا اور معشوقہ شیرین ادا پر بدگمانی کرتا واپس گیا کہ معلوم ہوتا ہے اُس نے عہد وفا کو توڑ دیا۔ پچھتاتا ہوا گھر پہونچا تو وہان کی بعض شریر لڑکیون نے جنھین اس ناکامی کی خبر ہو گئی تھی بنانا شروع کیا کہ "واہ۔ اچھی لڑکی پر مرتے ہین جسے ان کی محبت کی پرواہی نہین۔ ایسی بیوفا پر مرتے تمھین شرم نہین آتی؟" اصل یہ ہے کہ جمیل کے قبیلے والے چاہتے تھے کہ ثبینہ کو جمیل سے نفرت ہو جائے۔ اور اگر ہو گیا ہی چاہتین کہ بجائے

ثبینہ کے اُسے اپنا شیدا بنا لین - انکی یہ طعن و تشنیع کی باتین سُن کے جمیل نے چند شعر سنائے جن مین سے آخری شعر کا مطلب یہ تھا کہ "جس سے محبت ہو اُسکے جھوٹھ اور اسکی بیوفائی مین بھی مزہ ہے"

اسکے بعد ایک مدت تک دونون مین فراق رہا - لیکن گو کہ جمیل کو کوے جانان مین جانا دشوار نظر آتا تھا مگر شوقِ دل لے ہی گیا - دونون مین وقت مقرر ہوگیا - اور سواد قبیلہ کے پہاڑون کی ایک محفوظ گھونگھٹ مین عاشق و معشوق ایک دوسرے سے ملے - مگر ثبینہ کی ایک لونڈی کو خبر ہوگئی جو کسی بات پر جلی ہوئی تھی - فوراً جا کے اُسکے باپ اور بھائی کو خبر کردی - اسی قدر نہین خود اُنکے سرون پر لیجا کے کھڑا کردیا - دونون نے طیش مین آکے تلوارین کھینچ لین - اور دم سادھ کے آڑ مین کھڑے ہوگئے کہ اُنکی بے عصمتی و بیحیائی کی باتین سُن لین تو حملہ کرین - اتفاقاً جمیل نے آج ہمیشہ کے خلاف دلدار ناز آفرین سے کہا "ثبینہ! تم میری آہ وزاری سنتی اور میری بیتابی و بیقراری کو دیکھتی ہو مگر میری اس محبت کی قدر نہین کرتین؟" ثبینہ نے کہا "آخر کیا کرون؟ اور تمھاری محبت کی قدر کیونکر کرون؟" بولا "جس طرح عورتین مردون کی محبت کی قدر کرکے اُن کی آرزو پوری کیا کرتی ہین" یہ جواب سنتے ہی ثبینہ چونک سی پڑی - حیرت زدہ و مبہوت ہوکے جمیل کی صورت دیکھی اور بولی - "تمھاری محبت کی یہی غرض ہے؟ مگر میرے دل مین تمھاری طرف سے خدا کی قسم کبھی ایسا خیال بھی نہین گذرا تھا! مین ایک شریف عرب کی بی بی ہون - اور گناہ سے ڈرتی ہون - اگر پھر کبھی تمھاری زبان سے یہ کلمات نکلے تو یاد رکھنا کہ زندگی مین پھر میری صورت نہ دیکھوگے" یہ جواب سُن کے جمیل کا چہرہ خوشی سے چمک اُٹھا - مسکرایا اور کہا "ثبینہ! مین نے یہ فقط تمھارا امتحان کرنے کے لیے کہا تھا - اور سچ تو یہ ہے کہ اگر تم میری آرزو پوری کرنے کی ذرا بھی حامی بھرتین تو میرا دل ٹوٹ جاتا - دل مین کہتا کہ ایسی معشوقہ مجھے نہین چاہیے - اور تلوار کھینچ کے تمھارا سر اُڑا دیتا - لیکن اگر اس کا موقع نہ ملتا تو تمھین چھوڑ کے چلا جاتا اور پھر کبھی نہ ملتا - میری محبت بھی تمھاری طرح پاک ہے جس کو اکثر اپنے اشعار مین ظاہر کرچکا ہون" یہ کہکے اسی مضمون کے چند اشعار سنائے - یہ گفتگو سنتے ہی باپ نے تلوار میان مین کرلی - اور

بیٹے سے کہا "چلو گھر پلٹ چلیں۔ اب ہمیں ضرورت نہیں کہ ایسے پاکباز عاشق کے عشق میں مزاحم ہوں۔ یا ثبینہ کو اُسکے پاس جانے سے روکیں"۔ بیٹے نے بھی باپ کے خیال سے اتفاق کیا۔ اور دونوں واپس گئے۔ اور عاشق و معشوق نے اپنی صحبت وصل بے غل و غش پوری کی۔

لیکن اس پر بھی اہل قبیلہ کے کہنے سننے سے اور نیز تمام قبائل عرب میں بدنام ہونے کے اندیشے سے پھر ثبینہ کو روکا۔ اور اسکو گوارا نہ کر سکے کہ جمیل آزادی کے ساتھ آکے اُن کی لڑکی سے ملا کرے۔ مگر ثبینہ کے دل کو خود ہی ایسا لگاؤ ہو گیا تھا کہ ہزار روک اور بندش ہو وہ جب سنتی کہ جمیل پاس کی پہاڑیوں میں آیا ہے کوئی نہ کوئی جتن کر کے پہونچ جاتی اور مل آتی۔ چنانچہ ایک دن جمیل نے کسی شخص سے کہا "بھلا تم میری اتنی مدد کرو گے کہ مجھے ثبینہ سے ملا دو؟" اُس نے کہا "اچھا"۔ پھر اُسے ساتھ لے جا کے خاندان ثبینہ کے پڑاؤ کے پاس کی پہاڑیوں میں چھپا دیا۔ اور اُسکی انگوٹھی لیجا کے چپکے سے ثبینہ کے چرواہے کو دی۔ اور کچھ دے دلا کے کہا "تم اس انگوٹھی کو ثبینہ تک پہونچا دو۔ اُسے فلاں مقام کا پتہ دے دو۔ اور اُس سے وعدہ لے آؤ"۔ ثبینہ انگوٹھی دیکھتے ہی مارے خوشی کے آپے سے باہر ہو گئی۔ چرواہے کا شکریہ ادا کیا اور رات کو آنے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ رات کو جیسے ہی قبیلے کے لوگ سو گئے وہ چپکے سے دبے پاؤں اُٹھ کے پہاڑوں میں آئی۔ بڑے ذوق و شوق سے ملی۔ رات بھر یہ صحبت عیش گرم رہی۔ جمیل کمال بیتابی کے ساتھ اپنے اشعار سناتا رہا اور صبح ہوتے ہی رخصت ہو کے ثبینہ اپنے خیمے میں گئی۔ اور جمیل نے اپنے قبیلے کا راستہ لیا۔

(۲)

ان دنوں جمیل کا معاصر شاعر کُثیّر تھا۔ اور جس طرح جمیل ثبینہ کے شمع رخسار کا پروانہ تھا وہ عزّہ نام ایک مہ پارہ نازنین کی زلفِ گرہ گیر کا اسیر تھا۔ اتفاقاً کُثیّر ایک دن جمیل سے آکے ملا۔ جمیل نے پوچھا "کہاں سے آتے ہو؟" کہا "ثبینہ کے باپ کے پاس سے آرہا ہوں"۔ پوچھا "اور جاتے کہاں ہو؟" کہا "عزّہ کے شوقِ دیدار میں جاتا ہوں"۔ بولا "تو پہلے ایک کام کرو۔ عزّہ سے پھر مل لینا۔ اس

وقت بثینہ کے قبیلے مین واپس جاؤ۔ اور جس طرح بنے میرے لیے اُس سے وعدۂ وصل لے آؤ۔" کثیّر نے عذر کیا کہ "مین ابھی ابھی وہان سے چلا آتا ہون دوبارہ جاتے شرم آتی ہے۔" بولا "شرم آتی ہے تو آیا کرے۔ اسوقت تو تمھین میری خاطر سے وہان جانا پڑے گا۔" مجبور ہوکے کثیّر نے کہا "اچھا بتاؤ تمھین اُس سے ملے کتنے دن ہوے؟" کہا "اوائلِ شوال مین اُس کا دیدار نصیب ہوا تھا۔ اور ہوا یہ کہ مین اُسکے قبیلے کے پڑاؤ کے قریب وادی روم نام ایک تالاب کے کنارے پہونچا کہ کیا دیکھتا ہون بثینہ اور اُس کی ایک لونڈی کپڑون کی گٹھری لیے ہوے نہانے اور کپڑے دھونے کو آرہی ہین۔ جب وہ پانی مین اُتر چکین تو مجھ سے نظر دوچار ہوئی تو بثینہ نے کوئی اجنبی سمجھ کے جھٹ پٹ ایک بھیگی چادر مین منہ چھپالیا۔ اور لونڈی نے پوچھا "آپ کون ہین؟" مین نے کہا "جمیل" نام سنتے ہی بثینہ نے چہرہ کھول دیا۔ مانوس ہوکے بے تکلف باتین کرنے لگی۔ اور غروب آفتاب کے وقت تک اُس سے لطف و محبت کی باتین ہوتی رہین۔ اب جدائی کی گھڑی آ پہونچی تھی۔ مین نے پوچھا "اب اسکے بعد کب ملوگی؟" بولی "اسوقت اسکا کیا جواب دون؟ ہمارا قبیلہ یہان سے کوچ کرنے والا ہے۔ کسے خبر کہ اب کہان پڑاؤ ہوگا؟ اور کب اور کس جگہ ملنے کا موقع ملے گا؟" لاچار مین چلا آیا۔ جب سے دردِ فراق مین مبتلا ہون اور اس درد کا علاج سوا تمھارے کسی سے نہین ہوسکتا۔"

کثیّر مجبوراً اُلٹے پانؤن بثینہ کے قبیلے کی طرف پھر چل کھڑا ہوا اور جمیل سے کہتا گیا کہ "جب تک مین واپس نہ آؤن تم یہین ٹھہرے رہنا۔" بثینہ کے باپ نے جیسے ہی کثیّر کو واپس آتے دیکھا جوشِ مسرت سے مرحبا کہی اور واپسی کا باعث دریافت کیا۔ کہا "آج تین نئے شعر میرے خیال مین آئے ہین۔ جی چاہا کہ تمھین آکے سناؤن۔" جواب ملا "ضرور سناؤ۔ اس سے بڑی کیا عنایت ہوسکتی ہے؟" کثیّر نے خیمے کے پاس کھڑے ہوکے اور اس بات کا یقین کرکے کہ بثینہ کے کان تک آواز پہونچ جائے گی اپنے وہ اشعار سنائے۔ اُن اشعار کا مضمون یہ تھا کہ "مین نے عزّہ سے کہا کہ اپنا قاصد بھیجون گا تاکہ تو بتادے کہ کب ملے گی۔ اور وصال کے بارے مین تیرا کیا حکم ہے؟ آخری ملاقات وادی روم مین ہوئی تھی جب کپڑے

دھوئے جا رہے تھے" یہ اشعار سنتے ہی ثبینہ بیتاب ہوگئی - بے اختیار سینے پر ایک دوہتڑ مارا - اور منہ سے نکلا "ارے رے رے!" باپ گھبرا کے اندر دوڑا گیا اور پوچھا "بیٹی کیا ہوا؟ خیریت تو ہے؟ بولی "کچھ نہین - وہی کتا تھا جو لوگون کے سو جانے کے بعد رات کو پہاڑون سے نکل آتا ہے - میری آواز سن کے بھاگ گیا" یہ کہہ کے اُس نے اپنی لونڈی سے چلا کے کہا "جا دوڑ کے دوات (چند ٹیلون کا نام) سے لکڑیان لے آ - تاکہ ہم ایک بکری ذبح کر کے اپنے مہمان کو کھلائین" کثیر نے یہ سن کے کہا "نہین تکلیف نہ کرو - مجھے اسوقت جانے کی جلدی ہے - ٹھہر نہین سکتا" اور اسی دم واپس آ کے جمیل سے یہ کیفیت بیان کی - وہ سنتے ہی مارے خوشی کے آپے سے باہر ہوگیا اور بولا "میری ثبینہ نے اُسوقت جب سارے قبیلے والے رات کو سو چکین گے دوات مین ملنے کا وعدہ کیا ہے" کثیر نے کہا "اگر تمھارے نزدیک اُس نے وعدہ کیا ہے تو چلو" شام ہوتے ہوتے دونون دوات مین پہونچ گئے - ثبینہ نے ساتھ آنے پر اپنی خالہ زاد بہنون لیلیٰ اور نجیا کو بھی راضی کر لیا تھا - جب سب سو گئے تو تینون لڑکیان اپنے خیمون سے نکل کے مقام موعود پر آ پہونچین - عاشق و معشوق عجیب خلوص اور خوشی سے ملے - صبح تک ایک دوسرے کی باتون اور صحبتِ جانان کی لذتون مین مشغول اور محو رہے - خود کثیر کہتا ہے کہ "مین نے اپنی زندگی بھر نہ اس سے زیادہ عفت و پاکبازی کی کوئی صحبت دیکھی تھی - اور نہ کبھی اس سے بڑھ کے سچی محبت کا کوئی منظر نظر آیا تھا - دونون ایک دوسرے کے جذبات سے اس قدر واقف تھے اور دلون کی باتون کو اس طرح سمجھ لیتے تھے کہ سمجھ ہی مین نہ آتا تھا کہ کس کا عاشقانہ علم غیب بڑھا ہوا ہے" آخر روز ہجران کی قیامت کا آفتاب نکلا - اور دونون ایکدوسرے سے رخصت ہو کے اپنے گھرون کو سدھارے -

اس ملاقات کی ثبینہ کے گھر والون کو خبر ہوگئی - اور سب نے قسم کھالی کہ جمیل جہان ملے گا مار ڈالین گے - نتیجہ یہ ہوا کہ جمیل و ثبینہ پر دنیا تنگ تھی - ثبینہ تو گھر مین پڑی پڑی کڑھا کرتی - مگر جمیل کا یہ عالم تھا کہ جوش عشق جنون اور مالیخولیا کی شان دکھانے لگا - راتون کو قبیلۂ ثبینہ کے قریب آتا - اندھیرے مین ٹیلون پر

چڑھتا - اور دیار جانان کی طرف رخ کرکے ہوا سے کہتا -

ہبی لی نسمۃ من ریح بثنٍ ومنی بالہبوب الی جمیل

(بثینہ کی خوشبو کا کوئی جھونکا لا اور جمیل پر اتنا احسان کر کہ اُسکی طرف چل)

یون پہاڑون مین رات رات بھر روتا اور صبح سے پہلے بھاگ جاتا - ادھر بثینہ کا یہ عالم تھا کہ اپنی سہیلیون سے بار بار کہتی "ہائے جمیل کے رونے کی آواز آرہی ہے" وہ کہتین "ہوش کی دوا کرو - جمیل یہان کہان ؟"

انھین دنون کثیر سے پھر ملاقات ہوئی - اُسے جمیل کی بیتابیان دیکھ کے اُس کے چند مشہور اشعار یاد آئے جو اُس نے بثینہ کے فراق مین کہے تھے وہ اشعار پڑھے اور کہا "کیا بثینہ نے یہ شعر نہین سُنے جو اس قدر بے پروا ہے ؟" جمیل نے اسی قسم کے چند اشعار کثیر کے پڑھ دیے اور کہا "کیا عزہ کے کان تک تمھارے یہ اشعار نہین پہونچے جو تمھین نہین پوچھتی ؟" جواب معقول تھا دونون نے لپٹ کے رونا شروع کیا اور ساری رات آنسو بہاتے رہے -

آخر جوش عشق اس حد کو پہونچا کہ نہ رہا گیا - اور جان پر کھیل کے جمیل قبیلۂ بثینہ کی طرف چلا - اور ایک تالاب کے قریب ٹھہر گیا کہ بثینہ کی کوئی لونڈی یا اُس کے گلّے کی چرانے والی خادمہ ملے تو زہے قسمت - خوشامد درآمد کرکے پیام شوق لے جانے پر راضی کرے - بثینہ کی کوئی لونڈی تو نہ ملی مگر بنی عذرہ ہی کی ایک اور حبشن لونڈی مشک لیے ہوے پانی لینے کو آگئی - وہ اتفاق سے جمیل کو پہچانتی تھی - صورت دیکھتے ہی چلائی "اخاہ ! کیسے رہے ؟" اور اُسکے ساتھ ہمدردی کرنے لگی - جمیل نے کہا "تمھین مجھ پر ترس آتا ہے تو اتنا احسان کرتین کہ کسی بہانے سے میری یہ انگوٹھی لیجا کے بثینہ کو دے دیتین - میرا پیام شوق پہونچاتین اور اُس سے وعدۂ وصل لے آتین - تم جب تک واپس نہ آؤگی مین یہان تمھارا منتظر رہون گا" لونڈی نے قبول کیا - اور انگوٹھی لے کے گھر گئی - یہان باتون مین اُسے اتنی دیر ہوگئی تھی کہ اُس کے آقا نے خفا ہوکے پوچھا "اتنی دیر تو نے کہان لگائی ؟" اس نے کچھ معمولی عذر کردیے جن کا کسی کو یقین نہ آیا - اور لوگ اُس سے بار بار کے پوچھنے لگے کہ "سچ بتا اتنی دیر سے کہان تھی ؟" زیادہ مار پڑی

تو اُس نے ساری کیفیت بیان کردی۔ اور جمیل کی انگوٹھی نکال کے اُنکے ہاتھ مین رکھ دی۔ اس واقعے کی خبر ثبینہ کے گھر مین پہونچی تو اُسکے باپ۔ بھائی اور شوہر تلوارین سُوت سوت کے کھڑے ہوگئے کہ اُسی وقت جاکے اُسکا کام تمام کردین گے۔ خدا کی قدرت دو چار عُذری جوان آگئے جنھین جمیل سے ہمدردی تھی۔ انھون نے ان لوگون کو قتل پر آمادہ دیکھ کے کہا "کیا ہوا کیا؟" اُنھون نے ساری سرگذشت بیان کرکے کہا "جاتے ہین جمیل کو مار ڈالین گے"۔ جوانون نے پوچھا "جمیل ہے کہان؟" کہا "ان پہاڑیون کے اُس طرف فلان تالاب کے کنارے"۔ انھون نے کہا "لیکن تم نے اُسے کوئی جُرم کرتے یا ثبینہ سے ملتے نہین پکڑا ہے۔ یون اس کی نکسیر بھی پھوٹی تو اُسکے اعزہ بدلا لینے پر آمادہ ہوجائین گے"۔ یہ سُن کے ثبینہ کے عزیز خاموش ہوے اور کہا "پھر کیا کرین؟" کہا اگر اُس سے انتقام لینا چاہتے ہو تو ایسی تدبیر کرو کہ وہ ثبینہ کے پاس بیٹھا اور اُس سے باتین کرتا ہوا پکڑا جائے۔ یہ تجویز پسند کی گئی۔ اور یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ اُسی حبشن لونڈی کو انگوٹھی واپس دی گئی۔ اور کہا گیا کہ "تو اسے لے جاکے ثبینہ کو دے اور اُس سے وعدہ لے۔ اور یہ نہ بتا کہ کسی اور کو بھی خبر ہوگئی ہے۔ اور جس وقت وہ جانے کا وعدہ کرے اُس کی جاکے جمیل کو خبر کردے"۔ لونڈی تو ادھر ثبینہ کے پاس گئی۔ اور یہ لوگ ادھر سیدھے جمیل کی تلاش مین روانہ ہوے۔ پتہ پوچھ ہی لیا تھا دم بھر مین جا پہونچے اور سارے واقعہ کی خبر کردی جمیل نے کہا "خیر مین تو چلا جاؤن گا مگر تم ثبینہ کو تو خبر کرو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ یہان آکے پریشان ہو"۔ سب نے وعدہ کیا۔ اور جمیل کو وہان سے بھگا لے آئے اور ثبینہ کی لونڈی کو کچھ دے دلا کے راضی کیا۔ اور اُس کے ذریعے سے اُسے بھی خطرے اور جمیل کے چلے جانے سے آگاہ کردیا۔

اسکے بعد پھر جمیل و ثبینہ مین کئی ملاقاتین ہوئین۔ اور اہل قبیلہ کو معلوم ہوگیا کہ ثبینہ اپنی حرکتون سے باز نہین آتی اور برابر جاجا کے ملتی ہے۔ تب ناچار ہوکے انھون نے اُم منظور نام ایک بڑھیا کو ثبینہ کا نگہبان مقرر کیا جو ہر وقت سائے کے طرح اُس کے ساتھ رہتی اور کسی طرح پیچھا نہ چھوڑتی۔ جمیل کو شوق دیدار اُم منظور کے پاس لے آیا۔ اُسکے ہاتھ جوڑے۔ ناک رگڑی۔ سب طرح کہا کہ "للہ ثبینہ کو

ایک نظر دکھا دو۔" وہ بگڑ کے بولی "جاؤ اپنا کام کرو۔ مین کوئی کتنی نہین ہون۔" جمیل نے کہا "بُوا ایسا نہ کرو کہ پھر تمھین میری شکایت ہو۔" اُم منظور نے ایک نہ سُنی اور جمیل نے نہایت ہی حسرت کے ساتھ بے نیل مرام واپس آکے دو شعر کہہ ڈالے جن کا مضمون یہ تھا کہ "ہائے وہ گھڑی نہ بھولے گی جب اُم منظور نے سب سے چھپا کے مجھے ثبینہ کا جلوہ دکھایا تھا۔" یہ اشعار اُنکی زبان سے نکلتے ہی قبائل عرب مین مشہور ہو گئے۔ اور جب ثبینہ کے شوہر اور باپ بھائی کے کان تک پہونچے تو وہ اُم منظور پر بہت بگڑے۔ اس نے لاکھ قسمین کھا کھا کے اپنی براءت کی ایک نہ مانی اور اُس پر سے بھی اپنا اعتبار اُٹھا لیا۔

لیکن معلوم ہوتا ہے کہ جو واقعہ جمیل نے شعرون کے ذریعے سے مشہور کیا اُس کی کچھ اصلیت بھی تھی۔ کیونکہ مصعب بن زبیر نے اپنے عروج اور حکومت عراق کے زمانے مین کسی کی زبانی جمیل کے ان دو شعرون مین سے ایک کو سُنا تو اُنھین بڑا لطف آیا۔ اور جوش مین آکے کہنے لگے "کاش یہ معلوم ہوتا کہ اُم منظور نے جمیل کو ثبینہ کا جلوہ کیونکر دکھایا تھا؟" جس نے شعر سُنایا تھا اُسی نے انکی تمنا سُن کے کہا "تو مشکل ہی کیا ہے۔ جس اُم منظور کا اس شعر مین ذکر ہے ابھی زندہ موجود ہے خود اُس سے بُلا کے پوچھ لیجیے۔" مصعب نے جہان اُم منظور تھی وہان کے عامل کو حکم بھیجا کہ "اُم منظور کو فوراً میرے پاس عزت و حرمت سے سوار کرا کے بھیجو۔" اور جب وہ آئی تو کہا "بڑی بی اتنا بتا دو۔ تم نے کس ادا سے ثبینہ کا جمیل کو جلوہ دکھایا تھا کہ اس سے ایسا مزے کا شعر نکل گیا؟" اُم منظور نے کہا "سنیے۔ مین نے ایک ہار ثبینہ کے گلے مین ڈال دیا تھا۔ ایک خمار سر مین لپیٹ دی تھی۔ کاکلون کی چوٹیان گوندھ دی تھین۔ اور مانگ مین خلوق (خوشبو جو صندل کی طرح لگائی جاتی تھی) لگا دیا تھا بس اتنا ہی سنگار کر کے مین نے ثبینہ کو ایک جگہ بٹھا دیا اور جمیل کو صرف اتنی اجازت دی کہ اپنے اونٹ پر سوار ہو کے پاس سے گذر جائے۔ اسی شان سے وہ کن انکھیون سے دیکھتا ہوا گذرا۔ اور قدم قدم پر پھر پھر کے دیکھتا جاتا تھا یہان تک کہ نظر سے غائب ہو گیا۔" مصعب کو ان دنون عائشہ بنت طلحہ کے عشق کا زور تھا۔ اُن سے نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ اور ہر لحظہ اُن

کے شمع رخسار کے پروانے بنے رہتے - ایک بیتابی کے ساتھ ام منظور کو قسم دلائی کہ "یون ہی تم مجھے عائشہ بنت طلحہ کا جلوہ دکھا دو" بڑھیا کو کیا عذر ہو سکتا تھا - اپنے خیال کے مطابق عائشہ بنت طلحہ کو اُسوقت کی شبینہ بنا کے بٹھا دیا - اور مصعب اونٹ پر سوار ہو کے جس طرح بڑھیا نے بتایا تھا کن انکھیون سے دیکھتے ہوے نکل گئے - اور جب تک نظر کام دیتی تھی پھر پھر کے دیکھتے جاتے تھے -

بہر تقدیر ان دو شعرون سے اُم منظور کا کانٹا تو راستے سے نکل گیا لیکن معشوقۂ پری تمثال کے قبیلے مین میان جمیل جاتے کیونکر؟ وہان جو تھا خون کا پیاسا تھا - اور یہان تاب فراق نہ تھی - آخر ایک دن چرواہے کا بھیس کر کے چلے ہی گئے - اتفاقاً اُس دن شبینہ کے گھر مین چند مہمان ٹکے ہوے تھے - آپ بھی اُنکی آڑ مین دبے ہوے ایک کونے مین بیٹھ گئے - شبینہ نے پوچھا "تم کون ہو؟" کہا "ایک محتاج غلام ہون" غلام خیال کر کے اُس نے انکو اور مہمانون سے الگ بٹھایا - پھر آگ روشن کی - اور وہ خود اور اسکی ایک لونڈی آگ مین گوشت بھون بھون کے سب کو کھلانے لگین - اتنے مین آپ نے ایک شعر پڑھا جس کا مضمون یہ تھا کہ سرما زدہ شکستہ حال کے لیے کیا حکم ہے؟ وہ رات بھر آگ ہی تاپتا رہے یا اُسے اوڑھنے کو کچھ ملے گا؟" سنتے ہی شبینہ چونک پڑی اور لونڈی سے کہا "یہ تو خدا کی قسم جمیل کی آواز ہے - جا کے دیکھ تو سہی" لونڈی نے آکے دیکھا - اور واپس آکے چپکے سے کہا "آپ سچ کہتی تھین - جمیل ہی ہے" اس جواب پر شبینہ نے بیتاب ہو کے ایک ایسی چیخ ماری کہ پاس پڑوس کے تمام آدمی دوڑ پڑے - مگر جب تک کوئی آئے آئے اس نے گھبرا کے اپنا دوپٹہ آگ مین ڈال دیا - اور جب لوگون نے آکے چیخنے کا سبب پوچھا تو بولی "ہاے کیا کرون میرا دوپٹہ جل گیا" اسکے بعد جب سب چلے گئے تو لونڈی بھیج کے جمیل کو اپنے پاس بلایا - بڑی گرمجوشی سے ملی - اپنی کہی اور اُس کی سُنی - اور تین دن تک اپنے پاس چھپائے رکھا -

اس موقع پر شبینہ نے اپنے اعزا اور شوہر کی مرضی کے خلاف نہایت ہی جرأت کا کام کیا تھا - لیکن عشق اور اس سچی محبت کے تقاضے سے جو اُسے جمیل کے ساتھ تھی وہ ہر طرح کے خطرون مین پڑنے اور اُس سے بھی بڑھ کے جرأتین کرنے کو تیار

ہو جاتی تھی - چنانچہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک اندھیری رات مین جبکہ بادل گرجتا تھا - مینھ برس رہا تھا - اور وہ بنی عذرہ کی کسی دعوت سے واپس آ رہی تھی اسکی بہن اُم الحسین اور کئی اور لڑکیان ساتھ تھین - چلتے چلتے کسی لڑکی پر ایک کنکری آکے گری - وہ سہم سی گئی اور ڈر کے بولی "یہ کنکری تو کسی جن نے ماری ہے" ثبینہ سمجھ گئی کہ جمیل کے سوا اور کوئی نہین ہو سکتا - لڑکیون سے کہا "ہان یہ جنون ہی کا کام ہے - جلدی قدم اُٹھاؤ کہ بھاگ کے اپنے گھر ہو رہین" - اور جاتے ہی پڑ کے سو رہین" - سب لڑکیان بجاے اسکے کہ کچھ دیر اُس کے پاس بیٹھ کے باتین کرین بھاگ بھاگ کے اپنے گھر چلی گئین - فقط ام الحسین اور وہ بڑھیا اُم منظور جس کا ذکر آچکا ہے رہ گئین - تو ثبینہ خود جا کے جمیل کو اپنے خیمے مین بلا لائی - اور دونون ساتھ بیٹھ کے باتین کرنے لگے - ساری رات باتون مین کٹ گئی - مگر پچھلے کو نیند کا ایسا غلبہ ہوا کہ دونون ایک دوسرے کے پہلو مین پڑ کے غافل سو گئے - اور اسی حالت مین صبح ہو گئی - پاس ہی خیمے مین اس کا شوہر تھا - اس لیے کہ اُن دنون عربون مین رواج تھا کہ میان بی بی جدا جدا خیمون مین رہا کرتے - اسکے شوہر کا معمول تھا کہ روز صبح کو اپنے غلام کے ہاتھ اُس کے پینے کو ایک کٹورا دودھ خاص اپنے اہتمام سے بھیجا کرتا - اسی معمول کے مطابق آج جو غلام آیا تو کیا دیکھتا ہے کہ ثبینہ کے پہلو مین جمیل پڑا سو رہا ہے - فوراً واپس گیا کہ اپنے آقا کو خبر کر دے - اتفاقاً لیلی نام قبیلے کی ایک عورت نے جو ثبینہ کی دوست تھی اُسے روک کے پوچھا "کہان جاتے ہو؟" اور غلام نے سارا حال بیان کر دیا - لیلی کو ثبینہ کے حال پر ترس آیا - غلام کو باتون مین لگایا اور چپکے سے اپنی لونڈی کو اشارہ کیا کہ ثبینہ کو جا کے ہوشیار کر دے - اُس نے آکے جگایا - اور ماجرا بیان کیا تو ثبینہ گھبرا اُٹھی جمیل کو جھنجوڑ کے اُٹھایا اور کہا "خدا کے لیے اپنی جان بچاؤ!" جمیل نے کہا "مین ڈرنے والا نہین ہون" تلوار کھینچ لی - اپنے بہادرانہ عشق کی مدح مین فخریہ دو شعر پڑھے اور مقابلے کو تیار ہو گیا - یہ دیکھ کے ثبینہ اور سہم گئی - اور خوشامد سے کہا "یہ وقت نہ بہادری کا ہے اور نہ شاعری کا - تمھارے لیے نہین مین خود اپنی آبرو کے لیے ڈرتی ہون - اسی مین مصلحت ہے کہ چپکے سے تخت کے نیچے دبک رہو" آخر معشوقہ نازآفرین

کے کہنے سے جمیل تخت کے نیچے گھس گیا۔ ثبینہ اپنے بچھونے پر لیٹ کے سوتی پڑ گئی اور اُسکے پہلو مین بجائے جمیل کے اُس کی بہن اُم الحسین آکے لیٹ گئی۔ جب یہ کارروائی ہوئی اور لونڈی نے واپس جاکے لیلیٰ کو اشارے سے بتایا کہ انتظام ہو گیا تب اُس نے اُس غلام کو رخصت کیا۔ غلام نے جاتے ہی اپنے آقا ثبینہ کے شوہر کو خبر کی۔ وہ تلوار لے کے دوڑا کہ اس فتنے کو ہمیشہ کے لیے مٹا دے۔ مگر یہان آکے جب دونون ہم پہلو سونے والون کے مُنھون پر سے چادر ہٹائی تو کیا دیکھتا ہے کہ دونون بہنین آس پاس سو رہی ہین۔ نہایت ندامت کے ساتھ غلام کو گالیان دیتا ہوا واپس گیا۔ اُدھر لیلیٰ اُسی وقت ثبینہ کے ان باپ کے پاس دوڑی گئی اور کہا "خدا انھین غارت کرے! اپنی لڑکی کو یون بدنام کرتی ہو! اور یہ شریر کانا (ثبینہ کے شوہر کی ایک آنکھ نہ تھی) خدا اس سے سمجھے ہر روز کوئی نئی بات اُٹھا کے کھڑی کر دیا کرتا ہے! وہ دونون داماد کو بُرا بھلا کہنے لگے اور ہر طرف سے اُس پر لعنت برسنے لگی۔ یہان میان جمیل دن بھر حلیہ جو معشوقۂ پری تمثال کے خیمے مین اُس سے پیار کی باتین کرتے رہے اور جب شام ہوئی تو رخصت ہوے۔ اور آتے ہی اس واقعے کو بھی موزون کر کے سارے عرب مین پھیلا دیا۔

قبیلۂ بنی عذرہ کے جس بطن (شاخ) مین ثبینہ تھی وہ "بنی الاحب" کہلاتا تھا۔ اب بنی احب کے ایک نوجوان عبیداللہ بن قطنہ نے جمیل کی ہجو مین اشعار کہنا شروع کیے۔ مگر شاعری مین بھلا جمیل کا کوئی کیا مقابلہ کر سکتا تھا! جواب مین ایسی مٹی خراب کی کہ اُسکے حواس جاتے رہے۔ اور چند روز کے رد و قدح کے بعد اُس نے عہد کر لیا کہ پھر کبھی جمیل کو نہ چھیڑون گا۔ جب وہ ہار چکا تو بنی احب کے ایک اور شخص عمیر بن رمل نے جمیل کی ہجو مین طبع آزمائی شروع کی۔ اور وہ بھی ہار کے ندامت سے خاموش ہوا۔ جمیل نے ان دونون کی ہجوون مین چونکہ سارے قبیلے کے اوپر حملہ کیا تھا اور جن کی ہجو کی تھی وہ ثبینہ کے عزیز تھے اس لیے اُنھین سُن کے ثبینہ بھی جمیل سے خفا ہو گئی۔ اُدھر ثبینہ کے اعزہ سب کی طرف سے ہار کے اپنے علاقے کے حاکم زکوٰۃ عامر بن یحییٰ کے پاس پہونچے اور فریاد کی کہ "جمیل ہمارے مردون کی ہجو کرتا ہے۔ ہمارے گھرون مین چھپ چھپ کے آتا ہے اور ہماری عورتون سے عشقبازی کرتا ہے"۔ عامر

نے کہا "ایسا ہے تو تمھارے لیے اُس کا خون حلال ہے۔ جہان ملے بے تکلف مار ڈالو۔ اور کوئی مزاحم ہو تو مجھ سے آکے کہنا" جمیل کو جب یہ حال معلوم ہوا تو بنی احب کے علاقے سے دُور دُور رہنے لگا۔

یہ زمانہ جمیل کے لیے بڑی بدنصیبی کا تھا۔ ایک طرف جان کا خوف تھا اور دوسری طرف ثبینہ کی ناراضی کا صدمہ۔ اصل یہ ہے کہ عبیداللہ بن قطنہ اور عمیر بن رمل ثبینہ کے عزیز تھے۔ جمیل نے اُن کی ہجو کہی تو اُسے بُرا معلوم ہوا۔ اور کہنے لگی "میرے ساتھ عشق کا تو دعوے ہے مگر میرے عزیزون کی مذمت کرتے ہین" آخر جمیل نے فراق کی بیتابی۔ اور اپنے وفورِ محبت کو اس عنوان سے اشعار مین ظاہر کیا اور اس طرح دل جوئی کی کہ ثبینہ کا دل صاف کر دیا۔ خیر جمیل نے اپنی شاعری کے جادو سے ثبینہ کو تو مسخر کر لیا لیکن حاکم کے موافق بنانے کی کوئی تدبیر نہ بن پڑی۔

آخر بیصبر دل کے ہاتھون سے مجبور ہو کے اس خوف کے زمانے مین بھی ایک دن سب سے چھپ کے ثبینہ سے ملا۔ باتین کین۔ اور اُسکے پاس بیٹھا ہی ہوا تھا کہ بنی احب سر پر آ پہونچے۔ اور اُسے پکڑ لیا۔ مگر غنیمت یہ ہوا کہ بنی احب جمیل کے قبیلے والون سے دبے ہوے تھے۔ کیونکہ بنی عذرہ کے جس گروہ مین جمیل تھا وہ بڑا زبردست قبیلہ تھا۔ اس لیے ثبینہ کے اعزہ ڈرے کہ اگر جمیل کے قبیلے والے انتقام لینے کو اُٹھ کھڑے ہوے تو کیا کرین گے؟ ناچار خاموش ہو رہے اور اُسے نکل جانے کا موقع دے دیا۔ مگر اُسی وقت والی ملک کے پاس دوڑے گئے اور سارا ماجرا بیان کر کے اپنی عاجزی و بیچارگی ظاہر کی۔ اُس نے حکم جاری کر دیا کہ جہان ملے گرفتار کر لیا جائے۔ اس حکم کے بعد جمیل کو بھاگنے راستہ نہ ملتا تھا مجبوراً صحبتِ یار سے دست بردار ہو کے ملک یمن کی راہ لی۔ اور وہان کے دشت و در کی خاک چھاننے لگا۔ یہان تک کہ وہ والی بدل گیا۔ اور ثبینہ کے قبیلے والون یعنی بنی احب نے بھی علاقۂ شام مین جا کے پڑاؤ ڈالا۔ جمیل کو خبر ہوئی تو پھر آ پہونچا۔ اور پہلے کی طرح پھر ثبینہ سے ملنا جلنا شروع کر دیا۔

اب پھر ثبینہ کے اعزہ کا کوئی زور نہ چلتا تھا۔ آخر سب کے سب جمیل کے باپ معمر کے پاس آئے جو اپنے قبیلے کا دولتمند حاکم اور صاحب اثر شخص تھا۔ اور بڑی

عاجزی سے کہا "خدا کے لیے اپنے بیٹے کو روکیے - وہ ہماری لڑکی پر اظہار عشق کر
اوس سے بار بار آکے ملتے - اشعار مین اُسکے حسن و جمال کا ذکر کرکے اُسے بدنام کرتے
اور ہمین ساری دُنیا مین رسوا کرتے ہین" معمر نے وعدہ کیا کہ اچھا مین اُسے سمجھا
دون گا" پھر اسکے بعد جب جمیل سے ملا تو کہا "بیٹا - اس گمراہی مین کب تک
پڑے رہوگے؟ ایک شوہر والی عورت کے ساتھ علانیہ اظہار عشق کرتے ہو جو ظاہر مین
تم سے چکنی چپڑی باتین کر دیتی ہے اور اصل مین اپنے شوہر کی جان نثار ہے - تمھین
اس پر شرم نہین آتی کہ جسے اپنی معشوقہ بتاتے ہو وہ روز غیر کا پہلو گرم کرتی ہے؟ تمھاری
ان حرکتون کو سُن سُن کے مین مارے غیرت کے مرا جاتا ہون - مگر تم پر اثر نہین ہوتا
سچ یہ ہے کہ مین نے نہ تم سے زیادہ نالائق دیکھا ہے اور نہ تم سے بڑھ کے کوئی
بیوقوف ہوگا جو ایک ایسی عورت کے شوق مین عمر ضائع کرے جس کا ملنا غیر ممکن ہے
للہ ان بیہودگیون سے باز آؤ - مین نے اس بارے مین خوب غور کر لیا ہے -
اگر کوئی صورت امکان مین ہوتی تو تمھارے لیے اپنی ساری دولت خرچ کرکے مین
اس عورت کو لے آتا - اور تمھارے حوالے کرتا - خوب یاد رکھو کہ شینہ جس کی
ہونیوالی تھی ہو چکی - تمھارے قبیلے مین ایک سے ایک بڑھ کے خوبصورت
لڑکیان پڑی ہین - جس سے کہو شادی کر دون - مگر اُس کا خیال چھوڑ دو" جمیل
نے کہا "آپ کی رائے نہایت صائب ہے - اور جو کچھ آپ فرما رہے ہین بالکل بجا و
درست ہے - لیکن سچ فرمائیے - آپنے کبھی کسی شخص مین اتنی طاقت پائی ہے کہ
اپنے عشق کو دل سے نکال ڈالے؟ اور معشوقہ سے دست بردار ہوکے دل کو تسلی
دے سکے؟ خدا کی قسم اگر یہ بس کی بات ہوتی کہ اُس کی یاد کو دل سے بھلا دون
اور اُس کی صورت کو جو آنکھون کے آگے قائم ہو گئی ہے سامنے سے ہٹا دون تو مین
ہرگز تامل نہ کرتا - مگر افسوس یہ امکان مین نہین - دراصل یہ ایک آفت ہے جس مین
پھنس گیا ہون اور اس سے بچنے کی کوئی صورت نہین نظر آتی - جانتا ہون کہ شینہ
کے اعزہ و اقارب اور حکومت دشمن ہے مگر محبت سے باز نہین آسکتا - یہی نہ کہ
کہ اس شوق مین مار ڈالا جاؤن گا؟ تو یہی میری تمنا ہے" اور پُرجوش اشعار مین
دل کی حالت ظاہر کرنے لگا - اسوقت اُس نے اپنی بے بسی و بیقراری ایسے مؤثر

الفاظ مین ادا کی تھی کہ باپ اور تمام سننے والے زار و قطار روتے لگے۔

اب اُسے اپنی زندگی بہت دشوار نظر آنے لگی اور آمادہ ہوا کہ بھاگ کے ملک شام مین چلا جائے۔ چلتے وقت دل مین کہا "اب کوئے جانان سے جاتا تو ہنی ہون چلو چلتے وقت ایک رخصتی ملاقات تو کر لون"۔ یہ خیال آتے ہی ایک رات کو جبکہ قبیلے والے غافل تھے بے تکلف ثبینہ کے خیمے مین چلا گیا۔ وہ صورت دیکھتے ہی سہم کے رہ گئی۔ اور کہا "خدا کی قسم تم اپنی بھی جان دوگے اور میری بھی جان لوگے! تم کو یہان آتے ڈر نہ لگا؟" جواب دیا "اب تو شام کو جاتا ہون۔ اور جدائی کی گھڑی سر پر کھڑی ہے۔ آیا ہون کہ تم سے رخصت ہو لون"۔ یہ سُن کے اُس نے پاس بٹھا لیا۔ دیر تک عشق و محبت کی باتین رہین۔ پھر لپٹ لپٹ کے رخصت ہوا اور کہا "مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زندگی مین پھر تمھاری زیارت نہ ہوگی"۔ یہ کہہ کے رویا۔ محبوبۂ پری تمثال کو بھی رُلایا۔ اور اپنے چند اشعار شوق و درد کے لہجے مین سُنا کے چلا آیا۔

ایک مدت تک ارض شام مین سرگردان رہنے کے بعد پھر واپس آیا۔ اور ثبینہ نے اُسکے آنے کی خبر سنی۔ اب ثبینہ کی بیتابی و بیقراری بڑھی ہوئی تھی۔ قبیلے کی چند لڑکیون کی معرفت اُسے خود ہی پیام بھیج کے بلوایا۔ اور ایک محفوظ مقام مین اطمینان سے ملی۔ دونون نے اپنے دلون کی حالت ایک دوسرے پر ظاہر کی اور شکایت ہجران کے دفتر کھولے۔ انھین باتون مین مصروف تھے کہ کیا دیکھتے ہین ثبینہ کے باپ اور بھائی سر پر تلوارین لیے کھڑے ہین۔

یہ دیکھتے ہی جمیل بجلی کی طرح تڑپ کر الگ جا کھڑا ہوا۔ تلوار کھینچ لی اور شمشیر زنی کا ایسا کمال دکھایا کہ دونون حریف مقابلے مین عاجز آ کے اور ہتھین ہار کے بھاگ کھڑے ہوے۔ باپ بھائی کے جانے کے بعد ثبینہ نے گھبرا کے کہا "لے اب تم خدا کے لیے واپس جاؤ۔ ذرا بھی ٹھہرے تو مین ایسی رُسوا ہون گی کہ کہین کی نہ رہون گی۔ اور ممکن ہے کہ سارا قبیلہ چڑھ آئے تو پھر کیا کروگے؟" کہا "مین سب سے مقابلہ کرونگا تم شوق سے جاؤ۔ مگر مین یہان ٹھہرا رہون گا۔ اُن کا جو جی چاہے کرین"۔ لیکن ثبینہ نے قسمین دلا دلا کے چلے جانے پر مجبور کیا۔ اس واقعے کو بھی اُس نے اپنے کلام مین موزون

کیا ہے۔

اب پھر جمیل ثبینہ کے قبیلے کے آس پاس مارا مارا پھرتا تھا۔ اور پہاڑون مین بیٹھ بیٹھ کے مصیبتِ ہجران پر روتا تھا۔ اتفاقاً ایک دن اپنے دو چچا زاد بھائیون ذوق اور مسعدہ سے ملاقات ہوگئی۔ اُن کو پُرجوش اشعار مین اپنا درد دل سُنایا اور کہا "بھئی کوئی ایسی صورت نکالو کہ مین اپنی ثبینہ سے مل سکون"۔ انھون نے کہا "تمھارے معاملے مین کون دخل دے؟ اسوقت قبیلے مین ایک سے ایک بڑھ کے حسین لڑکی پڑی ہوئی ہے مگر تم ثبینہ کے نام پر مٹے ہوئے ہو۔ جو دوسرے کی جورو ہے۔ کامیابی بھی ہو تو یا تم بدکاری مین مبتلا ہوگے جسے ہم تمھاری شان کے خلاف سمجھتے ہین۔ اور یا ذلیل ہوگے جو بات ہمین گوارا نہین ہو سکتی۔ اگر تم اپنے نفس پر تھوڑا سا جبر کرو۔ اپنی خواہشون کو روکو۔ اور پرہیز کی کڑواہٹ گوارا کرلو تو ساری دشواریان دُور ہوجائین"۔ یہ سُن کے جمیل پھوٹ پھوٹ کے رویا اور کہا "بھائی اگر یہ میرے بس کی بات ہوتی تو تمھارا کہنا ٹھیک تھا۔ لیکن کیا کرون دل ہی قابو مین نہین ہے۔ مین تو ایک قیدی ہون۔ جو اپنے نفع کی کوئی بات نہین کر سکتا۔ مین تمھارے پاس اس لیے آیا تھا کہ میری مدد کرو اور درد دل کا کوئی علاج بتاؤ۔ یہ اگر تم سے نہین ہو سکتا تو نہ سہی۔ مگر مجھے اور زیادہ پریشان تو نہ کرو"۔ یہ سُن کے دونون کو ترس آگیا۔ اور کہا "خیر اگر تم جان دینے ہی پر تُلے ہوئے ہو تو ایک تدبیر ہو سکتی ہے۔ بنی احب مین ہمارا ایک جانی دوست ہے۔ اُس سے مدد مل جائے گی۔ ثبینہ آج ہی رات کو قبیلے کی اور بہت سی لڑکیون کے ساتھ ایک میدان مین کھیلنے کو جائے گی۔ ہم تمھین چھپ کے وہان لیچلین گے۔ اُس سے ملنا۔ جب تک موقع ہو باتین کرنا اور جب صبح ہوتے دیکھنا میرے اُن دوست کے گھر مین جاکے چھپ رہنا۔ اس طرح ایک زمانے تک تم وہان قیام کرکے اُس سے ملتے رہنا"۔ جمیل نے کہا "اس سے بہتر کیا ہو سکتا ہے؟" اور اُنکے ساتھ بھیس بدل کے راتون رات بنی احب مین جا پہونچا۔ ساتھیون نے وہان پہونچ کے جب اپنے دوست سے یہ خواہش بیان کی تو اُس نے کہا "تم مجھے ایک بڑی آفت مین پھنسا رہے ہو۔ ذرا بھی کھل گیا تو سارا قبیلہ میری جان کا دشمن ہو جائے گا"۔ انھون نے پھر اصرار کیا تو اُس نے جبراً و قہراً منظور کرلیا۔ اور ساتھی

جمیل کو اپنے خیمے مین چھپا کے بٹھالیا۔ اور رات ہی کو اپنی لونڈی کے ہاتھ اُسکی انگوٹھی بثینہ کے پاس بھیجی۔ بثینہ انگوٹھی پہچانتے ہی لونڈی کے ساتھ چلی آئی۔ بڑی گرمجوشی سے ملی۔ اور رات بھر دونون مین اظہار شوق کی باتین ہی ہوتی رہین۔ غرض مسلسل تین دن تک دونون یونہین راتون کو ملتے رہے۔ تیسرے دن جمیل نے بثینہ سے کہا "اس نیکدل آدمی نے ترس کھا کے مجھے اپنے خیمے مین بٹھالیا اور مسلسل تین دن تک ہمین وصل کی لذت حاصل ہوتی رہی۔ اب اسپر زیادہ بار ڈالنا اچھا نہین ہے۔ ممکن ہے کہ کسی کو خبر ہو اور اس پر آفت آجائے۔ اس لیے اب مین رخصت ہوتا ہون"

جمیل اور بثینہ کے عشق مین ایک مرتبہ دو چار روز کے لیے جوش رقابت بھی خلل انداز ہوا تھا۔ اور ہوا یہ کہ بثینہ اپنے قبیلے کے کسی خوشرو لڑکے سے باتین کر رہی تھی کہ جمیل نے دیکھ لیا۔ اس کا جواب اُس نے یہ دیا کہ اُسکے سامنے وہ بھی کسی اور جوان لڑکی سے ہنس ہنس کے باتین کرنے لگا۔ ان واقعات نے دونون دلون مین ذرا کاوٹ پیدا کردی۔ لیکن اسکے ساتھ ہی ہجر کی تکلیف دونون کو بیقرار و بیتاب کیے ہوے تھی۔ ایک دن اُسے دُور سے دیکھ کے وہ آئی مگر پاس آکے ٹھٹک کے آڑ مین الگ ہی کھڑی ہو رہی۔ جمیل کا دل ہاتھ سے نکل گیا۔ اور تین شعر پڑھے جن مین سے پہلے کا مضمون یہ تھا "مجھے دھڑکا لگا ہوا تھا کہ ایسا نہ ہو موت مجھے فنا کردے اور دل کی حسرتین دل ہی مین رہ جائین" سُنتے ہی بثینہ کا دل بھی ہاتھ سے جاتا رہا۔ اور دونون مین ملاپ ہوگیا۔ اس وقت جوش مین آکے بثینہ نے کہا "جمیل اپنا یہ شعر مجھے اپنی زبان سے سُناؤ۔

تظل وراء الستر ترنو بلحظها اذا مر من اترابها من یروقها

(اُس کا ہمسن چاہنے والا اُسکے پاس سے گذرا ہے اور وہ پردے کی آڑ مین کھڑی ہوکے اُسے کن انکھیون سے دیکھ رہی ہے) جمیل نے اس شعر کو پڑھا۔ بثینہ سُن کے رونے لگی۔ پھر بولی "جمیل ایسا کبھی نہین ہوا۔ اور تمھین بتاؤ کہ تم سے بڑھ کے میرا چاہنے والا کون ہوگا؟"

اب جمیل ملک شام مین تھا اور اپنے قبیلۂ بنی عذرہ کے سردار کا مہمان تھا۔

اُس کی سات بیٹیاں تھین اور ساتوں حسین و گُل اندام تھین - اُس نے چاہا کہ اپنی کسی بیٹی کا اُس کے ساتھ عقد کر دے - ان لڑکیون کو سمجھا دیا کہ بناؤ سنگھار کیے رہا کرو - اور جب موقع ملے جمیل کو اپنی صورت دکھا دیا کرو - عاشق مزاج نوجوان ہے - اور اس کے ساتھ شریف - شاید فریفتہ ہو کے کسی کے لیے پیام دیدے - لڑکیون نے یہ معمول کر لیا کہ جب اُسے تنہا پاتین پردہ اُٹھا کے اپنی جھلک دکھا دیا کرتین - جب جمیل کو معلوم ہوا کہ جان بوجھ کے یہ حرکت کرتی ہین تو اُن کی تحقیر اور شبینہ کی تعریف مین چند شعر کہے اور بھاگ کھڑا ہوا - اور ملک مصر کی راہ لی - بنی احب کا پڑاؤ راستے ہی مین تھا - اُن کے قریب پہاڑیون مین ٹھہر گیا اور ارادہ کیا کہ شبینہ کا ایک جلوہ دیکھ لے تو قدم آگے بڑھائے - معشوقۂ شیریں ادا کی ہمکناری کے شوق مین بیتاب تھا کہ ایک دن اتفاقاً شبینہ کے قبیلے کے مرد کہین باہر چلے گئے - شبینہ کا خیمہ سر راہ اُس سڑک کے کنارے تھا جو شام سے مصر کو گئی تھی - کئی دن سے بارش تھی - اب پانی بھی کھلا ہوا تھا کہ شبینہ کیا دیکھتی ہے ایک شکستہ حال بھوکا بدوی خیمے مین آ کے پناہ گزین ہوا ہے - شبینہ کے پاس ایک بڑھیا تھی جو صورت دیکھتے ہی چونک کے بولی "جمیل!" جواب ملا "ہان مین جمیل ہون" اُس نے پنیر اور مسکہ کھلایا پانی پلایا - اور جب اُس کے حواس درست ہوے تو کیفیت پوچھی بولا "تین دن سے سامنے کی پہاڑیون مین چھپا ہوا تھا اور منتظر تھا کہ مرد جائین اور پانی کھلے تو شبینہ سے آ کے ملون اور اُس کا ایک جلوہ دیکھ لون - اس لیے کہ اب مین مصر کی طرف جاتا ہون - پھر دیکھیے زندگی مین آنا نصیب ہوتا ہے یا نہین" - یہ سُن کے شبینہ اُس سے بڑی سچائی اور لطف کے ساتھ ملی - تھوڑی دیر تک دونون نے مزے مزے کی باتین کین - اور جمیل اُس سے رخصت ہو کے مصر چلا گیا -

مصر کا حاکم وہ والی اُن دنون عبدالعزیز بن مروان تھا - اُس نے جمیل کی بڑی قدر کی - ایک اعلیٰ درجے کے مکان مین ٹھہرایا - ہر طرح کی خاطر مدارات کی - اور شبینہ سے ملانے کا مضبوط وعدہ کیا - مگر افسوس جمیل کی عمر نے وفا نہ کی - وہان چند ہی روز کے قیام مین بیمار پڑ گیا - اور مرض مہلک ثابت ہوا - اتفاقاً سہل ساعدی اور ایک اور شخص اُس کی عیادت کو آئے - اس لیے کہ جمیل اُس وقت کا

بیمثل و بے نظیر شاعر تھا اور لوگ اسکی صورت دیکھنے کے مشتاق رہا کرتے تھے۔ سہل بڑے فقیہ اور مقتدائے ملت تھے اُن کو دیکھ کے جمیل نے پوچھا "بھلا ایسے شخص کی نسبت آپ کیا فرماتے ہین جس نے زندگی بھر نہ کبھی زنا کیا ہو۔ نہ شراب پی ہو۔ نہ کسی کی جان لی ہو۔ اور پچاس سال سے اس بات کی شہادت دیتا رہا ہو کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" سہل نے کہا "مین سمجھتا ہون کہ اُس کی نجات ہوگی۔ مگر ان خوبیون کا کون آدمی ہے؟" بولا "یہ خاکسار" سہل سُن کے حیران رہ گئے اور حیرت کے ساتھ پوچھا "بڑے تعجب کی بات ہے کہ قریب قریب تمھاری ساری زندگی تو بثینہ پر اظہار عشق کرتے گذری ہے اور اپنے آپ کو ایسا پاکباز و متقی بتاتے ہو!" جواب دیا "آپ جانتے ہین کہ اب مین چند ہی روز کا مہمان ہون۔ لیکن مرتے وقت بھی دعوے کے ساتھ کہتا ہون کہ "مجھے محمد رسول اللہ صلعم کی شفاعت نہ نصیب ہو اگر کبھی مین نے بُری نیت سے بثینہ کے پنڈے مین ہاتھ بھی لگایا ہو۔ وصال مین اکثر میرا یہ کام ہوا کرتا کہ اُسکا نازک ہاتھ لے کے اپنے مضطر دل پر رکھ لیا کرتا۔ جس سے ذرا تھوڑی دیر کے لیے تسکین ہو جاتی اور اُسکے بعد پھر وہی بیقراری پیدا ہو جاتی۔

شاید اس کے چند ہی روز بعد کا واقعہ ہے کہ بنی احب کے خیمون کے پاس ایک دن ایک شتر سوار آیا۔ اونٹنی سے اُتر کے ایک ٹیلے پر چڑھ گیا۔ اور ایک پُرسوز نوحے کی دُھن مین تین شعر گا گا کے سُنائے۔ جن کا آخری شعر یہ تھا۔

قُومی بثینۃُ قاتلی تعویل وابکی خلیلک دُون کل خلیل

(بثینہ اُٹھ۔ اور چلّا چلّا کر بین کر۔ اور اپنے اُس محب پر رو جو سب سوتون سے ادنیٰ تھا)

یہ اشعار نہ تھے جادو تھے۔ کہ سنتے ہی سارے قبیلے کی عورتین خیمون سے نکل پڑین۔ اور سراسیمہ و مضطر اس تازہ وارد شخص کی طرف دوڑین۔ آگے آگے ایک غزال رعنا اور حور وش ماہ سیما تھی جو نہایت بدحواس اور مضطرب الحال نظر آتی تھی۔ اپنے کُرتے کے دامن مین اُلجھتی اور ٹھوکرین کھاتی ہوئی آئی اور کہنے لگی۔ "اے شخص اگر تو سچا ہے تو تو نے مجھے مار ڈالا۔ اور اگر جھوٹا ہے تو رسوا کر دیا۔ خدا کے لیے بتا ماجرا کیا ہے؟" اُس نے کہا "مین جھوٹا نہین سچا ہون۔ جمیل عذری نے ارض مصر مین انتقال کیا۔ وہان مجھ سے اُن سے راہ و رسم پیدا ہو گیا تھا۔ اِن

دنون جب وہ سخت بیمار ہوے اور یقین آگیا کہ یہی مرض مرض موت ہے تو ایک دن تنہائی مین اُنھون نے مجھ سے کہا کہ "ایک بات کا اقرار کرو - جب مین مرجاؤن تو میرے پاس جو کچھ ہے تم لے لو اور مجھے دفن کرو - پھر اسکے بعد میری اونٹنی پر سوار ہو کے قبائل بنی عذرہ مین سے قبیلۂ بنی احب مین جاؤ - وہان پہونچ کے میری قبا پہن لو - اس کا گریبان چاک کرڈالو - اور کسی بلندی پر کھڑے ہو کے میرے یہ تین شعر بہ آواز بلند اہلِ قبیلہ کو سُنا دو - چنانچہ دیکھ لو یہ اُنھین کی قبا مین پہنے ہوے ہون جس کا گریبان چاک ہے"

یہ حالت سننے کے بعد پھر بثینہ کو کہان قرار تھا؟ زور و شور سے رونے پیٹنے اور بین کرنے لگی - اور قبیلے کی ساری عورتین ماتم مین اُسکے ساتھ شریک تھین - روتے روتے غش کھا کے گر پڑی - پھر دیر کے بعد اُٹھی اور جمیل کے مرثیے مین اپنے اشعار پڑھنا شروع کیے جو برابر تین شبانہ روز تک زبان پر جاری تھے - یہان تک کہ تیسرے دن اِسی غم مین وہ بھی دنیا سے چل بسی - اور ۸۲ھ مین دونون عاشق و معشوق کی زندگی کے ساتھ اُنکی داستان عشق بھی ختم ہو گئی -

اہل ادب مین ایک ایسا واقعہ مشہور ہے جو بثینہ کے اسوقت مرجانے کے خلاف ہے - وہ یہ کہ بثینہ جب بڑھیا ہو گئی تو ایک دن عبد الملک بن مروان نے بُلوا کے اسکے اور جمیل کے عشق کے حالات اس کی زبان سے سنے اور سن کے کہنے لگا "بثینہ - تم مین کوئی خوبی نہین نظر آتی - آخر تم مین کیا بات تھی جو جمیل تم پر عاشق ہو گیا؟" بثینہ نے برجستہ جواب دیا "اور آپ مین کیا بات تھی جو لوگون نے آپ کو خلیفہ بنا لیا؟" اس جواب پر عبد الملک مارے ہنسی کے لوٹ گیا - اور انعام و اکرام کے ساتھ بثینہ کو رخصت کیا -

اس قصے کو کسی شخص نے بنا لیا ہے - اور اگر صحیح ہے تو بثینہ کا نہین کسی اور عورت کا ہے - اس لیے کہ اہل سیر کو اسپر اتفاق ہے کہ جمیل کی خبر مرگ سننے کے بعد بثینہ تین دن سے زیادہ نہین جی - علاوہ برین واقعات مندرجۂ بالا سے صاف ظاہر ہے کہ بثینہ جوان مری ہے - جبکہ اسکے حسن و جمال مین کسی قسم کا فرق نہین آنے پایا تھا - اور عبد الملک بن مروان ۸۶ھ مین یعنی جمیل کی وفات کے چار

ہی برس بعد دنیا سے رخصت ہوگیا اس لیے یہ غیر ممکن ہے کہ چار ہی سال کے اندر شگفتہ جوان سے بڑھیا اور ایک گل اندام حسینہ سے کریہ منظر ضعیفہ ہوگئی ہو۔

لطیفۂ حدانیہ

ہم حسن کی کرشمہ سازیون کے بہت سے نمونے ناظرین دلگداز کی پرشوق نگاہون کے سامنے پیش کر چکے ہین۔ لیکن عفت و محبت کا ایک یہ کرشمہ بھی دیکھنے کے قابل ہے۔ ہارون رشید کے زمانے مین قبیلۂ حدان کا ایک شریف عرب اپنی ایک پریوش اکلوتی بیٹی کو بچپن ہی مین یتیم چھوڑ کے مرگیا۔ یہ معصوم اور الھڑ لڑکی حسن و جمال میں جواب نہ رکھتی تھی۔ اور "لطیفہ" اسکا نام تھا۔ چچا نے اپنے گھر مین رکھ کے ناز و نعم سے پالا۔

اسکے چچا کا واصف نام ایک خوش رو و گل اندام فرزند لطیفہ کا ہم سن اور ہم مکتب تھا۔ دونون ایک ساتھ رہتے اور ایک ساتھ پرورش پاتے تھے بچپن سے دونون موسم بہار کے نوشگفتہ پھول بنے ہوے تھے۔ اور جو جو بڑے ہوتے شگفتگی اور خوبصورتی بھی ترقی کرتی جاتی تھی۔ یہان تک کہ دونوں کے عنفوان شباب کا زمانہ آگیا۔

اس پرخطر عہد زندگی کے شروع ہوتے ہی یکایک لطیفہ کی زندگی مین ایک تغیر شروع ہوا۔ چہرے کی بشاشت اور شگفتگی رخصت ہوگئی۔ لالۂ نوشگفتہ کے سے گال مرجھاگئے۔ آنکھون سے حسرت ٹپکنے لگی۔ چہرہ اداس ہوگیا۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے چمن حسن کے پھولون پر اوس پڑگئی۔ چچا جو اُسے پھول کی طرح رکھتا تھا نہایت متردد ہوا۔ اس انقلاب کا سبب پوچھا۔ مگر کچھ پتہ نہ چلا۔ دل کا حال کھلتا ہی نہ تھا۔ آخر سب نے بیماری تجویز کی اور علاج کے لیے اطبا کی طرف رجوع کی گئی۔ مگر چند روز مین تجربہ ہوگیا کہ مرض پر حکیمون کا بھی کچھ زور نہین چلتا۔

چچی ایک زیرک اور ہوشیار و زمانہ شناس خاتون تھی اُس نے کئی دفعہ دیکھا کہ واصف کے حرکات و سکنات کو لطیفہ حسرت کی آنکھون سے دیکھتی ہے اور بار بار اُس کی صورت دیکھ کے اندر ہی اندر ایک ٹھنڈی سانس بھر کے رہ جاتی ہے یہ دیکھ کے اُس نے دل مین کہا کہ اس لڑکی کی یہ ساری بیماری اسی وجہ سے تو نہین ہے؟

اور کوشش کی کہ زیادہ آزمالے تو اس مرض کے دفعیے کی کوئی تدبیر نکالے۔ اُس نے یہ بھی دیکھا کہ لڑکی کو بار بار غش سا آجاتا ہے۔ اور بے اختیار بیہوش ہو کے گر پڑتی ہے۔ چچی نے اسکے غش کے اوقات پر غور کرنا شروع کیا تو یہ کھلا کہ جب واصف گھر مین اور لطیفہ کی آنکھون کے سامنے ہوتا ہے تو وہ ہوش میں رہتی ہے اور حسرت و اندوہ کے ساتھ اُسکی طرف نگران پائی جاتی ہے۔ مگر جب واصف کہین باہر چلا جاتا ہے تو بیہوش اور آپ سے باہر ہو جاتی ہے۔ یہ حالات دیکھ کے اُسے یقین آگیا کہ لطیفہ کا مرض یقیناً مرض عشق ہے۔ شرافت اور عصمت کے جوش سے دل میں دباتی ہے۔ جس سے پُر آتش تنور سینہ مین اس بلا کی اُمس پیدا ہوتی ہے کہ ہوش و حواس نہین بجا رہتے۔

اس امر کا پورا پورا یقین کر لینے کے بعد اُس خاتون نے اپنے شوہر سے ذکر کیا۔ اُس نے کہا "اس سے بہتر کیا ہو سکتا ہے؟ غنیمت سمجھو کہ کسی اور کو ابھی خبر نہین ہے۔ ورنہ یہ کہنے کو ہوتا کہ بیٹی کی شادی اُس نوجوان سے کر دی جو پہلے سے اُس پر عاشق تھا۔ اور ہم قبیلہ مین کسی سے چار آنکھین کرنے کے قابل نہ رہتے۔ اور میرا تو پہلے سے یہی ارادہ تھا۔ خیر خدا مبارک کرے۔ اور دو ہی چار روز کے اندر قاضی صاحب کو بُلوا کے دونوں کا نکاح پڑھوا دو"۔ غرض ہنسی خوشی دونون کی شادی ہو گئی۔ اور لطیفہ کا مرض دُور ہو گیا۔ اُسکے گلِ رخسار اب پہلے سے زیادہ شگفتہ تھے۔ نرگسین آنکھون مین بے نظیر رسیلا پن پیدا ہو گیا اور دونون طالبان وصال عیش و کامرانی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ جو سچے عاشقون کو بہت کم نصیب ہوتی ہے۔ واصف بھی طبیعت کا شوقین واقع ہوا تھا۔ پری جمال و ناز آفرین دولھن کو تاکید کر دی کہ ہمیشہ آراستہ و پیراستہ رہا کرو۔ بناؤ سنگھار کبھی ناغہ نہ ہو۔ اور اچھے سے اچھا عطر لگاتی رہا کرو۔ لطیفہ نے معشوق شوہر کا یہ مذاق دیکھ کے ایسا بنا سنورنا اور نکھرنا شروع کیا کہ جنت کی حور اور کوہ قاف کی پری معلوم ہوتی۔ جسنے معشوق شوہر کو عاشق صادق بنا دیا۔

مگر افسوس عشق دنیا مین نامرادی و ناکامی ہی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ اگر مان باپ۔ اعزہ و اقارب۔ دوست احباب سب موافق ہون تو قدرت آپ ہی

سامان حسرت و ناکامی پیدا کر دیا کرتی ہے۔ اس مقصد وری اور آرزومندی کی زندگی کو چند ہی برس گذرے تھے کہ وہ آصف بیمار پڑا۔ چند روز مین سوکھ کے کانٹا ہو گیا۔ اور تھوڑے دنون بعد عین عالم شباب مین دنیا سے رخصت ہو گیا۔ اس جوانمرگ کا صدمہ ان باپ کو اور قبیلے کے ادنیٰ و اعلیٰ کو ہوا مگر اُس مایوس تمنا لطیفہ کے دل پہ جو گذری بیان سے باہر ہے۔ عاشق شوہر کی یاد تو اُسکو کسی طرح بھولتی ہی نہ تھی۔ مگر اپنے بیمثال حسن پر خاک ڈالنا درکنار اُس نے اپنے واسطے زیب و زینت کو ہمیشہ کے لیے لازمی کر لیا۔ صبح و شام شوہر کی یاد مین ماتم کرتی۔ دن بھر آہ جگر دوز کھینچتی۔ اور روز بن ٹھن کے آصف کی قبر پہ جا کے گھنٹون آنسو بہاتی۔ رخسار کے پھولون کو آنسوؤن کے گرم پانی سے دھو دھو کے روز کھلاتی۔ اور جب دیکھتی کہ رات زیادہ آگئی ہے تو خاک اُڑاتی ہوئی گھر واپس آتی۔ غرض اُسکا یہ معمول تھا کہ بھاری جوڑا پہن کے۔ سارے زیور سے سج کے۔ خوب بن ٹھن کے، اور عطر لگا کے قبر پہ آیا کرتی۔

اسی معمول کے مطابق ایک دن وہ بناؤ چناؤ کر کے تربت جانان پر بیٹھی اشک خونین کے پھول چڑھا رہی تھی کہ عرب کے مشہور شاعر اور ایام عرب کے نامی مورخ اصمعی کا اُدھر سے گذر ہوا۔ ایک اور خوش فکر شاعر اُسکے ساتھ تھا۔ دونون نے دُور سے جو ایک بنی سنوری نازنین کو ایک قبر پہ خاموش بیٹھے دیکھا تو متحیر ہو کے قریب گئے کہ اُس کی عجیب و غریب سوگواری کی داستان سنین۔ لطیفہ نے جو دو نامحرمون کو قریب آتے دیکھا چادر اوڑھ کے گھونگھٹ نکال لیا۔ سارا پنڈا سمیٹ کے چادر مین ڈھانک لیا۔ اور چہرہ سرنگون کر لیا۔

اصمعی نے جب دیکھا کہ وہ متوجہ ہی نہیں ہوتی تو پوچھا "آخر اس رنج و الم کا کوئی سبب بھی ہے؟ اور گو ہم اجنبی ہین مگر درد دل کا اظہار خوبصورت چہرے کا دکھانا نہین ہے کہ آپ کو اس مین تامل ہو"۔ جواب مین بجائے اسکے کہ بات کرے اُس نے یہ دو شعر پڑھ دیے۔

فان تسئلانی فیم حزنی فانّنی رہینۃ ہذا القبر یا فتیان

(اگر تم دونون یہ پوچھتے ہو کہ میرا غم کیون ہے تو اے نوجوانو مین اس قبر کے ہاتھ گرو ہون۔

وانی لاستحییہ والترب بینا کما کنت استحییہ حین یرانی

دگو کہ ہمارے اُسکے درمیان مٹی کا ڈھیر حاجب ہے مگر مین اُس سے اب بھی ویسی ہی شرماتی ہون جس طرح کہ اُسکی آنکھون کے سامنے شرمایا کرتی تھی۔

اصمعی کہتا ہے کہ اس نازنین کا یہ برجستہ جواب سُن کے ہم دونون مبہوت و ششدر رہ گئے۔ مگر وہان زیادہ ٹھہرنا مناسب نہین معلوم ہوا۔ پاس سے ہٹ آئے اور اُسکی نظر بچاکے قریب ہی درختون کی آڑ مین چھپ رہے تاکہ دیکھین یہ نازنین یہان اکیلی بیٹھ کے کیا کرتی ہے۔ اور اتنے قریب تھے کہ اُسکی آواز بخوبی ہمارے کانون مین آسکتی تھی۔ اب میدان خالی دیکھ کے اُس نے یہ اشعار سوز و گداز کے لہجے مین گانا شروع کیے:

یا صاحب القبر یا من کان یونسنی وکان یکثر فی الدنیا موالاتی

اے قبر والے! اے وہ جو میرا انیس تھا اور میرے لیے سامان محبت بڑھاتا ہی جاتا ہے۔

قد زرت قبرک فی حلی وفی حلل کانّنی لست من اہل المصیبات

مین نے بھاری بھاری جوڑے پہن کے اور گہنے سے آراستہ ہو کے تیری قبر کی زیارت کی۔ جیسے مجھ پر کوئی مصیبت پڑی ہی نہین۔

لزمت ما کنت تہوی ان تراہ وما قد کنت تالفہ من کل سیئات

مین نے تو اپنے اوپر فرض کرلیا ہے کہ جیسا تم مجھے دیکھنا چاہتے تھے ویسا ہی دکھاؤن اور جتنی دھجیان تمھین پسند تھین تمھارے سامنے رہین۔

یہ اشعار سُن کے اصمعی پر بے انتہا اثر پڑا۔ وہ اور اُسکا رفیق شام تک یہین چھپے رہے۔ یہان تک کہ رات ہوئی اور حسرت نصیب لطیفہ قبر سے اُٹھ کے اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئی۔ جذبات انسانی کے یہ دونون جاسوس بھی اندھیرے مین اُسکے پیچھے ہولیے۔ اور جب وہ اپنے گھر مین داخل ہوئی تو اُنھون نے اُسکا پیچھا چھوڑا۔ اور واپس آکے یہ سرگذشت ہارون رشید سے بیان کی۔

رشید نے سنتے ہی ایک آہ کھینچی اور کہا "آہ! دنیا مین سب نعمتین ملجاتی ہین مگر ایسی وفادار بی بی نہین نصیب ہو سکتی۔ کاش وہ میری بی بی ہوتی۔ مگر

جو کچھ ہو کوشش ضرور کرون گا" اور فوراً اپنے عامل حیرہ کو فرمان بھیجا کہ فلان مقام پر اور فلان بستی مین فلان مکان مین ایک کمسن بیوہ ہے - اُسکے ولیون کو دس ہزار درہم میری طرف سے بطریق مہر دو اور اُس حسین لڑکی کو نہایت ہی عزت و آبرو سے میرے پاس بھیجو -

افسوس رشید نے اس نازنین کی قدردانی تو کی مگر اس کا خیال نہ کیا کہ ایسی محبت و عصمت والی بی بی جس کی ہوئی اُسکی ہوئی - پھر اُسکے بعد کسی دوسرے کی نہین ہو سکتی - اور اگر دوسرے کی ہو جائے تو پھر محبت ہی کیا ہے ؟ والی بصرہ نے لطیفہ کے چچا کو روپیہ دیا - اور بلا لحاظ رضامندی حاکمانہ انداز سے لڑکی کو رخصت کرا کے بڑے کروفر اور نہایت ہی اہتمام کے ساتھ بغداد کی طرف روانہ کیا - اور حسرت نصیب لطیفہ سے وہ پیاری قبر بھی چھڑا دی جو اُسکے جینے کا سہارا تھی جسکے سامنے بن ٹھن کے اور سیکڑون طرح کے بناؤ کر کے وہ اپنے دل کی بھڑاس نکالتی اور دنیا کو اپنے حسن کی بہار دکھا دیا کرتی تھی - اب شاہی جلوس اُسے ملکۂ عالم بنا کے بغداد کی طرف لیے جاتا تھا - مگر اُس کا دل مرحوم محبوب کی قبر ہی سے لپٹا ہوا تھا اسی کشمکش مین مدائن کے کھنڈرون تک پہونچی تھی کہ فراق تربت دلدار کے صدمہ سے ناگہان روح پرواز کر گئی - سب ارے کہہ کے رہ گئے - اور اصمعی اور رشید دونون اپنی اس جبریہ کارروائی پر کف افسوس ملنے لگے - اُس کے اس جان دینے کا رشید کے دل پر اس قدر اثر پڑ گیا تھا کہ اصمعی کہتا ہے "اُس کی یاد زندگی بھر نہ بھولی - اور جب یاد آجاتی اُس دردمند خلیفہ کی آنکھون مین آنسو بھر آتے"

عمارہ

یہ عہد اولین اسلام اور صحابۂ کرام کے دور کی ایک پاکدامن و پرکمال حسینہ تھی جس کو یہ خاص شرافت حاصل تھی کہ بنی ہاشم کی اور اُن مین سے بھی حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے گھرانے کی محترم و معزز لونڈی تھی - لونڈی کے ساتھ معزز و محترم کا لفظ ہمارے زمانے مین بے جوڑ سا معلوم ہوتا ہے - مگر قطع نظر اسکے کہ خاندان نبوت کی غلامی بھی ایک بڑی شرافت و عزت ہے جن دنون کا حال ہم بیان کر رہے ہین

اُس زمانے مین اکثر صاحب جمال و کمال لونڈیان فی الحقیقت بہت ہی معزز و محترم اور آزاد بیبیون سے زیادہ ناز و مکرم ہوا کرتی تھین۔

چنانچہ یہی عمارہ جو حضرت عبداللہ بن جعفر طیار کی محبوبۂ خاص تھی حُسن و جمال مین جواب نہ رکھتی تھی۔ شائستگی و تہذیب اور عصمت و حرمت کے کمال مین بےنظیر و بے ہمتا تھی۔ اور ان سب کمالات کے علاوہ فن موسیقی مین بھی بےمثل و بےمثال تھی۔ ایسا پیارا گلا پایا تھا کہ جو کوئی اُسکا نغمۂ دلکش ایک دفعہ سُن لیتا زندگی بھر کے لیے اُسکے شمع رخسار کا پروانہ ہو جاتا۔ ان تمام کمالات نے عبداللہ بن جعفر طیار کو اُس کا عاشق شیدا بنا دیا تھا۔ اور یہ حال تھا کہ بے اُسکے کبھی چین نہ پڑتا اور کسی حال پر قرار نہ آتا۔ چنانچہ سفر و حضر مین ساتھ رہتی اور جہان جاتے اُسے ضرور ساتھ لے لیتے۔ اس لیے کہ بے اُس کے اُنھین اپنی زندگی دشوار نظر آتی تھی۔

ایک دفعہ اپنے بعض حقوق حاصل کرنے کے لیے اُنھین حضرت معاویہ سے ملنے کو دمشق کا سفر کرنا پڑا۔ اس طولانی سفر مین بھی اُنھون نے عمارہ کو ساتھ لے لیا۔ اور ارض شام کے مرغزارون کو طے کرتے ہوے خاص دارالخلافت دمشق مین پہونچے۔ معاویہ سے ملے۔ چندروز اُنکے یہان رہے۔ اور اپنے مقاصد مین کامیاب ہو کے مدینۂ طیبہ مین واپس آئے۔

زمانۂ قیام دمشق مین ایک دن یزید اُن سے ملنے کو آیا۔ چونکہ خلیفۂ وقت کا بیٹا اور ولیعہد خلافت تھا۔ اس لیے اُنھون نے اُس کی بڑی خاطر تواضع کی۔ ادب و اخلاق سے ہاتھون ہاتھ لیا۔ اور اُس کی دلچسپی کے لیے عمارہ کو پردے سے باہر لا کے گانا سُنوایا۔ یزید صورت دیکھتے ہی عمارہ کی زلف گرہگیر کا اسیر ہو گیا۔ اور جب گانا سنا تو ہجوم شوق نے آپے سے باہر کر دیا۔ دل مین آرزو پیدا ہوئی کہ اس لاکھ فریب پر یجمال کو اپنے قبضے مین لائے مگر کوئی تدبیر نہ بن پڑی۔ اور کلیجے پر صبر کی سل رکھ کے خاموش ہو رہا۔

حضرت معاویہ کی وفات کے بعد جب یزید خلیفہ ہوا تو ناز آفرین عمارہ پھر یاد آئی اور جو دشواریان وصال سے مانع تھین حکومت کے غرور نے اُنھین اُس کی نظر کے سامنے سے ہٹا دیا۔ رازداران صحبت سے مشورہ کیا کہ "عبداللہ بن جعفر طیار کی

لونڈی عمارہ کے لیے سخت بیتاب ہون - اور جب یاد آتی ہے دل ہاتھون سے تھام کے رہ جاتا ہون - بتاؤ کہ اُسے کس تدبیر سے حاصل کرون؟" مشیرون نے کہا "یہ معاملہ نہایت مشکل ہے - جعفر طیار کے صاحبزادے کوئی معمولی شخص نہین ہین مسلمانون پر اُن کا جو اثر ہے آپ کو معلوم ہے - اور آپ کے والد اُن کا جس قدر پاس و لحاظ کیا کرتے تھے وہ بھی آپ اپنی آنکھون سے دیکھ چکے ہین - ایسا نہ ہو کہ جوش عشق مین آپ سے کوئی بے اعتدالی ہو جائے اور انجام اچھا نہ ہو - اس بارے مین خوب غور کر لیجیے - اور جو کچھ کیجیے حکمت عملی سے کیجیے - تاکہ کسی قسم کی بدنامی نہ آئے"

یزید خاموش ہو گیا - اور چند روز اسی اُلجھن مین رہنے کے بعد آخر ایک عراقی شخص کو خلوت مین بُلایا جو نہایت ہی چالاک، اور مکاری و فریب دہی مین طاق خیال کیا جاتا تھا - اس سے اپنے دل کی کیفیت اور اپنی بیقراری کی وجہ بیان کی اور کہا "کوئی ایسی تدبیر کرو کہ حسین و پریوش عمارہ مجھے مل جائے" اُس نے کہا "کامیابی تو خدا کے ہاتھ ہے مگر مین کوئی تدبیر اُٹھا نہ رکھون گا - آپ مجھ سے یہ نہ پوچھیے کہ کیا کرون گا - مگر عنقریب دکھا دون گا کہ مین نے کیا کیا" یزید نے اس معاملے کو اسی پر چھوڑ دیا - اور بہت کچھ زر و جواہر اور مال و دولت دیکے رخصت کیا -

عراقی دوسرے دن ایک دولتمند تاجر بن گیا - اور مال و اسباب کا ایک لدا پھندا قافلہ ساتھ لے کے ارض حجاز کی راہ لی - قطع منازل کے بعد مدینۂ طیبہ مین داخل ہوا - اور عبد اللہ بن جعفر طیار کے گھر کے سامنے جو میدان پڑا تھا اُس مین اُتر پڑا - عبد اللہ نے ایک دولتمند تاجر کے آنے کا حال سُنا تو اخلاقاً اپنا مہمان تصور کر کے اُس سے ملے - اُس نے کچھ ایسی باتین بتائین اور اس قدر ادب و تعظیم - اخلاق و تہذیب سے ملا کہ پہلی ہی ملاقات مین ہاشمی شریف زادے کو اپنا گرویدہ بنا لیا - پھر اُس نے بار بار قیمتی اور پسندیدہ تحفے و ہدایا پیش کر کے اُنکے مزاج مین بیحد رسوخ پیدا کر لیا - یہان تک کہ ہر وقت عبد اللہ اُسی کی صحبت مین بیٹھے رہتے - اور روز بروز اُسکے زیر بار احسان ہونے کے ساتھ اُسکے دلی دوست بنتے جاتے - یہان تک کہ ایک بار اُسے بھی عمارہ کا گانا سُنوا دیا -

عمارہ کی صورت دیکھ کے اور گانا سُن کے وہ بے انتہا محظوظ و مسرور ہوا۔ اُسکے کمالات کا حد سے زیادہ اعتراف کیا۔ اور تعریف کے پُل باندھ دیے۔ اور کہا "ایسی پری جمال و صاحبِ کمال نازنین روے زمین پر کہین نہ ملے گی"۔ عبداللہ بن جعفر اپنی محبوبہ کی تعریفین سُن کے خوش ہوے۔ اور کہا "بھلا ایسی حسین نازنین اور ان صفات کی حور وش آپ کے نزدیک کس قیمت کو ملے گی؟" اُسنے کہا "ایسی نازآفرین حور طلعت کی قیمت سلطنت و خلافت ہے"۔ اس پر ہنس کے عبداللہ نے کہا "معلوم ہوتا ہے میرے خوش کرنے کے لیے آپ لقلقے باندھ رہے ہین۔ اور اسے آسمان پر چڑھائے دیتے ہین"۔ یہ سُن کے اُس مصنوعی سوداگر نے کہا "آپ مذاق سمجھتے ہین! مگر مین اصل حقیقت عرض کر رہا ہون۔ آپ جانتے ہین کہ مین ایک زر پرست تاجر ہون۔ اور میرا کام ہے کہ پیسہ پیسہ جوڑ کے دولت جمع کرون۔ لیکن اس پر بھی اگر آپ بیچین تو دس ہزار اشرفیان دینے کو طیار ہون"۔ عبداللہ نے دل مین خیال کیا کہ یہ مذاق کر رہا ہے۔ اور اسکے ساتھ ہی یہ خیال کیا کہ یہان اسکے پاس اتنی دولت کہان سے آجائے گی؟ دلگی دلگی مین انکی زبان سے نکلا "تو مین نے بیچا"۔ ساتھ ہی اُس بنے ہوے تاجر نے کہا "اور مین نے مول لیا"۔ کہہ کے اُٹھا کہ رقم لا کے پیش کردے تو عبداللہ گھبرائے اور کہا "مین مذاق کر رہا تھا۔ آپ اشرفیان لانے کی زحمت نہ فرمائین۔ بھلا مین ایسی محبوبہ کو اپنے سے جدا کر سکتا ہون جس کے سہارے سے جی رہا ہون"؟

اب اُس مکار حریف صحبت کی صورت نہایت ہی متین ہو گئی اور ذرا سختی کے الفاظ مین کہنے لگا "مولانا یہ تجارت اور معاملت ہے جس مین کوئی کسی کی مروت نہین کر سکتا"۔ یہ مذاق نہین ہے کہ آپ نے اس پریوش نازنین کو بیچا اور مین نے مول لیا۔ معاہدۂ بیع تکمیل کو پہونچ گیا۔ اور آپ کے لیے چون و چرا کی گنجایش نہین باقی ہے۔ بدعہدی آپ کی شان سے بعید ہے۔ اور جب آپ ہی سے ایسے حرکات سرزد ہون گے تو پھر اورون کا کیا اعتبار باقی رہے گا"۔ عبداللہ نے پھر عذر کیا۔ مگر اُس نے ایک نہ سُنی۔ اور آخر دیر تک رد و قدح کے بعد عبداللہ کو مجبور ہونا پڑا کہ دس ہزار اشرفیان لے کے نازنین عمارہ کو اُسکے حوالے کر دین۔ مگر جب

پیاری عمارہ کو ہاتھ سے کھو کے گھر آئے تو زار و قطار روئے - اور کمال بیتابی و بیقراری سے ماہی بے آب کی طرح تڑپنے لگے -

اُس مصنوعی سوداگر کو جیسے ہی یہ سونے کی چڑیا ہاتھ لگی اُسی وقت لے اُڑا - اور ایک منزل پر جا کے دم لیا - وہان پڑاؤ ڈالتے ہی اُس نے عمارہ سے کہا "اے نازنین - تم یہ نہ سمجھنا کہ مین نے تمھین اپنے لیے لیا ہے - تم خلیفۂ عصر یزید بن معاویہ کی ملکۂ خاص بننے والی ہو - اور اُسی کا شوق پورا کرنے کے لیے مین نے تم کو حاصل کیا - لہذا تم مجھ سے پردہ کرو - اور مجھے اپنا ایک ادنیٰ خادم تصور کرو" غریب عمارہ اسکا کیا جواب دیتی ؟ وہ اپنے بس میں کب تھی ؟ اگر اُس کا زور چلتا تو وہ عبداللہ بن جعفر طیار سے جدا ہی کیون ہوتی جن کے ساتھ اُسے ویسی ہی محبت تھی جیسی عبداللہ کو اُسکے ساتھ تھی -

اسکے بعد خوشی خوشی منزلین طے کر کے وہ دمشق مین داخل ہوا - مگر وہان پہونچتے ہی کیا سنتا ہے کہ یزید مر گیا - اور اُس کا بیٹا معاویہ سریر خلافت پر بٹھایا گیا ہے جو اس ظالمانہ اور منصوبہ خلافت سے ناراض ہے - یہ سنتے ہی اُس عراقی شخص کے ہاتھ کے توتے اُڑ گئے - دل مین کہا کہ "اب کیا کرون ؟" آخر دوسرے دن معاویہ بن یزید کے پاس پہونچا اور عمارہ کو پیش کر کے عرض کیا کہ "اس نازنین کو عبداللہ بن جعفر طیار سے چھڑا کے آپ کے والد کے لیے اور خاص اُنکے حکم سے لایا ہون - اب چونکہ اُنکے جانشین آپ ہین لہذا یہ آپ کی نذر ہے" معاویہ جو نہایت ہی خدا ترس شخص تھا واقعات سُن کے کانپ گیا - اور طیش کے ساتھ بولا "مجھے یہ باتین بالکل ناپسند ہین - جاؤ دور ہو - اور خبردار پھر مجھے کبھی اپنی صورت نہ دکھانا"

یہ ٹکا سا جواب پا کے عراقی اپنا مُنہ لیے ہوے اپنے گھر آیا - اور معاویہ بن یزید کے ڈانٹنے اور ڈرانے کا کچھ ایسا اثر پڑا تھا کہ عمارہ سے کہا "یزید مر گیا - اُن کا بیٹا تمھین لیتا نہین - اس لیے اب تم میری ہو - لیکن نہین - مین تمھارے قابل نہین - تم مجھے اُسی طرح اپنا نامحرم سمجھتی رہو - اب مین تمھین لے چل کے پھر تمھارے آقا عبداللہ بن جعفر سے ملا دون گا" یہ کہہ کے اُس نے پھر جنوب کا سفر شروع کیا - اور چند روز مین مدینۂ طیبہ پہونچ کے عبداللہ سے ملا اور کہا "میرا قصور

معاف کیجیے - مین نہ تاجر ہون اور نہ کوئی معزز و دولتمند - اصل مین مجھے یزید بن معاویہ نے بھیجا تھا کہ جس طرح بنے فریب دے کے عمارہ کو آپ سے حاصل کرون جس خدمت کو آپ ہی خوب جان سکتے ہین کہ مین نے کیسی خوبی سے انجام دیا - اور کس طرح آپ کو بے بس کر کے عمارہ کو آپ سے لے گیا - مگر وہان پہونچا تو یزید مر چکا تھا - اُسکے بیٹے نے عمارہ کو قبول نہین کیا - لہذا پھر آپ کے لیے واپس لے آیا ہون - اور آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مین نامحرمون کی طرح اسکے ساتھ رہا - اور جیسا پاک و صاف اُسے لے گیا تھا ویسا ہی پاک و صاف لے آیا ہون " یہ کہ کے عمارہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھ مین دیا - اور کہا " لیجیے آپ کی لونڈی آپ کو مبارک "

عمارہ کی جدائی کا عبداللہ کو اس قدر غم تھا کہ بیجان ہو رہے تھے - صورت دیکھتے ہی بے اختیار اُسکے گلے سے لپٹ گئے - اور دونون لپٹ کے اس قدر روئے کہ روتے روتے غش آگیا - جس منظر کو دیکھ کے معلوم ہوا کہ اس شخص نے اُنھین کتنا بڑا صدمہ پہونچایا تھا - اور اب اُنکی کتنی بڑی خدمت کی -

ہوش مین آنے کے بعد عبداللہ نے اُس عراقی کا شکریہ ادا کیا - اس کی نیک نفسی و پاکبازی کی تعریف کی - اور مسرت و احسانمندی کے ساتھ اُسے بہت کچھ انعام دے کے رخصت کیا -

بنی عباس کی ایک کنیز عتبہ

خلافت عباسیہ کے آغاز اور بنی عباس کے پہلے خلیفہ ابوالعباس سفاح کے عہد کا واقعہ ہے کہ بصرے مین عبداللہ بن مالک خزاعی نام ایک دولتمند بردہ فروش کے گھر مین آدم فروشی کا بازار لگا ہوا ہے - مکان کے ایک حصے مین صدہا لونڈی غلام ستم زدہ قیدیون کی طرح بند ہین - اُسی کے قریب ہی ایک مقام پر وہ شایستہ - تعلیم یافتہ - حسین و نازنین - پریجمال و خوشخصال لونڈیان نفیس اور صاف ستھرے فرش پر بیٹھی ہین جو خدا جانے کن کن ملکون سے اور کن کن ستم زدہ مان باپ کے آغوش سے چھین کے لائی گئی ہین - تاکہ شوقین امرائے عرب

کے ہاتھ بھاری داموں اور بڑی بڑی قیمتوں پر فروخت کی جائیں۔ اس مکان کے بیرونی حصے میں ایک کمرہ بڑے تکلف اور امارت کے ساز و سامان سے آراستہ ہے جس میں معزز گاہک آکے آرام سے بیٹھتے، اور لونڈی غلاموں کو سامنے بلوا بلوا کے چھانٹتے ہیں۔ اور پسند کرتے ہیں۔

انسان فروشی کا یہ بازار خوب گرم ہے۔ اور شرفائے عرب میں سے متعدد نوجوان اور صاحب ثروت امیرزادے بیٹھے لونڈیوں کو چھانٹتے اور پسند کر رہے ہیں۔ کوئی کسی حسینہ کے خط و خال پر غور کرتا ہے۔ کوئی کسی گلرخسار کی تعلیم و قابلیت کا امتحان لے رہا ہے۔ اور عبداللہ بن مالک کے ملازم اُن لونڈیوں کی مدح سرائی اور قدر و قیمت بتانے میں مصروف ہیں۔ اتنے میں ایک عالی مرتبہ خاتون جسکی اداؤں اور حرکات و سکنات سے معشوقیت و محبوبیت اور وضع و لباس سے شوکت و امارت ظاہر ہوتی تھی نہایت ہی بھاری پُر تکلف کپڑے پہنے۔ چہرے پر نقاب ڈالے۔ دل ستان زلفوں کو زرتار خمار میں اور طلائی زیور اور بیش بہا جواہرات کو ریشمی برقع میں چھپائے۔ ایک اعلیٰ درجے کے سفید خچر پر سوار جس پر زربفت کا زین پوش ہے اور ایک سو مسلح حبشی غلام ہٹو بچو کرتے ہمراہ رکاب ہیں دروازے پر آکے ٹھہری۔ اور خچر سے اُترنے کا قصد کیا۔ اُس نے نزاکت و دلربائی کی ایک جان ستان ادا سے زمین پر پاؤں رکھا ہی تھا کہ بردہ فروش عبداللہ بن مالک اپنی سنہری دستار سنبھالتا ہوا دروازے سے نکلا۔ اور زمیں بوس ہو کے دست بستہ کھڑا ہو گیا۔

نازنین "(نہایت نغمہ خیز آواز اور شیریں لہجے میں) "میں امیرالمومنین کی صاحبزادی زلیخہ کی لونڈی عتبہ ہوں اور اُنھیں کی بھیجی ہوئی آئی ہوں"

بردہ فروش "اُن کا جو حکم ہو سر آنکھوں پر ہے۔ غلام حضور کے حکم بجا آوری کے لیے یہ دل و جان حاضر ہے۔ حضور کی رونق افروزی ہی میرے لیے باعث عزت ہے"

عتبہ "صاحبزادی چاہتی ہیں کہ چند لونڈی غلاموں کو مول لے کے آزاد کریں۔ اسی کام کے لیے مجھے بھیجا ہے کہ دیکھوں تمھارے پاس کون کون غلام یا لونڈیاں زیادہ واجب الرحم ہیں تاکہ اُنکو خرید کے آزاد کر دیا جائے"

بردہ فروش "حضور اندر قدم رنجہ فرمائیں۔ جتنے لونڈی غلام حاضر ہیں سب

پیش کر دیے جائین گے"

اس جواب پر مطمئن ہو کے عتبہ ناز و انداز سے قدم اُٹھاتی ہوئی گھر کے اندر آئی۔ اور خاص کمرے مین جو عالی مرتبہ اُمرا کے لیے نہایت ہی تکلف سے سجا گیا تھا حریر کی مسند پر جلوہ افروز ہوئی۔ بردہ فروش ہاتھ باندھ کے سامنے کھڑا ہو گیا اور اُس کے ملازم اور غلام غلامون اور لونڈیون کو لا لا کے پیش کرنے لگے۔ جن مین سے چھ سات کو ضعیف و ناتوان۔ مریض و شکستہ حال دیکھ کے عتبہ نے منہ مانگے دامون پر مول لیا۔ اور یہ کہہ کے اُنھین آزاد کر دیا کہ "ہماری محترم خاتون زبیدہ بنت امیر المومنین کو دعائین دو کہ اُنھون نے تمھین آزاد کرایا"

یہ کارروائی جاری تھی کہ ایک بدصورت بوڑھا پھٹے پُرانے کپڑے پہنے اور حسرت و اندوہ کی مجسّم تصویر بنا ہوا ناتوانی کی چال سے ہانپتا ہوا عتبہ کے سامنے آ کے زمین بوس ہوا۔ پھر سر اُٹھا کے بولا "بی بی آپ پر قربان ہو جاؤن۔ مین ایک لب گور پیر فانی ہون۔ اتنی طاقت نہین کہ کسی کی خدمت کرون۔ مناسب جانیے تو مجھے بھی آزاد کرا دیجیے۔ بڑا ثواب ہو گا۔ اور جب تک جیونگا دعائین دون گا"

عتبہ نے اُسے سر سے پانؤن تک دیکھا۔ اور عبداللہ بردہ فروش کی طرف متوجہ ہو کے کہنے لگی "اسکی ناتوانی و کمزوری تو ظاہر ہی ہے۔ مگر صورت سے شریف بھی معلوم ہوتا ہے۔ دیکھتے نہین ہو کیسی فصیح زبان بولتا ہے؟ اور بات چیت مین کیسا ادب اور کیسی تمیزداری پائی جاتی ہے؟ کیا مناسب نہ ہو گا کہ اسے مول لے کے مین آزاد کر دون؟"

بردہ فروش (مسکرا کے) "جو حضور کی مرضی۔ ہے تو یہ اسی قابل"

عتبہ "تو مین نے اسے بھی لے کے آزاد کیا۔ (اِس بُڈھے سے) جاؤ تم آزاد ہو۔ صاحبزادی کو دعا دو جنھون نے تمھارے بُڑھاپے اور تمھاری بیکسی پر ترس کھایا"

پیر مرد "خدا حضور کو جیتا رکھے۔ مرتے دم تک یہ احسان نہ بھولے گا۔ گر غلام کو اتنی اجازت ہو کہ شکرگزاری مین ان کنول کے پھولون کے ایسے ہاتھون کو بوسہ دون؟"

عتبہ (ندامت آمیز غرور کے ساتھ) "تمھین اس کی اجازت ہے"۔ یہ سنتے ہی اُس بڈھے نے دوڑ کے نہایت ہی گرمجوشی سے کئی بار عتبہ کے ہاتھ چوم لیے۔ اور اپنا شوق پورا کرکے جب وہ چلا تو عبداللہ بردہ فروش کو بے اختیار ہنسی آگئی۔ اُسے ہنستے دیکھ کے عتبہ نے متعجب ہوکے پوچھا "تم ہنستے کیا ہو؟ اور بتاؤ اسکی قیمت کیا ہے؟"

عبداللہ "حضور مین قیمت کیا عرض کرون؟ حضور نے پہچانا بھی کہ یہ کون شخص ہے؟"

عتبہ "مین کیا جانون؟ تم ہی جانتے ہوگے کہ یہ کون ہے؟"

عبداللہ "حضور نے ابوالعتاہیہ شاعر کا نام سُنا ہے؟"

عتبہ "سنتی کیون نہین؟ اُسے کون نہین جانتا؟ اُسکے بعض اشعار بھی مجھے یاد ہین"۔

عبداللہ "تو یہ وہی شاعر ابوالعتاہیہ ہے"۔

عتبہ (نہایت ہی حیرت زدہ ہوکے) "اور یہ غلام کیسے ہوگیا؟ مین نے تو سُنا تھا کہ آزاد اور شریف النسل شخص ہے"۔

عبداللہ "جی ہان تھا تو آزاد ہی مگر حضور کے نازک ہاتھ چومنے کے شوق مین خود ہی میرا غلام بن گیا۔ اور اپنے دل کی حسرت نکال لی"۔

یہ سُن کے مہ جبین عتبہ اُس سے نہایت ناراض ہوئی۔ اسکی گستاخانہ حرکت پر بہت بگڑی۔ اور اپنے خچر پر سوار ہوکے چلی گئی۔ لیکن ابوالعتاہیہ کے منہ کو تو خون لگ گیا تھا۔ اُن بوسون کی لذت زندگی بھر نہ بھولی۔ جب تک زندہ رہا اپنے اشعار مین عتبہ کے رُخِ زیبا پر اظہار عشق کرتا رہا۔ اور ہمیشہ اُس کا نام لے لے کے سر دُھنا کرتا۔ عتبہ سُن سُن کے اور زیادہ بگڑتی۔ اور جب کچھ زور نہ چلتا تو اپنی بوٹیان نوچ کے رہ جاتی۔

آخر اس عشقبازی کو ایک مدت گذر گئی۔ سفاح کے بعد ابوجعفر منصور خلیفہ ہوا۔ پھر اسکے بعد مہدی نے تاجِ خلافت سر پر رکھا مگر ابوالعتاہیہ کا عشق اُسی طرح زوروں پر تھا۔ اور اشعار مین تشبیب اور عتبہ کے عشق کی بیقراری بڑھتی جاتی۔ آخر ایک دن عتبہ بالکل عاجز آکے مہدی کی خاص محل ماہوش ملکۂ خیزران کے پاس بیٹھ کے رونے اور مُنہ چھپانے لگی۔ بار بار کہتی کہ "ہائے میری کیسی رسوائی ہو رہی ہے۔ مگر حضور سماعت نہین فرماتین"۔ اتنے مین خود خلیفہ مہدی آگیا۔ اور عتبہ

کو روتے دیکھ کے پوچھا "این! عتبہ! روتی کیون ہو؟"
عتبہ: "اپنے نصیبون کو روتی ہون - ابو العتاہیہ نے میری آبرو لینے مین کوئی کسر نہین اُٹھا رکھی اور میرا کچھ زور نہین چلتا" - یہ سنتے ہی مہدی نے حکم دیا کہ "ابو العتاہیہ کو حاضر کرو" اور تھوڑی دیر کے بعد اطلاع ہوئی کہ "ابو العتاہیہ حاضر ہے" - فوراً باہر نکل آیا - اور ابو العتاہیہ کا سامنا ہوتے ہی عتبہ کے عشق مین اُس کا ایک شعر پڑھ کے پوچھا "عتبہ کے عشق مین یہ تمھین نے کہا ہے؟" اور جب اُس نے قبول کیا تو پوچھا "تمھین اُس سے ملنا اور اُسکے پاس بیٹھنا کب نصیب ہوا تھا جو اُس کی ہمصحبتی ظاہر کرتے ہو؟"

ابو العتاہیہ نے اپنے چند شعر اور پڑھے جن مین صرف اتنا ظاہر کیا تھا کہ مجھے اُسکے پاس پہونچنے کی تمنا ہے - وہ اشعار سُن کے مہدی کچھ دیر تک سر جھکا کے سوچتا رہا - اور اُس کے دو اور شعر یاد کر کے سُنائے - جن مین عتبہ کو بادشاہ کی ایک حرم قبول کر کے اُس پر اظہار عشق کیا تھا - اور کہا "یہ بھی تو تمھارا ہی کلام ہے؟"

اب ابو العتاہیہ لاجواب تھا - اُسے جوابدہی مین عاجز کر کے مہدی نے حکم دیا کہ "شرع مین تہمت لگانے والون کے لیے جتنے دُرّے مقرر ہین اُسکے لگائے جائین" - فوراً اس حکم کی تعمیل ہوئی - اور ابو العتاہیہ کوڑے کھا کے کراہتا ہوا ایوان شاہی سے نکلا - اتفاقاً اُسی حالت مین عتبہ سے اُس سے چار آنکھین ہو گئین - معشوقۂ پرویز کی صورت دیکھتے ہی ایک شعر پڑھا جس کا مضمون یہ تھا کہ "مرحبا! مرحبا! آہ تمھاری وجہ سے مہدی نے ایک شخص کو مار ڈالا"

اس شعر کو ابو العتاہیہ نے کچھ ایسے حسرت و اندوہ کے درد بھرے لہجے مین سنایا تھا کہ عتبہ کے دل پر بڑا اثر ہوا - آہ! عورت! تجھے لوگ سنگدل اور بیوفا بتاتے ہین - مگر سچ یہ ہے کہ تجھ سے زیادہ ترس اور رحم کسی کے دل مین نہین ہے - تو مرد کے لیے بے بدل رحمت الٰہی بن کے دُنیا مین آئی ہے - اور مجسم رحم ہے - غرض اب جو عتبہ محل کے اندر گئی تو آنکھون مین آنسو ڈبڈبائے ہوے تھے - خیزران کا سامنا ہوا تو پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی - اور اُس سے بیان کر دیا کہ ابو العتاہیہ

کو دُرّون کے درد سے کراہتے دیکھ کے میرا دل اختیار سے باہر ہو گیا۔ مہدی نے اب کی جو اُسے اِس حال مین دیکھا تو خیزران سے پوچھا "عتبہ اب کیون روتی ہے؟" خیزران نے کہا "اب اس لیے روتی ہے کہ اِس کا عاشق ابوالعتاہیہ پٹا" مہدی کو اُس کی یہ سادہ مزاجی اور انسانی ہمدردی بھلی معلوم ہوئی۔ کہا "اچھا نہ رو۔ مین ابوالعتاہیہ کو انعام و اکرام سے خوش کر دون گا" پھر حکم دیا کہ "اُس شکستہ دل شاعر کو اُسی وقت بلا کے پچاس ہزار درہم انعام مین دیے جائین" فوراً اُسے بلا کے یہ انعام عطا کیا گیا۔ اور ساتھ ہی اُسے بھی معلوم ہو گیا کہ یہ پرکمال محبوبہ عتبہ کی عنایت ہے۔ اُس نے قصر خلافت کے دروازے ہی پر وہ پچاس ہزار درہم لُٹا دیے۔ اور خالی ہاتھ گھر گیا۔

مہدی نے یہ واقعہ سُنا تو سخت حیرت ہوئی۔ اُسے بُلوا کے پوچھا "تم نے وہ دولت پاتے ہی لُٹا کیوں دی؟" ادب کے ساتھ عرض کیا "امیر المومنین۔ اصل تو یہ ہے کہ غلام جس پری وش پر جان دیتا ہے اُسکو دولت کا ذریعہ نہین بنانا چاہتا" اس جواب کو مہدی نے پسند کیا۔ خوش ہو کے پھر پچاس ہزار درہم عنایت کیے۔ اور قسم دلائی کہ خبردار ان کو نہ لُٹانا۔ چنانچہ اُس رقم کو لیکے وہ خوش خوش اپنے گھر گیا۔

اس کے بعد ایک سال جشن نوروز کے موقع پر جس کا رواج مجوسیون کے اثر سے بنی عباس مین ہو گیا تھا ابوالعتاہیہ نے ایک چینی کا نایاب و بے بہا مرتبان خلیفہ مہدی کی خدمت مین پیش کیا۔ اُسکے اندر مشک مین بسایا ہوا کپڑا تھا۔ اور اوپر معطر مسالون کی رنگین روشنائی سے یہ دو شعر لکھے تھے۔

نَفْسِی بِشَیْءٍ مِنَ الدُّنْیَا مُعَلَّقَۃٌ اَللّٰہُ وَالْقَائِمُ الْمَہْدِیُّ یَکْفِیْہَا

میرا جی دنیا کی ایک چیز مین اُلجھا ہوا ہے جس تمنا کو اللہ اور خلیفہ قائم مہدی ہی پورا کر سکتے ہین

اِنِّی لَاَیْأَسُ مِنْہَا ثُمَّ یَلْمَعُنِی فِیْہَا احْتِقَارُکَ لِلدُّنْیَا وَمَا فِیْہَا

مین اُسکے ملنے سے بالکل مایوس ہون۔ لیکن پھر بھی یہ دیکھ کے کہ آپ دنیا و ما فیہا کو حقیر سمجھتے ہین میرے دل مین اُس کی ہوس پیدا ہو جاتی ہے۔

ان شعرون نے مہدی کے دل پر ایسا اثر کیا کہ بلا تامل اس بات پر آمادہ ہو گیا

کہ عتبہ کو ہاتھ پکڑ کے ابو العتاہیہ کے حوالے کر دے۔ عتبہ نے جو خلیفہ کا یہ ارادہ دیکھا تو حاضر ہو کے ادب سے عرض کیا "ایسی عزت و حرمت اور ایسے ایسے معزز خدمات سجالانے کے بعد لونڈی کی قسمت میں یہ لکھا ہے کہ امیر المومنین ہاتھ پکڑ کے اُسے ایک کاسہ فروش کے حوالے کر دیں۔ جو فی الحال شعر کہہ کے پیٹ پالتا ہے؟"

ابو العتاہیہ کا اصلی پیشہ یہی تھا کہ مٹی کے برتن بیچا کرتا۔ اکثر نامورانِ سلف کے اسی قسم کے پیشے سُنے جاتے ہیں۔ کوئی بزاز تھا۔ کوئی موچی تھا۔ کوئی جولاہہ تھا۔ کوئی حجام تھا۔ اور اسی طرح کے بہت سے پیشے جو آج کل نہایت ہی حقیر و ذلیل تصور کیے جاتے ہیں۔ اگرچہ مذکورۂ بالا واقعہ صاف بتاتا ہے کہ ایک شاہی حرم اور قصر خلافت کی نازپروردہ صاحب اقتدار خاتون نے کاسہ فروشی کو حقارت کی نظر سے دیکھا۔ مگر وہ اسی حقارت کی نگاہ سے وزرائے سلطنت تک کو دیکھ سکتی تھی۔ اکثر لوگ ان بزرگوں کے یہ پیشے سُن کے خیال کرتے ہیں کہ غالباً وہ ویسے ہی حقیر و ذلیل ہوں گے جیسے کہ آج کل اُن کے ہم پیشہ لوگ ہوتے ہیں۔ مگر یہ بہت بڑی غلطی اور نادانی ہے۔ کسی عہد میں کسی پیشے کے معزز یا ذلیل ہونے کا اندازہ اس وقت ہو سکتا ہے جب یہ امر بخوبی معلوم ہو کہ اُس عہد میں اُس پیشے کی کیا حالت اور کیسی عزت تھی۔ حضرت عیسیٰؑ بڑھئی تھے۔ حضرت رسول خدا صلعم ایک تجارت کے کارندے تھے۔ مگر نہ حضرت عیسیٰؑ کے زمانے کا بڑھئی آج کل کا بڑھئی تھا اور نہ حضرت خاتم المرسلین رسول مقبول صلعم کے عہد کے کسی کارخانۂ تجارت کا کارندہ آج کل کے کسی دُکاندار کا ایجنٹ تھا۔

عتبہ کے یہ کلمات سُن کے اور اُس کی رضامندی نہ پا کے مہدی نے ابو العتاہیہ سے صاف کہدیا کہ "عتبہ تو تم کو نہیں مل سکتی۔ لیکن ہم نے حکم دیدیا ہے کہ تمھاری مٹکی نقد سکوں سے بھر دی جائے"۔ یہ حکم سننے کے بعد عتبہ باہر آئی اور دل میں کہا "دیکھوں میرے عشق کا دعویٰ کرنے والا اس انعام کو لے کے خوش ہوتا ہے یا نہیں"۔ وہاں کیا دیکھتی ہے کہ میاں ابو العتاہیہ خزانچی سے جھگڑ رہے ہیں کہ امیر المومنین نے درہموں (روپیوں) سے نہیں دیناروں (اشرفیوں) سے مٹکی بھرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ دیکھتے ہی ابو العتاہیہ کے پاس گئی اور بولی "بس تمھارا عشق

دیکھ لیا۔ اگر تم عتبہ کے عاشق ہوتے تو چاندی سونے کا امتیاز نہ باقی رہتا۔"

اسکے بعد پھر کبھی اُسکے دل مین عتبہ کے ملنے کی آرزو نہ پیدا ہوسکی۔ مگر اپنی شاعری مین مرتے دم تک اُس پر عشق ظاہر کرتا رہا۔ لوگ کہتے ہین کہ جس طرح وہ عتبہ پر عاشق تھا ویسے ہی عتبہ بھی اُس کی گرویدہ تھی۔ اور جہان تک بنتا اُسکے ساتھ سلوک کرتی۔ مگر باوجود اُسکے دونون زندگی بھر وصال اور ہمنشینی کی لذت سے محروم رہے۔ جس کی زیادہ تر وجہ یہ تھی کہ عتبہ کا مرتبہ بہت زیادہ تھا۔ اور باوجود لونڈی ہونے کے شریف سمجھی جاتی۔ اور ابوالعتاہیہ حسب و نسب کے لحاظ سے گرا ہوا تھا۔

حسن کی کرشمہ سازیان

آج ہم ان دلفریب کرشمون کے دو مختلف نمونے دکھاتے ہین۔ ایک وہ ہے جس نے ایک زبردست اور پُرسطوت شہنشاہ کو دیوانہ و مدہوش کرکے اپنا اسیر گیسو بنا لیا۔ اور دوسرا وہ ہے جس نے اپنی کرشمہ سنجیون سے ایک پُرجبروت تاجدار کے دل پر تو فتح پالی مگر ایک دیندار و پرہیزگار نوجوان پر گو وہ عشق کے ہاتھون بیتاب و بیقرار ہی ہو رہا تھا قابو نہ پاسکا۔ پہلا نمونہ متوکل باللہ عباسی کی معشوقہ "شغانین" کا ہے۔ اور دوسرا اُموی خلیفہ یزید بن عبدالملک کی معشوقہ حبیبہ "سلامۃ القس" کا۔ جن دونون کے حالات ہم جدا جدا بیان کرتے ہین۔

شغانین

بنی عباس کا دسوان خلیفہ المتوکل علی اللہ جو ۲۳۲ھ سے ۲۴۷ھ تک مسلمانون کا خلیفہ تھا۔ ایک دن دمشق کے حوالی مین سیر و تفریح کو نکلا۔ قدم قدم پر نزہت افزا باغ اور مسجیون کے عالیشان کنیسے ملتے جن کو دیکھ کے بہت خوش ہوتا۔ اور ہر مقام کی دلکشیون سے لطف اُٹھا کے آگے بڑھتا۔ اگر باغون کی نزہت و شادابی اور اُنکے خوش رنگ اور نوشگفتہ پھول اُسے اپنی دلچسپیون مین لگاتے تو گرجون مین نصرانی راہبون کے حسین و گل اندام بالکے اور جادو نگاہ

وست خرام اچھے جان اُسکے دل مین عشق و محبت کا ذوق پیدا کرتین - اُن دنون شام و عراق کے کینیسے سب سے بڑی جلوہ گاہِ حُسن ہوتے تھے - اور شعرا و عشاق کو اکثر انھین مین اپنے مذاق کے معشوق مل جایا کرتے - اُسکے ساتھ معشوقان دیر کے لباس مین کچھ ایسا معشوقانہ بانکپن اور ایسی دلربایانہ کرشمہ سازی مضمر ہوتی کہ اکثر عاشق مزاجون کو اُن کی زیارت کا شوق رہا کرتا -

چنانچہ اس سیر و تفریح مین متوکل ایک طرف تو باغون اور چمنون کی بہار دیکھ دیکھ کے محظوظ و مسرور ہوتا اور دوسری طرف مسیحی راہبون اور اُن کے بالکون اور کنواری لڑکیون کے وضع و لباس اور شکل و شمائل دیکھنے سے محو بیخود ہو جاتا - اتنے مین ایک عالیشان گرجے سے ایک سن رسیدہ اُسقف نکل کے آداب بجا لایا - گرجے والے متوکل کے سلام کو حاضر ہوے - جو یکے بعد دیگرے خلیفہ کو آداب بجا لاکے گذر جاتے اور خلیفہ اُس اُسقف سے ہر ایک کا نام اور اُس کے حالات دریافت کرتا - انھین کے غول مین ایک مہ پارہ نازنین لڑکی نظر آئی جو ایک چاندی کا عود دان ہاتھ مین لیے ہوے تھی - یہ پری وش نازنین حسن و جمال اور نزاکت و کمال مین جواب نہ رکھتی تھی - اور متوکل اس کی صورت دیکھ کے غش غش کر گیا - اگرچہ دل ہاتھون سے نکلا جاتا تھا مگر اُسے روکا - سنبھالا - اور اُسقف سے پوچھا "یہ مہ جبین کون ہے ؟" اُس نے کہا "میری بیٹی" - پوچھا "اس کا نام ؟" جواب ملا "شغانین" -

اب تو متوکل مین ضبط کی تاب نہ تھی خود اُس حسینہ کی طرف متوجہ ہوا - اور کہا "شغانین - پیاسا ہون مجھے تھوڑا سا پانی پلا دو" - اس مہ پارہ نے عجب انداز دلربایانہ سے رسیلی آنکھین نیچی کر کے عرض کیا "حضور - یہان جتنا پانی ہے چھوٹے چھوٹے گڑھون اور چُقرون کا ہے - اور یہ امیر المومنین کے قابل نہین - کیا کہون اگر حضور میری جان شیرین سے سیراب ہوتے تو اُسے بھی پیش کر دیتی - مگر پانی حضور کے قابل پانی یہان میسر آ سکتا" - یہ کہتے ہی وہ لپک کے خانقاہ سے ایک چاندی کا کٹورا اُٹھا لائی - اور خلیفہ کے ایک ہمراہی مصاحب کو اشارہ کیا کہ "جو پانی امیر المومنین کے ہمراہ رکاب ہے اُسی کو اِس کٹورے مین بھر کے پیش کر دیجیے"

ان دلستان اداؤن کو دیکھ دیکھ کے متوکل از خود رفتہ ہو رہا تھا کہ وہ کٹورا پانی سے بھر کے پیش کیا گیا۔ متوکل نے پانی پیا۔ اور رومال سے مُنہ پونچھ کے اُس نازنین سے کہا "اگر مین تمھین چاہون تو تمھاری مرضی کے خلاف تو نہ ہوگا؟" مسکرا کے اور عجب دلفریب انداز سے اُس نے جواب دیا "امیر المومنین۔ ابھی تک تو مین حضور کی لونڈی ہون۔ لیکن اگر حضور کی محبوبہ بن گئی تو حضور کی ایک ادنیٰ سے برہمی میرے لیے کسقدر اندیشہ ناک ہوگی! کیا حضور نے شاعر کا کلام نہین سُنا؟ کہتا ہے

کنتَ لی فی اوائل الامر حِبّا ثم لمّا ملکت صِرتَ عدُوّا

(ابتدائے الفت مین تو تُو میرا دوست تھا لیکن جب میرا مالک ہوا تو دشمن ہو گیا)

یہ جواب سُن کے متوکل پر ایسی بیخودی طاری ہوئی کہ قریب تھا کپڑے پھاڑ ڈالے۔ مگر آپ کو سنبھالا اور کہا "خیر آج تو تم مجھے اپنے یہان جگہ دو" یہ سنتے ہی بولی "بسر و چشم"۔ اور متوکل کو لیکے کوٹھے پر چڑھ گئی۔ راہب دوڑ کے اچھی سے اچھی شراب لے آیا جو اکثر گرجون ہی مین ملا کرتی تھی۔ مگر متوکل نے اُسے کھانے کی زحمت نہ دی اور اپنے باورچی خانے سے منگوا لیا۔

اب دور چلنے لگا۔ اور متوکل دو ایک جام پی کے بیخود و بدمست ہوا تو شغانین سرود لا کے گانے بجانے لگی۔ اور چند اشعار گا کے اُنھین مین اپنا مافی الضمیر یون ادا کر دیا کہ "اے وہ شخص جو مجھ سے دعوائے الفت کرتا ہے مرحبا۔ میری جان تجھ پر فدا۔ خدا نہ کرے کہ مین ایسے محبت سے محروم رہون۔ مین تو تیرے عشق کی لونڈی ہون لہذا پی پلا۔ اور جو ہم صحبت پینے سے اُسکے سامنے سے جام ہٹا لے۔ جس خدا نے آسمان کو قائم کیا ہے اُسی کی قسم تو میری جان کا مالک ہو گیا۔ اور اپنے عشق مین مبتلا کر کے میرے دل کو تو نے ایک عذاب مین مبتلا کر دیا ہے"

یہ اشعار نہ تھے وعدۂ وصال تھے۔ سنتے ہی متوکل کے دل مین امید پیدا ہوئی۔ بولا "شغانین۔ مجھ سے محبت کا دعوے ہے تو مسلمان ہو جاؤ" اُس نے کہا "بجان و دل" فوراً متوکل نے کلمۂ شہادت پڑھا کے اُسے مسلمان کیا۔ پھر اسی صحبت مین اُس سے نکاح کر لیا اور اپنے گھر لایا۔

شغانین کے سیرۃ نویس دعویٰ کرتے ہین کہ وہ نہایت ہی حسینہ و جمیلہ اور

صاحبۂ فضل و کمال تھی۔ آنکھیں نرگسیں تھیں اور بوٹا سا قد سرو کے مانند۔ ہونٹھ یمن کے عقیق تھے اور گال گلاب کے پھول۔ دیگر کمالات کے ساتھ وہ موسیقی میں بھی بہت اچھا دخل رکھتی تھی۔ اور اُسکی مجموعی خوبیاں اس بلا کی تھیں کہ ہندوستان کی سکنتلا کی طرح ایک راہب مرتاض کی خانقاہ سے نکل کے ایک شہنشاہ ہفت اقلیم کے دل پر قبضہ کر لیا اور ملکۂ عالم بن گئی۔

سلامۃ القس

یہ عہد بنی امیہ میں سہل بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری کی ماہ طلعت و حور وش لونڈی تھی جسے اُنھوں نے علم و فضل۔ ادب و شاعری۔ اور آداب صحبت کے علاوہ فن موسیقی کی بھی تعلیم دی تھی۔ اور چونکہ اس پر کمال نازنین نے بلا کا گلا پایا تھا لہذا اُس کا نغمۂ دلکش جس کسی کے کان تک پہونچتا ہمہ تن گوش ہو جاتا۔ آخر اُس کی دلبری و رعنائی کی یہاں تک شہرت ہوئی کہ خاندان بنی اُمیہ کا نوان خلیفہ یزید بن عبدالملک اُسپر فریفتہ ہوا۔ اور تین ہزار اشرفیاں دے کے اُسے مول لیا اور اپنی محبوبۂ خاص بنایا۔ اور کہتے ہیں کہ اُسکے پورے زمانۂ خلافت میں یہ اُس پر حاوی تھی۔ وہ خلافت اسلامیہ پر حکومت کرتا اور یہ اُسکے دل پر حکومت کرتی۔

اس کا نام تو صرف "سلامہ" تھا مگر "سلامۃ القس" یعنی قس والی سلامہ اپنے حسن کی کرشمہ سنجیوں کے ایک خاص واقعے کی وجہ سے مشہور ہو گئی۔ اور وہ واقعہ یہ ہے کہ جب سلامہ اپنے پہلے آقا سہل کے پاس تھی تو اُس کی دلچسپی یا گانے کی مشق بڑھانے کے لیے اکثر گایا اور دلدوز تانیں لگایا کرتی۔ اسی معمول کے مطابق ایک دن گا رہی تھی کہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ابی عمارہ کا ادھر سے گذر ہوا۔ ان بزرگ کا ابھی عنفوان شباب تھا۔ نہایت ہی صاحب جمال اور خوشرو نوجوان تھے۔ اور اسکے ساتھ بڑے عالم فاضل اور فقیہ و مجتہد تھے۔ اور اتنے بڑے عابد و زاہد اور متقی و پرہیزگار تھے کہ اسی کمسنی کے زمانے میں "قس" (راہب) کے لقب سے مشہور ہو گئے تھے۔ اُن کے کان میں جو سلامہ کی تانوں کی آواز گئی تو دروازے کے سامنے ٹھٹک کے اسی جگہ کھڑے ہو گئے۔ اور وجد میں آکے جھومنے

لگے۔ سہل نے جو اُنھیں اپنے دروازے پر اس حال میں دیکھا تو دوڑ کے قریب گیا۔ اور ادب سے عرض کیا "آپ یہاں راستے میں کیا کھڑے ہیں؟ اندر تشریف لائیے۔ اس حسینہ سے اطمینان کے ساتھ ملیے۔ اُسکا گانا سنیے۔ جب جی چاہے چلے جائیے گا۔" اُنھوں نے کہا "نہیں۔ یہ نامناسب ہے۔ میں ایسی عورت کا سامنا نہیں کرنا چاہتا۔" اُس نے کہا "اچھا میں آپ کو ایسے مقام پر بٹھا دوں گا کہ آپ کا سامنا نہ ہو۔ فقط گانا سنتے رہیں گے۔" اس صورت میں عبدالرحمن موصوف کو کوئی مضائقہ نہ نظر آیا اُسکے ساتھ اندر چلے گئے۔ اور اُس نے ایک پوشیدہ مقام میں بٹھا دیا۔ بڑی دیر تک گانا سنتے رہے۔ اور بار بار وجد و محویت کا عالم طاری ہو جاتا تھا۔ اُنھیں زیادہ لطف اُٹھاتے اور سلامہ کے نغمے پر مست و بیخود ہوتے دیکھ کے سہل نے سلامہ کو لاکے پاس بٹھا دیا۔ اور کہا "اب گانا سننے کے ساتھ اس کے حسن و جمال کی زیارت سے بھی بہرہ یاب ہو جیے۔"

عبدالرحمن اگرچہ عابد و زاہد اور پارسا و پرہیزگار تھے مگر نوجوانی کا زمانہ تھا اور خود بھی طلعت زیبا رکھتے تھے۔ سلامہ کی سی لاکھ فریب حور طلعت کو دیکھا تو ایک جان چھوڑ ہزار جان سے عاشق ہو گئے۔ اور قیامت یہ ہوئی کہ اُنکی چشم فتان کا تیر اُس نازنین کے سینے میں بھی پیوست ہو گیا۔ خلاصہ یہ کہ اسی صحبت میں دونوں ایک دوسرے پر مفتون ہو گئے۔ ختم صحبت پر یہ اُٹھے تو سلامہ نے جب تک دوبارہ آنے کا وعدہ نہ لے لیا دامن نہ چھوڑا۔ سہل کو بھی شاید ان نوجوان عابد و زاہد کو آزمانا تھا سلامہ کو لے جانے کی بالکل آزادی دیدی۔

عبدالرحمن کو بھی سلامہ کے پاس جانے میں پہلے جو جھجک تھی جاتی رہی اور بار بار آنے جانے لگے۔ لیکن باوجود ملنے جلنے اور گھنٹوں خلوت و عزلت میں پاس بیٹھے رہنے کے عبدالرحمن نے اپنے جامۂ پارسائی میں کبھی ذرا سا بھی دھبہ نہ آنے دیا۔ اور سلامہ کی بیتابی و بیقراری روز بروز بڑھتی ہی جاتی تھی۔ آخر نہ رہا گیا۔ ایک دن تنہائی میں کہہ ہی بیٹھی کہ "میں آپ کی محبت میں بیقرار ہوں اور اب صبر کی تاب نہیں۔" اُنھوں نے نہایت سادگی سے جواب دیا "میرے دل کا بھی یہی حال ہے۔" سلامہ بولی "میرا جی چاہتا ہے کہ آپ کے لب جان بخش کا بوسہ لوں۔"

بہت ہی بے تکلفی سے فرمایا "میرا بھی یہی جی چاہتا ہے"۔ سلامہ نے اور ڈھیٹ ہو کے کہا "مجھے تو اس بات کا شوق ہے کہ آپ کے سینے سے اپنا سینہ رگڑوں"۔ بغیر اس کے کہ چہرے پر کوئی نئی کیفیت طاری ہو بولے "مجھے بھی یہی شوق ہے"۔ اب سلامہ عاجز تھی۔ جب دیکھا کہ میرے اس قدر بیباک ہونے اور اس حد تک اشتیاق ظاہر کرنے پر بھی یہ سوا زبانی جمع خرچ کے کوئی عملی جرأت نہیں کرتے تو جھنجلا کے اور شرم و خودداری کو بالائے طاق رکھ کے کہنے لگی "تو پھر آپ کو مانع کون چیز ہے جو چاہتے سب ہیں اور کرتے کچھ نہیں؟"۔ بڑی ہی اعلیٰ درجے کی مستقل مزاجی سے جواب دیا "صرف جناب باری کا یہ ارشاد کہ اَلْاَخِلَّاءُ یَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ[عہ] اور مجھے یہ گوارا نہیں ہے کہ یہ ہماری باہمی محبت کبھی بدل کے دشمنی ہو جائے"۔ اتنا کہا۔ اور خاموشی سے اُٹھ کے چلے آئے۔ عبادت و ریاضت میں مصروف ہو گئے۔ اور پھر کبھی سلامہ کے پاس نہ گئے۔ مگر اتنے ہی پاکبازی کے تعلقات کی وجہ سے سلامہ "سلامۃ القس" یعنی زاہد مقدس والی سلامہ مشہور ہو گئی۔

اسباسیا یونانیہ

یونان کے نامی گرامی فلسفیوں سقراط و افلاطون وغیرہ کے نامور اور کارنامور سے کون نہیں واقف ہے؟ مگر اس کی خبر شاید کسی کو نہ ہو گی کہ اُن سب کے کمالات علمی کے پردے میں ایک بے نظیر و بے مثال خوروش و پری جمال عورت تھی جو سچ یہ ہے کہ وہی اُنکے اظہار کمال کا ذریعہ ہوئی۔ یہ عورت یونان کے نامور دبیر۔ جانباز سپہگر۔ اور ہر دلعزیز فرمانروا پرقلیس کی جورو اسباسیا تھی۔

یونان کی کسی خاتون کو اپنے حسن و جمال اور دانائی و کمال کے لحاظ سے اس قدر شہرت نہیں نصیب ہوئی جس قدر اس بے نظیر و بے ہمتا حسینہ و جمیلہ کو حاصل ہے۔ وہ زیبائی و رعنائی میں انتخاب۔ فصاحت و بلاغت میں لاجواب۔ دانائی و ذہانت میں بےمثال اور فراست و ذکاوت میں سراپا کمال تھی۔ اُن دنوں دنیا کی کوئی

عہ اُس دن (بروز قیامت) بعض احباب ایک دوسرے کے دشمن ہونگے بجز اُن احباب کے جو پرہیزگار ہوں۔

عورت ان خوبیون مین اُسکی ہمسری کا دعویٰ نہ کر سکتی تھی - خصوصاً یونان مین تو اُسکے اخلاق و افعال کو کوئی عورت پہونچ ہی نہ سکتی تھی - قدیم دار العلم یونان اتھنز (اثینیہ) مین یہ قانون جاری تھا کہ شہر کا کوئی شریف شخص غیر شہر کی عورت سے یا برادری سے باہر شادی نہ کرے - اس کا نتیجہ یہ تھا کہ یونان کی عورتون کے غرور کی کوئی حد باقی نہ رہی تھی - وہ اور کہین کی کسی عورت کو اپنے برابر نہ سمجھتین چونکہ مرد اُن کی طرف رجوع کرنے اور ساری دُنیا کے حُسن و جمال سے قطع تعلق کر لینے پر مجبور تھے اِس لیے اثینیہ کی عورتین شوہرون کو خطرے مین نہ لاتین - اور اپنے شوقون کی دُھن مین مردون کی طرف سے بے پروا ہو جاتی تھین -

جس زمانے مین خاتونان یونان کا یہ حال تھا اسپاسیا شوہر کے نام کی عاشق اور اُسکے شمع رخسار کا پروانہ تھی - اگرچہ اُن دنون یونان مین پردے کا رواج تھا - مگر وہ شوہر کی محبت و رفاقت مین نہ پردے کا خیال کرتی اور نہ کسی خطرے کا - جلوت مین - خلوت مین - مکان مین - دربار مین - انتظامی مجلسون مین - لڑائی کے میدانون مین - شکار کے جنگلون مین - سفر کی منزلون مین - کوئی جگہ نہ تھی جہان اُسکا شوہر ہوتا اور اُس کی رکاب سے رکاب ملائے وہ موجود نہ ہوتی -

اُس کا شوہر پرقلیس یونان کا سب سے بڑا مدبر سلطنت اور زبردست سپہ سالار تھا - اپنی خوبیون - ملک کی سچی ہمدردیون - اور جان بازی کی قومی خدمتون سے اُس نے اہل وطن کو اپنا ایسا گرویدہ کر لیا تھا کہ سب اُسپر شیدا تھے اور اثینیہ کا حکمران یا بادشاہ جو کہو وہی تھا - بڑے بڑے معرکون مین اُس نے ناموریان حاصل کی تھین - اعلیٰ سے اعلیٰ قوانین جاری کر کے قوم کا نظام اور ملک کا انتظام درست کیا تھا - اور عموماً مانا جاتا ہے کہ یہ سب کامیابیان اور ناموریان محض اُس کی انیس زندگی اسپاسیا کی شرکت و اعانت سے تھین - لوگ علی العموم اُس کی ترقیون اور کامیابیون کا اصلی باعث اُس کی بی بی ہی کو سمجھتے تھے - وہ ہر علمی صحبت مین - ہر ملکی کونسل مین - اور ہر معرکۂ جنگ مین اُسکے ساتھ ہوتی - اور اکثر موقعون پر خود اسپاسیا نے شوہر کی رفاقت کے جوش مین ایسی لیاقت اور ایسی شجاعت دکھائی کہ دیکھنے والے محو حیرت ہو گئے - اور سننے والے

عش عش کرنے لگے۔

اسپاسیا کے علمی ذوق کا یہ نتیجہ تھا کہ اُسکی ڈیوڑھی پر ہمیشہ بڑے بڑے عالمون۔ فاضلون۔ فلسفیون اور شاعرون۔ ریاضی دانون اور ہندسون فیسیون اور ادیبون کا مجمع رہتا۔ اور یونان مین اہل علم و صاحبان کمال کا مرجع و ماویٰ اُسی کا گھر تھا۔ اُس کے مردانے مکان سے بڑی علمی صحبت یونان بھر مین کہین نہ تھی۔ اہل کمال کی جیسی وہ قدر کرتی تھی پھر اُسکے ساتھ اُسکے علمی شوق اور اُس شوق مین اُسکی نسوانی جدت طرازی کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اُسکے محل کی دیوارون پر تمام مشہور فلسفیون۔ ادیبون۔ عالمون اور نامور لوگون کی تصویرین بنی ہوئی تھین۔

قصر کے بیرونی حصے مین زنانی ڈیوڑھی کے سامنے ایک بہت بڑا ہال یا دیوان خانہ تھا جس کی چھت بڑے بڑے خوبصورت ستونون پر قائم تھی۔ چارون طرف ارغوانی رنگ کے پردے پڑے ہوئے تھے۔ در و دیوار پر بے نظیر نقش و نگار بنائے گئے تھے۔ اُسکے اندر عجیب قسم کا سامان دولت جمع تھا اور نہایت ہی پُر تکلف قیمتی اشیاے زینت فراہم کر دیے گئے تھے۔ اُسے اسپاسیا نے صاحبان علم و کمال کا کلب قرار دیا تھا۔ جہان آنے والون کو ہر قسم کی علمی و معاشرتی مدد ملتی۔ ہر طرح کا سامان تنعم و تفریح۔ تنقل و تسکین موجود رہتا اور بے منت مل جاتا۔ اکثر خود آکے اُنکی علمی صحبتون مین شریک ہوتی اور حوصلہ افزائی کرتی۔ اس کلب مین اثینہ کے تمام صاحبان علم و فضل اور نامور اہل کمال آزادی کے ساتھ بے روک ٹوک آتے۔ اور جن مسائل مین شک و شبہہ ہوتا دقیقہ رس باکمالان عصر سے بحث کرکے صاف کر لیتے۔

صبح کی صحبتون مین اکثر اسپاسیا خود آکے شریک ہوتی۔ اسکے آنے کی یہ شان اور وضع ہوتی کہ یونانی خاتونون کی وضع کے مطابق سب کے نیچے ایک چھوٹی سفید اوڑھنی ہوتی جس کی کورون پر سنہری کامدانی بنی ہوتی۔ پھر اُسکے اوپر سرخ ارغوانی دوپٹہ ہوتا جسکے آنچلون مین کارچوب کا طلائی کام ہوتا۔ اس دوپٹے کو خاص انداز سے وہ جسم مین ساری کی طرح باندھ لیتی۔ اور اُسکے اوپر دونون شانون پر ایک تیسری نیلگون چادر پڑی رہتی جسکے طلاکار آنچل دونون طرف لٹکے

رہتے - اور اُس کا عاشق شوہر ہاتھ مین ہاتھ دیے اُسکے پہلو مین ہوتا -

وہ کشیدہ قامت - چھریری - اور نازکبدن تھی - زلفون مین گھونگھر تھے جو پیٹھ پر پڑی رہتین - آنکھین نرگسین بڑی بڑی اور شربتی تھین - چمپے کی کلی سی بلند اور سوتوان ناک تھی - کان چھوٹے چھوٹے تھے - رخسارے گلاب کے پھول اور ہونٹھ یاقوت احمر تھے - اور باریک دلکش اور نغمہ خیز آواز معلوم ہوتا کہ فصاحت یونان کے جام شراب مین سحر بابل کی شیرینی ملادی گئی ہے - اس شکل و شمائل اور اس وضع و لباس مین جب سنگ مرمر کے زینون سے ہوکے وہ اپنے کوٹھے پر کی جلوہ گاہ حسن سے اُترتی - خانہ باغ کی روشون پر ٹہلتی - باغ کے بیچون بیچ مین ایک بلند پُرتکلف بنگلے مین کھڑی ہوکے گُل و لالہ کی بہار دیکھتی اور نسیم سحر اُس کی زلفون سے کھیلتی اور اُسکے آنچلون کو اُڑاتی - تو یہ معلوم ہوتا کہ اہل علم کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک پردار حور آسمان سے اُتر آئی ہے -

اُسکی نازک پتلی پتلی اُنگلیون مین اگرچہ دو چار بہت قیمتی اور مرصع انگوٹھیان ضرور رہا کرتین - مگر نازنینان یونان کی طرح وہ زیور کی شوقین نہ تھی - اُسے سادی اور قدرتی خوبیان زیادہ پسند تھین " - بہ رنگ و بوے و خال و خط چہ حاجت روے زیبا را " اُس کا حکیمانہ مذاق تھا - اور فلسفیانہ سادگی و متانت نے جسمانی معشوقیت مین مل کے خدا جانے اُسے کیا بنا دیا تھا - پھر تھوڑی دیر باغ کی سیر کرکے جب وہ اُس علمی صحبت اور فلسفیانہ کلب مین آجاتی تو یک بیک معلوم ہوتا کہ علم و فضل کی انجمن مین یک بیک ایک نئی جان پڑ گئی -

اُس کی شرکت نے کلب مین ایسی کشش پیدا کردی تھی کہ تمام صاحبان کمال اور منتخب روزگار فلسفی اِس صحبت کے ایسے رسیا ہوگئے تھے کہ " بن بُلائے وہ آپ آتے تھے " اور اپنے جویاے علم دماغون کو اُسکے شمع رخسارے روشن کرلیتے تھے - اس سے بڑھ کے کیا ہوگا کہ سقراط اور افلاطون اکثر اس صحبت مین شریک رہتے - اور اُن سے اکثر مسائل مین وہ خود بحث کرتی - مختلف مسائل چھیڑ کے سب کو ایک بہت ہی اچھی دماغی ورزش کرادیتی - پھر جب دیکھتی کہ سب کے دماغ علمی مسائل پر غور کرتے کرتے تھک گئے ہین تو مذاق کی باتین شروع کردیتی - اور

اپنے دلچسپ لطیفون اور اپنی دلکش بذلہ سنجیون کا ایسا غم غلط جام مفرح پلا دیتی کہ سب کی فکرین دور ہو جاتین - کسی کو دنیا و مافیہا کا ہوش نہ رہتا - اور دم بھر مین دل و دماغ تازے ہو جاتے - اس صحبت مین جب وہ تقریر کرتی تو معلوم ہوتا کہ منہ سے پھول جھڑ رہے ہین - تمام حاضرین محو ہو جاتے - اور سب کا یہی دل چاہتا کہ یہ نازنین یونہین نغمہ سنجی کرتی رہے اور ہم بیٹھے سنا کرین -

سقراط کو اُس کے علم و فضل کا اس قدر اعتراف تھا کہ اُسے اپنے سے بڑھ کے عالمہ فلسفیہ خیال کرتا - اور اکثر کہا کرتا "میرے اخلاق اور میری علمی واقفیت کو اسپاسیا نے ترقی دی - اور تہذیب و تمدن مین مین اُس کا شاگرد ہون" اسی طرح اُسکا شوہر پرقلیس معترف تھا کہ مین نے دنیا مین جتنے کام کیے ہین اور جو کچھ وقعت و ناموری حاصل کی ہے سب میری بی بی اسپاسیا کی جوتیون کا صدقہ ہے مین نے فصاحت و بلاغت اور پالٹکس کو دراصل اُسی سے سیکھا ہے"

اسپاسیا نے یہی نہین کیا کہ علما و فضلا کے لیے ایک عالمانہ کلب قائم کیا - بلکہ عورتون کو بھی آداب معاشرت سکھانے کے لیے اُس نے ایک زنانی صحبت قرار دے رکھی تھی - جس مین تمام معززین اثینہ کی بیبیان اور شریف گھرانون کی خاتونین آتین - اور اُس سے تہذیب و آداب اور نفاست و تمیزداری کا سبق لیتین - اسپاسیا کو بت تراشی - تعمیر - اور مصوری کا خاص شوق تھا - چنانچہ انھین فنون کے باکمالون کی دستکاری کے اعلیٰ ترین نمونوں سے اُس نے اپنے قصر کو سجا تھا جو لوگ ان نفیس اور دلچسپ فنون مین ترقی کرنے کی کوشش کرتے - اُن کی وہ بڑی قدر کرتی - اور جہان تک ممکن ہوتا اُنھین مدد دیتی - اثینہ کے اعلیٰ ترین اوج و عروج اور اُسکے علم و حکمت کے شباب کا زمانہ یہی خیال کیا جاتا ہے جب عنان حکومت پرقلیس کے ہاتھ مین تھی اور علم و ادب کی مربی گری اسپاسیا کر رہی تھی - یہ سب کے نزدیک مسلم ہے کہ پرقلیس یونان مین علم و فن - ادب و شاعری - اور سامان عیش کی ترقی کا سب سے بڑا مربی تھا - اور اُن علمون اور فنون نے جیسی ترقی اُسکے عہد مین کی کبھی نہ کی تھی - خود پرقلیس یہ قبول کرتا ہے کہ مین نے جو کچھ کیا مین نے نہین میری بی بی اسپاسیا نے کیا - اس سے صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ یونان مین جو کچھ

ہوا سب اسی عدیم المثال عورت کی ایک لازوال برکت - اور اُس کے حسن کی ایک یادگار کرشمہ سازی تھی -

حسن کی کرشمہ سازی یہی نہین ہے کہ عورت اپنے حسن کے جادو سے کوئی ہنگامہ پیدا کرادے - اُس نظر فتان سے کوئی فتنہ اُٹھ کھڑا ہو - حسن کی کشش سے دنیا میں بُرا بھلا جو نمایان کام ہو جاے وہی حسن کی کرشمہ سازی ہے - یہ اسپاسیا کا حسن ہی تھا جس نے تمام باکمالون کو اُسکی صحبت مین جمع کیا - اور اُنھین ترقی و اظہار کمال پر آمادہ کردیا - پرقلیس کو پرقلیس بنایا اور اثینہ کو اثینہ -

ان سب کمالون ناموریون - فیاضیون - اور کامیابیون کے ساتھ اسپاسیا کی بدقسمتی یہ تھی کہ وہ اثینہ کی رہنے والی نہ تھی - جس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ پرقلیس کی جائز بی بی نہین تسلیم کی جاتی تھی - وہان تو نکاح کے لیے شرط تھی کہ باہر کی لڑکی نہ ہو - پھر اسپاسیا کو کوئی اپنے لیڈر کی شریف اور شرعی بی بی کیونکر خیال کرسکتا تھا مگر باوجود اسکے اُسکی عظمت و شان - اُسکے حسن و جمال - اُسکی عقل و دانائی - اُسکی دلربائی و رعنائی - اُسکی مربی گری علم - اور اُسکی اسی طرح کی صدہا خوبیون نے عام لوگون مین اُسے ایسا ہر دلعزیز بنا دیا تھا کہ کسی کو اُسپر اعتراض کرنے یا طعن و تشنیع کی جرأت نہ ہوتی تھی - مدت تک یہی حال رہا - اور کوئی اُسکے خلاف نہ تھا - مگر تھوڑے زمانے کے بعد بعض لوگون کو اُس پر حسد آیا - اُنھون نے اُسکے خلاف ایک سازش کی - اور یکایک شہر مین مشہور ہوگیا کہ اسپاسیا کے مزاج مین بے انتہا غرور آگیا ہے - اور اُسکی نخوت اس درجے کو پہونچ گئی ہے کہ اثینہ کی شریف بیگمون اور معزز خاتونون کو اپنے سامنے ذلیل سمجھتی ہے - جاہل عورتون مین یہ خیال آگ کی طرح پھیلا اور تمام اثینہ والیون کو یقین آگیا کہ وہ ہماری تحقیر و تذلیل کرتی ہے - عورتون کی عداوت ہمیشہ بے بنیاد باتون کو جھنڈے پر چڑھا دیا کرتی ہے - اور پھر اندر ہی اندر اُس مین نئی نئی باتین پیدا ہونا شروع ہوجاتی ہین - چنانچہ اب آناً فاناً شہرت ہوگئی کہ اسپاسیا سے انکفورس فلسفی اور فیدیاس مصور سے ناجائز تعلق ہے - یہ خبر زور و شور سے پرقلیس کے گوشگذار کی گئی - مگر اُس نے اسے محض اتہام خیال کیا - وہ جلوت و خلوت مین اور اندر باہر ہر جگہ اسپاسیا کو اپنے پہلو مین دیکھا کرتا تھا

بدگمان ہوتا تو کس بنا پر؟ مگر لوگون کو اس پر چین نہ آیا اور برہم مزاج لوگون نے مشتعل ہو کے ایسا ہنگامہ مچا دیا کہ وہ بیگناہ حکیم تو جان سے مار ڈالا گیا۔ اور مصوّر ہمیشہ کے لیے جلاوطن کر دیا گیا۔ پرقلیس نے اُن دونون کے بچانے کے لیے لاکھ جتن کیے۔ کوئی کوشش اور تدبیر اُٹھا نہ رکھی۔ مگر عام شورش کو کسی طرح نہ دبا سکا۔ اور وہ دونون قابل قدر صاحبان کمال اُس سے ہمیشہ کے لیے چھوٹ گئے۔

اب لوگون نے خود اسباسیا کو ملزم قرار دے کے سزا دینا چاہی۔ پرقلیس کو اس سے بے انتہا آزار پہونچا۔ اور آریوس باغوس کے سامنے بی بی کی براءت ثابت کرنے کے لیے اُس نے اپنی فصاحت و بلاغت اور زور بیان کا کمال دکھا دیا۔ ایسی تقریر کی کہ سامعین محو اور نقش حیرت تھے۔ پرقلیس بڑا بہادر اور ضابط و متحمل مشہور تھا مگر اس موقع پر جب اُس نے دیکھا کہ میرے الفاظ دشمنون کے دل پر اثر نہین کرتے تو تقریر کرتے کرتے دل بھر آیا اور آنکھون سے آنسو جاری ہو گئے۔ اس سے پہلے اُس کی بہن اور کنواری بیٹی پر یہی الزام عائد کیے گئے تھے۔ اُن کی براءت مین بھی اُسے تقریر کرنا پڑی تھی۔ اور بڑی بے رحمی و سفاکی کے ساتھ اُس سے چھڑا کے جلاوطن کی گئی تھین۔ مگر اُسکے استقلال مین فرق نہ آیا تھا۔ لیکن پاکدامن و پاکبازی محبت والی بی بی کی حمایت کرتے وقت دل اختیار سے باہر ہو گیا۔ اور زار و قطار رونے لگا۔ اور آخر رو دھو کے اُسے سزا سے بچا ہی لیا۔ پرقلیس کی نسبت کہتے ہین کہ ساری عمر مین فقط دو بار رو دیا تھا۔ ایک تو اس موقع پر اور دوبارہ اپنی چھوٹی لاڈلی بیٹی کے مرنے پر۔

دشمنون کو اسباسیا کے خلاف شورش مچانے کا زیادہ تر موقع اس لیے مل گیا کہ وہ پرقلیس کی دوسری بی بی تھی جس سے اثینیہ کی بیاہتا بی بی کو طلاق دے کے اس نے شادی کی تھی۔ اسباسیا نے اگرچہ اپنے اخلاق۔ اپنی فیاضیون اور اپنی نیکیون سے سارے اہل اثینیہ کو اپنا گرویدہ بنا لیا تھا۔ مگر پھر بھی وہ باہر کی عورت تھی۔ قومی اور وطنی مخالفت کا ہنگامہ بلند ہوا تو سب خلاف اور دوست دشمن ہو گئے۔

پرقلیس پر اُس کا اس قدر اثر پڑا ہوا تھا کہ تاریخ مین بعض الزامات جو اُسے

دیئے گئے ہین وہ بھی اسپاسیا ہی کی جانب منسوب کیے جاتے ہین - پرقلیس کی پالیسی یہ تھی کہ اسپارٹا والون سے ہمیشہ لڑائی جاری رکھی جائے - اس اصول پر اُس نے جو سلسلۂ جنگ چھیڑا تھا ستائیس برس تک جاری رہا - یہ لڑائی جنگ پلے یون نیشیا کہلاتی ہے اور اکثر مورخین کا خیال ہے کہ اسکو پرقلیس نے اسپاسیا ہی کے کہنے سے چھیڑا تھا - مگر محقق مورخون کو مستند بناؤن پر اس سے قطعاً انکار ہے -

اسی لڑائی کے دوران مین اثینہ مین ایک طاعون پیدا ہوا اور یہ حالت ہوگئی کہ مکانات درکنار سڑکین اور بتخانے تک لاشون سے پٹے پڑے تھے - اسی طاعون مین پہلے پرقلیس کے تمام اعزا و اقارب مبتلا ہو کے مرے - اور آخر ۴۲۹ قبل محمد (۴۲۹ قبل مسیح) مین وہ خود بھی اُسی طاعون کی نذر ہوگیا -

اسپاسیا زندہ بچ رہی - اور اُسوقت اُس کی عمر اکتالیس سال کی تھی - بیوہ ہونے کے چند روز بعد اُس نے ایک تاجر سے شادی کرلی - اُس مین کوئی ذاتی خوبی نہ تھی مگر اسپاسیا ایسی نامور عورت تھی کہ اُسکی وجہ سے اُسکے شوہر کو بھی لوگ عزت کی نظر سے دیکھنے لگے - اور تھوڑے ہی زمانے مین بی بی کی تعلیم سے وہ بھی ایک زبردست مقرر اور نامور اسپیکر ثابت ہوا - جسکی یونان مین بڑی شہرت تھی -

اپنے اس دوسرے شوہر کو بھی اسپاسیا نے اگرچہ ایک ذی کمال نامور بنالیا مگر اُس کی اصلی نمود اور کامیابی کا زمانہ وہی تھا جو پرقلیس کے ساتھ گذرا - اور جس طرح دنیا اُس کے اُس دَور کو کبھی نہ بھولے گی ویسے ہی وہ بھی اپنے اُس ترقی و ناموری کے عہد کو کبھی نہ بھولی ہوگی -

حمیدہ بنت نعمان بن بشیر

یہ اُس زمانے کی ایک صاحب جمال خاتون ہے جب عربون نے ترقی اسلام کے طفیل مین دنیوی عروج حاصل کرکے اپنی سوسائٹی کو نہایت ہی متمدن اور اپنی معاشرت کو تہذیب و آداب کا بہترین معیار بنالیا تھا - حمیدہ ہجرت کی پہلی ہی صدی مین تھی اور سوسائٹی کے آداب و اخلاق مین شہرت حاصل کرنے کے ساتھ ایک بیمثل شاعرہ خیال کی جاتی تھی - باپ کے گھر مین جو اکثر ممالک کے گورنر رہے تھے

اپنی دو بہنون ہند اور عمرہ کے ساتھ پل کے بڑی ہوئی۔ پڑھا لکھا۔ اور شعر و سخن مین نمود حاصل کی۔ جب اُسکے اشعار لوگون مین پسند کیے جانے لگے تو اپنے حسن و جمال اور اپنی قابلیت پر ناز کرنے لگی۔ اور دل مین یہ خیال پیدا ہو گیا کہ "ہیچو من دیگرے نیست" کسی کو اپنے برابر اور اپنا ہم پلہ نہ جانتی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شوہر کو خطرے مین نہ لاتی۔ اُسے اپنے سے ذلیل و حقیر خیال کرتی۔ اور جس کسی سے شادی ہوتی اُس کا ناطقہ بند کر دیتی۔ اُس مین کوئی عیب نظر آیا۔ اور اُس نے اُسے طشت از بام کرنا شروع کیا۔ یہان تک کہ اُس کی شوخ زبان سیف بُرّان کا کام دینے لگی۔ اور شرفاے عرب اُس کے اس حربے سے خوف کھانے لگے۔

اتفاقاً حارث بن خالد جو امراے عرب مین تھے۔ خلیفہ عبد الملک بن مروان سے ملنے کے لیے دمشق مین آئے۔ نعمان بن بشیر اُن دنون شام کے شہر حمص کے والی تھے۔ حمیدہ باپ کے پاس تھی مگر اُسکے حسن و جمال اور اُس کی طباعی و سخن سنجی کی دمشق مین دھوم ہو رہی تھی۔ حارث نے جو اُسکے صفات سُنے تو نکاح کا شوق ہوا۔ اور بغیر اسکے کہ کسی سے مشورہ کرین نعمان کے پاس حمیدہ کے لیے اپنا پیام بھیجدیا۔ نعمان نے فوراً منظور کر کے عقد کر دیا۔ اور حارث اُسے رخصت کرا کے اپنے گھر لے گئے۔ نکاح کو چند ہی روز ہوے تھے کہ میان بی بی مین بگڑی۔ اور حمیدہ نے چھوٹتے ہی میان کی ہجو کہہ ڈالی۔ جو اُسکی زبان سے نکلتے ہی تمام لوگون مین مشہور ہو گئی۔ یہان تک کہ وہ اشعار عبد الملک کے بھی گوشگذار ہوے۔ حارث نے بھی جواب مین ہجو کہی۔ مگر اُن کے اشعار مین وہ لطافت اور شوخی کہان سے آتی؟ اُن کے شعر ایسے پھیکے اور بدمزہ رہے کہ کسی کو لطف نہ دیتے۔ اور حمیدہ کے اشعار ہر ادنیٰ و اعلیٰ کی زبان پر ہوتے۔ جب یون زور نہ چلا تو حارث نے جھنجھلا کے اُسے طلاق دیدی۔ مگر افسوس جو رسوائی ہو چکی تھی وہ قیامت تک کے لیے لوحِ زمانہ پر لکھ گئی۔

اب روح بن زنباع نے جو اُس عہد کا ایک نامور سپہ سالار اور ارکان دولت مین سے تھا حمیدہ سے شادی کی۔ ابھی اسکو زیادہ زمانہ نہین ہوا تھا کہ روح کے گھر مین کوئی تقریب پیش آئی۔ اُس مین اُنکے قبیلۂ بنی جذام کے تمام لوگ جمع ہوے۔ اور حمیدہ اُنھین پردے سے جھانک جھانک کے دیکھنے لگی۔ یہ بات

روح کو ناگوار ہوئی - برہمی کے ساتھ اندر آئے اور اُسے بُرا بھلا کہا - اس کا جواب حمیدہ نے تمسخر کے لہجے مین یہ دیا کہ "تمھارے قبیلے والون سے حلال تعلق پیدا کرنا تو مجھے گوارا ہی نہین ہے حرام بھلا کیا کرون گی؟" روح کو یہ فقرہ بہت ہی ناگوار ہوا - اور بھرے رہنے لگے - رُکا دیکھا تو حمیدہ نے اُنکی بھی ہجو کہہ ڈالی - اب نتیجہ یہ ہوا کہ باہر بازار مین روح کی جو صورت دکھتا بے اختیار وہ شعر اُسکی زبان پر جاری ہو جاتے - روح بھی ایک مسلم ادیب اور شوخ طبع شاعر تھا - جواب ترکی بہ ترکی دیا - اور لوگون کو اُسکے شعرون مین خوب مزہ آیا - حمیدہ نے اور شعر کہے - روح نے بھی زیادہ زور طبع دکھایا - اور میان بیبیون مین خوب نوک جھونک ہونے لگی - اور اوپر والے لطف اُٹھانے لگے -

آخر کار رُو بُرو کی نوبت آگئی - اور دونون میان بیبیون نے آمنے سامنے بیٹھ کے ہجو کہنے مین بدیہہ گوئی کا کمال دکھانا شروع کیا - حمیدہ ایک شعر کہتی روح اُسی دم اُسی قافیے مین جواب دیتا - ہوتے ہوتے روح کی طبیعت داری نے جواب دے دیا - اور بی بی کی سخن آفرینی کے مقابل بغلین جھانکنے لگا - یہی دن تھا جب سب کو نظر آگیا اور یقین ہوگیا کہ روح کی شاعری حمیدہ کو نہین پہونچتی - اس مقابلے مین غالب آنے کے بعد حمیدہ نے دو شعر فی البدیہہ اپنی تعریف اور اپنی فضیلت مین کہے - اُن کا جواب طبیعت پر زور ڈال کے روح نے ایسا دیا کہ حمیدہ لاجواب ہوگئی -

ایسے میان بی بی زمانے نے کبھی کاہے کو دیکھے ہونگے جو گھر مین ہم بغل اور پبلک مین ایک دوسرے کے حریف و دشمن ہون - مذکورۂ بالا مناظرے کے بعد بھی دونون مین برابر چوٹین چلتی رہین - اور اب پھر حمیدہ نے ہجو گوئی مین ایسا زور باندھا کہ روح کا ناطقہ بند ہوگیا -

ایک دن حمیدہ نے روح کی طرف خطاب کرکے کہا "تم بنی جذام مین کیسے ہو؟ حالانکہ تم مین تین باتین ایسی ہین جو قبیلۂ بنی جذام کے کسی شخص مین نہین ہو سکتین - اول تو تم کالے اور سانولے ہو اور بنی جذام سانولے نہین ہوتے - دوسرے تم بزدل اور نامرد ہو - اور بنی جذام کے لوگ اکثر بہادر ہوتے ہین تیسرے

تم مین حسد اور رقابت کا مادہ بہت ہے - یہ بھی بنی جذام مین نہین ہوا کرتا" روح نے جواب دیا" تم بکا کرو - مین قبیلۂ جذام کے شریف ترین گھرانے کی یادگار ہون - اور شرافت مین کوئی میرا مقابلہ نہین کر سکتا - رہی بزدلی - تو سنو - میرے پاس فقط ایک جان ہے - دو ہوتین تو ایک کو بے جگری سے خرچ کر ڈالتا - لیکن جب ایک ہی ہے تو پھر اُس کی حفاظت نہ کرون تو کیا کرون ؟ اب تیسری بات کا بھی جواب سُن لو - بیشک مجھ مین جوش رقابت ہے - مین نہین چاہتا کہ میری چیز پر کوئی اور بھی تصرف کرے - اور عورت کے بارے مین تو میرا جوش حد سے گذر جاتا ہے - کیونکہ جورو اور عورت چیز ہی ایسی ہے کہ اُس مین دوسرے کی ذرا سی شرکت بھی انسان سے نہین برداشت ہو سکتی - خصوصاً جس مرد کی جورو تمھاری سی گدھی ہو جو نیک و بد کو بھی نہین جانتی تو وہ ہر وقت اُس کی نگرانی نہ کرے تو کیا کرے ؟"

بہرحال روح سے اُس سے روز جھگڑا رہتا - لیکن باوجود ان تمام جھگڑون کے روح کو حمیدہ کی یہ سرکشی کی ادا کچھ ایسی بھا گئی تھی کہ سب باتین گوارا کرتا مگر طلاق نہ دیتا تھا - ایک دن حمیدہ کی شوخ ادائیون پر ایسا بگڑا کہ کہا" یا اللہ! اگر حمیدہ میرے بعد زندہ رہے تو اسے ایسے شوہر سے سابقہ پڑے جو کس کس کے اسکے منہ پر تھپڑ مارے اور اسکے آغوش مین بیٹھ بیٹھ کے قے کرے" بعض وقت زبان سے جو کلمہ نکل جاتا ہے بے پورا ہوے نہین رہتا - یہ بھی اُسی قسم کی بات تھی جو روح کی زبان سے نکلتے ہی حمیدہ کی قسمت مین لکھ گئی -

مگر باوجود اس طرح کوسنے کے روح حمیدہ کو چھوڑتا نہ تھا جو شاید اس خیال سے ہو کہ اگر مین طلاق دون گا تو یہ مہر کی رقم کھڑے کھڑے وصول کر لیگی - مگر حمیدہ عاجز آگئی تھی - اور اس اُدھیڑبُن مین تھی کہ اُس سے طلاق لے کے کسی اور سے نکاح کرے - چنانچہ جب روح نے کسی طرح نہ چھوڑا تو قاضی کے سامنے اُس نے خلع کی درخواست پیش کر دی - قاضی نے وجوہ سُن کے فیصلہ اُس کے موافق کیا - اور اُسے روح کے عقد سے آزادی ملی -

روح کے پنجے سے چھوٹنے کے بعد مدت تک حمیدہ اکیلی رہی اور اُسے بیوون کی سی زندگی بسر کرنا پڑی - جس کا سبب یہ تھا کہ اُسکے لیے کسی کا پیام ہی نہ آتا تھا

نامور مصنفین کی مقبول تصنیفات

یعنی مولوی محمد حسین صاحب آزاد، علامہ شبلی نعمانی، مولوی نذیر احمد صاحب دہلوی، سر سید احمد صاحب، مولینا حالی پانی پتی، نواب محسن الملک، میاں شیر احمد خلف الرشید مولوی نذیر احمد صاحب، مصور غم علامہ راشد الخیری، مصور فطرت خواجہ حسن نظامی، حکیم محمد علی صاحب تلمیذ رشید و جانشین سعید علامہ شبلی مرحوم یعنی مولوی سید سلیمان صاحب ندوی، ادیب زمانہ و مورخ یگانہ مولانا مولوی محمد عبد الحلیم صاحب شرر مدظلہ العالی وغیرہ قابل مصنفین زمانہ حال و ماضی کی تصنیفات و تالیفات ہماری دکان سے طلب کی جا سکتی ہیں نقد قیمت روانہ فرمانے پر یا بذریعہ وی پی تعمیل ارشاد ہوگی۔ اگر کوئی کتاب خدانخواستہ دکان پر موجود نہ ہوئی تو حتی الوسع تلاش کر کے بہم پہنچا دی جائیگی ختم ہو گئی ہوگی تو مجبوری ہے، نیز دنیائے ادب و اخلاق کی مشین یعنی مرزا سلطان احمد صاحب ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر کی جملہ تصانیف بھی ہم سے طلب فرمائیں، خان احمد حسین خان صاحب چیف اڈیٹر مشہور و مقبول رسالہ شباب اردو کی نظمیں اور اخلاقی ناول و سراغ رسانی کے ناول بھی ہم سے مل سکتے ہیں۔

جلد دلگداز بابت ۱۸۸۷ء و ۱۸۸۹ء جو اردو ادب اور انشا پردازی کی جان ہیں جن سے جن صاحبوں نے فائدہ اٹھایا وہ آجکل کے مشہور مصنف اور نامور ادیب بن گئے جن کی سطروں کا معاوضہ بلا مبالغہ پونڈ ہوتے ہیں، اگر جلدی ان جلدوں کو طلب نہ کر لیا گیا تو پہلے کی طرح پھر یہ کسی قیمت پر بھی نہ مل سکیں گی کیونکہ بہت تھوڑی تعداد میں طبع ہوئی ہیں نیز شاعرانہ و عاشقانہ مضامین جو مولانا کے دلگداز میں آج تک نکلتے رہے ہیں مولینا موصوف کی ترمیم و اضافہ سے طبع ہو رہے ہیں جو عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ تیار ہو جائیں گے شائقین ادب و دلدادگان لٹریچر پہلے ہی سے درخواستیں روانہ فرمائیں تو نایابی کے اندیشہ سے محفوظ رہیں گے۔ فہرست کتب بغیر ایک آنہ کے ٹکٹ آئے روانہ نہ ہوگی

المشتہر

عبد الرشید اینڈ برادر تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور

کتبہ خوش رقم لاہوری

TITLE PRINTED AT THE NATIONAL ART PRESS, LAHORE.